امام الصرف والنحو علامہ ابو صالح محمد فیض احمد اویسی

نظامیہ کتاب گھر
لاہور

التوضیح الکامل شرح

شرح مائة عامل

امام الصرف والنحو علامہ ابو صالح محمد فیض احمد اویسی

نظامیہ کتاب گھر

زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور 0301-4377868

نام کتاب ---------- التوضیح الکامل شرح شرح مائۃ عامل

شارح ------- امام الصرف والنحو علامہ ابو صالح محمد فیض احمد اویسی رحمۃ اللہ علیہ

پروف ریڈنگ -- حافظ محمد ناصر خان اویسی مدرس جامعہ مفتاح العلوم

تربیلا روڈ بن گئی حضرو ضلع اٹک فون: 0333-5951183

کمپوزنگ --- فرینڈز کمپیوٹر اینڈ کمپوزر اٹک فون: 0300-9791187

مطبع

---------- اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور۔

اشاعت ---------- دسمبر 2010ء

تعداد ---------- گیارہ سو

قیمت ---------- =/450

ملنے کا پتہ

مکتبہ اویسیہ رضویہ ملتان روڈ سیرانی مسجد بہاولپور پاکستان

ادارہ تالیفات اویسیہ محکم الدین سیرانی روڈ سیرانی مسجد بہاولپور

نوید مختار اویسی

نظامیہ کتاب گھر زبیدہ سنٹر ۴۰، اردو بازار لاہور 0301-4377868

تمہیدی کلمات

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم اما بعد

یوں تو شرح مأتہ عامل کی شروح وتعلیقات کافی تعداد میں موجود ہیں مگر جتنی بہترین شرح اور ترکیب شیخ الحدیث والتفسیر علامہ ابو صالح محمد فیض احمد اویسی مدظلہ العالی نے پیش کی ہے اس کی مثال عصر حاضر میں انہی کا خاص حصہ ہے بندہ ناچیز نے اس شرح کو حتی المقدور اغلاط سے مبرہ کرنے کی سعی کی ہے مگر پھر بھی کوئی غلطی ہو تو وہ میری کوتاہ بینی ہوگی لہذا آئندہ ایڈیشن میں تصحیح کیلئے مطلع فرمائیں میں نے استاذی المکرم کی عظیم کاوش کو مزید مزین کرنے کی کوشش کی ہے کہ اس شرح میں آیات قرآنیہ اور احادیث نبویہ کی تخریج کو شامل کر دیا گیا ہے تاکہ قاری کیلئے مزید سہولت ہو جائے اس شرح کا مطالعہ کرنے سے علم نحو کے دقیق ترین مسائل یوں حل ہوتے ہوئے نظر آتے ہیں گویا طالب علم کے ذہن میں نقش کیے جا رہے ہیں اس لیے کہ استاذی ومحترمی علامہ ابو صالح محمد فیض احمد اویسی مدظلہ العالی کا طرز تحریر و بیان اتنا وسیع ہوتا ہے کہ آپ کسی ایک علم پر تحریر و بیان کرتے وقت جملہ علوم اسلامیہ کو زیر بحث لاتے ہیں۔ عالم اسلام کی اس عظیم شخصیت نے عقائد سے لیکر فروعات تک اور سائنس قدیم سے لیکر جدید تک منطق کے پیچیدہ مسائل سے لیکر معقول کی کتب منتہیا تک قرآن واحادیث سے مستخرجہ اصول وقواعد کو یوں بیان کیا ہے جیسے کل سے جزئیات کو تخریج کیا جا رہا ہے آپ ہر مسئلے میں قرآن وسنت اور شعرائے عرب کے ضرب الامثال وغیرہ کو ایسے حسین انداز میں سمو دیتے ہیں کہ مشکل سے مشکل مسئلہ بھی آسان ترین نظر آنے لگتا ہے قاری کو اپنی تحریر میں محو کرنے کیلئے مختلف سوالات، تراکیب، اشکال اور مفردات و مرکبات سے مزین کرتے ہیں کہ قاری پڑھنے سے اکتاتے نہیں مثلاً اسی کتاب میں مختلف جگہ پر آپ کی کتاب (مشکل ترکیبیں) مفردات و مرکبات کی شکل میں آپ ملاحظہ کریں گے۔ پوری دنیا میں کوئی ایک ایسا شخص اگر آپ کو ملے گا۔ تو وہ صرف علامہ صاحب کی ذات ہوگی کہ جنہوں نے دنیا میں سب سے زیادہ کتب تصانیف فرمائیں جن کی تعداد چار ہزار (4000) سے زیادہ ہیں۔ فہرست (علم کے موتی) کے نام سے مارکیٹ میں دستیاب ہے آپ ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

اب اگر آپ کا نام گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں نہ شامل کیا جائے تو یہ تاریخ عالم کیلئے ایک المیہ ہوگا۔

حافظ محمد ناصر خان اویسی

مدرس جامعہ مفتاح العلوم حضرو

فہرست

نحو دانی کے زریں اصول

(۱)۔ نحو میں نوک زبان کریں۔ (۲)۔ شرح مأۃ عامل عبد الرسول کے ورنہ مأۃ عامل خورد کے حافظ بن جائیں اور پھر ہر بیت کو نہایت غور سے سمجھنے کے بعد ایک مثال قرآن وحدیث یا شعرائے عرب کے اشعار سے یاد کرلیں۔

(۳)۔ شرح مأۃ عامل ہذا کے چند انواع کی مکمل ترکیب ایسی یاد ہو جیسے حفاظ کو سورۃ الفاتحہ۔

(۴)۔ چند انواع کی ترکیب خود اپنے ذہن کے زور سے نکالیں۔ شدید ضرورت کے بعد کسی کامل استاذ سے پوچھیں اسی طرح جہاں کوئی عربی عبارت آنکھوں کے سامنے آجائے ترکیب کیئے بغیر نہ چھوڑیں۔

(۵)۔ شرح مأۃ عامل ہذا کی ترکیب جب تک پورے طور پر سمجھ نہ آئے دوسری کوئی شروع نہ کریں۔

(۶)۔ جب اکثر عربی عبارت کی ترکیب کرلیں پھر عربی کتب وعربی حواشی وعربی شروح دیکھنے کے ایسے عاشق بن جائیں کہ اس کے دیکھے بغیر آرام نہ آئے۔ (۷)۔ اردو حاشیے شروح ایسے مضر ہیں جیسے زہر قاتل۔

سوال۔ سبحان اللہ اگر اردو حواشی وشروح زہر قاتل ہیں تو پھر تم نے کس کتاب کو چھوڑا ہے۔ جس پر اردو حاشیہ یا شروح نہ ہو۔ اس کا معنیٰ یہ ہے کہ تم خود ہی طلباء کرام کو زہر کھلا رہے ہو؟

جواب۔ میں نے طلباء کیلئے نہیں بلکہ مبتدی مدرسین کی آسانی کیلئے یہ کام کیا ہے۔ اگرچہ ان کیلئے بھی اردو حواشی یا اردو شروح کا مطالعہ زہر قاتل ہے لیکن من وجہ مفید ہے کہ کچھ تو راستہ آسان ہو جائے گا۔

(۸)۔ شرح جامی مع حواشی اپنے مطالعہ کے زور سے پھر کسی کامل استاذ سے بار بار مع سوال وجواب پڑھیں۔

(۹)۔ مکمل ترکیب کے بعد نحو کی کوئی قانونی کتاب مثلاً ہدایۃ النحو، کافیہ، مفصل، الفیہ یا شرح الفیہ وغیرہ نہ صرف قانون یاد ہوں بلکہ ساتھ عربی عبارت بھی۔

(۱۰)۔ عبد الغفور مع تکملہ وحواشی عبد الحکیم و نور محمد مدقق کا بالاستیعاب مطالعہ یا کامل استاذ سے پڑھیں۔

نوٹ۔ مذکورہ بالا اصول اپنانے کے بعد نحو کی امامت کا دعویٰ کردیں تو بجا ہوگا۔ لیکن افسوس کہ آج کل کے طلباء آرام پسند ہیں۔ چاہتے ہیں کہ علم ایک نوالہ جسے بارونق کمرے میں پلنگ پر بجلی کے پنکھے کے نیچے آرام کی حالت میں استاذ صاحب نہایت ادب سے ہاتھ باندھ کر ہمارے منہ میں ڈال دیں اور پھر ہم زمانہ کے امام بن جائیں۔ اور بس لیکن میں کہوں گا۔

ہم خدا خواہی وہم دینائے دوں　　ایں حکمت است ومحال است وجنوں

طلباء کا خادم

ابو صالح محمد فیض احمد اویسی غفرلہ 06 صفر 1256 ہجری بہاول پور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شرح:۔ **قولہ بسم اللہ** سے شروع کرنا محض امتثال فرمان مصطفوی اور اتباع کلام لایزالی کے تحت ہے۔اور **بسم اللہ** کی با استعانت یا الصاق کیلئے ہے۔اور اسم لغت میں نشان اور علامت کو کہتے ہیں۔اور نحویوں کی اصطلاح میں اسم وہ کلمہ ہے کہ بغیر دوسرے کلمہ کے ملائے معنی پر دلالت کرتا ہو۔یعنی اپنے معنی پر دلالت کرنے میں دوسرے کلمہ کے لانے کا محتاج نہ ہو اور ماضی وحال واستقبال میں سے کسی زمانہ کے ساتھ مقارن نہ ہو اللہ نام ہے ذات حق تعالی کا اور باقی جو نام ہیں وہ سب اسمائے صفاتیہ ہیں۔اصل اس کی **الالاہ** تھی۔حرکت **ھمزہ** کہ جو ہر دو **لام** کے درمیان واقع ہے۔نقل کر کے ماقبل کو دے دی اور **ھـــمـــزہ** کو تخفیف کیلئے حذف کر دیا۔الاہ ہو گیا۔پھر **لام** اول کو ساکن کر کے دوسرے **لام** میں ادغام کر دیا۔اللہ ہو گیا۔(کذا فی عبدالرحمٰن)۔

قولہ الرحمن الرحیم بعض کے نزدیک بمعنی ذوالرحمۃ ہچوں ندمان وندیم اور زمخشری کے نزدیک رحمٰن رحیم سے زیادہ بلیغ ہے۔بمعنی مہربان مطلق بلا تخصیص دنیا وآخرت وانسان وحیوان ومومن وکافر اور رحیم بمعنی مہربان برائے مومنان در آخرت اور رحمٰن غیر خدا پر مستعمل نہیں ہوتا۔بخلاف رحیم کے۔پس رحمٰن خاص اللفظ اور عام المعنی ہے۔اور رحیم برعکس آں اور رحیم غیر خدا کو کہا جا سکتا ہے۔طحطاوی وغیرہ۔

ترکیب:۔ **بسم اللہ الخ (با)** حرف جار **(اسم)** مضاف **(اللہ)** اسم جلالت موصوف **(ال)** برائے تعریف **(رحـــمـــن)** صیغہ واحد مذکر اسم **(ھـــو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف۔ **(رحـمـن)** صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت اول **(ال)** برائے تعریف **(رحیم)** صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اسمیں **(ھو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل۔راجع بسوئے موصوف۔صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت ثانی موصوف اپنی دونوں صفتوں سے مل کر مضاف الیہ اسم مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور۔جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا **(ابتداء)** فعل مقدر مؤخر کا **(ابتدء)** فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم **(انا)** ضمیر مرفوع متصل اس میں پوشیدہ فاعل **(ابتـــدء)** فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ لفظا خبریہ معنی انشائیہ ہوا۔ **(قـــاعـــدہ)** جس حرف جار کا متعلق عبارت میں مذکور نہ ہو اسکو ظرف مستقر کہتے ہیں اور جس کا متعلق مذکور ہو اس کو ظرف لغو کہتے ہیں۔

الحمد للہ علی نعمائہ الشاملۃ و آلائہ الکاملۃ

شرح:۔ **نعمارہ الخ نعماء** بفتح **نون و مد** بروزن فعلاء اسم جمع بمعنی نعمت۔ اور **الشاملہ** از شمول بمعنی فراگرفتن باب علم۔

قولہ آلاء بروزن افعال جمع الی بفتح الھمزہ وکسر آں وسکون ثانی وبفتح ہر دو بکسر اول وفتح ثانی ودر آخر الف مقصورہ یعنی **نعمتھا**۔

ترکیب:۔ **الحمد للہ الخ (الحمد)** مبتداء **(لام)** حرف جار **(اللہ)** اسم جلالت مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا **(مستحق)** مقدر کا **(علی)** حرف جار **(نعماء)** مضاف **(ہ)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے اسم جلالت مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف **(الف لام)** حرف تعریف **(شاملۃ)** اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ **(ھی)** ضمیر مرفوع متصل اس میں پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر معطوف علیہ۔

(و) حرف عطف **(آلاء)** مضاف **(ہ)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے اسم جلالت مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف **(ال)** حرف تعریف **(کاملۃ)** اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ **(ھی)** ضمیر مرفوع متصل اس میں پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف **کاملۃ** اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور ہوا۔ جار مجرور سے مل کر ظرف لغو ہوا مستحق اسم مفعول **(ھو)** ضمیر مرفوع متصل اس میں پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے **الحمد** اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف مستقر وظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ لفظا خبریہ معنا انشائیہ ہوا۔

احمق حمارا

تشریح: اصل میں یہ جملہ یوں تھا یا **احمد ق حمارا** احمد کی ترخیم کر کے امر کیا گیا۔ حرف ندا محذوف ہے ق امر از **وقی یقی وقایۃ**۔ حمارا مفعول بہ ہے۔

والصلوة علی سید الانبیاء محمد ن المصطفیٰ
وعلی آلہ المجتبیٰ

شرح:۔ **قولہ سید الانبیاء** اے رئیس پیغمبراں اشارہ ہے اس حدیث کی طرف **انا سید ولد آدم**۔

قولہ مصطفیٰ اور مجتبیٰ دونوں مترادف ہیں۔جن کے معنی مختار برگزیدہ، پسندیدہ کے ہیں۔

قولہ الہ آل بقول حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم **کل تقی و نقی فھو آلی** اسی مراد پر صحابہ کرام بھی داخل ہو سکتے ہیں۔نورالانوار۔

ترکیب:۔**والصلوۃ الخ (و)** حرف عطف **(الصلوۃ)** مبتدا**(علی)** حرف جار **(سید)** مضاف **(الانبیاء)** مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبدل منہ **(محمد)** اسم رسالت موصوف **(ال)** حرف تعریف **(مصطفیٰ)** اسم مفعول صیغہ واحد مذکر **(ھو)** ضمیر مرفوع متصل اس میں پوشیدہ نائب فعل راجع بسوئے موصوف۔اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر بدل۔مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مجرور ہوا۔جار مجرور سے مل کر معطوف علیہ۔

(و) حرف عطف **(علی)** حرف جار **(آل)** مضاف **(ہ)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے اسم رسالت مضاف مضاف الیہ سے ملکر موصوف **(ال)** حرف تعریف **(مجتبیٰ)** اسم مفعول صیغہ واحد مذکر **(ھو)** ضمیر مرفوع متصل اس میں پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے موصوف اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت۔موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور ہوا جار مجرور سے ملکر معطوف۔معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر ظرف مستقر ہوا۔ **(نازلۃ)** مقدر کا نازلۃ اسم فاعل صیغہ واحدہ موءنثہ **(ھی)** ضمیر مرفوع متصل اسمیں پوشیدہ فاعل راجع بسوئے **(الصلوۃ)**۔ اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔مبتداء خبر سے ملکر جملہ اسمیہ معطوفہ لفظا خبریہ معنی انشائیہ ہوا۔

اعلم ان العوامل فی النحو علیٰ ما الفه الشیخ الامام افضل علمآء الا نام عبد القاهر بن عبدالرحمن الجرجانی سقی الله ثراہ وجعل الجنة مثواہ

شرح:۔ **قوله العوامل** یہ عامل کی جمع ہے۔اگر چہ قیاس یوں تھا کہ عاملة کی جمع ہو۔مگر جب فاعل کا وزن کسی اسم غیر ذوی العقول کیلئے مستعمل ہوتو اس کی جمع۔جمع مونث کے وزن پر آتی ہے۔جیسے کاہل کی کواہل۔خالد کی خوالد اسی طرح صافن کی صافنات۔مرفوع کی مرفوعات وغیرہ۔

قوله النحو لغت میں نو معنوں میں مستعمل ہوا ہے۔کچھ تو اس شعر میں پائے جاتے ہیں۔شعر

نحونا نحو نحوك یا حبیبی	**نحونا نحو الف من رقیبی**
وحدنا هم مریضا نحو قلبی	**تمنو منك نحوا من زبیبی**

یعنی اے محبوب ہم نے تیری طرف ارادہ کیا تو ہم کئی ہزار رقیب سے پھرے۔ان کو بھی اپنے دل کی طرح مریض پایا جو تجھ سے ایک قسم کے انگور کی آرزو رکھتے تھے۔تو اس شعر میں نحونا بمعنی قصد کرنا یعنی ہم نے ارادہ کیا اور نحوک میں بمعنی تیری طرف اور نحونا الفا بمعنی پھرے ہم اور نحو قلبی یعنی اپنے دل کی طرح نحوا زبیبی بمعنی ایک قسم کا انگور۔بمعنی مقدار جیسے کہا جاتا ہے۔**جاء نی الجیش** نحو ہم الف ای مقدار ہم الف۔بمعنی قبیلہ جیسے **نظر الی نحو بنی تمیم ای قبیلتهم**۔بمعنی صیانت جیسے نقل کیا گیا ہے کہ جب نحوی لوگ قیامت میں آئیں گے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرمائیگا **یاملائکتی انتهو هم کما نحوا کلامی عن الخطا ای صونواهم کما صانوا کلامی عن الخطاء**۔بمعنی اعراض جیسے فقہا فرماتے ہیں غسل کرنے والا جب فارغ ہو تو **تنخی عن ذلك المكان ای یعرض عنه** اور نحو کو صیانت سے لیکر اس کا نام نحو رکھا گیا جیسے کہ اس کی غرض میں آتا ہے۔

قوله جرجانی اصل گرگانی کاف کو جیم سے تبدیل کیا جیسے **لجام** اصل لگام و نرجس اصل نرگس گرگان ایک گاؤں کا نام ہے۔جو شیراز میں ہے یا استر آباد میں یا خوارزم میں سے۔

ترکیب:۔ **اعلم الخ (اعلم)** فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اسمیں **(انت)** پوشیدہ جسمیں ان

ضمیر مرفوع متصل فاعل (ت) علامت خطاب (ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی (العوامل) ذوالحال (فی) حرف جار (النحو) مجرور جار مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا۔ مذکورۃ مقدر کا (علی) حرف جار (ما) اسم موصول (الف) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (ھا) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ راجع بسوئے ما (الشیخ) موصوف (الامام) صفت اول (افضل) اسم تفضیل مضاف صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف (علماء) مضاف الیہ مضاف (الانام) مضاف الیہ علماء مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا افضل مضاف کا افضل اسم تفضیل مضاف اپنے فاعل اور مضاف الیہ سے مل کر صفت ثانی۔ موصوف اپنی دونوں صفت سے مل کر مبدل منہ (عبد) مضاف (القاھر) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف (ابن) مضاف عبد مضاف الیہ مضاف (الرحمن) مضاف الیہ عبد مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا ابن مضاف کا۔ ابن مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر صفت اول (ال) حرف تعریف (جرجانی) اسم منسوب (ھو) ضمیر مرفوع متصل اس میں پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے موصوف جرجانی اس منسوب اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ثانی موصوف اپنی دونوں صفت سے ملکر بدل الشیخ مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر فاعل الف فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ ہوا۔ ما موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور۔ جار مجرور سے مل کر ظرف لغو ہوا۔ مذکورۃ مقدم کا (مذکورۃ) اسم مفعول صیغہ واحدہ مونثہ (ھی) ضمیر مرفوع متصل اسمیں پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے ذوالحال مذکورۃ اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف مستقر اور لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ہوالعوامل ذوالحال اپنے حال سے مل کر اسم ہوا۔ (مائۃ) ممیز مضاف عامل تمیز مضاف الیہ ممیز مضاف تمیز مضاف الیہ سے مل کر خبر۔ ان کا اسم اپنی خبر سے مل بتاویل مفرد ہوکر صلہ ہوا۔ ان موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر مفعول بہ اعلم فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ (سقی) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (اللہ) اسم جلالت فاعل (ثرا) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے عبدالقاہر۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ سقی فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ دعائیہ انشائیہ ہوا۔ (و) حرف عطف جعل فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ راجع بسوئے اسم جلالت فاعل (الجنۃ) مفعول اول (مثوا) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے عبدالقاہر مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ ثانی جعل فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ دعائیہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

مـــائة عـــامـــل لـــفـــظية و مـــعـــنـــويـــه

شرح:۔ قوله مائة اصله و مئی بروزن عنب یا الف ہوکر بوجہ التقاء ساکنین گرگئی پھر اس کے عوض تا ءلائی گئی مئة بروزن عدة سوا۔

قوله لفظية یہاں سو عامل کی تقسیم فرمارہے ہیں۔

ما ئة عامل: عامل کی دو قسمیں ہیں (ا) معنوی: ان کی تعداد دو ہے۔ (۲) لفظی: اس کی دو قسمیں ہیں (ا) سماعی: ان کی تعداد تیرہ ہیں۔ (۲) قیاسی: ان کی تعداد سات ہیں۔ نقشہ حسب ذیل ہے۔

ا۔حروف جارہ ۲۔حروف مشبہ بالفعل ۳۔حروف مشبہ بلیس ۴۔حروف ناصبہ للاسم ای حروف النداء وغیرہ ۵۔حروف ناصبہ للفعل یعنی ان وغیرہ ۶۔حروف جازمہ ۷۔اسماء شرطیہ جازمہ للفعل ۸۔ناصب للاسم المنکر ای اسماء العدد وغیرہ۔ ۹۔اسماء افعال ۱۰۔افعال ناقصہ ۱۱۔افعال مقاربہ ۱۲۔افعال مدح وذم ۱۳۔ افعال یقین وشک	ا۔ فعل ۲۔ مصدر ۳۔ اسم فاعل ۴۔ اسم مفعول ۵۔ صفت مشبہ ۶۔ مضاف ۷۔ اسم تام

ان ہر ایک کی تحقیق و تفصیل اپنے اپنے مقامات پر آئے گی انشاءاللہ۔ کما قال سیدی خسرو رحمۃ اللہ علیہ

معنوی ازوے دو باشد جملہ دیگر لفظیند   باز لفظی شد سماعی و قیاسی اے فتا۔

نوٹ:۔ مائۃ عامل کی ترکیب پہلے کردی گئی ہے تاکہ آسانی رہے۔

ترکیب:۔ لفظية الخ (لفظية) اسم منسوب (هی) ضمیر مرفوع متصل اسمیں پوشیدہ راجع بسوئے مبتداء مقدر نائب فاعل اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر معطوف علیہ (و) حرف عطف (معنوية) اسم منسوب اس میں (هـــی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ راجع بسوئے مبتداء مقدر نائب فاعل اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر بعضها مقدر کی اس میں (بعض) مضاف (ها) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے مائۃ عامل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فالفظية منها على ضربين سماعية و قياسية فالسماعية منها احد و تسعون عاملا والقياسية منها سبعة عوامل

شرح:۔ **قوله احد و تسعون** یہ اس وقت ہے جبکہ اسماء مرکبات کو ایک عامل قرار دیا جائے۔ ورنہ اس سے زائد ہو جائیں گے۔

قوله سبعة یہ اس وقت ہے جبکہ افعال تعجب کو عوامل قیاسیہ میں داخل کیا جائے ورنہ اس سے زائد ہوں گے۔

ترکیب:۔ **فالفظية الخ** (**فا**) برائے تفصیل (**ال**) برائے تعریف (**لفظية**) اسم منسوب اسمیں (**هی**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل (**لفظية**) اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت العوامل مقدر کی العوامل موصوف اپنی صفت سے ملکر ذوالحال (**من**) حرف جار (**ها**) ضمیر مجرور متصل راجع بسوئے مائۃ عامل جار مجرور سے مل کر ظرف مستقر **ثابتة** مقدر کا۔ (**ثابتة**) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اسمیں (**هی**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال۔ اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر مبتداء (**على**) حرف جار (**ضربين**) مجرور جار مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا۔ **ثابتة** مقدر کا۔ (**ثابتة**) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اسمیں (**هی**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے مبتداء اسم فاعل اپنے فاعل سے اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مفصلہ ہوا۔

(**سماعية**) سماعیۃ اسم منسوب (**هی**) ضمیر مرفوع متصل اسمیں پوشیدہ راجع بسوئے مبتداء مقدر نائب فاعل اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر **احد هما** مقدر کی۔ اسمیں (**احد**) مضاف (**ها**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے ضربین۔ (**م**) حرف عماد (**ا**) علامت تثنیہ **احد** مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(**و**) حرف عطف (**ثانهما**) مقدر۔ (**ثانی**) مضاف (**ها**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے ضربین (**م**)

حرف عماد (ا) علامت تثنیہ۔ ثانی مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء (قیاسیۃ) اسم منسوب (ھی) ضمیر مرفوع متصل اس میں پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوائے مبتدائے مقدر (ثانھما) اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

(فا) برائے تفصیل (ال) حرف تعریف (سماعیۃ) اسم منسوب اسمیں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ راجع بسوئے موصوف مقدر نائب فاعل سماعیۃ اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت ہوئی العوامل موصوف مقدر کی العوامل موصوف اپنی صفت سے مل کر ذوالحال (من) حرف جار (ھا) ضمیر مجرور متصل مجرور راجع بسوئے (اللفظیۃ) جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر ہو ثابتۃ مقدر کا۔ (ثابتۃ) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ (ھی) ضمیر مرفوع متصل اس میں پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال ثابتۃ اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر مبتداء (احد) معطوف علیہ (و) حرف عطف (تسعون) معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر ممیز (عاملا) تمیز ممیز تمیز سے مل کر خبر مبتداء خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مفصلہ ہوا۔

(و) حرف عطف (ال) حرف تعریف (قیاسیۃ) اسم منسوب اسمیں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے موصوف مقدر (العوامل) (قیاسیۃ) اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت العوامل موصوف اپنی صفت سے ملکر ذوالحال (من) حرف جار (ھا) ضمیر مجرور متصل مجرور راجع بسوئے اللفظیۃ جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا۔ (ثابتۃ) مقدر کا (ثابتۃ) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ (ھی) ضمیر مرفوع متصل اسمیں پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال ذوالحال حال سے مل کر مبتداء (سبعۃ) ممیز مضاف عوامل تمیز مضاف الیہ ممیز مضاف تمیز مضاف الیہ سے مل کر خبر مبتداء خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔

ان زید کبیر

تشریح:۔ ان حرف نہیں بلکہ فعل ہے از ان یان الخ جیسے فقیر نے اپنی کتاب ابواب الصرف مع قوانین جدیدہ میں درج کیا ہے اور بیو اصل میں بئو تھا یعنی زید کنوئیں کی طرح رویا۔ طلباء کو ان سے غلط فہمی ہوتی ہے حالانکہ ان ابتداء کلام میں نہیں آتا۔

والمعنویه منها عددان و تتنوع السماعیة منها على ثلثة عشر نوعا

ترکیب:۔ والمعنویۃ الخ:(و) حرف عطف (ال) حرف تعریف (معنویة) اسم منسوب اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے موصوف مقدر العوامل۔(معنویه) اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت العوامل موصوف اپنی صفت سے ملکر ذوالحال (من) حرف جار (ھا) ضمیر مجرور متصل مجرور راجع بسوئے مائۃ عامل جار مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا۔ ثابتة مقدر کا۔ (ثابتة) اسم فاعل صیغہ واحدہ مؤنثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر مبتداء (عددان) خبر مبتداء خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

(و) حروف عطف (تتنوع) فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ موءنثہ غائبہ (ال) حرف تعریف (سماعیة) اسم منسوب اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے العوامل مقدر (سماعیة) اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت العوامل موصوف اپنی صفت سے مل کر ذوالحال (من) حرف جار (ھا) ضمیر مجرور متصل راجع بسوئے (اللفظیه) جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا ثابتة مقدر کا۔ (ثابتة) اسم فاعل صیغہ واحدہ مؤنثہ (ھی) ضمیر مرفوع متصل اس میں پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل فاعل (علی) حرف جار (ثلثة عشر) ممیز (نوعا) تمیز۔ ممیز تمیز سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل ظرف لغو تتنوع۔ فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

ان زیدا کریم

تشریح:۔ کریم کے مجرور ہونے سے طلباء غلطی کا شکار ہو جاتے ہیں یہ کاف مشبہ ہے اور ریم علیحدہ حرف ہے بمعنی میل کچیل یعنی بے شک زید میل کچیل کی طرح قبیح المنظر ہے۔ یا جس طرح وہ کپڑوں وغیرہ کو نہیں چھوڑتی یہ بھی ہے۔

النوع الاول

حــروف تــجــر الا ســم فــقــط

شرح:۔ **قوله النوع الاول** یہاں سے عوامل لفظیہ سماعیہ کی بحث شروع ہوتی ہے قبل ازیں معلوم ہوا کہ عوامل لفظیہ سماعیہ تین قسم ہیں۔(۱) افعال یہ عمل کرنے میں اصل ہیں۔ (۲) اسماء (۳) حروف یہ دونوں عوامل افعال کے فروع ہیں۔ اور حروف عاملہ چھ قسم ہیں ۔ (۱) جارہ (۲) نداء (۳) نفی (۴) ناصبہ (۵) جازمہ (۶) مشبہ بالفعل ۔اور عوامل اسماء تین قسم ہیں۔ (۱) اسماء افعال (۲) اسمائے عدد (۳) اسمائے متضمنہ لمعنی الشرط مثل من و ما ومہما الخ۔ اور افعال عاملہ چار قسم ہیں (۱) افعال قلوب (۲) افعال ناقصہ (۳) افعال مقاربہ (۴) افعال مدح وذم۔

فائدہ:۔ چونکہ حروف عاملہ کثیرالانواع ہیں اور بقول **آنحضورُ العزة للتکاثر** اسی لیے حروف عاملہ کی بحث کو دیگر ابحاث سے مقدم کیا جاتا ہے۔ **قوله حرف تجر الا سم الخ** حروف جارہ تین طرح ہیں۔(۱) دس ان میں سے فقط حروف ہیں اور وہ یہ ہیں۔**من، الی، حتی، فی، باء، لام، رب، واو، واو قسم، تاء**۔ پانچ ان میں سے کبھی حروف ہوتے ہیں کبھی اسماء وہ یہ ہیں **عن - علی - کاف، مذ۔ منذ**۔ تین ان میں کبھی حرف اور کبھی فعل ۔وہ یہ ہیں **خلا۔ عدا۔ حاشا**.

قوله فقط اس قید سے اس طرح اشارہ ہے کہ حروف عاملہ کئی قسم ہیں ۔بعض تو وہ ہیں جو دو چیزوں پر داخل ہوتے ہیں جیسے حروف مشبہ بالفعل ۔اور بعض وہ ہیں جو ایک شے پر داخل ہونے والے ہیں اور وہ دو قسم ہیں (۱) مدخول ان کا اسم ہو (۲) مدخول ان کا فعل ہو۔ پھر جن کا مدخول اسم ہو وہ دو قسم ہیں (۱) جن کا عمل متفق علیہ ہو (۲) جن کا عمل مختلف فیہ ہو پس جس عامل کا معمول اسم مفرد ہو اور متفق علیہ ہو وہ سب عوامل سے پہلے مذکور ہوا۔ اسی حروف جارہ کی بحث پہلے ہوئی اور یہاں یہ بھی بتایا گیا کہ حروف جارہ ان عوامل سے ہیں جو صرف ایک اسم پر داخل ہوتے ہیں۔

ترکیب:۔ النوع الخ (النوع) موصوف (الاول) اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف اسم تفضیل اپنے فاعل سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتداء (حروف) موصوف (تجو) فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف (الاسم) مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر مبتداء خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (فا) فصیحہ (قط) اسم فعل بمعنی (انتہ) اس میں انت پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل (ت) علامت خطاب اسم۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ اسمیہ انشائیہ ہو کر جزاء (اذا جررت بہا الاسم) شرط مقدر (اذا) ظرف زمان متضمن معنی شرط کو مفعول فیہ مقدم جررت کا (جررت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (با) حرف جار (ھا) ضمیر مجرور متصل مجرور راجع بسوئے حروف۔ جار مجرور سے مل کر ظرف لغو ہوا (الاسم) مفعول بہ (جررت) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ اور ظرف لغو اور مفعول بہ سے مل کر شرط شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

ان ھذان لسحران

(القرآن پارہ نمبر 16 سورۃ طٰہٰ آیت نمبر 63)

تشریح:۔ سوال:۔ ان نے ھذان کو ھذین کیوں نہیں کیا؟۔ جواب: اس کے متعلق نحویوں کی کئی توجیہیں ہیں (۱) امام مبرد کہتے ہیں کہ ان حرف ایجابیہ ہے حرف مشبہ بالفعل نہیں (۲) بعض نحوی کہتے ہیں کہ یہ قرات بنوالحارث کی لغت کے مطابق ہے کہ وہ تثنیہ اسم اشارہ کو متغیر نہیں کرتے (واختار ہذا الوجہ ابن مالک النحوی) (۳) بعض کہتے ہیں کہ ان کا اسم ضمیر شان کی ہے جو محذوف ہے چنانچہ نحویوں کا قاعدہ ہے کہ وہ مبتدا جو لازم الصدارت ہو اس پر ان اگر داخل ہو تو ان کا اسم ضمیر شان محذوف ہوتی ہے۔ جیسا کہ اس شعر میں ہے۔

ان من یدخل الکنیسۃ یوما　　　یلق فیھا جادر و ظبا

ان کے بعد اور من سے پہلے ضمیر شان محذوف ہے۔

وتسمی حروفا جارۃ وھی سبعۃ عشر حرفا

شرح:۔ **قولہ وتسمی** ان حروف کو جارہ اس لیے کہتے ہیں کہ اسم کو جر دیتے ہیں۔ یا اسلیے کہ جر بمعنی کشیدن چونکہ افعال کے معانی کو اسماء کی طرف کھینچتے ہیں۔ اسی لیے ان کا نام جارہ ہوا۔ ان کا نام حروف الاضافت وحروف الربط اور حروف المعانی بھی ہے۔

قولہ وھی سبعۃ یہی مذہب جمہور کا ہے۔ ورنہ شیخ ابن حاجب کے نزدیک اٹھارہ ہیں۔ سترہ یہی اور واو رب کی جیسا کہ انہوں نے کافیہ میں تصریح فرمائی ہے ان حروف کو شعر میں بند کیا گیا ہے۔ **قال سیدی خسرو رحمۃ اللہ علیہ۔**

نوع اول ہفدہ حرف جر بود میداں یقین	کاندرین یک بیت آمد جملہ بے چوں وچرا
با و تا و کاف ولام وواو منذ ومذ خلا	رب حاشا من عدا فی عن علی حتی الی

فائدہ:۔ ہر جار مجرور کو متعلق چاہیے خواہ مذکور ہو یا محذوف ہو یا فحوائے کلام سے سمجھا جائے پھر وہ متعلق خواہ مقدم ہو یا موخر اور وہ متعلق فعل ہوگا۔ یا شبہ فعل اور شبہ فعل مصدر، اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، اسم تفضیل صیغہ مبالغہ، اسم منسوب بیاء النسبۃ اور وہ چیزیں جو مئول بتاویل ایں اشیاء مذکورہ ہوں۔

فائدہ:۔ ہر جار کا مجرور اسم ہوگا۔ وہ اسم حقیقی ہو یا حکمی اسم حکمی وہ فعل ہے جس پر **ان ولو** مصدریہ داخل ہو یا فعل یا حرف جملہ جن سے فقط لفظ مراد ہو۔ معانی مطلوب نہ ہوں اور **ان** اپنے اسم وخبر کے ساتھ مل کر بھی اسم حکمی ہو جاتا ہے۔ ان سب کی مثالیں علم نحو میں ہر وقت زیر بحث رہتی ہیں۔

ترکیب:۔ **وتسمی الخ (و)** حرف عطف **(تسمی)** فعل مضارع مجہول صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ **(ھی)** ضمیر مرفوع متصل اس میں پوشیدہ راجع بسوئے حروف۔ نائب فاعل **(حروفا)** موصوف **(جارۃ)** اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ **(ھی)** ضمیر مرفوع متصل اس میں پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل مفعول بہ تسمی فعل اپنے نائب فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ **(و)** حرف عطف **(ھی)** ضمیر مرفوع منفصل مبتداء راجع بسوئے حروف جارہ **(سبعۃ عشر)** ممیز **(حروفا)** تمیز۔ ممیز اپنی تمیز سے مل کر خبر مبتداء خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

الباء للالصاق وهو اتصال الشئی بالشئی اما حقیقة نحو به داء، واما مجازا نحو مررت بزید ای التصق مروری بمکان یقرب منه زید

شرح:۔ **قوله الباء** شارح قدس سرہ نے اس کے معانی دس تک بیان کیئے۔مگر شارح عبدالرسول رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب منظوم میں تیرہ گنے ہیں چنانچہ فرماتے ہیں۔

شرح ہر یک میکنم حالا بتوفیق الہ — از برائے چند معنی آمد استعمال با

استعانت ہست والصاق وتصاحب ہم بدل — پس بدانی تعدیہ سببیہ وظرفیہ را

تعدیہ تجرید در معنی عن باشد گہی — نیز استعطاف وزبہر قسم شد مطلقا

شارح عبدالرسول کے تین معانی زائدہ کی تشریح کی جاتی ہے۔بمعنی بدل اور بائے بدل وہ ہے جہاں باء کے بجائے لفظ بدل قائم ہوسکے جیسے کسی صحابی نے فرمایا **ما یسرنی انی شهدت بدرا بالعقبة بدرا ای بدل العقبة** اور **بائے تجرید** وہ ہے جس کے مدخول کے تصور سے متکلم کسی دوسری چیز کا تصور کر سکے جیسے **لقیت بزید الا سد بمعنی عن** جیسے **فاسئل به خبیرا ای سئل عنه** ان کے علاوہ باقی ہر ایک کی تشریح اپنے اپنے محل پر آئے گی۔انشاءاللہ۔**قوله الصاق الخ** بمعنی **الصاق** بمعنی **چغیدن و چغانیدن** لازم ومتعدی ہر دو معنوں میں مستعمل ہوتا ہے۔الصاق دو قسم ہے۔(۱) بطریق مماسرت ومخالفت اسے الصاق حقیقی کہتے ہیں۔جیسے **به داء** ۔ (۲) بطریق مجاورت اسے الصاق مجازی کہتے ہیں۔جیسے **مررت بزید**۔

ترکیب:۔ **الباء الخ (الباء)** مبتداء **(لام)** حرف جار **(الالصاق)** مجرور جار مجرور مل کر معطوف علیہ **(و)** حرف عطف **(لام)** حرف جار **(الاسعانة)** مجرور۔جار مجرور مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر ظرف ثابتۃ مقدر کا۔**(ثابتة)** اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اسم میں **(هی)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے مبتداء اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ **(و)** حرف عطف **(هو)** ضمیر مرفوع منفصل راجع بسوئے الالصاق مبتداء اتصال مصدر مضاف **(الشئی)** مضاف الیہ **(با)** حرف جار **(الشئی)** مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو۔اتصال مضاف اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے مل کر ممیز **(اما)**

حرف تردید (حقیقة) معطوف علیہ (و) زائدہ بر مذہب جمہور (اما) حرف عطف (مجازا) معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر تمیز۔ ممیز اپنی تمیز سے مل کر خبر۔ مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔

(نحو) مضاف لفظ (به داء) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مثالہ مبتداء محذوف کی (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مجرور راجع بسوئے اتصال حقیقی مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نوٹ:۔ لفظ نحو وغیرہ کے بعد جو ایسی مثالیں ذکر کی جاتی ہیں ان سے معنی مراد نہیں ہوتے۔ کیونکہ بر تقدیر ارادہ معنی وہ جملہ ہوں گی۔ اور لفظ (نحو) ان الفاظ سے نہیں جو جملہ کی طرف مضاف ہوتے ہیں۔ بلکہ وہ مثالیں من حیث اللفظ مراد ہوتی ہیں۔ اس واسطے ہم نے ترکیب میں یہ کہا کہ لفظ به داء مضاف الیہ اور جبکہ به داء کے معنی مراد لیے جائیں تو ترکیب یوں ہوگی۔ (با) حرف جار (ہ) ضمیر مجرور متصل مجرور راجع بسوئے غائب مثلا زید وغیرہ جار مجرور مل کر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثابت) اسم فاعل اسکیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع (داء) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مقدم (داء) مبتداء موخر مبتداء موخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اما مجازا الخ کی ترکیب عطف میں ذکر ہو چکی ہے۔

(نحو) مضاف لفظ (مررت بزید) مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے مل کر خبر مثالہ مقدر کی (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے اتصال مجازی مضاف مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نوٹ۔ اور بر تقدیر ارادہ معنی ترکیب یوں ہوگی مررت فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (با) حرف جار (زید) مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو ہوا۔ فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(ای) حرف تفسیر (التصق) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب۔ (مرور) مصدر مضاف (یائی) متکلم ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر فاعل (با) حرف جار (مکان) موصوف (یقرب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب (من) حرف جار (ہ) ضمیر مجرور متصل مجرور راجع بسوئے مکان جار مجرور مل کر ظرف لغو ہوا۔ (زید) فاعل فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف لغو ہوا۔ (التصق) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا۔

وللاستعانة نحو كتبت بالقلم و قد تكون للتعليل نحو قوله تعالى انكم ظلمتم انفسكم باتخاذ كم العجل

شرح:۔ **قولہ للاستعانة** فعل کوظاہر کرنے میں کام کرنے والا باء کے مدخول سے مدد چاہے جیسے **کتبت بالقلم** میں کاتب نے اپنی کتابت میں قلم سے مدد چاہی۔ یہاں سے معلوم ہوا مجازاً غیر سے مدد طلب کرنا شرک نہیں جبکہ مدد چاہنے والا مدد کرنے والے کو اپنا معبود نہ سمجھتا ہو جیسے ہمارے سنی اپنے پیارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یا اپنے بزرگان دین سے امداد چاہتے ہیں ان حضرات کی امداد کو امداد غیر نہیں کہا جاتا۔ کیونکہ ان کی امداد مظہر امداد الٰہی ہے۔

قوله للتعليل باء تعلیل وہ ہے جس میں اس کے مدخول کو علت وسبب بنایا جائے۔ جیسے **ظلمتم انفسكم باتخاذ كم العجل** میں کفار نے اپنے نفس پر ظلم کی علت وسبب باء کے مدخول کو بنایا ہے یعنی اے بنی اسرائیل تم نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا سبب یہ ہے کہ تم نے اپنے بچھڑے کو اپنا معبود بنایا۔

نوٹ:۔ واللاستعانة کی ترکیب **الباء للالصاق** کے ساتھ عطف معطوف میں لکھی جا چکی ہے۔

ترکیب:۔ (**نحو**) مضاف لفظ (**کتب بالقلم**) مضاف الیہ مجرور محلاً مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مثالہ مقدر کی اس میں (**مثال**) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے للاستعانۃ مضاف مضاف الیہ مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نوٹ:۔ برتقدیر ارادہ معنی (**کتبت**) فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم (**ت**) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (**با**) حرف جار (**القلم**) مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو ہوا۔ فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(**و**) حرف عطف (**قد**) برائے **تقلیل** (**تکون**) فعل ناقص (**ھی**) ضمیر مرفوع متصل اسمیں پوشیدہ اسم راجع بسوئے **الباء** (**ل**) حرف جار (**التعليل**) مجرور جار مجرور ملکر معطوف علیہ (**و**) حرف عطف (**ل**) حرف جار (**للمصاحبة**) مجرور جار مجرور ملکر معطوف (**و**) حرف عطف (**ل**) حرف جار (**التعدية**) مجرور۔ جار مجرور مل کر

معطوف (و) حرف عطف (ل) حرف جار (المقابلة) مجرور جار مجرور مل کر معطوف (و) حرف عطف (ل) حرف جار (القسم) مجرور جار مجرور مل کر معطوف (و) حرف عطف (ل) حرف جار (الا ستعطاف) مجرور جار مجرور مل کر معطوف (و) حرف عطف (ل) حرف جار (الظرفية) مجرور۔ جار مجرور مل کر معطوف (و) حرف عطف (ل) حرف جار (الزيادة) مجرور۔ جار مجرور مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کر ظرف مستقر ثابتة مقدر کا (ثابتة) اسم فاعل صیغہ وحدہ مونث اس میں (هى) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔

(نحو) مضاف (قول) مضاف الیہ مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل ذوالحال (تعالى) فعل ماضی معروف اسمیں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر مضاف الیہ۔ (ان) حرف مشبہ بالفعل (ك) ضمیر منصوب متصل اسم (م) علامت جمع (ظلمتم) فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اسمیں (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (م) علامت جمع (انفس) مضاف (ك) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ (م) علامت جمع۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول بہ (با) حرف جار۔ (اتخاذ) مصدر مضاف (ك) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ (م) علامت جمع (العجل) مفعول بہ اول (الها) مقدر مفعول بہ ثانی (اتخاذ) مضاف اپنے مضاف الیہ اور دونوں مفعول بہ سے مل کر مجرور ہوا۔ جار مجرور مل کر ظرف لغو (ظلمتم) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر ان حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ مراد اللفظ ہو کر مقولہ قول مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ سے اور مقولہ سے ملکر مضاف الیہ (نحو) مضاف اپنے مضاف الیہ اور مقولہ سے مل مضاف الیہ (نحو) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثاله مقدر کی۔ اسمیں (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے التعلیل مضاف مضاف الیہ مل کر مبتداء مبتداء خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وللمصاحبة نحو اشتريت الفرس بسرجه وللتعدية نحو قوله تعالى ذهب الله بنورهم ونحو ذهبت بزيد اى اذهبته

شرح:۔ **قوله للمصاحبة** مصاحبت کی وہ **باء** ہے کہ جسمیں بتایا جائے کہ **باء** کا مدخول اس کے ماقبل کا کام کرنے میں شریک کار ہے۔ جیسے **اشتریت الفرس بسرجه** میں **فرس باء** کا کام فروخت ہوجاتا ہے۔ اس کے کام کا شریک کار سرج بھی ہے کہ اس کی طرح فروخت گی اسی باء کو بمعنی **مع** کہا جاتا ہے۔

قوله للتعدیه یعنی لازم کو متعدی بنانا جیسے **ذهب الله بنورهم** میں **باء تعدیہ** ہے کہ **ذهب** فعل لازم تھا۔ بمعنی گیا اور باء نے آکر **ذهب** کو متعدی بمعنی **اذهب** یعنی لے گیا کے معنی میں کردیا۔ یہاں پر تعدیہ سے مراد تعدیہ مطلقہ ہے اور تعدیہ مطلقہ نام ہے **تصیر** کے معنے پیدا کردینے کا مفہوم فعل میں اور یہی معنے **تعدیہ باء** کا خاصہ ہے۔ ورنہ تمام حروف فعل قاصرہ کو متعدی الی المفعول کردیا کرتے ہیں اس میں **باء** کی کوئی خصوصیت نہیں۔ پھر اگر فعل لازم ہوتو وہ **باء** کے داخل ہونے سے متعدی بیک مفعول ہوجاتا ہے۔ اور اگر پہلے سے بیک مفعول تھا۔ تو **باء** کے داخل ہونے سے متعدی بدو مفعول ہوجایا کرتا ہے۔ اور طریقہ فعل لازم کو متعدی بنانے کا یہ ہے کہ اس کے فاعل پر باء داخل کردی جائے جیسے **ذهبت بزید** کہ اصل میں **ذهب زید** تھا۔ اب زید فاعل پر باء داخل ہوئی تو **ذهب اذهب** کے معنے میں ہوگیا اور معنی **اذهبت زیدا** ہوگے (لے گیا میں زید کو) یایوں کہو کہ **باء** کے داخل ہونے سے معنی **تصیر** کے پیدا ہوگئے یعنی **ذهبت بزید** کے معنی میں ہوگیا۔ **صیرته ذاهبا** کے (کردیا میں نے زید کو جانے والا)۔

نوٹ:۔ وللمصاحبة کی ترکیب **الباء للالصاق** کیساتھ عطف معطوف میں لکھی جاچکی ہے۔

ترکیب:۔ **(نحو)** مضاف **(اشتریت الفرس بسرجه)** مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر خبر مثال مقدر کی۔ **(مثال)** مضاف **(ہ)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے المصاحبہ مضاف مضاف الیہ مل کر مبتداء مبتداء خبر

سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی ترکیب۔

(اشتریت) فعل ماضی معلوم صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (الفرس) مفعول بہ (با) حرف جار (سرج) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے فرس مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

نوٹ:۔ **وللتعدیۃ** کی ترکیب **الباء للالصاق** کیساتھ عطف معطوف میں لکھی جاچکی ہے۔

(**نحو**) مضاف (**قول**) مضاف الیہ مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل راجع بسوئے اسم جلالت ذوالحال **تعالی** فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال (**تعالی**) فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر مضاف الیہ (**ذھب**) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (**اللّٰہ**) اسم جلالت فاعل (با) حرف جار (نور) مضاف (**ھا**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے۔ **الذی استوقد** (م) علامت جمع (**نور**) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو **ذھب** فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ مراد اللفظ ہوکر مقولہ قول مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مقولہ سے مل کر مضاف الیہ (**نحو**) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف علیہ ہوا۔

(و) حرف عطف (**نحو**) مضاف (**ذھبت بذید**) مضاف الیہ (**نحو**) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر **مثالہ** مقدر کی۔ (**مثال**) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء ۔مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

بر تقدیر ارادہ معنی (**ذھبت**) فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم کا (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (**با**) حرف جار (**زید**) مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو (**ذھبت**) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (**ای**) حرف تفسیر (**اذھبت**) فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم (**ت**) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (ہ) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ راجع بسوئے زید۔ (**اذھبت**) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا۔

وللمقابلة نحو اشتريت العبد بالفرس وللقسم نحو بالله لافعلن كذا

شرح:۔ قوله للمقابلة یعنی مقابلہ کی باء وہ ہے جس میں باء کے مدخول کو کسی چیز کا عوض بنایا جائے جیسے اشتريت الفرس بالعبد میں عبد باء کا مدخول ہے اس کو عوض بنایا گیا ہے فرس کا اسی لیئے اسے باء مقابلہ کو بائے عوض اور بائے بدل بھی کہتے ہیں۔ اور اسی وجہ سے ہمیشہ عوض پر داخل ہوتی ہے۔

قوله وللقسم الى كذا بعض نسخوں میں موجود ہے نا کثر میں اس لیے کہ حقیقت بائے قسم کی الصاق ہے۔ معنی قسم کا مقسم بہ کے ساتھ جیسا کہ قسمت بالله کثرت استعمال کی وجہ سے فعل کو حذف کرتے ہیں۔

نوٹ:۔ وللمقابلة کی ترکیب الباء اللا لصاق کیساتھ عطف معطوف میں لکھی جا چکی ہے۔

ترکیب:۔ نحو اشتريت الخ (نحو) مضاف (اشتريت العبد بالفوس) مضاف الیہ نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مثالہ مقدر کی (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے المقابلة مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ وا۔ اور بر تقدیر ارادہ معنی (اشتريت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (العبد) مفعول بہ (با) حرف جار (الفوس) مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو ہوا۔ اشتریت فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

نوٹ:۔ وللقسم کی ترکیب البا اللا لصاق کیساتھ عطف معطوف میں لکھی جا چکی ہے۔

(نحو) مضاف (بالله لا فعلن كذا) مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (القسم) مضاف مضاف الیہ مل کر مبتداء۔ مبتداء خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی۔ (با) حرف جار (الله) اسم جلالت مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا (اقسم) فعل مقدر کا (اقسم) صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معروف اسمیں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل اقسم فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ قسمیہ ہوا (لا فعلن) صیغہ واحد متکلم (بحث لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ فعل مستقبل معروف) اسمیں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل (كذا) اسم کنایہ۔ مفعول بہ لافعلن فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم ہوا۔

وللاستعطاف نحوارحم بزید وللظرفیہ نحوزید بالبلد

شرح:۔ **قولہ وللاستعطاف** استعطاف کی باء وہ ہے کہ جس میں متکلم مجرور کے ساتھ مخاطب کے دل کو نرم کرنا چاہے جیسے **ارحم بزید** میں متکلم نے مخاطب کو زید پر نرمی کرنے کی درخواست کی ہے۔ جبکہ زید مخاطب کا رشتہ دار ہو اور وہ زید پر قدرے تشدد کرتا ہو۔

قولہ للظرفیہ یعنی باء بمعنی فی جیسے **زید بالبلد ای فی البلد۔**

نوٹ:۔ **وللاستعطاف** کی ترکیب **البا للالصاق** کیساتھ عطف معطوف میں لکھی جا چکی ہے۔

ترکیب:۔ (**نحو**) **مضاف** (**ارحم بذید**) مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (**مثال**) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے الاستعطاف مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ برتقدیر ارادہ معنی (**ارحم**) فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اکیس (**انت**) پوشیدہ جس میں ان ضمیر مرفوع متصل فاعل (**ت**) علامت خطاب (**باء**) حرف جار (**زید**) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو ہوا۔ (**ارحم**) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ انشائیہ ہو۔

نوٹ:۔ یہ ترکیب بنا بر مشہور ہے۔ جو حقیقت میں صحیح نہیں کیوں کہ **رحم** متعدی بنفسہ ہے۔ اور (**باء**) استعطاف مقسم بہ پر آتی ہے۔ اور زید مقسم بہ نہیں۔

نوٹ:۔ **وللظرفیة** کی ترکیب **البا للالصاق** کیساتھ عطف معطوف میں لکھی جا چکی ہے۔

(**نحو**) مضاف (**زید بالبلد**) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر **مثالہ** کی (**مثال**) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے **الظرفیة** مضاف مضاف الیہ مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ برتقدیر برارادہ معنی (**زید**) مبتداء (**باء**) حرف جار (**البلد**) مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا **ثابت** مقدر کا۔ (**ثابت**) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے زید اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتداء اپنی خبر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وللزیادة نحو قوله تعالی ولا تلقوا بایدیکم الی التهلکة

شرح:۔ للزیادة باء زائدکئی مقامات پر آتی ہے جس کو مولانا عبدالرسول نے شرح منظوم میں فرمایا ہے۔

زائد باشد قیاسا بعد استفہام ونفی پسی سماعا در خبر گاہے گہے در مبتدا۔ نیز در مفعول وفاعل زائدہ شد بر سماع۔

باء کا زائد ہونا دو قسم ہے۔ (۱) قیاسی۔ استفہام ونفی کے بعد جیسے **هل زید بقائم؟ اور مازید بقائم۔**

(۲) سماعی۔ خبر میں جیسے **جزاء سیئة بمثلها** (۳) مبتداء میں جیسے **بحسبك درهم**

(۴) فاعل میں جیسے **کفی باللّٰہ شهیدا** (۵) مفعول میں جیسے **ولا تلقوا بایدیکم الی التهلکة**

(۶) حال پر بھی زائد ہوتی ہے جیسے شاعر نے کہا **فمارجعت بحائنة رکاب۔ سعید ابن المسیب منتهاها** (۷) کبھی مجرور پر بھی زاید ہوتی ہے جیسے شاعر نے کہا **فاصبحن لایسالنه عن بما به۔ اصعدنی علوالهوی ام تصوبا** (۸) کبھی لانفی جنس کی خبر پر بھی زائد ہوتی ہے۔ جیسے **لا خیر بخیر بعده النار** ان کے علاوہ العلامہ الفاضل الکھوٹوی محمد جمال الدین رحمۃ اللہ علیہ نے چار اور بڑھائے ہیں (۱) بمعنی **علی** جیسے کہ راشد بن عبداللہ رضی اللہ عنہ **ارب یبول الثعلبان براسه لقد هان من بالت علیه الثعالب** اس شعر میں **براسه** بمعنی **علی براسه** ہے یہ حضرت قبل از اسلام غاوی ظالم نام رکھتے تھے اور ایک بت کے پجاری تھے ہر روز ان کے سر پر روٹی اور مکھن رکھتے تھے ایک دن دیکھا کہ لومڑ نے بت کی روٹی اور مکھن کھا کر اس کے سر پر پیشاب کر دیا اس نے اس کی یہ حالت دیکھ کر بت کو توڑ دیا اور یہی شعر کہہ کر سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں پیش ہو کر مشرف باسلام ہوئے۔ ترجمہ شعر۔ کیا یہ بھی خدا ہو سکتا ہے؟ کہ جس کے سر پر لومڑی نے پیشاب کر دیا البتہ بہت ذلیل ہے وہ جس پر لومڑ پیشاب کر جائے۔ (۲) بمعنی **من قال اللّٰہ تعالی عینا یشرب بها ای منها۔** (۳) بمعنی **الی قال تعالی وقد احسن بی ای الیّ۔** (۴) باء تفدیہ۔ باء تفدیہ وہ ہے کہ متکلم مجرور کو کسی پر فدا کرے یا کسی چیز سے فدیہ دیدے جیسے **بابی انت وامی ای فداك۔**

نوٹ:۔ **وللزیادة** کی ترکیب **الباء للصاق** کیساتھ عطف معطوف میں لکھی جاچکی ہے۔

ترکیب:۔ **نحو قوله تعالى الخ (نحو)** مضاف **(قول)** مصدر مضاف الیہ مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل راجع بسوئے اسم جلالت ذوالحال **(تعالى)** فعل ماضی معروف اسمیں **(هو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال **(تعالى)** فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر مضاف الیہ (و) حرف عطف **(ولا تلقوا)** فعل نہی معروف صیغہ جمع مذکر حاضر (و) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل **(با)** حرف جار زائد **(ایدی)** مضاف **(کم)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ (م) علامت جمع **(ایدی)** مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ منصوب محلا مجرور تقدیرا۔ **(لا تلقوا)** فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوفہ مراد اللفظ ہوکر مقولہ۔ قول مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مقولہ سے مل کر مضاف الیہ۔ نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مثالہ مقدر کی مثال مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے **الزيادة** مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فائدہ:۔ حرف جار زائد فعل یا شبہ فعل سے متعلق نہیں ہوتا۔ کیونکہ فعل یا شبہ فعل سے تعلق اس لیئے ہوکرتا ہے کہ یہ اسکے معنی اپنے مدخول تک پہونچاتا ہے۔ اور حرف جار زائد فعل یا شبہ فعل کے معنی اپنے مدخول تک نہیں پہونچاتا لہذا متعلق بھی نہ ہوگا۔ کذا فی **جمع الجوامع و شرحه همع الهوامع**

وان تصوموا خیرلکم

(القرآن پارہ نمبر 2 سورۃ البقرۃ آیت نمبر 184)

تشریح:۔ **ان تصوموا** صیغہ مخاطب ہے **خیرلکم** کو منصوب پڑھنا چاہیے تھا۔ لیکن قانون نحوی کے اعتبار سے **ان** مصدریہ کی وجہ سے **ان تصوموا** اسم حکمی ہوکر مبتداء ہوگا اور **خیر لکم** خبر ہوگی عبارت یوں ہوگی **صومکم خیرلکم**

والـلام لـلاختـصـاص نـحـو الـجـل لـلـفـرس

شرح:۔ **قوله اللام** اختصاص کیلئے **هی الواقعة بین ذاتین لایصح ان تکون الذات الواقعة علیها الام مالکة للاخری** جیسے **الجنة للمومنین ۔ وهذا الحصیر للمسجد** وغیرہ۔

فائدہ:۔ جان لوکہ لام جارہ جب داخل ہو غیر ضمیر پر تو مکسور ہوتا ہے مگر ندا کے اندر اس لیے کہ وہاں مفتوح ہوتا ہے جیسا کہ **یالزید۔ یا للماء** اور ضمائر کے ساتھ بھی مفتوح ہوتا ہے جیسے **له لك لنا** اور **لی** میں یا کی وجہ سے مکسور ہے۔

ترکیب:۔ **واللام الخ(و)** حرف عطف **(اللام)** مبتداء **(ل)** حرف جار **(الاختصاص)** مجرور جار مجرور مل کر معطوف علیہ **(و)** حرف عطف **(ل)** حرف جار **(الزیادة)** مجرور جار مجرور مل کر معطوف **(و)** حرف عطف **(ل)** حرف جار **(للتعلیل)** مجرور جار مجرور مل کر معطوف **(و)** حرف عطف **(ل)** حرف جار **(القسم)** مجرور جار مجرور ملکر معطوف **(و)** حرف عطف **(ل)** حرف جار **(المعاقبة)** مجرور جار مجرور مل کر معطوف **اللاختصاص** معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کر ظرف مستقر **ثابتة** مقدر کا۔ **(ثابتة)** اسم فاعل صیغہ واحدہ مونث **(هی)** ضمیر مرفوع متصل اس میں پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اللام اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتداء خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا **(نحو)** مضاف **(الجل للفرس)** مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر **مثاله** مقدر کی۔ **(مثال)** مضاف **(ه)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے **(الاختصاص)** مضاف مضاف الیہ مل کر مبتداء مبتداء خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ برتقدیر ارادہ معنی **(الجل)** مبتداء **(ل)** حرف جار **(الفرس)** مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر **ثابت** مقدر کا۔ **(ثابت)** اسم فاعل اسمیں **(هو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے **(الجل)** اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وللزیادۃ نحو ردف لکم ای ردفکم

شرح:۔ **قولہ للزیادہ** (لام) زائدہ دو قسم ہے۔(۱) قیاسا (۲) سماعا قیاسا تو شبہ فعل کے مفعول پر ہوتی ہے عامل خواہ مقدم ہو جیسے **زید ضارب لعمر** وخواہ موخر ہو جیسے **زید لعمرو ضارب ضربی لزیدحسن** اور فعل کے مفعول پر قیاسا زائد ہوتی ہے۔ جیسے **لزید ضربت** اور لام زائدہ تقویت کا فائدہ دیتی ہے اور زائد سماعا **کما قال تعالی هیهات هیهات لما توعدون** کبھی لام کو دوبارہ محض تاکید کیلئے لاتے ہیں قال الشاعر۔

فلا واللہ لا یلقی لمابی　　　ولا للمابهم ابداو دواء۔

فائدہ:۔ لام کی یہ اقسام شیخ کی نظر سے نہیں گزری ہیں بندہ نے اصل کے مطابق نقل کر دیا ہے واللہ اعلم بالصواب۔

ترکیب:۔ **نحوالخ** (نحو) مضاف لفظ (ردف لکم) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مثالہ مقدر کی۔(مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ رجع بسوئے (الزیادۃ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (ردف) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب لفظ (بعض) فاعل جو ایت میں آئندہ آرہا ہے (لام) حرف جار زائدہ (کم) میں کاف ضمیر مجرور متصل مجرور باعتبار محل قریب منصوب باعتبار محل بعید مفعول بہ (م) علامت جمع (ردف) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (ای) حرف تفسیر (ردف) فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب لفظ (بعض) فاعل جو آیت میں آئندہ آرہا ہے (کم) میں کاف ضمیر منصوب متصل مفعول بہ (م) علامت جمع فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا۔

ان عمروا لمنطلق

تشریح:۔ ان مخففہ من المثقلہ ہے اور نحویوں کے نزدیک اس حالت میں بھی عمل کرتا ہے جیسا کہ کلام الہی میں بھی ہے۔
و ان کلالما لیوفینهم (القرآن)۔

وللتعليل نحو جئتك لاكرامك وللقسم نحو لله لا يئوخر الاجل وللمعاقبة نحو لزم الشر للشقاوة

شرح:۔ **قوله للقسم** لام قسم کی اللہ تعالیٰ کے اسم اور امور عظیمہ کے ساتھ مخصوص ہے **لله لا يئوخر الاجل۔**

قوله و للمعاقبة معاقبت کی لام وہ ہے جس کا مجرور متعلق کے فعل کا نتیجہ وثمر ہو جیسے **لزم الشر للشقاوة** میں ہے کہ شر کا نتیجہ شقاوت ہی ہے۔ **لام** کے یہ پانچ وہ معانی جس کو شارح قدس سرہ نے بربنائے شہرت ذکر فرمائے ملا عبدالرسول رحمۃ اللہ علیہ اپنی منظومہ میں کچھ زائد تحریر فرماتے ہیں۔

لام باشد بہر استحقاق وملک واختصاص	تعدیہ تعلیل ونفع وہم بمعنی الی
استغاثہ عاقبت تہدیہ در معنی وقت	ہست در معنی عن گر بعد قول آری درا
نیز در معنی عند و بعد و فی باشد گہی	گہ ردیف من شود گاہی بمعنی علی
فعل وشبہش در عمل زویافت گاہی تقویت	نیز از بہر قسم کز وی تعجب شد بنا
گاہ از بہر تعجب ہست استعمال او	در ندا و غیر او اللہ دری شاعرا
زائدہ ہم می شود گاہے مثالش را بجو	از اجار المسلم پس گیر یاد ایں حرف را

ان اشعار میں سے صرف پانچ کا ذکر گذر چکا ہے باقی کو قدرے تفصیل سے لکھتا ہوں بعونہ تعالیٰ فرمایا (۱) بہر استحقاق مغنی میں لکھا ہے۔ **لام استحقاق هی الواقعة بين معنى و ذات** جیسے **الحمد لله** اور **ويل للمطففين** (۲) **لام ملك** علامہ دسوقی فرماتے ہیں **لام الملك هی الواقعه بين ذاتين تصلح ان تكون الواقعة منهما بعد اللام مالكة للاخرى** چنانچہ **لله ما فى السموت یاهذا المال لزيد** ۔ (۳) **لام اختصاص** اس کی تشریح گذر چکی ہے۔ (۴) **لام تعديه** یعنی لازم کو متعدی کرنا (۵) **لام تعليل** اسی کو کتاب میں ذکر کیا ہے۔

(۶) لام نفع جیسے لها ما کسبت (۷) لام بمعنی الی جیسے بان ربك اوحی لها ای الیها
(۸) لام استغاثه یہ لام کبھی مستغاث پر اور کبھی مستغاث له پر داخل ہوتی ہے۔ مثال مستغاث جیسے
یالزید من العدو مثال مستغاث له یا للمظلوم (۹) لام عاقبت اس کا معنی اور مثال سابقا گذشت۔
(۱۰) لام تهدید جیسے یا لازید لا قتلنك (۱۱) لام بمعنی وقت قال تعالی اقم الصلوة
لذکری ای وقت ذکری قوله (۱۲) لام بمعنی عن جیسا کہ قال یقول کے بعد واقع ہو جیسے قال
الذین کفروللذین آمنوا ای عن الذین آمنوا (۱۳) لام بمعنی عند جیسا کہ
کتبته لخمس ای عند خمس (۱۴) لام بمعنی بعد قال تعالی اقم الصلوة لدلوك
الشمس ای بعد دلوك الشمس (۱۵) لام بمعنی فی قال تعالی و نضع الموازین
القسط لیوم القیمة ای فی یوم القیمة (۱۶) لام بمعنی من جیسے کہ الشاعر نے کہا۔
سخن لکم یوم القیمة افضل ای منکم الخ (۱۷) لام بمعنی علی قول تعالی و
تله للجبین ای علی الجبین (۱۸) اور فعل وشمش الخ کی تشریح لام زائد میں گزر چکی ہے۔
(۱۹) بہر قسم اس کا ذکر بھی گزر چکا ہے۔ از بہر تعجب جبکہ ندا میں ہو جیسے یا للماء ویا غیر تعجب میں لله در زید
کریما (۲۰)۔ لام زائده هم الخ اس کا بیان بھی ہم لکھ چکے ہیں۔ علامہ جمال فاضل گھوٹوی رحمہ اللہ تعالی
علیہ اس سے کچھ زائد تحریر فرمائے (۲۱) لام تملیك وہ ہے جو وهبت یا اس کے ہم معنی افعال کے مفعول اول پر
داخل ہو جیسے وهبت لزید دینا را و منحت لبکر دارا (۲۲) لام النسبت نحو قوله
تعالی ان له ابا شیخا کبیرا و ان لزیدا خا اور جیسے کہ قوله تعالی و جعل لکم من
انفسکم ازواجا (۲۳) لام حجود وہ لام ہے جو کان منفی کی خبر پر داخل ہو۔ جیسے ما کان الله
لیعذبهم۔

نوٹ:۔ وللتعلیل کی ترکیب واللام للاختصاص کے ساتھ عطف معطوف میں لکھی جا چکی ہے۔

ترکیب:۔ نحوالخ (نحو) مضاف لفظ (جئتك الاكرامك) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مثالہ مقدر کی اس میں مثال مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے التعلیل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (جئت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (ك) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ (لام) حرف جار (اکرام) مضاف (ك) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو ہوا۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

نوٹ:۔ وللقسم کی ترکیب واللام للاختصاص کے ساتھ عطف معطوف میں لکھی جاچکی ہے۔

(نحو) مضاف لفظ (لا یئوخر الاجل) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مثالہ مقدر کی اسمیں مثال مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (القسم) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اور بر تقدیر ارادہ معنی (لام) حرف جار (اللّٰہ) اسم جلالت مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر اقسم فعل مقدر کا۔ (اقسم) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ قسمیہ ہوا (لا یئوخر) فعل مضارع مجہول صیغہ واحد مذکر غائب (الاجل) نائب فاعل۔ فعل اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم ہوا۔

نوٹ:۔ وللمعاقبۃ کی ترکیب واللام للاختصاص کے ساتھ عطف معطوف میں لکھی جاچکی ہے۔

(نحو) مضاف لفظ (لزم الشر للشقاوۃ) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر (مثالہ) مقدر کی اسمیں (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (المعاقبۃ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اور بر تقدیر ارادہ معنی۔ (لزم) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے غائب (الشر) مفعول بہ لام حرف جار (الشقاوۃ) مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو ہوا۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ومن وھی لا بتداء الغایۃ، نحو سرت من البصرۃ الی الکوفۃ

شرح:۔ **قولہ ومن لا بتداء** یعنی حرف من ابتداء کیلئے موضوع ہے خواہ مکان سے ابتداء ہو جیسے **سرت من البصرۃ الی الکوفۃ** یا زمان سے ہو جیسے **صمت من یوم الجمعۃ** اور من ابتدائیہ کی علامت یہ ہے کہ اس کے مقابلہ میں **الی الکوفہ** ہے۔ اور **اعوذ باللّٰہ من الشیطان الرجیم** میں من کے مقابلہ بام ہے۔ جو **الی** کے ہم معنی ہے۔ یعنی **التجی الیہ من الشیطان الرجیم** اور **غایت** بمعنی نہایت اور یہاں مجازاً بمعنی مسافت مستعمل ہوا ہے۔

ترکیب:۔ **ومن الخ** (و) حرف عطف (من) مبتدائے اول (و) حرف زائدہ (ھی) ضمیر مرفوع متصل مبتدائے ثانی راجع بسوئے (من) (ل) حرف جار (ابتدا) مضاف (الغایۃ) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور مل کر معطوف علیہ (و) حرف عطف (ل) حرف جار (التبعیض) مجرور جار مجرور مل کر معطوف (و) حرف عطف (ل) حرف جار (التبیین) مجرور جار مجرور مل کر معطوف (و) حرف عطف (ل) حرف جار (الذیادۃ) مجرور جار مجرور ملکر معطوف **الابتداء** معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کر ظرف مستقر **ثابتۃ** مقدر کا۔ (ثابتۃ) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ (ھی) ضمیر مرفوع متصل اسمیں پوشیدہ فاعل راجع بسوئے مبتداء اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف سے مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر (ھی) مبتداء ثانی اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر خبر (من) مبتدائے اول اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ (نحو) مضاف لفظ (**سرت من البصرۃ الی الکوفۃ**) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر **مثالہ** مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے ابتداء مذکور مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (سرت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (من) حرف جار (البصرۃ) مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو اول (الی) حرف جار (الکوفۃ) مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو دوم سرت فعل اپنے فاعل اور دونوں ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وللتبعیض نحو اخذت من الدارھم ای بعض الدارھم وللتبیین نحو قوله تعالی فاجتنبوا الرجس من الاوثان ای الرجس الذی ھوا لاوثان

شرح:۔ **قوله وللتبعیض من تبعیضیه** وہ ہے کہ جس میں بتایا جائے کہ **من** کا ماقبل یا مابعد اس کے مجرور کا بعض ہے۔ وہ ماخوذ یا مذکور ہوگا۔ جیسے **اخذت شیئامن الدراھم** یا محذوف ہوگا جیسے **اخذت من الدراھم ای شیاء من الدراھم** اور اسکی علامت یہ ہے کہ کلمہ بعض من کی جگہ رکھیں تو مطلب صحیح رہتا ہو۔ جیسے شرح میں مثال دی گئی ہے۔ ۲ **قوله وللتبیین الخ** یعنی پوشیدہ امر کی مراد کو ظاہر کرنے کیلئے اور اس کی علامت یہ ہے کہ اگر اس کی جگہ پر اسم موصول رکھ دیا جائے تو کلام صحیح رہے جیسا کہ **من الاوثان** کی جگہ پر **الذی اوثان** کہنا صحیح ہے۔

نوٹ:۔ **وللتبعیض** کی ترکیب **لا ابتداء الغایة** کے ساتھ عطف معطوف میں لکھی جاچکی ہے۔

ترکیب:۔ **نحوالخ (نحو)** مضاف لفظ **(اخذت من الدارھم)** مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر **مثاله** مقدر کی۔ **(مثال)** مضاف **(ہ)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے **(التبعیض)** مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اور بر تقدیر ارادہ معنی **(اخذت)** فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم **(ت)** ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل **(من)** حرف جار **(الدراھم)** مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا۔ **(ثابتا)** مقدر کا **ثابتا** اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں ( ) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف مقدر **(شیئا)** موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ اخذت فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(ای) حرف تفسیر **(بعض)** مضاف **(الدراھم)** مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ ہوا۔ فعل مقدر **(اخذت)** کا اخذت فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم **(ت)** ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول

بہ سے مل کر جملہ فعلیہ مفسرہ ہوا۔

نوٹ:۔ **وللتبیین** کی ترکیب **لا بتداء الغایۃ** میں عطف معطوف میں لکھی جا چکی ہے۔

(نحو) مضاف **(قول)** مصدر مضاف **(ہ)** ضمیر مجرور متصل ذوالحال **(تعالی)** فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں **(ھو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر مضاف الیہ لفظ **(فاجتنبوا الرجس من الاوثان)** مقولہ قول مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مقولہ سے مل کر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مبتداء محذوف **مثالہ** مقدر کی۔

(مثال) مضاف **(ہ)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے **(التبیین)** مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ **(فا)** برائے سببیت **اجتنبوا** فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر **(و)** ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل **(الرجس)** ذوالحال **(من)** حرف جار **(الاوثان)** مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر **ثابتا** مقدر کا۔ **(ثابتا)** اسم فاعل اس میں **(ھو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ **اجتنبوا فعل** اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ **(ای)** حرف تفسیر **(الرجس)** موصوف **(الذی)** اسم موصول **(ھو)** ضمیر مرفوع متصل مبتداء راجع بسوئے اسم موصول **الاوثان** خبر مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل مقدر **فاجتنبوا** کا۔ **(فا) سببیت** **(اجتنبوا)** فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر **(و)** ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ مفسرہ ہوا۔

انہ ضاحک

تشریح:۔ **انہ** مبتدا ہے یہ اصل میں **انا** تھا الف ہا سے تبدیل کیا گیا ہے۔ (کذا فی مراح الارواح)

وللزيادة

شرح:۔ قوله وللزيادة یعنی من کلام میں زائد واقع ہوتا ہے کہ جس کے ہونے اور نہ ہونے میں مطلب صحیح رہتا ہے۔ مگر من کے زائد ہونے کیلئے دو شرطیں ضروری ہیں (۱) کلام غیر موجب ہو یعنی نفی نہی استفہام ہو۔ اللہ تعالیٰ کا قول و ما تسقط من ورقة الا یعلمها۔ ولا یقم من احد ۔ اللہ تعالیٰ کا قول وهل ترى من فطور۔ (۲) اس کا مجرور نکرہ ہو جیسے امثلہ میں گذرا۔ صاحب مغنی تیسری شرط بھی ضروری سمجھتے ہیں وہ یہ کہ مجرور معنی میں فاعل ہو یا مفعول بہ یا مبتداء وغیرہ ہو جیسے ما اتخذ الله من ولد وماكان معه من اله یہ وہ معانی تھے جن کو مصنف نے گنا ہے مگر اس سے کچھ زائد ملاں عبدالرسول اپنی منظومہ میں تحریر فرماتے ہیں۔

من برای ابتدا لیکن کثیر اندر مکان	در زمان ہم گاہ گاہی حسل سرت من مسا
نیز از بہر بیان کوہست با مجرور خویش	واقع اندر موقع حال وکند نصب اقتضا
بہر تبعیض وقسم وسببیہ ونسبت بدل	نیز تجرید ست وزائد ہم بیاید مطلقا

شعر اول کی تشریح ہو چکی ہے۔ اسی طرح شعر ثانی کا مصرع اول بھی (۱) من بمعنی قسم نحو النار في الشتاء خير من الله ورسوله اى خير و الله ورسوله اسی ترکیب کو طلبہ کے امتحان میں بہت پیش کیا کرتے ہیں۔ (۲) من بمعنی سببیہ نحو مما خطيا تهم اغرقوا۔ اى بسبب خطيا تهم (۳) من بمعنی نسبت نحو قوله عليه السلام يا على انت منى بمنزله هارون من موسى اى انت بالنسبة الىّ كهارون بالنسبة الى موسى (۴) من بمعنی بدل نحو قوله تعالى ارضيتم بالحيوة الدنيا من الاخرة اى بدل الاخرة (۵) من بمعنی تجرید اور تجرید کا معنی باء کی بحث میں گذر چکا ہے۔ نحو لقيت من زيد اسد ا اور فاضل گھوٹوی نے اس سے کچھ زائد تحریر فرمائے ہیں مثلا (٦) من بمعنی فی قال تعالى اذا نودى للصلوة من يوم الجمعة اى فى يوم الجمعة۔ (۷) مغنی میں تحریر فرمایا کہ من بمعنی ربما تب ہوگا جب من کے بعد ما آئے جیسے

وانا لمنما نضرب الكبش ضربة	على راسه تلقى اللسان من الغم

اى انا لربما نضرب الكبش۔ (۸) من بمعنی [illegible] قوله تعالى ينظرون من طرف خفى اى بطرف خفى۔ (۹) من بمعنی علی نحو قوله تعالى و نصرنا ه من القوم الذين كذبوا اى على القوم۔

نوٹ:۔ وللزيادة کی ترکیب لا بتداء الغاية کے ساتھ عطف معطوف میں لکھی جا چکی ہے۔

نحو قوله تعالی یغفرلکم من ذنوبکم

ترکیب:۔ نحوالخ (نحو) مضاف (قول) مصدر مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل ذوالحال (تعالی) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر مضاف الیہ لفظ (یغفرلکم من نوبکم) مراداللفظ مقولہ قول مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مقولہ سے مل کر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مبتداء مثالہ مقدر کی (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے الزیادۃ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (یغفو) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم جلالت جو آیت میں پہلے موجود ہے۔ (لام) حرف جار (ک) ضمیر مجرور متصل (م) علامت جمع جار مجرور مل کر ظرف لغو ہوا۔ (من) حرف جار زائد (ذنوب) مضاف (ک) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ (م) علامت جمع مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور لفظا منصوب محلا مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب امر ہوا۔ جو قرآن کریم میں سے پہلے مذکور ہے۔

ولکن زنجی عظیم المشافر

تشریح:۔ اصل میں یہ ایک شعر کا حصہ ہے جس کا اول حصہ ہے۔ **فلو کنت صبیا عرفت قرابتی ۔ ولکن زنجی الخ**۔ سے صورۃ اشکال ظاہر ہے کہ **لکن** نے **زنجی** کو منصوب نہیں کیا؟

جواب:۔ **لکن** کا اسم محذوف ہے اصل میں **لکنک** زنجی تھا اور اس کے اسم (ک) کو محذوف کرنا جائز ہے۔

فائدہ:۔ **لکن** کی خبر پر لام تاکید داخل نہیں ہو سکتی خلافا للکوفیین **ومستد لهم قول الشعراء۔ صبیا** منسوب **الی صبہ** بفتح اول وتشدید ثانی بمعنی قبیلہ۔

والی لانتهاء الغایة فی المکان نحو سرت من البصرة الی الکوفة وللمصاحبة نحو قوله تعالی ولا تاکلوا اموالهم الی اموالکم ای مع اموالکم

شرح:۔ قوله الی یعنی کلمہ الی انتہا غایت کیلئے ہے پھر اسی معنی کے لحاظ سے اس کا مقابل لفظ من ہوگا۔ خواہ انتہا مکان میں ہو۔ جیسے خرجت الی السوق یا زمان میں جیسے اتموا الصیام الی اللیل یا مکان و زمان کے علاوہ کسی اور چیز میں جیسے قلبی الیك یعنی میرا دل تجھ تک پہنچنے والا ہے۔ بلحاظ شوق یا بلحاظ میل کے۔

قوله وللمصاحبة الخ یعنی بمعنی مع جبکہ کسی چیز کو کسی چیز سے ملانا مقصود ہو جیسے ولا تاکلوا اموالهم الی اموالکم ای مع اموالکم۔

ترکیب:۔ والی الخ (و) حرف عطف (الی) مبتداء (لام) حرف جار (انتهاء) مصدر مضاف (الغایة) مضاف الیہ (فی) حرف جار (المکان) مجرور جار مجرور سے مل کر ظرف لغو (انتهاء) مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے مل کر مجرور جار مجرور مل کر معطوف علیہ (و) حرف عطف (لام) حرف جار (المصاحبة) مجرور جار مجرور مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر ظرف مستقر ثابتة مقدر کا۔ (ثابتة) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اسمیں (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے (الی) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ (نحو) مضاف (سرت من البصرة الی الکوفة) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مثاله مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے انتهاء الغایة فی المکان مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (سرت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (من) حرف

جار (البصرۃ) مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو اول (الی) حرف جار (الکوفۃ) مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو ثانی (سرت) فعل اپنے فاعل اور دونوں ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

نوٹ:۔ ولد صاحبۃ کی ترکیب والی لانتہاء کے ساتھ عطف معطوف میں لکھی جا چکی ہے۔

(نحو) مضاف (قول) مصدر مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل ذوالحال (تعالی) فعل ماضی معروف اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال (تعالی) فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر مضاف الیہ لفظ (ولا تاکلوا اموالھم الی اموالکم) مقولہ قولہ مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مقولہ سے مل کر مضاف الیہ۔ (نحو) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مبتداء محذوف (مثالہ) کی مثال مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (المصاحبۃ) مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (و) حرف عطف (لا تاکلوا) فعل نہی معروف صیغہ جمع مذکر حاضر (و) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (اموال) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے یتامی (م) علامت جمع مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ (الی) حرف جار (اموال) مضاف (ك) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ (م) علامت جمع۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو ہوا (لا تاکلوا) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف ہوا۔ (ای) حرف تفسیر (مع) مضاف اموال مضاف الیہ مضاف (ك) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ (م) علامت جمع۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ (مع) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ لا تاکلوا اموالھم مقدر کا۔ (لا تاکلوا) فعل نہی معروف صیغہ جمع مذکر حاضر (و) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (اموال) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (یتامی) (م) علامت جمع مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ (لا تاکلوا) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ مفسرہ ہوا۔

وقد يكون ما بعد هاد اخلافي ما قبلها ان كان ما بعدها من جنس ما قبلها

شرح:۔ قوله وقديكون اس عبارت کا مرجع الی لا نتهاء الغاية کی طرف ہے۔مقصد یہ ہے کہ الی انتهائیه کا مابعد کبھی ماقبل کے حکم میں داخل ہوتا ہے۔اور کبھی کبھی نہیں ہوتا مگر اس دخول یا عدم دخول میں پانچ مذہب ہیں۔(۱) مابعد کا ماقبل کے حکم میں داخل ہو۔ہاں بطریق مجاز کبھی داخل نہیں ہوتا یہ مذہب بہت تھوڑے نحویوں کا ہے۔ یہاں تک کہ تلویح میں فرمایا کہ اس کا قائل کہیں موجود نہیں۔(۲) مابعد ماقبل کے حکم میں داخل نہ ہونا۔ہاں بطریق مجاز کبھی داخل ہوجاتا ہے۔ جیسے فاغسلوا وجوهكم وايديكم الى المرافق میں مرافق غسل ایدیکم کے حکم میں داخل ہے بطریق مجاز کے۔(۳) اشتراک یعنی مابعد کا ماقبل کے حکم میں داخل ہونا اور نہ ہونا اور دونوں معنے حقیقی ہوں یا مجازی کوئی بھی نہ ہو۔(۴) مابعد کا ماقبل کے حکم میں داخل ہونے یا نہ ہونے کا حکم نہ دیا جائے۔ جب تک کوئی دلیل قائم نہ ہو۔تلویح میں فرمایا کہ مختار مذہب یہی ہے باقی ضعیف مذہب ہیں۔(۵) مابعد کا ماقبل میں داخل ہونا۔نحو قوله تعالى الخ چونکہ مرافق ایدیکم کا ہم جنس ہے۔اسی لیے یہ بھی ماقبل کے حکم میں داخل ہوگا۔اس میں امام زفرؒ کے مذہب کا بطلان ہے کہ وہ مرافق کو غسل کے حکم میں داخل نہیں فرماتے۔قوله تعالى ثم الخ چونکہ الليل الصيام (جو کہ دن میں ادا کیا جاتا ہے۔) کے جنس سے نہیں لہذا الليل ماقبل کے حکم سے خارج ہے۔

فائدہ:۔ مصنف نے (الی) کے فقط دو معنی لکھے ملا عبد الرسول ان دونوں معنوں کو لکھ کر پھر تحریر فرماتے ہیں۔شعر مکمل

غالب آمد لیکہ در معنی مع باشد قلیل

نیز در معنی لام و عند و فی دانی درا

(۱) الی بمعنی لام الامر اليك اى لك (۲) الی بمعنی عند نحو قوله تعالى رب السجن احب الى اے عندى (۳) الی بمعنی فی نحو قوله تعالى ليجمعنكم الى يوم القيمة اى فى يوم القيمة۔

ترکیب:۔وقد الخ (و) حرف عطف (قد) حرف تعلیل (یکون) فعل ناقص (ما) اسم موصول (بعد) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (الی) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ثبت مقدر کا۔ (ثبت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم موصول (ثبت) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ ہوا۔اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر اسم ہوا فعل ناقص کا (داخلا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم موصول (فی) حرف جار (ما) اسم موصول (قبل) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (الی) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ثبت مقدر کا۔ (ثبت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (ھو) ضمیر مرفوع متصل اسمیں پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم موصول (ثبت) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ ہوا۔اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو ہوا۔(داخلا) اس فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر (یکون) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر فعلیہ ہو کر جزائے مقدم (ان) حرف شرط (کان) فعل ناقص (ما) اسم موصول (بعد) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (الی) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ہوا۔ (ثبت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم موصول (ثبت) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر اسم ہوا فعل ناقص کان کا۔(من) حرف جار (جنس) مضاف (ما) اسم موصول (قبل) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (الی) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ثبت مقدر کا۔(ثبت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم موصول (ثبت) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ ہوا۔اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مضاف الیہ (جنس) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔ (ثابتا) اسم فاعل اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر (کان) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط موخر شرط موخر اپنی جزائے مقدم سے مل کر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

نحو قوله تعالی فاغسلوا وجوهکم وایدیکم الی المرافق

ترکیب:۔ نحو قوله تعالی الخ (نحو) مضاف (قول) مصدر مضاف (ها) ضمیر مجرور متصل راجع بسوئے اسم جلالت ذوالحال (تعالی) فعل ماضی معروف اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر مضاف الیہ لفظ (فاغسلوا وجوھکم وایدیکم الی المرافق) مقولہ قول مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مقولے سے مل کر مضاف الیہ (نحو) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مثالہ مقدر کی (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے دخول مابعد الی یکین در حکم ماقبل بشرط مذکورہ مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (فا) جزائیہ (اغسلوا) فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر (و) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (وجوہ) مضاف (ك) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ (م) علامت جمع مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف علیہ (و) حرف عطف (ایدی) مضاف (ك) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ (م) علامت جمع مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مفعول بہ (الی) حرف جار (المرافق) مجرور جار مجرور سے مل کر ظرف لغو ہوا۔ (اغسلوا) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ ہو جزاء ہوئی شرط کی۔ جو اس سے پہلے قرآن کریم میں مذکور ہے۔

لیت زیدا قائما

سوال:۔ لیت کے دونوں اسم منصوب کیوں؟

جواب:۔ یہ ہے کہ فراء نحوی کا مذہب ہے کہ لیت کے دونوں اسموں کو منصوب پڑھا جائے۔

وقد لا یکون ما بعدھا داخلا فی ماقبلھا ان لم یکن ما بعدھا من جنس ماقبلھا نحو قولہ تعالی ثم اتموا الصیام الی الیل

ترکیب:۔ (و) حرف عطف (قد) حرف برائے تقلیل (لا یکون) فعل ناقص (ما) اسم موصول (بعد) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (الی) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ثبت مقدر کا۔ (ثبت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم موصول (ثبت) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر اسم ہوا۔ فعل ناقص کا (داخلا) اسم فاعل اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص (فی) حرف جار (ما) اسم موصول (قبل) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (الی) قبل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ثبت مقدر کا۔ (ثبت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم موصول (ثبت) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ ہوا۔ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو ہوا۔ (داخلا) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر (لا یکون) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جزائے مقدم (ان) حرف شرط (لم یکن) فعل ناقص (ما) اسم موصول (بعد) (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (الی) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ثبت مقدر کا۔ (ثبت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم موصول (ثبت) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ ہوا۔ (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر اسم ہوا فعل ناقص کا (من) حرف جار (جنس) مضاف (ما) اسم موصول (قبل) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (الی) (قبل) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ثبت مقدر کا۔ (ثبت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم موصول (ما) (ثبت)، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر صلہ ہوا۔ (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اسم ہوا

فعل ناقص (من) حرف جار (جنس) مضاف (ما) اسم موصول (قبل) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے الی (قبل) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ثبت مقدر کا۔ (ثبت) فعل ماضی صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم موصول مـا (ثبت) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا۔ (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا۔ (جـنـس) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور (من) حرف جار اپنے مجرور سے ملکر ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔ (ثابتا) اسم فاعل اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص (لـم یـکـن) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر (لم یکن) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر شرط موخر اپنی جزائے مقدم سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

سوال:۔(یـکـن) میں جازم کون ہے (لم) یا (ان) دونوں اگر دونوں کو جازم قرار دیں تو معمول واحد پر دو علت کا اجتماع لازم آئیگا جو باطل ہے۔ کیونکہ عوامل علل مستقلہ کے حکم میں ہیں اور اگر کسی ایک کو جازم قرار دیں تو ترجیح بلا مرجح لازم آئیگی۔ اور یہ بھی باطل ہے پس (یکن) کا مجزوم ہونا باطل ٹھرا؟

جواب:۔(لم) جازم ہے اور قرب مرجح پس ترجیح بلا مرجح لازم نہ آئی۔ اور (لـم یـکـن) میں (ان) جازم ہے تو (لم) کا جزم لفظا ہے اور (ان) کا محلا۔

(نحو) مضاف (قول) مصدر مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل ذوالحال (تعالی) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ راجع بسوئے ذوالحال (تعالی) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر مضاف الیہ لفظ ثم اتموا الصیام الی الیل مقولہ قول مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مقولہ سے ملکر مضاف الیہ نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے مابعد الی کا قبل میں داخل نہ ہونا جبکہ مابعد جنس ماقبل سے نہ ہو۔ (مـثـال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء۔ مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (ثم) حرف عطف (اتموا) فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر (و) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (الـصـیـام) مفعول بہ (الـی) حرف جار (الـلـیل) مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو (اتـمـوا) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

وحتى لا نتهاء الغاية في الزمان نحو نمت البارحة حتى الصباح وفي المكان نحو سرت البلد حتى السوق

شرح:۔قوله وحتى هذيليه کی لغت میں حتی عتی عین کے ساتھ بھی آیا ہے۔ حتی حین میں انہوں نے عتی حین پڑھا ہے اس کا استعمال تین طرح سے آیا ہے۔(۱) عاطفہ یہ بھی جارہ کی طرح ہے۔انتہاء کے معنی میں لیکن اس کے مدخول کیلئے ضروری ہے کہ ماقبل جزم ہو حقیقۃ جیسے مات الناس حتی الا نبیاء یا حکما جیسے مات السادات حتی عبیدهم (۲) ابتدائیہ جسے استینافیہ بھی کہتے ہیں۔یعنی اس کے مابعد سے کلام جدید شروع ہوگا۔کہ جسکو حیثیت اعراب کے ماقبل سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔اگر چہ معنے کے اعتبار سے ماقبل سے کوئی تعلق ہوگا۔جیسے فواعجبا حتی کلیب یسبنی اس حتی کا اعرابی حیثیت سے ماقبل کے ساتھ کوئی تعلق نہیں (۳) جارہ اور اس کا یہی حقیقی معنی ہے۔اور اسی سے بحث کا تعلق ہے۔

قوله لانتهاء الغاية یہ حتی کا پہلا معنی ہے اس کے اور الی کے معنی میں کئی وجوہ سے فرق بیان کیا گیا ہے۔ (۱) حتی میں فعل کے غایت تک پہنچنے میں کوئی کمی نہیں ہوتی۔پس کتبت الی زید والی عمرو کہنا جائز ہے۔حتی زید و عمرو کہنا جائز نہیں (۲) حتی غایت مکانیہ وزمانیہ دونوں کیلئے آتا ہے۔خواہ مکان ہو یا زمان یا غیر بخلاف الی کہ صرف ظرف میں آتا ہے۔

قوله نمت اصل میں نومت تھا (و) پر کسرہ ثقیل تھا۔اس لیے یہ کسرہ نون کو دیدیا بعد دور کرنے نون کی حرکت کے پھر (و) التقاء ساکنین کی وجہ سے ساقط ہوگیا۔پس نمت ہوا۔

ترکیب:۔وحتی الخ (و) حرف عطف (حتی) مبتداء (ل) حرف جار (انتهاء) مصدر مضاف (الغاية) مضاف الیہ (فی) حرف جار (الزمان) مجرور جار مجرور ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف (فی) حرف جار (المکان) مجرور جار مجرور ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر ظرف لغو ہوا (انتهاء) مصدر مضاف

اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف (لام) حرف جار (المصاحبۃ) مجرور جار مجرور ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر ظرف مستقر ثابتۃ مقدر کا۔ (ثابتۃ) اسم فاعل صیغہ واحد مونث اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے مبتدا اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔

(نحو) مضاف لفظ (نمت البارحۃ حتی الصباح) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے انتہاء الغایۃ فی الزمان (مثال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (نمت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (البارحۃ) مفعول فیہ (حتی) حرف جار (الصباح) مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف لغو ہوا۔ (نمت) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(نحو) مضاف لفظ (سرت البلد حتی السوق) مضاف الیہ (نحو) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر (مثالہ) مقدر کی (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے انتہاء الغایۃ فی المکان (مثال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (سرت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (البلد) مفعول فیہ (حتی) حرف جار (السوق) مجرور جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا۔ سرت فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ان قعر جهنم لسبعين خريفا

(الحدیث مشکوٰۃ 5067 بحوالہ مسلم بروایت حضرت ابی ہریرہ)

تشریح:۔ یہ حدیث شریف کا ایک حصہ ہے۔ سوال:۔ کہ ان کا اسم اور خبر ہر دونوں منصوب کیوں ہیں؟

جواب:۔ ان کی خبر محذوف ہے اور اس کے اسم کا مضاف بھی دراصل عبارت یوں تھی۔ ان بلوغ قعرها يكون في سبعين خريفا۔

وللمصاحبة نحو قرات وردی حتی الدعآء ای مع الدعآء

شرح:۔ قوله للمصاحبة یعنی بمعنی مع مگر الی بمعنی مع تھوڑا آتا ہے۔اور حتی بمعنی مع بکثرت آتا ہے یہ تیسرا فرق ہے۔ جو درمیان حتی اور الی کے بیان کیا جاتا ہے۔ یہ دو معنی مصنف نے ذکر فرمائے ہیں۔ چند معانی کا ذیل میں اضافہ کیا جاتا ہے (۱) حتی بمعنی استثناء جیسے لن تنالوا البر حتی تنفقوا (۲) حتی بمعنی تعلیل یعنی کی جیسے اسلمت حتی ادخل الجنة۔ ای کی ادخل الجنة (۵) حتی بمعنی الی نحو سرت من البصرة الخ

نوٹ:۔ والمصاحبة کی ترکیب حتی لا نتهاء الغاية کیساتھ عطف معطوف میں لکھی جا چکی ہے۔

ترکیب:۔ نحوالخ (نحو) مضاف لفظ (قرات وردی حتی الدعاء) مضاف الیہ (نحو) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثاله مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے المصاحبۃ (مثال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ برتقدیر ارادہ معنی (قرات) صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معروف (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (ورد) مضاف (ی) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ (ورد) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ (حتی) حرف جار (الدعا) مجرور جار مجرور سے ملکر ظرف لغوا ہوا۔ (قرات) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ (ای) حرف تفسیر (مع) مضاف (الدعا) مضاف الیہ (مع) مضاف اپنے مضاف سے ملکر مفعول فیہ ہوا (قرات وردی) مقدر کا (قرات) فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (ورد) مضاف (ی) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ (ورد) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ (قرات) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا۔

وما بعدها قد يكون داخلافي حكم ما قبلها نحو اكلت السمكة حتى راسها وقدلايكون داخلا فيه نحو المثال المذكور وهي مختصة بالا سم الظاهر بخلاف الى فلا يقال حتاه و يقال اليه۔

شرح:۔قوله و مختصة یہ چوتھا فرق ہے درمیان الی و حتی کہ حتی اسم مظہر پر داخل ہوتا ہے۔ اسم مضمر پر نہیں پس حتا ہ یا حتاك نہیں کہا جائیگا۔ مگر کوفیوں کے نزدیک مضمر پر داخل ہونا جائز ہے۔ بدلیل قول الشاعر۔ فلا و الله لا یبقی انا س______فتی حتاك یا ابن ابی زیاد

جمہور کہتے ہیں یہ شعر خلاف قیاس کہا گیا ہے۔

ترکیب:۔وما الخ (و) حرف عطف (ما) اسم موصول (بعد) مضاف (ها) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (حتی) (بعد) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ (ثبت) مقدر کا (ثبت) فعل ماضی معروف اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم موصول (ما) (ثبت) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ ہوا (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مبتداء (قد) برائے تقلیل (یکون) فعل ناقص (هو) ضمیر مرفوع متصل اسمیں پوشیدہ اسم راجع بسوئے مبتداء (داخلا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر (هو) ضمیر مرفوع متصل اسمیں پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص (فی) حرف جار (حکم) مضاف (ما) اسم موصول (قبل) مضاف (ها) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (حتی) قبل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہوا (ثبت) مقدر کا (ثبت) فعل ماضی معروف اسمیں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم موصول (ما) (ثبت) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ ہوا۔ (ما) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مضاف الیہ (حکم) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو ہوا (داخلا) اسم فاعل اپنے فاعل

اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر (یکون) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا (نحو) مضاف لفظ (اکلت السمکۃ حتی راسھا) مضاف الیہ (نحو) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ رجع بسوئے دخول مابعد حتی کا حکم ماقبل میں مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (اکلت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (السمکۃ) مفعول بہ (حتی) حرف جار (راس) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے السمکۃ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو ہوا (اکلت) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ (و) حرف عطف (قد) برائے تقلیل (لا یکون) فعل ناقص اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم راجع بسوئے مابعد حتی (داخلا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص (فی) حرف جار (ھا) ضمیر مجرور متصل مجرور راجع بسوئے ماقبل حتی جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا۔ (داخلا) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر قد لا یکون فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ (نحو) مضاف (المثال) موصوف (ال) بمعنی (الذی) اسم موصول (مذکور) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے (ال) بمعنی الذی (مذکور) اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت (المثال) موصوف اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ ہوا (نحو) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ رجع بسوئے عدم دخول مابعد حتی کا حکم ماقبل میں (مثال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (و) حروف عطف (ھی) ضمیر مرفوع منفصل مبتداء راجع بسوئے حتی (مختصۃ) اسم مفعول صیغہ واحدہ مونثہ اسمیں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ راجع بسوئے مبتداء۔ ذوالحال (با) حرف جار (الاسم) موصوف (الظاھر) میں (ال) حرف تعریف نہ بمعنی (الذی) (ظاھر) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم موصوف اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر صفت

موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو ہوا (با) حرف جار (خلاف) مضاف (الی) مضاف الیہ (خلاف) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر ظرف مستقر ثابتۃ مقدر کا۔ (ثابتۃ) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اسمیں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ذوالحال اپنے سے ملکر نائب فاعل (مختصۃ) اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر (ھی) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا (فا) فصیحہ (لا یقال) فعل مضارع مجہول صیغہ واحد مذکر غائب (حتاہ) نائب فاعل (لا یقال) فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جزاء شرط مقدر (اذا کا الامر کذالک) کی (اذا) ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم (کان) کا (کان) فعل ناقص (الامر) اس کا اسم (ک) حرف جار (ذا) اسم اشارہ مجرور لام حرف تجعید (ک) حرف خطاب جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔ (ثابتا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم کان ثابتا اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر کان فعل ناقص اپنے اسم اور خبر اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا (و) حرف عطف (یقال) فعل مضارع مجہول صیغہ واحد مذکر غائب (الیۃ) نائب فاعل یقال فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبر معطوف ہوا۔

فتربصوا بہ عتی حین

(القرآن پارہ نمبر 18 سورۃ المومنون آیت نمبر 25)

تشریح:۔ ترکیب میں تو کسی قسم کا اشکال نہیں البتہ لفظ عتی سے التباس پڑ رہا ہے کہ یہ کیا شے ہے اور حین کیوں مجرور ہوا؟

جواب:۔ یہ ہے کہ ہذیل کی لغت میں حاء کو عین سے تبدیل کرنا جائز ہے۔ یہ اصل میں حتی حین تھا اور یہ آیت حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قراءت میں یونہی ہے۔

وعلى للاستعلاء نحوزيد على السطح وعليه دين، وقد تكون بمعنى الباء نحو مررت عليه بمعنى مررت به

شرح:۔ قوله على لفظ على تین قسم ہے۔(۱) اسمی بمعنی فوق اس کی نشانی یہ ہے کہ اس پر کوئی حرف جارہ داخل ہو کما قال الشاعر غدت من عليه بعد ماتم ظمؤها اى غدت من فوقه ۔ (۲) فعلی اس کی علامت یہ ہے کہ اس کو فاعل کی ضرورت ہو اور وہ بصورت الف لکھا جاتا ہے۔ قال تعالى ان فرعون علا في الارض ۔ (۳)۔حرفی اس کے چند معانی ہیں۔(۱) استعلاء یعنی ایک چیز کا دوسری چیز سے بلند ہونے پر دلالت کرنا حقیقۃً جیسے زيد على السطح یا حکماً جیسے عليه دين قرض بھی جس پر ہوتا ہے بمنزلہ سوار کے ہوتا ہے گویا مقروض قرض کے بار کو اپنی گردن یا پیٹھ پر اٹھاتا ہے۔ (۲) بمعنی باء نحو قوله تعالى حقيق على ان لا اقول اى حقيق بان لا اقول (۳) بمعنی في نحو قوله تعالى وان كنتم على سفر اى في سفر یہ تین معانی مصنف نے بیان فرمائے۔ باقی معانی یہ ہیں۔(۴) بمعنی مع نحو قوله تعالى واتى المال على حبه (۵) تعلیل نحو قوله تعالى ولتكبر الله على ما هدا كم اى لهدايته اياكم (۶) بمعنی عن قال الشاعر واذا رضيت على بنو قيشر اى رضيت عن (۷) بمعنی من نحو قوله تعالى اذا كتالوا على الناس اى من الناس (۸) بمعنی اعراض قال الشاعر

لكل تداوينا فلم يشف ما بنا ـــــــ على ان قرب الدار خير من البعد

علاوہ یعنی قرب الدار (۹) بمعنی ضرر نحو قوله تعالى وعليها ما كتسبت ۔ یہ مثال و عليه دين استعلا مجازی کی اور اس قبیلہ سے ہے كان على ربك حتما مقتيصا اس لئے کہ اللہ تعالی استعلاء شے سے برتر ہے (كذا في الرضى)۔

ترکیب:۔وعلی الخ (و) حرف عطف (علی) مبتداء (ل) حرف جار (الاستعلاء) مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر ثابتة مقدر کا۔(ثابتة) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اسمیں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے مبتداء (ثابتة) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر خبر مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔(نحو) مضاف (زید علی السطح) معطوف علیہ (و) حرف عطف (علیه دین) معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ (نحو) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مثاله مقدر کی۔(مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (الاستعلاء) (مثال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر اردہ معنی (زید) مبتداء (علی) حرف جار (السطح) مجرور۔جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔(ثابت) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے مبتداء (ثابت) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔(علی) حرف جار (ھا) ضمیر مجرور متصل مجرور راجع بسوئے (زید) جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔(ثابت) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے دین ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مقدم (دین) مبتداء مئوخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (و) حرف عطف (قد) حرف برائے تقلیل (تکون) فعل ناقص اسمیں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ راجع بسوئے (علی) اس کا اسم (باء) حرف جار (معنی) مضاف (الباء) مضاف الیہ (معنی) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ہوا (ثابتة) مقدر کا (ثابتة) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اسمیں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص (ثابتة) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر (تکون) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔(نحو) مضاف لفظ (مروت علیه) ذوالحال (با) حرف جار (معنی) مضاف (مررت به) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔(ثابتا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال (ثابتا) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال۔ذوالحال اپنے حال سے مل کر مضاف الیہ (نحو) مضاف الیہ سے مل کر خبر مثاله مقدر کی۔(مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے علی کا بمعنی باء ہونا۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء۔مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وقد تكون بمعنى في، نحو قوله تعالى ان كنتم على سفر اى في سفر

ترکیب:۔ (وقد) الخ (و) حرف عطف (قد) حرف برائے تقلیل (تکون) فعل ناقص اسمیں (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ راجع بسوئے (علی) اسکا اسم (با) حرف جار (معنی) مضاف (فی) مضاف الیہ (معنی) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر ثابتة مقدر کا۔ (ثابتة) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اسمیں (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص (ثابتة) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر (تکون) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ (نحو) مضاف (قول) مصدر مضاف (ها) ضمیر مجرور متصل ذوالحال راجع بسوئے اسم جلالت (تعالی) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال (تعالی) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے ملکر مضاف الیہ لفظ (ان كنتم على سفر) بقولہ۔ قول مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مقولہ سے مل کر مضاف الیہ (نحو) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مثاله مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (علی کا بمعنی فی ہونا) مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی۔ (ان) حرف شرط (کنتم) فعل ناقص صیغہ جمع مذکر حاضر (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز اسکا اسم (م) علامت جمع (علی) حرف جار (سفر) مجرور جار مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا۔ (ثابتین) مقدر کا (ثابتین) اسم فاعل صیغہ جمع مذکر اسمیں (انتم) پوشیدہ جسمیں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل (ت) علامت خطاب (م) علامت جمع (ثابتین) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر (کنتم) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط اور اسکی جزا (فرهان مقبوضه) قرآن مجید میں مذکور ہے (فا) جزائیہ (رهان) جمع (رهن) موصوف (مقبوضة) اسم مفعول صیغہ

واحدہ مؤنثہ اسمیں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے موصوف۔(مقبوضۃ) اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت (رھان) موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتداء (تستوثقون بھا) مقدر۔(تستوثقون) فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر حاضر (و) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (با) حرف جار (ھا) ضمیر مجرور متصل مجرور راجع بسوئے مبتداء۔ جار مجرور ملکر ظرف لغو۔(تستو ثقون) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر جزاء شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔(ای) حرف تفسیر (فی) حرف جار (سفر) مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ہوا۔(ثابتین) مقدر کا (ثابتین) ترکیب سابق خبر (ان کنتم) مقدر (کنتم) فعل ناقص ترکیب سابق۔ اپنے اسم و خبر سے ملکر شرط شرط اپنی جزائے مذکور فی القرآن سے ملکر جملہ شرطیہ مفسرہ ہوا۔

ان المرء میتا بانقضاء حیاتہ

سوال:۔ کہ ان نافیہ ہے کیونکہ اس کے بعد کا جملہ یوں ہے **ولکن بان یبغی علیہ فیخذلا** اور ان نافیہ کوئی عمل نہیں کرتا حالانکہ یہاں پر اس نے میتا کو منصوب کر دیا ہے؟

جواب:۔ ان نافیہ بعض نحویوں کے نزدیک لیس کی طرح عمل کرتا ہے جیسا کہ دوسرے شعر میں ہے **ان ھو مستو لیا علی احد الا علی ضعف المجانبین**۔

فائدہ:۔ ان چار قسم ہے (۱) مخففہ من المثقلہ مثلاً قولہ تعالیٰ **و ان کنت من قبلہ لمن الغافلین**۔ اس کی علامت یہ ہے کہ اس کے بعد لام تاکید کا ضرور آئے گا۔(۲) نافیہ مثلاً قولہ تعالیٰ **ان الکفرون الا فی غرور** اس کی علامت یہ ہے کہ اس کے بعد حرف استثناء واقع ہوگا۔(۳) شرطیہ جو کہ شرط و جزا کو طلب کرے مثلاً قولہ تعالیٰ **ان یسرق فقد سرق اخ لہ** (۴) زائدہ قولہ **و ما ان طبنا جبن ۔۔ولکن منایانا و دولتہ احزینا**

و عن للبعد و المجاوزة نحو رميت السهم عن القوس

شرح:۔ **قوله و عن** عن تین قسم ہے۔(۱) مصدریہ درلغت بنی تمیم کہ **اعجبنی ان تفعل** میں **عن تفعل** اس کا نام **عنعنہ بنی تمیم** ہے (۲) **اسمیه بمعنی** جانب یہ دو قسم ہے (۱) اس پر **من جارہ** داخل ہوتا ہے۔جیسے **جئت من عن یمینك ای جانب یمینك** (۲) اس پر علی جارہ داخل ہوتا ہے۔ جیسے **علی عن یمینی مرت الطیر** الخ **ای علی جانب یمینی الخ** اس معنی میں بہت کم مستعمل ہوا ہے یہاں تک کہ کہا گیا ہے کہ بجز اس مثال کے اس کی اور کوئی مثال دستیاب نہیں ہوسکتی۔ (۳)۔جارہ اس کے کئی معانی ہیں جس میں مصنف نے فقط ایک ہی بیان کیا۔ ۲ **قوله للبعد والمجاوزة** الخ یعنی کلمہ **عن** ایک چیز کے دوسری چیز سے تجاوز کرنے کیلئے موضوع ہے۔اس کی تین صورتیں ہیں۔(۱) پہلی دوسری چیز سے زائل ہو کر تیسری چیز تک پہنچ جائے۔ جیسے **رمیت السهم عن القوس** اس صورت میں سہم قوس سے زائل ہو کر شکار پر جا پہنچا (۲) پہلی چیز جب تیسری چیز تک پہنچے تو دوسری چیز کے ساتھ بدستور باقی ہو۔زائل نہ ہو۔جیسے **اخذت عنه العلم** علم مجھ تک پہنچا اور میں نے جس سے لیا اس کے ساتھ بدستور باقی ہے۔اس سے زائل نہیں ہوا۔(۳) پہلی چیز سے زائل نہ ہو تیسری چیز تک پہنچنا نہ پایا جائے جیسے **ادیت عنه الدین** اس صورت میں مدیون کہ جس کی طرف سے میں نے قرض ادا کیا اس سے زائل ہو گیا۔لیکن کسی دوسرے تک یہ قرض نہیں پہنچا۔اگرچہ ادائیگی پہنچی مگر اس کا نام قرض نہیں اس کے علاوہ عن بہت سے معنوں میں مستعمل ہوا ہے۔(۱) بدل **نحو قوله تعالی و اتقوا یوما لا تجزی نفس عن نفس بدل نفس** بمعنی **علی قال تعالی انما یبخل عن نفسه ای علی نفسه** (۲) **تعلیل قال تعالی مانحو بتارکی الهتنا عن قولك ای لا جل قولك** ۔ (۳) **استعانت** نحو **رمیت السهم عن القوس ای باستعانت القوس** ۔ (۴) **بعد قال تعالی لترکبن طبقا عن طبق ای حالة بعد حالة**۔(۵) بمعنی **من قال تعالی و هوالذی یقبل التوبة عن عباده ای من عباده** (۶) زائد جبکہ خود محذوف ہو کر اپنے

مجرور کے بعد عن اور عوض دیدے نحو قال الشاعر فهلا التی عن بین جنبیك تدفع۔ ای فهلا تدفع عن التی الخ تھا۔ (۷) بمعنی فی مثل جلست عن المسجد ای فی المسجد

ترکیب:۔ وعن الخ (و) حرف عطف (عن) مبتداء (لام) حرف جار (البعد) معطوف علیہ (و) حرف عطف (المجاوزة) معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتة مقدر کا۔ (ثابتة) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اسمیں (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے مبتداء (ثابتة) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔

(نحو) مضاف لفظ (رمیت السهم عن القوس) مضاف الیہ (نحو) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر (مثالهما) مقدر کی (مثال) مضاف (هما) میں ها ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ (م) حرف عماد (ا) علامت تثنیہ راجع بسوئے البعد والمجاوزۃ مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء۔ مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا برتقدیر ارادہ معنی (رمیت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (السهم) مفعول بہ (عن) حرف جار (القوس) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو ہوا (رمیت) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اذن زید اکرمك

سوال:۔ اذن عامل ناصب ہے لیکن اکرمك کو منصوب نہیں کیا؟ اگر کوئی اس کا جواب دے کہ فاصلہ کی وجہ سے تو یہ بھی درست نہیں اس لئے کہ عرب کا مقولہ ہے اذن واللہ اکرمك۔ اس میں فاصلہ ہے تب بھی عمل جاری ہے۔ جواب:۔ اذن کے معمول پر اگر قسم آجائے تو اذن کے عمل میں حائل نہیں ہوتی اگر قسم کے سوا کوئی اور اسم ہو تو پھر اذن عمل نہیں کرسکتا۔

وفی للظرفیة نحو المال فی الکیس ونظرت فی الکتاب وللاستعلاء نحو قوله تعالی ولاوصلبنکم فی جزوع النخل

شرح:۔ **قوله وفی** ظرفیت یعنی اس کا مدخول کسی چیز کیلئے ظرف ہوتا ہے۔ ظرف مکان یا زمان حقیقۃً جیسے **المال فی الکیس** کہ **الکیس** مال کا حقیقۃ ظرف ہے یا مجازاً جیسے **النجاۃ فی الصدق** اس میں صدق نجات کا مجازاً ظرف ہے۔

وللاستعلاء یعنی بمعنی **علی** یہ دوسرا معنی ہے اس کے علاوہ درج ذیل معانی میں بھی مستعمل ہوا ہے۔

(۱) بمعنی سببیت **قال علیه السلام ان امراۃ دخلت النار فی هرۃ جلستها ای بسبب هرۃ الخ** ۔(۲)۔ بمعنی مع نحو **قوله تعالی فخرج علی قومه فی زینة ای مع زینته** ۔ (۳) بمعنی الی نحو **قوله تعالی فردوا ایدیهم فی افواههم ای الی افواههم** ۔ (۴) قوله **تعالی متاع الحیوۃ الدنیا فی الاخرۃ الا قلیل ای قیاس الاخرۃ** ۔(۵) زائدہ **قال تعالی فاذا ارکبو فی الفلك**۔

ترکیب:۔ **وفی الخ (و)** حرف عطف **(فی)** مبتداء **(لام)** حرف جار **(الظرفیة)** مجرور جار مجرور ملکر معطوف علیہ **(و)** حرف عطف **(لام)** حرف جار **(الاستعلاء)** مجرور جار مجرور ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر ظرف مستقر **ثابتة** مقدر کا۔ **(ثابتة)** اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اسمیں **(هی)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے فی۔ **(ثابتة)** اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا **(نحو)** مضاف **(المال فی الکیس)** معطوف علیہ **(و)** حرف عطف **(نظرت فی الکتاب)** معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ **(نحو)** مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر

مثاله مقدر کی۔(مثال) مضاف(ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے الظرفیۃ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء ،مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (المال) مبتداء (فی) حرف جار (الکیس) مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثابت) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے (المال) (ثابت) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر (المال) مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (نظرت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (فی) حرف جار (الکتاب) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (نظرت) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وللا ستعلاء۔ ترکیب عطف معطوف میں اوپر (**و فی للنظرفیة**) میں آچکی ہے۔

(نحو) مضاف (قول) مصدر مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل ذوالحال راجع بسوئے اسم جلالت (تعالی) فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال (تعالی) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے ملکر مضاف الیہ لفظ (ولا وصلبنکم فی جذوع النخل) مقولہ قول مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مقولہ سے مل کر مضاف الیہ (نحو) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مثاله مقدر کی۔(مثال) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (الا ستعلاء) (مثال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترکیب آیة شریف ۔(و) حرف عطف (لا وصلبن) صیغہ واحد متکلم بحث لام تاکید بانون تاکید ثقلیہ فعل مستقبل معروف اسمیں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل (ك) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ (م) علامت جمع (فی) حرف جار (جذوع) مضاف (النخل) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو (لا وصلبن) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

والکاف للتشبیہ نحو زید کالاسد

شرح:۔ **قولہ الکاف** کاف دوقسم ہے۔ (۱) اسمی بمعنی مثل پھر اس کو مضاف کہا جائیگا **سیبویہ** اور دیگر **نحوی** اس کاف کو خاص ضرورت کی وجہ سے اشعار پر جائز مانتے ہیں جیسے۔ **یضحکن عن کالبرد المنھم**۔ اس کی علامت یہ ہے کہ اس پر حرف جارہ داخل ہوتا ہے۔ (۲) حرفی جسکو مصنف تشبیہ سے بیان کررہے ہیں۔

قولہ للتشبیہ کسی چیز کو کاف کے مجرور کے ساتھ کسی خاص وجہ سے **تشبیہ** دینا جیسا کہ زید کو اسد کے ساتھ اس کی شجاعت کی وجہ سے تشبیہ دی گئی۔ معلوم ہوا کہ تشبیہ کو پانچ چیزوں کی ضرورت ہے (۱) **مشبِّہ** بصیغہ اسم فاعل اور وہ متکلم ہوگا۔ (۲) مشبَّہ بصیغہ اسم مفعول وہ چیز کہ جس کو کاف کے مجرور کے ساتھ مشابہت ہے۔ جیسے اس عبارت میں زید ہے۔ (۳) مشبہ بہ وہ جسے تشبیہ دی گئی ہو یعنی کاف کا مجرور جیسے اس عبارت میں اسد ہے۔ (۴) وجہ تشبیہ وہ امر خاص کہ جس سے مشبہ اور مشبہ بہ ایک دوسرے کے مشابہ ہورہے ہیں جیسے شجاعت **زید کالاسد** میں (۵) **آلہ تشبیہ** وہ یہی حروف **تشبیہ** خلاصہ یہ ہوا کہ **زید کالاسد** میں (۱) **مشبہ متکلم** (۲) **مشبہ زید** (۳) **مشبہ بہ اسد** (۴) وجہ تشبیہ شجاعت (۵) آلہ تشبیہ کاف۔

ترکیب:۔ **والکاف الخ (و)** حرف عطف **(الکاف)** مبتداء **(لام)** حرف جار **(التشبیہ)** مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر **ثابتۃ** مقدر کا۔ **(ثابتۃ)** اسم فاعل صیغہ واحد مونثہ اسمیں **(ھی)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے **(الکاف) (ثابتۃ)** اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ **(نحو)** مضاف لفظ **(زید کالاسد)** مضاف اپنے مضاف الیہ **(نحو)** مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر **مثالہ** مقدر کی۔ **(مثال)** مضاف **(ہ)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے **التشبیہ (مثال)** مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی **(زید)** مبتداء **(ک)** حرف جار **(الاسد)** مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ہوا۔ **(ثابت)** مقدر کی **(ثابت)** اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں **(ھو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے **(زید) (ثابت)** اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر **(زید)** مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وقد تکون زائدة نحو قوله تعالى ليس كمثله شئ

شرح:۔ **قوله و قد تکون** اس کی علامت یہ ہے کہ اس کے ہونے اور نہ ہونے میں معنی کو کوئی نقصان نہ پہنچے **لیس کمثله** میں اگر کاف نہ بھی ہو تب بھی معنی صحیح ہو سکتا ہے۔ اسکے علاوہ ذیل کے معنوں میں مستعمل ہوا ہے۔ (۱) تعلیل **قال تعالى واذكروكماهداكم اى لهداية اياكم** (۲) علی جیسے کوئی **اصبحت كخيراى على خير** اس شخص کے جواب میں بولا جائیگا جو کوئی پوچھے **كيف اصحبت** (۳) بمعنی **عند نحو آيتك كما طلع الفجر اى عند طلوع الفجر۔** (۴) **ترجی نحو لا تشتم الناس كمالا تشتم اى لعلك لا تشتم۔**

فائدہ:۔ کبھی کاف ان حروف مشبہ بالفعل پر داخل ہوتا ہے۔ پھر کاف کے بعد ما داخل کرتے ہیں تا کہ کان کے ساتھ التباس نہ پڑ جائے جیسے **کان زیدا۔ اللهم اغفر لكاتبه ولمن سعى فيه۔**

ترکیب:۔ **(وقد) الخ (و)** حرف عطف **(قد)** حرف برائے تقلیل **(تکون)** فعل ناقص اسمیں **(هی)** مرفوع متصل پوشیدہ اسم راجع بسوئے **(الكاف) (زائدة)** اسم فاعل صیغہ واحدہ مؤنثہ اسمیں **(هی)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص **(زائدة)** اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا **(نحو)** مضاف **(قول)** مصدر مضاف **(ها)** ضمیر مجرور متصل ذوالحال راجع بسوئے اسم جلالت **(تعالى)** فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں **(هو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال **(تعالى)** فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے ملکر مضاف الیہ **(ليس)** فعل ناقص **(ك)** حرف جارہ زائدہ **(مثل)** مضاف **(ه)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے اسم جلالت **(مثل)** مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مقدم لفظا مجرور محلا منصوب **(شئى)** اسم مؤخر **(ليس)** فعل ناقص اپنے اسم مؤخر اور خبر مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر مقولہ **(قول)** مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مقولہ سے ملکر مضاف الیہ **(نحو)** مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر **مثاله** مقدر کی۔ **(مثال)** مضاف **(ه)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے زیادہ کاف۔ **(مثال)** مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء۔ مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ومذ ومنذ لابتداء الغاية في الزمان الماضي نحو ما رأيته مذ يوم الجمعة او منذ يوم الجمعة اي ابتداء عدم رؤيتي اياه كان يوم الجمعة الى الان

شرح:۔ **قوله مذ و منذ** بعض کے نزدیک **مذ** اصل میں **منذ** تھا نون کو حذف کر کے ذال کو ساکن کر دیا۔ اور احتمال ہے کہ **مذ** اصل ہو اور پھر نون زائد کیا گیا اور ذال کو متحرک کیا گیا تاکہ التقائے ساکنین نہ ہو اور بعض لغت میں ان کو بکسر المیم بھی پڑھا گیا ہے۔ ان کا بعد مجرور منصوب۔ مرفوع ہر سہ حرکات کو قبول کرتا ہے مگر مابعد مجرور پڑھنے میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ ہر دو اسم مضاف اور مابعد مضاف الیہ ہوگا۔ اور وہ یا تو بمعنی زمان متضمن معنے **من** ہوں گے۔ جیسے **سافرت منذ يوم الجمعة اى من زمن يوم الجمعة** یا **متضمن** معنی **فی** ہوں گے۔ جیسے **ما رائيته منذ يومنا اى فى زمن يوما** بعض کہتے ہیں کہ یہ جارہ ہیں در زمان ماضی بمعنی من و در زمان حاضر بمعنی فی مثالیں مذکورین ان ہی کی سمجھئے۔ باقی **ابحاث نعم الحامی** میں لکھ دیئے گئے ہیں۔

قوله فى الزمان الماضى خواہ منفی ہو جیسے متن کی مثال ہے۔ خواہ مثبت ہو جیسے **سافرت من البلدة منذ يوم الجمعة** اس کی علامت یہ ہے کہ اس میں معنی اول مدت کا ہوگا۔

ترکیب:۔ **ومذ الخ (و)** حرف عطف **(مذ)** معطوف علیہ **(و)** حرف عطف **(منذ)** معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مبتداء **(لام)** حرف جار **(ابتداء)** مصدر مضاف **(الغاية)** مضاف الیہ **(فى)** حرف جار **(الزمان)** موصوف **الف لام** حرف تعریف نہ بمعنی **الذى** اسم موصول **(ماضى)** اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں **(هو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ راجع بسوئے موصوف **(ماضى)** اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف۔ اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو ہوا۔ **(ابتداء)** مضاف اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے ملکر مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر **ثابتتان** مقدر کا۔ **(ثابتتان)** اسم فاعل صیغہ تثنیہ مونث اسمیں **(هما)** پوشیدہ جس میں **(ها)**

ضمیر مرفوع متصل فاعل راجع بسوئے مذ و منذ (م) حرف عماد (ا) علامت تثنیه (ثابتتان) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا (نحو) مضاف (ما رایته مذیوم الجمعة) معطوف علیہ (او) حرف عطف (منذ یوم الجمعة) بتقدیر (ما رایته) معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ (نحو) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالهما مقدر کی۔

(مثال) مضاف (ها) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (مذ اور منذ) (م) حرف عماد (ا) علامت تثنیہ (مثـــال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء۔ مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ برتقدیر ارادہ معنی۔ (ما رایت) نفی فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (ها) ضمیر منصوب متصل بارز مفعول بہ راجع بسوئے (غائب) (مذ) حرف جار (یوم) مضاف (الجمعة) مضاف الیہ (یوم) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور مذ جار اپنے مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا۔

(ما رایت) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(منذ) حرف جار (یوم) مضاف (الجمعة) مضاف الیہ (یوم) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور ہوا۔ (منذ) حرف جار اپنے مجرور سے ملکر ظرف مستقر ما رایته مقدر کا۔ (ما رایت) نفی فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (ها) ضمیر منصوب متصل بارز مفعول بہ راجع بسوئے (غائب) (ما رایت) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (ای) حرف تفسیر (ابتداء) مصدر مضاف (عدم) مضاف الیہ (رویت) مصدر مضاف الیہ مضاف (یا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ (ایاه) ضمیر منصوب منفصل راجع بسوئے (غائب) مفعول بہ (ه) علامت غیبت (رویت) مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مفعول بہ سے مل کر مضاف الیہ (عدم) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ (ابتداء) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء (کان) فعل ناقص اسمیں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم راجع بسوئے (مبتداء) (یوم) مضاف (الجمعة) مضاف الیہ (یوم) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر (الی) حرف جار (الان) مبنی بر فتح مجرور محلا جار مجرور ملکر ظرف لغو ہوا۔ (کان) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مفسرہ ہے۔

وقد تکونان بمعنی جمیع المدۃ نحو ما رایتہ مذیومین اومنذ یومین ای جمع مدۃ انقطاع رؤیتی ایاہ یومان

شرح:۔**قولہ وقد تکونان** یہ اس وقت ہوں گے جبکہ ان کے مابعد میں زمانہ حاضر۔یا ان کا مابعد معدود شے ہو زمانہ حاضر کی مثال جیسے **مارا یتہ منذیومنا** اور معدود کی مثال متن میں ہے۔

ترکیب۔**وقد الخ(و)** حرف عطف **(قد)** حرف برائے تقلیل **(تکونان)** فعل ناقص صیغہ تثنیہ مونث غائبہ **(ا)** ضمیر مرفوع متصل بارز اسم راجع بسوئے **(مذ اور منذ) (باء)** حرف جار **(معنی)** مضاف **(جمع)** مضاف الیہ مضاف **(المدۃ)** مضاف الیہ **(جمیع)** مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر ظرف مستقر ثابتین مقدر کا۔**(ثابتین)** اسم فاعل صیغہ تثنیہ مونث اسمیں **(ھما)** ضمیر پوشیدہ جس میں **(ھا)** ضمیر مرفوع متصل فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص **(م)** حرف عماد **(ا)** علامت تثنیہ **(ثابتین)** اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ خبریہ اسمیہ ہوکر خبر **(تکونان)** فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔ **(نحو)** مضاف **(مارایتہ مذیومین)** معطوف علیہ **(و)** حرف عطف **(منذ یومین)** بتقدیر **(مارایتہ)** معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ ہوا۔**(نحو)** مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر **مثالہ** مقدر کی۔**(مثال)** مضاف **(ہ)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے **(مذاور منذ)** کا جمیع مدت کے معنے میں ہونا۔مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء مبتداء۔اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی **(مارایت)** فعل نفی ماضی معروف صیغہ واحد متکلم **(ت)** ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل **(ھا)** ضمیر منصوب متصل بارز مفعول بہ **(مذ)** حرف جار **(یومین)** مجرور۔جار مجرور ملکر ظرف لغو ہوا۔**(مارایت)** فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ **(منذ)** حرف جار **(یومین)** مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر **مارایتہ** مقدر کا۔**(مارایت)** فعل نفی ماضی معروف صیغہ واحد متکلم

(ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (ھا) ضمیر منصوب متصل بارز مفعول بہ (مارایت) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف مستقر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (ای) حرف تفسیر (جمیع) مضاف (مدۃ) مضاف الیہ مضاف (انقطاع) مضاف الیہ مضاف (رویۃ) مصدر مضاف الیہ مضاف (یا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ (ایاہ) میں (ایا) ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ (ہ) علامت غیبت (رویۃ) مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مفعول بہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا انقطاع مضاف کا۔ (انقطاع) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا۔ (مدۃ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا۔ جمیع مضاف کا (جمیع) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء (یومان) خبر۔ مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مفسرہ ہوا۔

ان من اشد الناس عذابا یوم القیامۃ المصورون

(الحدیث مشکوۃ 289/2)

سوال: ۔ان کا اسم مرفوع کیوں ہے؟ یعنی المصورون کیونکہ من اشد الناس الخ تو اسم نہیں واقع ہو سکتا اس لیے کہ وہ ظرف ہے اور ظرف اسم بننے کا اہل نہیں۔

جواب: ۔ یہ ہے کہ ان کا اسم ضمیر شان ہے باقی تمام جملہ جملہ خبریہ ہے جو کہ ان کے بعد اور من کے درمیان محذوف ہے۔

نوٹ: ۔ یہ حدیث شریف مشکوۃ شریف میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنھا سے اشد الناس عذابا یوم القیمۃ الذین یضاھون الخ جبکہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اشد الناس عذابا عنداللہ المصورون کے الفاظ سے اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے ان اشد الناس عذابا یوم القیمۃ الخ کے الفاظ سے مذکور ہے لفظ من ان ہر تینوں مرویات میں نہیں ہے۔ شاید ہو سکتا ہے کسی اور کتاب میں آیا ہوا ہو (مصح) (مشکوۃ شریف 398.99/2)

ورب للتقليل ولا يكون مجرورها الا نكرة

شرح:۔ قوله رب اس میں سولہ لغتیں آئی ہیں (۱) ضمه راء فتحه باء مشدده (۲) ضمه راو فتحه باء محففه (۳) ضمه راء ضمه باء مخففه۔ (٤) ضمه راء وسكون باء (٥) ضمه راء وضمه باء مشدده (٦) فتحه راء و باء مخففه (۷) فتحه راء فتحه وباء مشدوه (۸) فتحه راء وسكون باء (۹) ضمه راء و فتحه باء مشدده وسكون تاء ملحقه (۱۰) ضمه راء فتحه باء مخففه و تاء ساكنه ملحقه (۱۱) ضمه راء و فتحه باء مشدد و فتحه تاء ملحقه (۱۲) ضمه راء و فتحه باء مخففه و فتحه تاء مخففه (۱۳) فتحه راء و باء مشدوه و سكون تاء ملحقه (١٤) فتحه راء و باء مخففه و تاء ساكنه (١٥) فتحه راء و باء مشدده تاء مفتوحه ملحقه (١٦) فتحه راء و باء مخففه تاء مفتوحه ملحقه۔

قوله للتقليل اگر استعمال بمعنی تکثیر بکثرت ہے یہاں تک کہ گمان کیا جاتا ہے کہ اس کا حقیقی معنی بھی یہی ہے۔لفظ رب میں اختلاف ہے کوفی کہتے ہیں کہ رب اسم ہے بچند وجوہ (۱) بقول الشاعر۔

ان يقتلوك فان قتلك لم يكن   عازا عليك ورب قتل عارى

یہاں رب مبتدا خبر ہے شیخ رضی اس کی تائید کرتے ہیں مگر فرماتے ہیں واعرابه رفع ابد اعلى انه مبتداء لا خبر له ۔ (۲) رب بمعنی کم ہے اور کم اسم ہے یہ بھی اسم ہونا چاہیے۔اور بصری کہتے ہیں کہ یہ حرف ہے کیونکہ یہ کسی اسم کی علامت قبول نہیں کرتا بخلاف کم کے کہ اس میں اسمیت کے علامات پائے جاتے ہیں۔اور شعر میں عازا مبتدا محذوف کی خبر ہے۔مزید بحث بڑی کتب میں ملاحظہ کریں۔

ترکیب:۔ ورب الخ (و) حرف عطف (رب) مبتدا (لام) حرف جار (التقليل) مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر ثابتة مقدر کا۔(ثابتة) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اسمیں (هى) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے

رب (ثابتة) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر (رب) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔ (و) حرف عطف (لا یکون) نفی فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص (مجرور) مضاف (ها) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (رب) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر اسم فعل ناقص (الا) حرف استثناء (نكرة) موصوف (موصوفة) اسم مفعول صیغہ واحدہ مؤنثہ اسمیں (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے موصوف (موصوفة) اسم مفعول صیغہ واحد مونث اسمیں (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے موصوف۔ (موصوفة) اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت (نكرة) موصوف اپنی صفت سے مل کر مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر (لا یکون) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

اصبحت کخیر

تشریح:۔ یہ اصل میں کیف اصبحت کے جواب میں واقع ہوتا ہے۔ **کما قال رسول الله صل الله علیه وسلم لزید رضی الله تعالی عنه و قد ذکر قصة المولوی** رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب **المثنوی** صفحہ نمبر ۲۳۳ شعر گفت پیغمبر صحابی زیدرا۔۔۔۔۔۔ کیف اصبحت اے رفیق باصفاء

سوال:۔ یہاں محسوس کو غیر محسوس سے تشبیہ دی گئی ہے۔ اس کے دو جواب ہیں۔ (۱) کاف بمعنی باء ہے **ای اصبحت بخیر** ۔ مگر صاحب مغنی نے فرمایا **لم یثبت مجئی الکاف بمعنی الباء** (۲) کاف اپنے معنی میں ہے لیکن یہاں مضاف محذوف ہے۔ **ای اصبحت کصاحب الخیر۔**

فائدہ: کاف تشبیہ ضمائر پر داخل نہیں ہوتا اس کی وجہ یہ ہے کہ ضمائر میں ایک کاف خطاب بھی ہے اور اس پر کاف تشبیہ داخل ہوگا۔ تو دو کافوں کا اجتماع لازم آئے گا۔ **(وهو مکروه)** پھر طرد اللباب تمام ضمائر پر داخلہ بند کر دیا گیا۔ **الا بضرورة الشعر** اگر ضمائر پر کاف تشبیہ کے داخل کرنے کی ضرورت پڑے تو لفظ **مثل** بڑھا دیا جائے مثلاً قولہ تعالیٰ **لیس کمثله شئی** (القرآن) البتہ مبرد مطلقاً جائز سمجھتا ہے جیسا کہ عرب کا مقولہ مشہور ہے **ما انا کانت۔**

موصوفة ولا يكون متعلقه الا فعلا ماضيا نحو رب رجل كريم لقيت وقد تدخل على الضمير المبهم ولا يكون تمييزه الا نكرة موصوفة نحو ربه رجلا جوادا

شرح:۔ **قوله موصوفه** بوصف یا تو جملہ فعلیہ ہوگا جیسے **رب رجل یعمل بعلمه** یا جارہ مجرور جیسے **رب رجل فی الدار** یا ظرف جیسے **رب رجل امامك** یا اسمیہ جیسے **رب رجل ابوه منطلق** یا صفت مشبہ **قال علیه السلام الا برب نفس طاعمة ناعمة فی الدنیا جائعة عارية یوم القیمة** اور موصوف خواہ مذکور ہو جیسے امثلہ گذشتہ میں گذرا۔ یا مقدر **قال الشاعر رب ماخوذ باجرام غیره ای رب رجل ماخوذ الخ** ۔اور وصف یا مذکور جیسے امثلہ گذشتہ میں گذرا یا مقدر جیسے **رب رجل** اس کے جواب میں کہا جائے جو کہے **مالقیت رجلا کریما ای رب رجل کریم لقیته**
قوله ولا یکون یعنی رب کے متعلق جیسے نحوی رب کا جواب بھی کہتے ہیں فعل ماضی ہوگا۔ لفظا جیسے کہ متن میں مثال ہے یا معنی مثل افعال استقبالیہ کے اللہ تعالی کے کلام میں واقع ہوئے فرمایا **ربما یود الذین الخ ود** کے بجائے **یود** واقع ہوا۔ کیونکہ اللہ تعالی کا کلام کذب سے پاک ہے اس میں کذب کا وہم بھی پیدا نہیں ہوتا۔ بخلاف کلام مخلوق کے پس **رب رجل اضربه** نہیں کہا جا سکتا۔

قوله و قد تد خل یعنی کبھی رب ضمیر مبہم پر داخل ہوتا ہے اور ضمیر مبہم وہ ہے کہ اس سے کسی چیز معین کا ارادہ نہ ہو جیسے جس کا کوئی مرجع نہیں ہوتا اور وہ ضمیر ممیزہ بنکرہ منصوب ہوتی ہے اور ہمیشہ مفرد مذکر رہتی ہے۔ خواہ تمیز مذکر ہو یا مؤنث تثنیہ ہو یا جمع جیسے **ربه رجلا رجلین رجال** یا **امراة امراتین نساء** مگر علماء کوفہ مطابقت ضروری سمجھتے ہیں چنانچہ کہتے ہیں **ربه رجلا۔ ربهما رجلین ربهم رجالا۔ قوله جوادا** بفتح اول وثانی بسیار جود کنندہ وتشدید دخطا است۔

ترکیب:۔ **ولا یکون الخ** (و) حرف عطف (لا یکون) نفی فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص (متعلق) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے (رب) متعلق مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر اسم فعل ناقص (الا) حرف استثناء (فعلا) موصوف (ماضیا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے (موصوف) اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت (فعلا) موصوف اپنی صفت سے ملکر مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا (نحو) مضاف لفظ (رب رجل کریم لقیت) مضاف الیہ (نحو) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر **مثالہ** مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے مجرور (رب کا نکرہ موصوفہ اور متعلق کا فعل ماضی ہونا) (مثال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء۔ مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (رب) حرف جار (رجل) موصوف (کریم) صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف (کریم) صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت (رجل) موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو ہوا بر مذہب نحاۃ بصریین (لقیت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (لقیت) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اور بر مذہب نحات کوفیین (رب) اسم ہے۔ شارح رضی نے اسی مذہب کو قوی کہا ہے اس مذہب پر ترکیب یوں ہوگی مضاف (رجل) موصوف (کریم) بترکیب سابق صفت اول اور (لقیت) بترکیب سابق صفت اول اور لقیت بترکیب سابق صفت ثانی ضمیر راجع بسوئے موصوف محذوف ہے۔ موصوف اپنی ہر دو صفت سے ملکر مضاف الیہ (رب) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مشارح رضی نے فرمایا۔ یہ مبتداء ہے جسکی کوئی بھی خبر نہیں (و) حرف عطف (قد) حرف برائے تقلیل (تدخل) فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ موءنثہ غائب اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے رب۔ (علی) حرف جار (الضمیر) موصوف (ال) حرف تعریف (مبھم) اسم مفعول اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے موصوف۔ (مبھم) اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت۔ (الضمیر) موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا۔ (تدخل) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ (و) حرف عطف (لایکون) نفی فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص (تمییز) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے الضمیر المبھم **تمییز مضاف**

اپنے مضاف الیہ سے ملکر اسم ہوا۔ فعل ناقص **لایکون** کا۔ **(الا)** حرف استثناء **(نکرۃ)** موصوف **(موصوفۃ)** اسم مفعول صیغہ واحدہ مونثہ اس میں **(ھی)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے موصوف موصوفۃ اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت نکرۃ موصوف اپنی صفت سے ملکر مستثنیٰ مفرغ ہوکر خبر۔ **(لا یکون)** فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا **(نحو)** مضاف **(ربہ رجلاً جواداً)** مضاف الیہ **(نحو)** مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر **مثالہ** مقدر کی۔ **(مثال)** مضاف **(ہ)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے **(رب)** کا ضمیر مبہم پر داخل ہونا درآنحالیکہ تمیز نکرہ موصوف ہو۔ **(مثال)** مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادۂ معنی **(رب)** حرف جار **(ھا)** ضمیر مجرور متصل مبہم تمیز **(رجلاً)** موصوف **(جواداً)** صفت مشبہ اس میں **ھو** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف **(جواداً)** صفت مشبہ اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت۔ **(رجلاً)** موصوف اپنی صفت سے ملکر تمیز۔ ممیز اپنی تمیز سے ملکر مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر ہوا **(لقیت)** مقدر کا۔ **(لقیت)** فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم **(تا)** ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل **(لقیت)** فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

رویدا زیدا

تشریح:۔ رویداً اس کا فعل محذوف ہے اور یہ اس فعل محذوف کا مفعول مطلق ہوکر اس کی نیابت میں **زیداً** کا ناصب ہوا۔

فائدہ: **روید** کی تین حالتیں ہیں۔(۱) **روید** بمعنی **امھل** جیسے کہ مشہور ہے۔ (۲) مفعول مطلق واقع ہو لیکن اس کے بعد مضاف الیہ نہ ہو جیسے **فمھل الکفرین امھلھم رویداً** ۔(۳) فعل محذوف کا مفعول مطلق ہوکر اپنے مفعول کی طرف مضاف ہو۔ جیسے **روید زید** اسی طرح فعل محذوف کا مفعول مطلق ہوکر اس کی نیابت میں مابعد کو منصوب کرے اس کی مثال سوال میں گزری ہے۔

والواو للقسم وهی لا تدخل الا علی الاسم الظاهر لا علی المضمر نحو والله لا شربن اللبن و قد تکون بمعنی رب نحو و عالم یعمل بعلمه ای رب عالم یعمل بعلمه

شرح:۔ **قوله الواو** قسم میں باء اصل ہے اور واو اسکی فرع ہے واؤ کے قسمیہ ہونے میں تین شرطیں ہیں۔ (۱) قسم کا جواب محذوف ہو کہ **والله** میں **اقسم** محذوف ہے **لزوما اقسم والله** نہیں کہا جاسکتا۔ بخلاف **باء** کے کہ اسمیں **اقسم بالله** کہا جاسکتا ہے۔ (۲) کسی سوال کے جواب میں مستعمل نہ ہو **حیوانك اخبرنی** نہیں کہہ سکتے کہ یہ عبارت کسی کے سوال کا جواب ہے۔ بخلاف باء کے کہ اسمیں **وحیوتك اخبرنی الخ** کہہ سکتے ہیں۔ (۳) اسمائے ضمائر پر داخل نہیں ہوسکتی پس (وك) نہیں کہہ سکتے بخلاف **باء** کے مصنف نے فقط اسی تیسری شرط کو بیان فرمایا ہے۔

قوله و قد تکون یعنی کبھی **واو** بمعنی رب آتی ہے اسی حرف کو جب کافیہ نے علیحدہ حرف جارہ شمار فرمایا معلوم رہے کہ نحوی کبھی حرف جر قیاسا حذف کرتے ہیں مگر عمل اس کا باقی رہتا ہے مگر اس کیلئے دو شرطیں ضروری ہیں۔ (۱) اشعار میں (۲) **واو، فاء، بل** کے بعد ان کے علاوہ کسی دوسرے حرف کے بعد حذف کرنا شاذ ہے یہ **واو** بصریوں کے نزدیک عاطفہ ہے۔ پھر اگر یہ **واو** درمیان ہو تو معطوف علیہ کلام سابق ہوگا۔ اگر ابتداء کلام میں ہو تو معطوف الیہ مقدر مانتے ہیں۔ کوفی کہتے ہیں کہ اگرچہ پہلے عاطفہ تھی مگر جب **رب** کے قائمقام ہو کر جارہ ہوگئی تو اس سے عطف کا معنی محو ہوگیا۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ قصائد کے آغاز میں بھی **واو** عاطفہ ہے کیونکہ ہوسکتا ہے کہ متکلم قصیدہ کا معطوف علیہ اس کے ذہن میں ہو اور بصریوں کی یہ دلیل بھی قوی ہے کہ اسپر حروف عاطفہ نہیں داخل ہوتے مگر مصنف نے یہاں کوفیوں کے مذہب کو اختیار فرمایا ہے۔

ترکیب:۔ قوله والواؤ للقسم الخ (و) حرف عطف (الواو) مبتدا (ل) حرف جار (القسم) مجرور۔
جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتة مقدر کا۔ (ثابتة) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ
فاعل راجع بسوئے مبتدا ثابتة اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ (الواو) مبتدا اپنی خبر
سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا (و) حرف عطف (هی) ضمیر مرفوع متصل مبتدا راجع بسوئے الواو (لا تدخل) نفی
فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ اس میں (هـــی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل۔ راجع بسوئے مبتدا
(الا) حرف استثناء (علی) حرف جار (الاسم) موصوف (الظاهر) ترکیب سابق صفت۔ موصوف اپنی صفت سے
ملکر مجرور۔ جار مجرور ملکر معطوف علیہ (لا) حرف عطف (علی) حرف جار۔ (المضمر) میں (ال) حرف تعریف
(مضمر) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل (مضمر) اسم مفعول اپنے
نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت ہوا۔ موصوف مقدر کا (الاسم) کی موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مجرور۔
جار مجرور سے ملکر معطوف ہوا معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مستثنے مفرغ ہو کر ظرف لغو ہوا (لا تدخل) فعل اپنے
فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔ (نحو) مضاف (والله
لا شربن اللبن) مضاف الیہ (نحو) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثاله مقدر کی۔ (مثال) مضاف
(ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے القسم۔ (مثال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر
سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادۂ معنی (و) حرف جار برائے قسم اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر
اقسم مقدر کا (اقسم) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم (انا) ضمیر مرفوع متصل اس میں پوشیدہ فاعل اقسم فعل
اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ قسمیہ ہوا (لا شربن) صیغہ واحد متکلم بحث لام تاکید با نون
تاکید ثقیلہ در فعل مستقبل معروف، اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل (اللبن) مفعول بہ۔ لا شربن فعل
اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم ہوا (و) حرف عطف (تکون) فعل مضارع معروف
صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ فعل ناقص اس میں (هـی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم راجع بسوئے الـواو۔ (با) حرف
جار (مـعـنـی) مضاف (رب) مضاف الیہ معنی مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور ہوا۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر

ثابتة مقدرکا۔(ثابتة) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص ثابتة اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ تکون فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔(نحو) مضاف(و عالم یعمل بعلمه) مضاف الیہ نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔(مثال) مضاف(ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے واو کا بمعنی رب ہونا۔مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادۂ معنی (و) بمعنی رب حرف جار(عالم) موصوف(یعمل) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف(با) حرف جار(علم) مضاف(ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے(عالم) علم مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو یعمل فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صفت عالم موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور۔(واو رب) جار اپنے مجرور سے ملکر ظرف مستقر لقیت مقدر کا۔لقیت فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل لقیت فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔(ای) حرف تفسیر (رب) حرف جار(عالم) موصوف(یعمل) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں(ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف(با) حرف جار(علم) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے عالم(علم) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور۔جار مجرور ملکر ظرف لغو ہوا۔ یعمل فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صفت عالم موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر لقیت مقدر کا۔لقیت فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم تا ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل لقیت فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

یوسف زلیخا

تشریح :۔ اصل میں یوں تھا یا یوسف ف زلیخا یوسف منادی مرخم ہے اور ف بھوں ق از وفاء ہے زلیخا مفعول بہ ہے۔

والتاء للقسم وهي لا تدخل الا على اسم الله تعالى نحو تالله لاضربن زيدا۔

شرح:۔ قوله والتاء تاقسمیہ واؤ قسمیہ سے بدل ہے جیسا کہ تقوی اصل میں وقوی اور تراث اصل میں وارث اور تکلان اصل میں وکلان اور تورات اصل میں دورات تھے۔ یہاں واو، تاء سے بدل گئی اس طرح قسم میں تاء واو سے بدل ہوتی اور اس کے قسمیہ ہونے کے شرائط وہی ہیں جو واو کے قسمیہ ہونے کے تھے۔ صرف چوتھی شرط جس کو مصنف نے وهي لا تدخل سے بیان فرمایا اور تاء قسمیہ فقط اسم اللہ پر داخل ہوتی ہے پس والليل والفجر والتين وغیرہ کہہ سکتے ہیں تالليل تالفجر وغیرہ نہیں کہا جا سکتا۔ تربي و ترب الكعبه منقول از اخفش شاذ ہے۔

فائدہ:۔ کبھی لام جارہ اور من جارہ واؤ کی طرح قسم کے معنی میں آتے ہیں مگر واؤ امور عظام میں آتی ہے بخلاف لام کے اور رضی فرماتے ہیں کہ من قسمیہ بھی لفظ رب کیساتھ مخصوص ہے۔ مگر یہ بات دوسرے نحویوں کیخلاف ہے۔

ترکیب:۔ والتاء للقسم الخ (و) حرف عطف (التاء) مبتداء۔ (ل) حرف جار (القسم) مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتة مقدر کا۔ ثابتة اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (هي) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے مبتداء۔ ثابتة اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ (و) حرف عطف (هي) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا راجع بسوئے (التاء) (لا تدخل) نفی فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ اس میں (هي) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل (الا) حرف استثناء (على) حرف جار (اسم) مضاف (الله) اسم جلالت ذوالحال (تعالى) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل۔ راجع بسوئے ذوالحال۔ تعالی فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے ملکر مضاف الیہ ہوا۔ اسم مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور۔ جار مجرور ملکر مستثنی مفرغ ہوکر ظرف لغو ہوا۔ (لا تدخل) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر

جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ (نحو) مضاف (تاللہ لاضربن زیدا) مضاف الیہ۔ (نحو) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے القسم۔ مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (با) حرف جار اسم جلالت مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ہوا۔ اقسم مقدر کا اقسم فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل اقسم فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ لاضربن صیغہ واحد متکلم بحث لام تاکید بانون تاکید ثقلیہ در فعل مستقبل معروف اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل (زیدا) مفعول بہ لاضربن فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب قسم ہوا۔

بله زید

سوال:۔ بله اسم فعل بمعنے دع ہے اور مابعد کو منصوب کرتا ہے۔ اور اب اس کا مابعد مجرور ہے؟

جواب:۔ یہ ہے کہ جس طرح بله بمعنے اسم فعل آتا ہے اسی طرح بمعنی مصدر بھی آتا ہے اور مفعول مطلق واقع ہوتا ہے اور یہاں پر بھی ایسے ہوا۔

فائدہ: بلہ کا استعمال چار وجھوں پر ہے ایک گذر چکی (۲) بلہا اور اس کے مابعد کو منصوب پڑھیں گے اور اس وقت بھی مفعول مطلق سمجھا جائے گا اور اس کا فعل محذوف ہوگا جیسے کہ قسم دوم میں ہے اور زیداً مفعول بہ ہوگا۔ (۳) بمعنی کیف جیسے بلہ زید اس وقت کیف ظرف مقدم اور زید مبتدا موخر ہوگا۔ ان دو قسموں کو علیحدہ سوال تصور کیا جائے۔ (۴) اس کی چوتھی قسم مشہور ہے

فائدہ نمبر 2: بلـــه بمعنی غیر بھی آیا ہے اور مابعد کو مجرور کرتا ہے۔ مثلاً قولہ تعالےٰ فی الحدیث القدسی اعددت لعبادی الصالحین مالا عین رات ولااذن سمعت ولا خطر علی قلب بشر من بله ما اطلعتم علیه ای من غیرہ ویحتل انها علی اصلها مصدر بمعنی الترك ومن تعلیلیه ای من اجل ذلکم ماعلمتوہ من المعاصی ۔ کذا قال الشمنی ۔

اعلم انه لا بد للقسم من الجواب، فان كان جوابه جملة اسمية فان كانت مثبتة وجب ان تكون مصدرة بان اولام الابتداء

شرح:۔ **قولہ لا بدا** یعنی وہ جملہ کہ تقویت و تاکید کیلئے قسم کو لائے یا اس جملہ نے قسم کو طلب کیا اور جو شے کہ کسی شے کی طالب ہو اس کا نام جواب رکھنا نحویوں کا شیوہ ہے جیسے جواب **لولا** اور جواب **لما** جواب رب وغیرہ۔
قولہ فان کان الخ جواب کبھی طلبی ہوتا ہے جیسے **بحیاتک اخبرنی** اس کا نام استعطافی ہے اور یہ باء کے ساتھ مخصوص ہے اور کبھی خبری اس کے متعلق مصنف بحث چھیڑتے ہیں۔ جس کو ہم نے ذیل میں بیان کیا ہے۔

1۔ جملہ اسمیہ مثبتہ (**ان** اور **لام ابتدائیہ** کے ساتھ) مثالیں بالترتیب مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱)۔ **واللہ ان زیدا قائم۔** جواب قسم

(۲)۔ **وواللہ لزید قائم ۔** جواب قسم

2۔ جملہ اسمیہ منفیہ **ما** ، **لام** اور **ان** مخففہ کے ساتھ

(۱)۔ **واللہ ما زید قائما۔** جواب قسم

(۲)۔ **واللہ لا زید فی الدار ولا عمرو۔** جواب قسم

(۳)۔ **واللہ ان زید قائم ۔** جواب قسم

3۔ جملہ فعلیہ مثبتہ **لام مع قد** اور **لام** کے ساتھ

(۱)۔ **واللہ لقد قام زید ۔** جواب قسم

(۲)۔ **واللہ لا فعلن کذا۔** جواب قسم

4۔ جملہ فعلیہ منفیہ **ما، لا** اور **لن** کے ساتھ

(۱)۔واللہ ما قام زید۔	جواب قسم جملہ فعلیہ منفیہ ماضیہ
(۲)۔واللہ ما افعلن کذا۔	جواب قسم جملہ فعلیہ منفیہ مضارعیہ
(۳)۔واللہ لا افعلن کذا۔	جواب قسم جملہ فعلیہ منفیہ مضارعیہ
(۴)۔واللہ لن افعل کذا۔	جواب قسم جملہ فعلیہ منفیہ مضارعیہ

ترکیب:۔اعلم الخ (اعلم) صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر اس میں (انت) پوشیدہ (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل (ت) علامت خطاب (ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی (ہ) ضمیر منصوب متصل ضمیر ھان جس کا مرجع جملہ ما بعد میں مذکور ہوا کرتا ہے اور وہ القسم ہے۔اسم ان (لا) نفی جنس (بد) بمعنے مفر اسم لا (ل) حرف جار (القسم) مجرور۔جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ ثابت اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم لا۔اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر اول (من) حرف جار (الجواب) مجرور۔جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ثابت اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھوا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم لائے نفی جنس ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر دوم لانفی جنس اپنے اسم اور دونوں خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ان کا اسم اپنی خبر سے ملکر بتاویل مفرد ہو کر صلہ ہوا۔ موصول حرفی ان کا۔ان موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر مفعول بہ ہوا۔اعلم فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

(ف) حرف برائے تفصیل (ان) حرف شرط (کان) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص جواب مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے قسم جواب۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر اسم فعل ناقص (جملۃ) موصوف (اسمیہ) اسم منسوب اس میں ھی ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل۔اسمیۃ اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت جملہ موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر۔کان فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط اول (فا) جزائیہ (ان) حرف شرط (کانت) فعل ماضی معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ فعل ناقص اس میں ھی ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص،مثبتۃ اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل

کرشبہ جملہ اسمیہ ہوکرخبر۔کانت فعل ناقص اپنے اسم اورخبر سے مل کرشرط دوم (وجب) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (ان) ناصبہ موصول حرفی (تکون) فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ فعل ناقص اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم۔راجع بسوئے اسم کانت (مصدوۃ) اسم مفعول صیغہ واحدہ مونثہ اسمیں ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص تکون (با) حرف جار (ان) معطوف علیہ (و) حرف عطف (لام) مضاف (الابتداء) مضاف الیہ۔(لام) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف (ان) معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور جار مجرور سے ملکر ظرف لغو ہوا۔مصدرۃ اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکرخبر تکون فعل ناقص اپنے اسم اورخبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ ہوا (ان) موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد (ھو) فاعل ہوا (وجب) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزا۔شرط دوم اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر جزا شرط اول اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

تقول زیدا منطلقا

سوال:۔قول کا خاصہ ہے کہ اگر اسے مفعول ملے تب بھی اسے نصب نہ دے کیونکہ اسے تو مقولہ چاہیئے اور مقولہ جملہ ہوتا ہے اگر اس کے بعد مفرد ہوتا تب بھی تاویلا جملہ سمجھ کر مرفوع پڑھا جاتا ہے ہاں کبھی منصوب بھی ہوتا ہے مفعول سمجھ کر اور یہاں دو اسموں کو منصوب کردیا ہے؟

جواب:۔کہ یہ قول بمعنی ظن ہے اور ظن افعال قلوب سے ہے اس لیے دونوں کو منصوب کیا۔

فائدہ:۔بعض کے نزدیک بلا شرط بمعنی ظن آ کر دو مفعولوں کو منصوب کرتا ہے اور بعض کے نزدیک چار شرطیں ضروری ہیں (ا) مضارع ہو (۲) صیغہ مخاطب ہو (۳) مسبوق بہ استفہام ہو (۴) درمیان استفہام و فعل فاصلہ غیر ظرف اور معمول فعل کا نہ ہو۔صاحب الفیہ فرماتے ہیں۔شعر

واجری القول کظن مطلقا   عند سلیم نحو قل ذا مشفقا

نحو واللہ ان زیدا قائم وواللہ لزید قائم و ان کانت منفیۃ کانت مصدرۃ بما ولا وان مثل واللہ مازید قائما وو اللہ لا زید فی الدار ولا عمرو واللہ ان زید قائم۔

شرح:۔ **قولہ ان زیدا قائم** بتشدید النون وسکونہا۔ اگر کوئی سوال کرے کہ یہاں سکون نون جائز نہیں کیونکہ ابن حاجب نے تصریح فرمائی ہے کہ **ان** کو جب مخففہ پڑھو تو اس کی خبر پر لام تاکیدی لانا ضروری ہے اور یہاں **لام** نہیں ہے؟

جواب: ابن حاجب کا قول سیبویہ اور تمام نحویوں کے خلاف ہے کیونکہ جب اسکو عمل بدستور دیا جائے تو پھر لام کا لانا ضروری نہیں ہے۔ **قولہ واللہ لزید قائم** یہ وہ مثال ہے کہ جس کے جواب پر لام تاکید ہو مگر اس کی تین صورتیں ہیں (۱) مبتداء پر لام ہو **کما فی ھذا المثال** (۲) خبر پر لام ہو۔ جیسے **واللہ لفی الدار زید** (۳) خبر کے معمول پر لام ہو جیسے **واللہ لطعامک زیدا کل** اور کبھی ان، لام کو بوجہ خوف طوالت حذف کرتے ہیں جیسے ابن مسعود کا قول ہے **لا الہ غیرہ ھذا المقام الذی فیہ نزلت سورۃ البقرۃ ای لھذا المقام الخ** اور یہ بغیر طوالت **ان**، **لام** سے استغنا نادر ہے جیسے **واللہ زید قائم۔**

ترکیب:۔ (**نحو**) مضاف (**واللہ ان زیدا قائم**) معطوف علیہ۔ (**و**) حرف عطف (**واللہ لزید قائم**) معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ ہوا۔ نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مثالہ مقدر کی۔ (**مثال**) مضاف (**ہ**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے جواب کا ان اور لام ابتدا کیساتھ مصدر ہونا۔ برتقدیر جملہ اسمیہ مشبہ ہونے کی مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ

خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (و) حرف جار اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر ہوا۔ اقسم مقدر کا (اقسم) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل۔ اقسم فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ (ان) حرف مشبہ بالفعل (زیدا) اس کا اسم (قائم) اس فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے اسم (ان) قائم اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ان حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا۔ (و) حرف جار اسم جلالت جار مجرور سے ملکر ظرف مستقر اقسم مقدر کا۔ اقسم فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل (اقسم) فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ (ل) حرف ابتداء برائے تاکید (زید) مبتدا (قائم) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے مبتدا قائم اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا (و) حرف عطف (ان) حرف شرط (کانت) فعل ماضی معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ فعل ناقص اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم راجع بسوئے جملہ اسمیہ (منفیة) اسم مفعول صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص منفیۃ اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر (کانت) فعل ناقص اپنے اسم اس اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط (کانت) فعل ماضی معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ فعل ناقص اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم راجع بسوئے اسم کانت۔ (مصدرة) اسم مفعول صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص (با) حرف جار (ما) معطوف علیہ (و) حرف عطف (لا) معطوف (و) حرف عطف (ان) معطوف معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے ملکر مجرور ہوا۔ جار مجرور ملکر ظرف لغو مصدرة اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر کانت فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا جملہ شرطیہ دوم پر۔

(مثل) مضاف (واللہ مازید قائما) معطوف علیہ (و) حرف عطف (واللہ لا زید فی الدار ولا

عمرو) معطوف(و) حرف عطف(والله ان زيد قائم) معطوف معطوف علیہا اپنے دونوں معطوف سے ملکر مضاف الیہ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثال مقدر کی (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے جواب قسم کا ما اور لا اور ان کیساتھ مصدر یہ ہونا بر تقدیر جملہ اسمیہ مطلقہ ہونے کے مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (و) حرف جار (الله) اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر اقسم مقدر کا۔ اقسم فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل اقسم فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ (ما) مشابہ بلیس (زید) اس کا اسم (قائما) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل۔ راجع بسوئے اسم ما۔ قائما اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ (ما) مشابہ بلیس اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر جواب قسم ہوا (و) حرف جار (الله) اسم جلالت مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر اقسم مقدر کا۔ (اقسم) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل (اقسم) فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ لا برائے نفی جنس ملغی عن العمل (زید) معطوف علیہ (و) حرف عطف (الا) مکرر زائد (عمرو) معطوف (زید) معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مبتدا (فی) حرف جار (الدار) مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتان مقدر کا۔ (ثابتان) اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اسمیں (ھما) پوشیدہ جس میں (ھا) ضمیر مرفوع متصل فاعل راجع بسوئے زید عمرو۔ (م) حرف عماد (ا) علامت تثنیہ ثابتان اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم ہوا۔ (و) حرف جار (الله) اسم جلالت مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر اقسم مقدر کا۔ (اقسم) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل۔ اقسم فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ قسمیہ ہوا (ان) نافیہ (زید) مبتدا (قائم) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے مبتداء قائم اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا۔

وان كان جوابه جملة فعلية فان كانت مثبتة كانت مصدرة باللام و قد او باللام وحده

شرح:۔ قوله جملة۔ جواب قسم جملہ فعلیہ میں فعل ماضی مثبت واقع ہو تو اس کے شروع میں لام اور قد دونوں کا لانا اولیٰ ہوگا۔ مگر نعم اور بئس میں تنہا لام کا لانا کافی ہو جاتا ہے۔ بوجہ ان کے افعال غیر متصرفہ ہونے کے۔ اور اگر فعل مضارع مثبت ہو پس اکثر اوقات اس کے اول میں لام اور آخر میں نون تاکید لاتے ہیں مثل والله لا ضربن زيدا ۔ مگر جب لام داخل ہو متعلق فعل مضارع پر جو کہ فعل مضارع سے مقدم ہو تو تنہا لام کافی ہوگا۔ مثلاً آیت کریمہ ولئن متم او قتلتم لا الى الله تحشرون میں اور ایسا ہی جب فعل مضارع مثبت جو کہ جواب قسم واقع ہے۔ مصدر بسوف ہو تب بھی فقط لام لاتے ہیں۔ اور نون تاکید کی احتیاج نہیں پڑتی اس لیے کہ استقبال کی دو علامتوں میں سے ایک بھی کافی ہوتی ہے۔ اور اگر فعل مضارع منفی ہو تو اس کی نفی ما، ان اور لا کے ساتھ ہوگی۔ لیکن ما اور ان کے ساتھ منفی ہوگا تو زمانہ آئندہ کے ساتھ مقید نہ ہوگا۔ پس ظاہر حال ان دونوں کا نفی حال ہوگا اور اسی وجہ سے مبرد والله ان اقوام کو جائز نہیں سمجھتا ہے۔ اس لیے اس کا مذہب یہ ہے کہ مقسم علیہ حال نہیں ہوتا۔ اور نفی فعل مضارع کی جو کہ جواب قسم واقع ہے لم اور لن کے ساتھ جائز نہیں۔ لیکن نحو میں نفی فعل مضارع کی جو کہ جواب قسم واقع ہے لم اور لن کے ساتھ جائز سمجھتے ہیں۔ جس کا حذف اختصار کیلئے صحیح ہو کما فی الرضی اور کبھی فعل مضارع سے جو کہ جواب قسم واقع ہے حرف نفی کو حذف بھی کر دیا جاتا ہے۔ جبکہ قرینہ موجود ہو۔ جیسے آیۃ کریمہ تالله تفتؤا تذكر يوسف میں اى لا تفتؤا کذا فی شرح الجامی۔

قوله و قد اگر ضرورت شعر یا قسم طویل ہوتی چلی جائے تو قد پر قناعت کرنا جائز ہے جیسے والشمس و ضحها تا قد افلح من زكها اور اقتصار بر لام بدون قد کثیر الاستعمال ہے۔ کبھی لام اور قد دونوں کو حذف کر دیتے ہیں جیسے والسماء ذات البروج تا قتل اصحب الا خذو د الخ اى قد قتل الخ ۔ قوله

۔با لـلام الـخ یعنی فقط لام ہو قد نہ ہو یہ اس وقت ہے جب ماضی غیر متصرف ہو جیسے واللّٰہ لنعم الرجل زید یا وہ ماضی کہ اس میں مدح یا تعجب ہو جیسے واللّٰہ لظرف الرجل زید واللّٰہ لکرم المرء عمرو بمعنی ما اظرفہ و ما اکرمہ اور جواب قسم مضارع ہو تو بدون تاکید لاتے ہیں۔ جیسے واللّٰہ لافعلن کذا بلا ضرورت لا پر نون جائز نہیں۔ اگر مضارع پر سین یا سوف ہو تو لام پر اکتفا جائز ہے۔ نون کے لانے کی ضرورت نہیں جیسے واللّٰہ لسوف اخرج حیا۔

ترکیب:۔و ان کان جوابہ الخ (و) حرف عطف (ان) حرف شرط (کان) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص (جواب) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے قسم۔ جواب مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر اسم (جملۃ) موصوف (فعلیۃ) اسم منصوب اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل۔ راجع بسوئے موصوف اسم منسوب نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت جملۃ موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر۔ کان فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط اول (ف) جزائیہ (ان) حرف شرط (کانت) فعل ماضی معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ فعل ناقص اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم راجع بسوئے جملہ فعلیہ (مثبتۃ) اسم مفعول صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے اسم کانت مثبتۃ اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ کانت فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط دوم (کانت) فعل ماضی معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ فعل ناقص اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم راجع بسوئے اسم کانت (مصدرۃ) اسم مفعول صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے اسم کانت (با) حرف جار (اللام) معطوف علیہ (و) حرف عطف (قد) معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور۔ جار مجرور ملکر معطوف علیہ (او) حرف عطف (با) حرف جار (اللام) ذوالحال (وحد) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے اللام وحدہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر مجرور۔ جار مجرور ملکر معطوف معطوف علیہ اسے معطوف سے ملکر ظرف لغو ہوا۔ مصدرۃ اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ کانت فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر جزا شرط دوم۔ شرط دوم اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ ہو کر جزائے شرط اول۔ شرط اول اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ شرط اول پر۔

مثل واللہ لقد قام زید وواللہ لا فعلن کذاوان کانت منفیة فان کانت فعلا ماضیا کانت مصدرة بمامثل واللہ ماقام زیدوان کانت فعلامضارعا کانت مصدرة بما ولا ولن

شرح:۔ **قولہ بما یالا** اوران نافیہ کیساتھ ابتداء ہو جب جواب قسم کی ابتداء لایاان نافیہ کے ساتھ ہوتو ماضی بمعنی مضارع ہوجائے گی۔قال الشاعر **حب المحبین فی الدنیا عذابھم واللہ لاعذبتھم سقرای لا تعذیھم** اورمثال ان کی **ولئن زالتا ان امسکھما من احد من بعدہ (القرآن)**۔

ترکیب:۔ **مثل واللہ لقد الخ (مثل)** مضاف **(واللہ لقد قام زید)** معطوف علیہ **(و)** حرف عطف **(واللہ لا فعلن کذا)** معطوف۔معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ **(مثل)** مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر۔مثالہ مقدر کی۔**(مثال)** مضاف **(ہ)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے جواب قسم کا مصدر ہونا **لام** اور **قد** کیساتھ یافقط **لام** کے ساتھ برتقدیر جملہ فعلیہ شبتہ ہونے کے شکل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔برتقدیر ارادہ معنی **(و)** حرف جار **(اللہ)** اسم جلالت مجرور۔جار مجرور ملکر ظرف مستقر ہوا۔**اقسم** مقدر کا۔**اقسم** فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں **(انا)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل۔ **(اقسم)** فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ **(لام)** ابتداء برائے تاکید **(قد)** حرف برائے تقریب **(قام)** فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب **(زید)** فاعل۔**قام** فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا۔**(و)** حرف جار اسم جلالت مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر **اقسم** مقدر کا۔**اقسم** فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں **(انا)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل۔**اقسم** فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ **قسمیہ** ہوا۔**(لا فعلن)** صیغہ واحد متکلم بحث لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ در فعل مستقبل

معروف اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل (کذا) اسم کنایہ مفعول بہ لا فعلن فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم ہوا (و) حرف عطف (ان) حرف شرط (کانت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مونثہ غائبہ فعل ناقص اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم راجع بسوئے جملہ فعلیہ (منفیۃ) اسم مفعول صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص (منفیۃ) اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر کانت فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہر کر شرط اول (فا) جزائیہ (ان) حرف شرط (کانت) فعل ماضی معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ فعل ناقص اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم راجع بسوئے جملہ فعلیہ منفیہ (فعلا) موصوف (ماضیا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف (ماضیا) اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت فعلا موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر۔ (کانت) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر شرط دوم کانت فعل ماضی معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ فعل ناقص اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم راجع بسوئے جملہ فعلیہ منفیہ ماضویہ مصدرۃ اسم مفعول صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص (با) حرف جار (ما) مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف لغو ہوا۔ مصدرۃ اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہر کر خبر۔ کانت فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جزائے شرط دوم شرط دوم اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ ہو کر جزا ہوئی شرط اول کی شرط اول اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ شرط دوم پر۔

(مثل) مضاف (واللہ ما قام زید) مضاف الیہ (مثل) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی (مثال) ۔ مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے جواب کا مصدر ہونا ما کیساتھ بر تقدیر جملہ فعلیہ منفیہ ماضویہ ہونیکے مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادۂ معنیٰ (و) حرف جار (اللہ) اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر اقسم مقدر کا۔ اقسم فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل۔ اقسم فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ (ما قام) نفی فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (زید) فاعل ما قام فعل اپنے فاعل سے مل کر

جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا (و) حرف عطف (ان) حرف شرط (کانت) فعل ماضی معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ فعل ناقص اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم راجع بسوئے جملہ فعلیہ مطیہ (فعلا) موصوف (مضارعا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف مضارع اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت فعلا موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر کانت فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر شرط کانت فعل ماضی معروف صیغہ واحدہ مونث غائب فعل ناقص اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم۔ راجع بسوئے اسم کانت اول (مصدرۃ) اسم مفعول صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے اسم کانت دوم (با) حرف جار (ما) معطوف علیہ (و) حرف عطف (لا) معطوف (و) حرف عطف (لن) معطوف (ما) معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے ملکر جار مجرور مجرور ملکر ظرف لغو ہوا۔ (مصدرۃ) اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر کانت دوم اپنے اسم اور خبر سے مل کر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ شرطیہ دوم پر۔

لایمکن الوارث اخذھا

تشریح:۔ الوارث مفعول مقدم اور **اخذھا** فاعل موخر ہے اس کے برعکس پڑھنا جہالت ہے کیونکہ قاعدہ ہے کہ جب فاعلیت ومفعولیت میں التباس پڑ جائے تو اس اسم کو ضمیر کی طرف راجع کیا جائے جو اسم ضمیر متکلم مرفوع کی طرف راجع ہو وہ فاعل ہوگا۔ اور جو منصوب کی طرف راجع ہو وہ مفعول ہوگا۔ جیسے۔ **امکن المسافر السفر** اس میں **امکنتی السفر** کہہ سکتے ہیں لیکن **الکنت السفر** نہیں کہہ سکتے اس کی وضاحت مطلوب ہو تو نعم الحامی کا مطالعہ کر۔

مثل واللہ ما افعلن کذا وو اللہ لا افعلن کذا وو اللہ لن افعل کذا، وقد یکون جواب القسم محذوفا ان کان قبل القسم جملۃ کالجملۃ التی وقعت جوابہ

شرح:۔ **قولہ و اللہ لا** کبھی علامت نفی محذوف ہوتی ہے بشرطیکہ جواب قسم مضارع ہو **قال تعالی تا للہ تفتؤا تذکر یوسف ای لا تفتؤ الخ** ماضی سے محذوف نہیں ہوتا کیونکہ ماضی جواب قسم میں قلیل الاستعمال ہے۔

ترکیب:۔ **مثل واللہ ما افعلن کذا الخ(مثل)** مضاف **(واللہ ما افعلن کذا)** معطوف علیہ **(و)** حرف عطف **(واللہ لا افعلن کذا)** معطوف **(و)** حرف عطف **(واللہ لن افعل کذا)** معطوف۔ معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے ملکر مضاف الیہ ہوا مضاف اپنے مضاف سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی **(مثال)** مضاف **(ہ)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے جواب کا **ما** اور **لا** اور **لن** کے ساتھ مصدر ہونا بر تقدیر جملہ فعلیہ منفیہ مضارعیہ ہونے کے مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادۂ معنی **(و)** حرف جار **(اللہ)** اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف مستقر اقسم مقدر کا۔ **اقسم** فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں **(انا)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل **اقسم** فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ **(ما افعلن)** نفی فعل مضارع معروف بانون تاکید ثقلیہ صیغہ واحد متکلم اس میں **(انا)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل اقسم فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا **(لا افعلن)** نفی فعل مضارع معروف بانون تاکید ثقیلہ صیغہ واحد متکلم اس میں انا ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل **(کذا)** اسم کنایہ مفعول بہ۔ **(لا افعلن)** فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم ہوا۔ **(و)** حرف جار **(اللہ)** اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر **اقسم** مقدر کا۔ **اقسم** فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں **(انا)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل **اقسم** فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ **لن افعل** صیغہ واحد متکلم بحث نفی تاکید

بلن در فعل مستقبل معروف اسمیں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل (کذا) اسم کنایہ مفعول بہ لن فعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب قسم ہوا (و) حرف عطف (قد) حرف برائے تقلیل (یکون) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص (جواب) مضاف (القسم) مضاف الیہ جواب مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر اسم فعل ناقص (محذوفا) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص محذوفا اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزائے مقدم (ان) حرف شرط (کان) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص (قبل) مضاف (القسم) مضاف الیہ قبل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ثابتۃ مقدر کا۔ (ثابتۃ) اسم فاعل صیغہ واحد مونث اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے جملہ موخر لفظا ثابتۃ اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم (جملۃ) موصوف (کاف) حرف جار (الجملۃ) موصوف (التی) اسم موصول (وقعت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مونث بمعنی (صارت) فعل ناقص اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم راجع بسوئے اسم موصول (جواب) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے قسم جواب مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر۔ (وقعت) اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ۔ (التی) اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر صفت۔ الجملۃ موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتۃ مقدر کا ثابتۃ اسم فاعل صیغہ واحد مونث اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے جملہ موصوف ثابتۃ اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت جملہ موصوف اپنی صفت سے مل کر اسم موخر۔ کان فعل ناقص اپنے اسم موخر اور خبر مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ (او) حرف عطف (کان) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص (القسم) اسم (واقعا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) مرفوع متصل پوشیدہ راجع بسوئے اسم فعل ناقص (بین) مضاف (الجملۃ) موصوف (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے اسم موصول۔ (مذکورۃ) اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صلہ۔ اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر صفت۔ الجملۃ موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ بین مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ واقعا اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر خبر کان فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر شرط موخر۔ شرط موخر اپنی جزائے مقدم سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔

مثل زید عالم واللہ ای واللہ ان زیدا عالم اوکان القسم واقعا بین الجملۃ المذکورۃ مثل زید واللہ عالم ای واللہ ان زیدا عالم

شرح:۔ وہ جملہ کہ جس کے درمیان میں قسم واقع ہو یا اس کے بعد قسم مذکور ہو وہ معنی کے اعتبار سے جواب قسم ہے۔ گویا کہ عوض ہے جواب قسم کا اور کبھی جملہ اسمیہ کے بعد کوئی قرینہ حذف جواب قسم پر دلالت کیا کرتا ہے اور حقیقت میں وہ جملہ جواب قسم نہیں ہوتا۔ مثل آیہ کریمہ **الم ترکیف فعل ربک بعاد** جو کہ **هل فی ذالك قسم الذی حجر** کے بعد واقع ہے۔ اور وہ دلالت کرتا ہے کہ **والفجر ولیال عشر** سے جواب قسم جو کہ **لتوخذن اولتعذبن** سے حذف کیا گیا ہے۔

ترکیب:۔ **مثل زید الخ**(**مثل**) مضاف (**زید عالم واللہ**) مضاف الیہ (**مثل**) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (**مثال**) مضاف (**ہ**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے قسم کا محذوف ہونا بریں تقدیر کہ قسم سے پیشتر ایسا ہو جو اس کے جواب پر دلالت کرے مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (**زید**) مبتداء (**عالم**) صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے مبتداء۔ عالم صفت مشبہ اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ جو جواب قسم پر دلالت کرتا ہے۔ (**و**) حرف جار (**اللہ**) اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر اقسم مقدر کا۔ **اقسم** فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (**انا**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل اقسم فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا جس کا جواب (**ان زیدا عالم**) بقرینہ جملہ سابقہ محذوف (**ان**) حرف مشبہ بالفعل (**زیدا**) اسم (**عالم**) صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے زید عالم صفت مشبہ اپنے فاعل سے

مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر ان اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جواب قسم ہوا۔

(مثل) مضاف (زید واللہ عالم) مضاف الیہ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے جواب قسم کا محذوف ہونا بریں تقدیر کہ ایسے جملہ کے درمیان واقع ہو جو قسم کے جواب پر دلالت کرے۔ مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادۂ معنی (زید) مبتدا۔ (عالم) صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے مبتدا۔ عالم صفت مشبہ اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا جو قسم کے جواب پر دلالت کرتا ہے۔ (و) حرف جار (اللہ) اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر اقسم مقدر کا۔ (اقسم) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل اقسم فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ جس کا جواب محذوف (ای) حرف تفسیر (و) حرف جار (اللہ) اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر اقسم مقدر کا۔ اقسم فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل اقسم فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ (ان) حرف مشبہ بالفعل (زیدا) اسم عالم صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل عالم صفت مشبہ اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر (ان) اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جواب قسم ہوا۔

النار فی الشتاء خیر من اللہ ورسولہ۔

تشریح۔ ترکیب تو آسان ہے البتہ معنے کرتے وقت اشکال پیدا ہو جاتا ہے تو اس کا حل آسان ہے جبکہ معلوم ہو کہ من قسمیہ ہے کما جاء فی کتب النحو ومنہ قولھم من اللہ لتبعثن حروف جارہ کی نفیس بحث فقیر کی شرح شرح مائۃ عامل میں دیکھیں۔

وحاشا وخلا وعدا کل واحد منها للاستثناء

شرح:۔قوله حاشا یہ افعال غیر منصرف ہیں اس لیے کہ قائمقام (الا) کے ہیں۔اور الا منصرف نہیں ہے۔حاشا کا جارہ اور حرف ہونا سیبویہ کا مذہب ہے اور اس کے ما بعد کو پڑھنا ان کے نزدیک شاذ ہے۔ ہاں جب حاشا بمعنی حاشا ہو چنانچہ حاشیت زیدا اقلت حاشا زید ا ہو تب مابعد کو منصوب پڑھنا شاذ نہ ہوگا۔اور حساشا کا استعمال مابعد کی اس برائی سے تنزیہ کرانا مقصود ہوتا ہے۔جو ماقبل میں تھی نحو۔سرق القوم حاشا زید ای زید منزه عما فعل القوم من السرقة پس صلی الناس حاشا زیدا نہیں کہہ سکتے کہ اس میں تنزیہ کے معنی نہیں بنتے۔قوله خلا و عدا دونوں کے تین حال ہیں(۱) ابتداء کلام میں واقع ہوں نحو خلا البیت زید۔ او عدا القوم زیدا اس وقت یہ فعل ہوں گے۔(۲) ماقبل کے ساتھ متصل ہوں اور تائے تانیث اور ضمیر مرفوع متصل بارز سے خالی ہوں اور ان کے بعد اسم ظاہر بھی نہ ہو اور ان پر لفظ (ما) بھی داخل نہ ہو تو ان کے مابعد کو نصب وجر دونوں صورتیں پڑھنا جائز ہے۔(۳) ان پر لفظ (ما، لا) داخل ہو پھر لزوما یہ فعل ہوں گے۔کیونکہ ما مصدریہ ہے۔اور ما مصدریہ افعال پر داخل ہوتا ہے۔ قولـه وکل واحد الخ یعنی یہ تینوں مستثنی کا معنی دیتے ہیں مگر صرف مستثنی متصل کیونکہ بقول بعض افاضل مستثنی منقطع فقط الا،غیر، سوی، کے بعد ہوتا ہے۔

فائدہ:۔بید بمعنی غیر کے آتا ہے اور مستثنی منقطع کیلئے وضع کیا گیا ہے یقال زید کثیر المال بیدانه بخیل۔ یہ تینوں استثناء کے معنے دینے میں شریک ہیں فقط حاشا تنزیہ کے لیے آتا ہے۔

ترکیب:۔ وحاشا وخلا الخ (و) حرف عطف (حاشا) معطوف علیہ (و) حرف عطف (خلا) معطوف (و) حرف عطف (عدا) معطوف۔معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے ملکر مبتدائے اول (کل) مضاف (واحد)

موصوف (من) حرف جار (ها) ضمیر مجرور متصل مجرور راجع بسوئے مبتدائے اول جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثابت) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت۔ واحد موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ کل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدائے دوم (لام) حرف جار (الا ستثناء) مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثابت) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے مبتدائے دوم ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدائے دوم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

عش رجبا تر عجبا

تشریح:۔ عش امر از عاش رجبا مفعول بہ ہے تر اصل میں تری تھا امر کی وجہ سے الف گر گیا معنی یہ ہے کہ رجب تک زندہ رہ عجائبات دیکھے گا۔

واقعہ یوں ہے کہ حارث نے اپنی زبان دراز عورت کو طلاق دیدی۔ پھر عورت نے جس شخص کو عدت ختم ہونے کے بعد نکاح کا وعدہ دے رکھا تھا۔ وہ حارث کو مل گیا۔ حارث نے عورت کے برے حالات کی طرف اشارہ کر کے کہا رجب تک ٹھہر پھر عجائبات دیکھنا۔ عدت کے زمانہ کو ماہ رجب سے تشبیہ دی گئی۔ رجب حرام مہینہ تھا۔ یعنی یہ مہینہ جب ختم ہوتا ہے تو ہولناک واقعات رونما ہوتے حارث کی مراد یہ تھی کہ عدت کے بعد جب تو اس عورت کے ساتھ رہے گا تو اس کی معاشرت بد کا حال دیکھے گا۔

سوال:۔ رجب غیر منصرف ہے۔ اب اسے کیوں منصرف پڑھا گیا؟

جواب:۔ خود مل گیا کہ اذ نکر صرف۔

مثل جاء نی القوم حاشا زید و خلا زید و عدا زید وقال بعضهم ان الاسم الواقع بعدها یکون منصوبا علی المفعولیة فحینئذ تکون هذه الالفاظ افعالا والفاعل فیها ضمیر مستتر دائما

ترکیب:۔ **مثل جاء نی القوم الخ (مثل)** مضاف **(جاء نی القوم حاشا زید)** معطوف علیہ **(و)** حرف عطف **(خلا زید)** بتقدیر **(جاء نی القوم)** معطوف **(و)** حرف عطف **(عن زید)** بتقدیر جاءنی القوم معطوف۔ معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے ملکر مضاف الیہ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر **مثالها** مقدر کی۔ **(مثال)** مضاف **(ها)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے **حاشا خلا عدا**۔ مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادۂ معنی **(جاء)** فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب نون وقایہ **(ی)** ضمیر منصوب متصل مفعول بہ مقدم **(القوم)** فاعل **(حاشا)** حرف جار **(زید)** مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف لغو۔ **جاء فعل** اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا **(خلا)** حرف جار **(زید)** مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر ہوا۔ **جاء نی القوم** مقدر اس میں **(جاء)** فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب نون وقایہ **(ی)** ضمیر منصوب متصل مفعول بہ **القوم** فاعل **(جاء)** فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ **(عدا)** حرف جار **(زید)** مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر **جاء نی القوم** مقدر اس میں **(جاء)** فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب نون وقایہ **(ی)** ضمیر منصوب متصل مفعول بہ **القوم** فاعل۔ **جاء** فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا **(و)** حرف برائے استیناف **(قال)** فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب **(بعض)** مضاف **(ها)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے نحویان جو ماقبل میں معنا مذکور ہیں **(م)** علامت جمع۔ بعض مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر فاعل **(ان)** حرف مشبہ بالفعل **(الاسم)** موصوف **(ال)** حرف

تعریف (واقع) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف۔
(بعد) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے حاشا خلا عدا بعد مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ واقع اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت الاسم موصوف اپنی صفت سے ملکر اسم ان (یکون) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم راجع بسوئے اسم ان (منصوبا) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے اسم یکون (علی) حرف جار (المفعولیۃ) مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف لغو ہوا۔ (منصوبا) اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر یکون فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر خبر ان۔ ان اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مراد اللفظ ہوکر مقولہ قال فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ (فا) حرف عطف برائے تفریع (حین) مبدل منہ (اذ) بدل الکل تنوین حین کے مضاف الیہ محذوف کا عوض جو جملہ ہے یعنی (نصب الا سم الواقع بعدھا علی المفعولیۃ) حین مبدل منہ اپنے بدل الکل سے ملکر مفعول فیہ مقدم یہ ترکیب برقول رضی اور برقول جمہور (حین) مضاف اور (اذ) مضاف الیہ مضاف تنوین عوض جملہ مضاف الیہ محذوف (اذ) اپنے عوض مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا۔ حین مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ مقدم (تکون) فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائب فعل ناقص (ھا) حرف تنبیہ (ذہ) اسم اشارہ موصوف (الالفاظ) صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر اسم افعالا خبر تکون فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ (و) حرف عطف (الفاعل) مبتدا (فی) حرف جار (ھا) ضمیر مجرور متصل مجرور راجع بسوئے ھذا الالفاظ جار مجرور ملکر ظرف لغو مقدم (ضمیر) موصوف (مستتر) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف (دائما) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے موصوف محذوف استتارا یا زمانا دائما اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت استتارا موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول مطلق یا زمان موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول فیہ مستتر اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق یا مفعول فیہ اور ظرف لغو مقدم سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ضمیر موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

فالمثال المذكور فی معنی جاء نی القوم حاشازیدا وخلازیدا وعدا زیدا، واذا وقعت خلا وعدا بعد ما مثل ماخلا زیدا وما عدا زیدا وفی صدر الكلام مثل خلا البیت زیدا وعدا القوم زیدا تعینتا للفعلیة

شرح:۔ ہمارے قول **هذا الكلام فی معنی ذالك الكلام** کے موضع استعمال جاننے والے پر پوشیدہ نہیں ہے کہ یہ کلام اور اسکی تفریع کلام سابق پر کوئی معنی نہیں رکھتی۔ اور بعض نسخہ کے اندر **کمافی** المثال المذکور **نحو جاء نی القوم حاشا زیدا** اور **خلا زیدا وعدا زیدا** واقع ہے اور اسی نسخہ کے موافق ترکیب اس حاشیہ پر لکھی گئی ہے۔

قوله واذا وقعت اسی طرح **حاشا** پر لفظ **ما** کا آتا ہے اخفش سے منقول ہے مگر نادر **کماقال الشاعر رائیت الناس ما حاشا قریشا الخ**

قوله بعد ما یہ **ما** مصدریہ ہے جیسے ہم لکھ چکے ہیں یا مزید ہو۔ اور اگر مزیدہ ہو تب بھی اس کا مابعد فعل ہوگا کیونکہ اگر حرف ہو تو **ما** سے پہلے آتا ہے۔ **انما، ربما** وغیرہ بخلاف فعل کے کہ اس پر حروف پہلے آتے ہیں۔ جیسے **ماضرب لم یضرب وغیرہ** ۔ فائدہ: قال عبدالرسول رحمۃ اللہ علیہ

چار حرف جر بود دیگر کہ نبود مشتہر	کی بود در کیمہ از بہر غرض زاں چارہا
ہست مجرورش بغالب مائے استفہام وبس	لیکہ محذوف الالف مکتوب مے باشد بہا
نزد عیسی لات ومجرورش زمان وچوں لات حین	معنی او نفی مابعد است چون معنی لا
چون بہ لولا مضمر مجرور گردد متصل	ہست نزد سیبویہ او جارہ چوں لولاکما
معنی او امتناع شے بود بوجود غیر	شد لعل حرف جر در یک لغت بہر رجا

تشریح وترجمہ اشعار مذکورۃ۔

قولہ چار حرف یعنی چار حروف جارہ اور بھی ہیں۔ مگر وہ غیر مشہور ہیں۔ ان میں سے پہلا **کیمہ** ہے نحو **کیمہ قلت ای لای غرض قلت** اس کا مجرور ما استفہامیہ ہوتا ہے۔ مگر اس کے الف کو حذف کر کے اس کے بجائے ہا لکھتے ہیں اور اس کی وضع غرض کیلئے اور کبھی اس کے بعد **ما** مصدریہ ہوتا ہے کما قال الشاعر **یرجی الفتی کیما یضر و ینفع۔ ای للضرر وللنفع۔**

قولہ نزد عیسی یعنی ان حروف جارہ غیر مشہورہ میں سے دوسرا حرف **لات** ہے جو عیسی کے نزدیک جارہ ہے لیکن نحویوں کا اس میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ فعل ماضی ہے **از لات یلیت** بمعنی **نقص** اور بعض کے نزدیک یہ اصل میں **لیس بکسر الیاء، یاء، الف** سے اور **سین، تاء** سے تبدیل ہوئے اور جمہور کے نزدیک یہ دو کلمے ہیں ایک (**لا**) نافیہ دوسرا **تاء تانیث** جیسے **ثمت** پھر بخوف التقائے ساکنین **تاء** کو متحرک کیا گیا۔ بعض کہتے ہیں (**لا**) نافیہ ہے اور (**تاء**) زائدہ۔

اس کے عمل میں اختلاف ہے بعض کے نزدیک اس کا عمل ان جیسا ہے بعض کے نزدیک اس کا عمل (**لیس**) جیسا ہے لیکن عیسی نحوی کے نزدیک جارہ ہے جس کو یہاں بیان کیا گیا ہے اس کا معنی نفی کا اور اس کا مدخول اسم زمان ہوگا جیسے مثال **لات حین** دی گئی ہے۔

قولہ بہ لو لا یعنی تیسرا حرف جارہ غیر مشہورہ **لو لا** ہے جس کا مجرور ضمیر متصل ہوتا ہے۔

قولہ شد لعل یعنی چوتھا حرف جارہ لغت بنی عقیل میں **لعل** ترجیہ جارہ ہے **نحو لعل ابی المغوار منك قریب۔**

قولہ ما مصدریہ ہے اور خلا کا موضع نصب ہے حال ہونے کی بنا پر مصدریہ کو اسم فاعل کے معنی میں لے کر یا بنا بر ظرفیت کے وقت مقدر مان کر اسے **خالیامجیھم عن زیدا و وقت خلو ھم عن زید** پڑھتے ہیں۔

ترکیب:۔ **فی المثال الخ** (**فا**) حرف عطف برائے **تفریع** (**المثال**) موصوف (**ال**) بمعنی **الذی** اسم موصول (**مذکور**) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع

بسوئے اسم موصول مذکور اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر صفت الشال موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدا تقدیر جاء نی القوم معطوف (و) حرف عطف (عدا زیدا) بتقدیر (جاء نی القوم) معطوف۔ معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے ملکر مضاف الیہ معنی مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثابت) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے مبتداء ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر الشال مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا بر تقدیر ارادہ معنی جـــاء فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب نون وقایہ کا (ی) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ (القوم) ذوالحال (حاشا) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے (القوم زیدا) مفعول بہ حاشا اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر حال (القوم) ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل (جاء) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(خلا) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے (القوم زیدا) مفعول بہ (خلا) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر حال (القوم) ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل جاء فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب نون وقایہ کا (ی) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ جاء فعل اپنے فاعل مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ (عدا) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے (القوم) مقدر (زیدا) مفعول بہ۔ عدا فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر حال۔ القوم ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل (جاء) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب نون وقایہ کا (ی) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ جـــاء فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (و) حرف استیناف (اذا) ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم (وقعت) فعل ماضی معروف صیغہ واحدہ مونث غائبہ (خلا) معطوف علیہ (و) حرف عطف (عدا) معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر فاعل (بعد) مضاف (ها) مضاف الیہ۔ بعد مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ۔ وقعت فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ موخر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ او حرف عطف (فی) حرف جار (صدر) مضاف (الکلام) مضاف الیہ (صدر) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر وقعتا مقدر کا۔ (وقعتا) فعل ماضی معروف صیغہ تثنیہ مونث غائب

الف ضمیر مرفوع متصل فاعل راجع بسوئے خلا اور عدا وقعتا فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف۔ معطوف علیہ اور معطوف اپنے مفعول فیہ مقدم سے ملکر شرط (تعینتا) فعل ماضی معروف صیغہ تثنیہ مونث غائب الف ضمیر مرفوع متصل فاعل راجع بسوئے خلا اور عدا (لام) حرف جار (الفعلیة) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو تعینتا فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ (مثل) مضاف (ما خلا زیدا) معطوف علیہ (و) حرف عطف (ما عدا زیدا) معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے واقع ہونا خلا اور عدا کا بعد ما کے مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (ما) موصول حرفی (خلا) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے مجی قوم جو مفہوم ہوتی ہے جاء نی القوم مقدر سے (زیدا) مفعول بہ خلا فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا وقت مقدر کا وقت مقدر مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہوا جاء فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب نون وقایہ کا (ی) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ (القوم) فاعل جاء فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (ما) موصول حرفی (عدا) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے مجنی قوم جو جاءنی القوم مقدر سے مفہوم ہوتی ہے۔ (زیدا) مفعول بہ (عدا) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر مضاف الیہ وقت مقدر کا وقت مقدر اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ (جاء) فعل ماضی صیغہ واحد مذکر غائب نون وقایه کا (ی) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ (القوم) فاعل جاء فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ (خلا) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (البیت) فاعل (زیدا) مفعول بہ خلا فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ (عدا) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (القوم) فاعل (زیدا) مفعول بہ (عدا) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

النوع الثانی

الحروف المشبهة بالفعل وھی تدخل علی المبتداء والخبر تنصب المبتداء وترفع الخبر

شرح:۔ **قوله النوع الثانی** اس میں بعض شارحین فرماتے ہیں کہ نوع ثانی میں حروف مشبہ بالفعل نہیں ذکر کرنا چاہیے بلکہ اسمائے ناصبہ علی الاسماء کا ذکر ہونا چاہیے چنانچہ انھوں نے حروف مشبہ بالفعل کو اس بحث میں ذکر کرنا غلط قرار دیا ہے۔ کیونکہ انکا مدخول اسم مفرد ہے۔ اوران کا مدخول دو چیزیں ہیں ایک دوسے مقدم ہوتا ہے۔

قوله المشتبه بالفعل ان کو مشبہ بالفعل اس لیے کہتے ہیں کہ ان کو فعل سے لفظا ومعنا مشابہت ہے لفظا چند وجوہ سے (۱) چونکہ فعل ثلاثی ورباعی ہوتا ہے یہ بھی ثلاثی چوں ان رباعی چوں **لعل لکن** وغیرہ ہے اور مدغم ہونے میں کہ یہ حروف سب مدغم ہیں۔ (۲) جیسے فعل میں **کاف** لاحق ہوتا ہے اسی طرح ان میں جیسے **انك کانك**۔ (۳) جس طرح فعل میں نون وقایہ داخل ہوتا ہے اس طرح ان میں بھی جیسے **اننی ولکننی**۔ (۴) یہ فعل ماضی کی طرح مفتوح الاواخر ہوتے ہیں۔ (۵) حروف وحرکات سکنات میں فعل کی طرح ہیں۔ **اِنَّ** جیسے **فرَّ اَنَّ**۔ جیسے **فرَّ**۔ **کانّ** جیسے **ضربن**َ۔ **لکنّ** جیسے **ضاربنَ**۔ **لیت** جیسے **لیس**۔ **لعل** میں بعض لغت۔ دراصل **لعنّ** مثلا **ضَرَبنَ** اور معنا اس لیے فعل کے مشابہ ہیں۔ فعل کے معانی ان میں پائے جاتے ہیں کیونکہ **اِنّ۔ اَنّ** بمعنی **حققت** **کان** بمعنی **شبهت لکن** بمعنی **استدرکت لیت** بمعنی **تمنیت لعل** بمعنی **ترجیت** ان کا نام حروف النواسخ کہ عمل سابق کہ ہر دو کو مرفوع سے منسوخ کر کے نصب رفع کی طرح پھیرتے ہیں اور ان کا نام حروف الدواخل اور حروف المعانی بھی ہے چونکہ ان کو فعل سے مشابہت ہے اور فعل کے دو عمل ہیں۔ اصلی فرعی اصلی اول کو مرفوع اور ثانی کو منصوب اور فرعی اول کو منصوب اور ثانی کو مرفوع پس عمل اصلی اصل یعنی فعل کو اور فرعی فرع یعنی مشبہ بالفعل کو۔

سوال:۔ چونکہ ان کے معانی افعال کے ہیں پس چاہیے تھا کہ انکا نام حروف الافعال ہونا چاہیے جیسا کہ بعض اسماء کا نام

بوجہ پائے جانے معانی افعال کے انکا نام اسماالافعال ہوا؟

جواب:۔اسماافعال میں افعال کا معنی ان میں وضعا ہےان میں وضعا نہیں بلکہ فحوائے کلام سےان کے معانی افعال کے ہوئے۔

ترکیب:۔النوع الثانی الخ(النوع)موصوف (الثانی) صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتداء (الحروف) موصوف(ال)حرف تعریف(مشبھۃ) اسم مفعول صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (ھی)ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے اسم موصول(با) حرف جار مبنی بر کسر(الفعل) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو مشبھۃ اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت الحروف موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا(و) حرف عطف مبنی بر فتح(ھی) ضمیر مرفوع منفصل مبنی بر فتح مبتدا مرفوع محلا راجع بسوئے الحروف المشبھۃ بالفعل(تدخل)فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائب اس میں (ھی)ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مبنی بر فتح فاعل مرفوع محلا راجع بسوئے مبتدا(علی) حرف جار مبنی بر سکون(المبتداء)معطوف علیہ(و)حرف عطف مبنی بر فتح(الخبر) معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو تدخل فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ صغری ہوکر خبر مرفوع محلا ھی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ کبری معطوفہ ہوا(تنصب)فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مونث غائب اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مبنی بر فتح فاعل مرفوع محلا راجع بسوئے حروف المشبھۃ بالفعل(المبتداء)مفعول بہ منصوب فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا(و) حرف عطف مبنی بر فتح(ترفع) فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مونث غائب اس میں(ھی)ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مبنی بر فتح فاعل مرفوع محلا راجع بسوئے الحروف المشبہ بالفعل (الخبر) مفعول بہ ترفع فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

مازید قائم

سوال:۔ما نافیہ مشبہ بلیس ہے لیکن اس کی خبر منصوب نہیں؟

جواب:۔یہ بنی تمیم کی لغت کے مطابق ہے اگرچہ قرآن شریف اور فصحاء کے غیر موافق ہے۔

وھی ستۃ حروف ان وان وھما لتحقیق مضمون الجملۃ الاسمیۃ مثل ان زید قائم ای حققت قیام زیدوبلغنی ان زیدا منطلق ای بلغنی ثبوت انطلاق زید

شرح:۔ ان بفتح الھمزہ اور بنی تمیم وقیس کی لغت میں ہمزہ کو عین سے تبدیل کر کے عن پڑھتے ہیں۔

قولہ وھما یعنی یہ دونوں جملہ اسمیہ کے مضمون کو محقق کرنے کیلئے موضوع ہیں مگر ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ ان مکسورہ جملہ کے معنی کو تبدیل نہیں کرتا یعنی اس کو جملہ ہونے سے نہیں نکالتا۔ پس **ان زیدا قائم** کے معنی **زید قائم** کے ہیں۔ مع زیادتی تاکید کے اور ان مفتوحہ اپنے اسم وخبر کے ساتھ مفرد کے حکم میں ہوتا ہے۔ جیسے **بلغنی ان زیدا قائم** میں **ان زیدا قائم بلغنی قیام زید** کے معنی میں ہے اسی وجہ سے بعض مواقع ایسے ہیں جہاں ان کو بالکسر اور ان کو بالفتح پڑھنا ضروری ہوتا ہے۔ ملا عبدالرسول رحمۃ اللہ تعالیٰ نے اپنی منظومہ میں یوں بیان فرمایا ہے۔

پس بخوانی ان راکمسورہ اندردہ مقام   درصلہ ہم بعد واؤ حال ہم بعد از ندا

بعد حرف افتتاح وحرف تصدیق ست نیز   بعد حتی وز جوابات قسم ودرابتدا

بعد قولی کو نخد ظن وتکلم مغیش   نیز جائے کو شود واقع خبر از مبتدا

اور مفتوحہ کے متعلق فرماتے ہیں۔

درودایش فتحہ خوانی یک ازاں بعد مضاف   درمقام فاعل ومفعول ہم درمبتدا

اس کی تشریح وامثلہ مزید مسائل واحکام شرح کافیہ وشرح جامی میں مذکور ہیں۔ ملاحظہ کریں۔

ترکیب:۔ **وھی ستۃ الخ(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(ھی)** ضمیر مرفوع منفصل مبنی بر فتح مبتدا مرفوع محلا راجع

بسوئے الحروف المشبہ بالفعل (ستة) ممیز مضاف (حروف) تمیز مضاف الیہ۔ ممیز مضاف اپنی تمیز مضاف الیہ سے ملکر مبدل منہ ان معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ان) معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (کان) معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (لکن) معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (لیت) معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (لعل) معطوف۔ ان معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے ملکر بدل۔ مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (هما) میں (ها) ضمیر مرفوع منفصل مبنی بر ضم مبتدا مرفوع محلا راجع بسوئے ان ان (ا) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون (ل) حرف جار مبنی بر کسر (تحقیق) مضاف (مضمون) مضاف الیہ مضاف (الجملة) موصوف (ال) حرف تعریف مبنی بر سکون (اسمیة) اسم منسوب اس میں (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مبنی بر فتح نائب فاعل مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف اسمیة اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت الجملة موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ مضمون مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا۔ تحقیق مضاف کا۔ تحقیق مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتان مقدر کا۔ (ثابتتان) اسم فاعل صیغہ تثنیہ مونثہ اس میں (هما) پوشیدہ جس میں (ها) ضمیر مرفوع متصل مبنی ضم فاعل مرفوع محلا راجع بسوئے مبتدا (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون ثابتتان اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا (مثل) مضاف (ان زید قائم) معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (بلغنی ان زیدا منطلق) معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالهما مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ها) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے ان وان (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادۂ معنی (ان) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح (زیدا) اسم (قائم) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم ان قائم اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ ان اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (ای) حرف تفسیر مبنی بر سکون (حققت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم مبنی بر سکون (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل

مرفوع محلاً مبنی بر ضم (قیام) مضاف (زید) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ (حققت) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا۔ (بلغ) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب مبنی بر فتح نون وقایہ کا مبنی بر کسر (ی) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلاً مبنی بر سکون ان حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح موصول حرفی (زیدا) اسم (منطلق) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم ان مطلق اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر ان کا اسم اپنی خبر سے ملکر صلہ موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر فاعل بلغ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ (ای) حرف تفسری مبنی بر سکون (بلغ) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب مبنی بر فتح (ن) وقایہ کا مبنی بر کسر (ی) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلاً مبنی بر سکون۔ (ثبوت) مضاف (انطلاق) مضاف الیہ مضاف (زید) مضاف الیہ۔ انطلاق مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا۔ ثبوت مضاف کا۔ ثبوت مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر فاعل بلغ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا۔

الا حظية فلا الية

تشریح: ۔ اصل میں عبارت یوں ہے۔ ان لم تکونی خطیة فلا تکونی الية اگر تو صاحب رتبہ نہیں ہے تو کوتاہی کرنے والی بھی نہ بن۔ اس عورت کیلئے کہا جاتا ہے۔ جو اپنے خاوند کی محبوبہ نہ ہو اگر خاوند کی محبت میسر نہیں تو تو اپنی طرف سے خدمت وحبت میں کمی نہ کر۔ اور اب اس مطلب کیلئے ہے کہ اگر لوگ تیری طرف متوجہ نہیں ہوتے تو تو ان کی خاطر مدارت کرکے اپنا مطلب نکال۔

خطية خطوة سے مشتق ہے بمعنی مرتبہ، عزت الية بمعنی کوتاہی سے الية الوشتق ہے بمعنی کوتاہی کرنے والی

وکان وھی للتشبیہ نحو کان زیدا اسد ولکن وھی للاستدراک ای لدفع التوھم الناشی من الکلام السابق

شرح:۔ **قولہ وھی** یعنی کان تشبیہ کیلئے ہے اور صحیح قول یہ ہے کہ یہ بھی دیگر حروف مشبہ بالفعل کی طرح حرف مستقل ہے۔ دراصل بھی یہی ہے کہ ترکیب نہ ہو لیکن خلیل کا مذہب یہ ہے کہ کاف یا ان مکسورہ سے مرکب ہے۔ پس **کان زیدا اسد** دراصل **ان زیدا کالا سد** تھا کاف **ان** سے پہلے اس لیے کر دیا گیا کہ اول امر ہی سے یہ بات جان لی جائے کہ یہ کلام تشبیہ کیلئے ہے۔ اور ان کے **ھمزہ** کو زبر اس لیئے دے دیا گیا کہ کاف اصل میں جارہ ہے۔ اگر چہ اس وقت جارہ ہونے کے حکم سے نکل گیا اور حرف جارہ ان مفتوحہ پر داخل ہوتا ہے۔ کیونکہ وہ مفرد پر داخل ہوتا ہے اور مفتوحہ مع اپنے اسم وخبر کے مفرد کے حکم میں ہوتا ہے۔

قولہ لکن بصریہ کے نزدیک یہ بھی دیگر حروف مشبہ بالفعل کی طرح مرکب نہیں اور کوفیہ کے نزدیک **لا، وکان** سے مرکب ہے ہمزہ کی حرکت **کاف** کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیا گیا۔

قولہ وھی استدراک لغت میں مافات کے تدارک کا ارادہ کرنا اور اصلاح میں شارح قدس سرہ نے **لدفع التوھم الخ** بیان فرمایا ہے۔

قولہ لدفع التوھم یعنی وہ وہم جو کلام سابق میں پیدا ہوا اسے دفع کرنا مثلاً جب ہم نے **غاب زید** کہا تو پھر وہم پیدا ہوا کہ شاید بکر بھی غائب ہوگا۔ اس وہم کو دفع کرنے کیلئے بولا گیا۔ **لکن بکرا حاضر۔**

نوٹ:۔ **وکان** کی ترکیب **ان ان** میں عطف معطوف کیساتھ ہو چکی ہے۔

ترکیب:۔ **وھی للتشبیہ الخ** (**و**) حرف عطف یا استیناف یا زائد مبنی بر فتح (**ھی**) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے **کان** (**ل**) حرف جار مبنی بر کسر (**التشبیہ**) مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتۃ

مقدر کا۔(ثابتۃ) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا ثابتۃ اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔(نحو) مضاف (کان زیدا اسد) مضاف الیہ نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔(مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے کان۔ مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نوٹ: ولکن کی ترکیب ان ان میں عطف معطوف کے ساتھ ہو چکی ہے۔

(و) حرف عطف یا استیناف مبنی بر فتح (ھی) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے لکن (ل) حرف جار مبنی بر کسر (الاستدراك) مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتۃ مقدر کا۔(ثابتۃ) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا ثابتۃ اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ یا مستانفہ ہوا۔(ای) حرف تفسیر مبنی بر سکون (ل) حرف جار مبنی بر کسر (دفع) مضاف (التوھم) موصوف (ال) حرف تعریف (ناشی) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف (من) حرف جار مبنی بر سکون مقدر فتحہ موجودہ حرکت تخلص من السکونین الکلام موصوف (ال) حرف تعریف سابق اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف سابق اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت الکلام موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (ناشی) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو صفت التوھم موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ دفع مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتۃ مقدر کا۔ (ثابتۃ) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا محذوف ھی۔ (ثابتۃ) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مفسرہ ہوا۔

ولهذا لا تقع الا بين الجملتين اللتين تكونان متغاير تين بالمفهوم مثل غاب زيد لكن بكرا حاضر وما جاء نى زيد لكن عمروا جاء نى وليت وهى للتمنى مثل ليت زيدا قائم اى اتمنى قيامه

شرح:۔ **قوله و لهذا** یعنی جبکہ کلام سابق کے پیدا شدہ وہم کو دور کرنا مقصود ہے۔ اسی لیے یہ ان دو جملوں کے مابین واقع ہوتا ہے جو مفہوم میں ایک دوسرے کے مخالف ہوں خواہ معنی ہوں جیسے **غاب زيد الخ** یالفظا جیسے **ما جاء نى زيد الخ**۔

قوله ليت الخ اى لت بفتح اللام و بتشديد تا۔ پڑھنا جائز ہے۔ لت بھی اصل میں **ليت** تھا مگر یاء کو تاء کرکے **تاء** کو **تاء** میں ادغام کیا گیا۔ **قوله مثل ليت الخ** فراء نے **ليت زيدا قائما** اسم وخبر دونوں کو منصوب پڑھنا جائز رکھتا ہے اسکی وجہ یہ بیان فرمائی کہ **ليت تمنى** کیلئے ہے لہذا اس کا معنی **اتمنى زيدا قائما** ہوئے تو یہ دونوں اتمنی بصیغہ متکلم اس کے مفعول ہوئے۔

ترکیب:۔ **ولهذا لا تقع الخ** (**و**) حرف عطف مبنی بر فتح (**ل**) حرف جار مبنی بر کسر (**ها**) حرف تنبیہ مبنی بر سکون (**ذا**) اسم اشارہ برائے واحد مذکر مبنی بر سکون مجرور محلا جار مجرور ملکر ظرف لغو مقدم (**لا تقع**) نفی فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ اس میں (**هى**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے لکن (**الا**) حرف استثناء مبنی بر سکون (**بين**) مضاف (**الجملتين**) موصوف (**اللتين**) اسم موصول برائے تثنیہ مونثہ مبنی بر کسر (**تكونان**) فعل مضارع معروف صیغہ تثنیہ مونثہ غائبہ فعل ناقص اس میں (**الف**) ضمیر مرفوع متصل اسم مرفوع محلا راجع بسوئے اسم موصول مبنی بر سکون ۔(**متغا يرتين**) اسم فاعل صیغہ تثنیہ مونثہ اس میں (**هما**) پوشیدہ جس میں

(ھا) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے اسم فعل ناقص (م) حرف عماد مبنی بر فتح (الف) علامت تثنیه مبنی بر سکون (با) حرف جار مبنی بر کسر (المفهوم) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو۔ (متغا یر تین) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر (تکونان) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ۔ بین مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مستثنیٰ مفرغ ہو کر مفعول فیہ (لا تقع) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

(مثل) مضاف (غاب زید لکن بکرا حاضر) معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ما جاء نی زید لکن عمرا جا نی) معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے لکن، مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادۂ معنی (غاب) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب مبنی بر فتح (زید) فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ (لکن) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح (بکر) اسم حاضر اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے بکر (حاضر) اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر (لکن) اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (ما جاء) نفی فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب مبنی بر فتح (ن) وقایہ کا مبنی بر کسر (ی) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلا مبنی بر سکون (زید) فاعل ماجاء فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ (لکن) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح (عمرا) اسم جاء فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب مبنی بر فتح اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم لکن (ن) وقایہ کا مبنی بر کسر (ی) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلا مبنی بر سکون جاء فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ لکن اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نوٹ:۔ ولیت کی ترکیب ان ان کیساتھ عطف معطوف میں ہو چکی ہے۔

(و) حرف عطف مبنی بر فتح (ھی) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے لیت (ل) حرف جار مبنی بر کسر

(التمنی) مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر ثابتۃ مقدر کا۔ (ثابتۃ) اسم فاعل صیغہ واحد مونث اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا۔ ثابتۃ اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ (مثل) مضاف (لیت زید اقائم) مضاف الیہ۔ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادۂ معنی (لیت) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح (زیدا) اسم (قائم) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم لیت قائم اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر لیت اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ (ای) حرف تفسیر مبنی بر سکون۔ (اتمنی) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم۔ اسمیں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح (قیام) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے زید (قیام) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ اتمنی فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مفسرہ ہوا۔

وانفقوا مما رزقنا کم من قبل ان یأتی احدکم الموت فیقول رب لو لا اخرتنی الیٰ اجل قریب فاصدق واکن من الصالحین

(القرآن پارہ نمبر 28 سورۃ المنافقون آیت نمبر 10)

سوال:۔ آیت مذکورہ میں **فیقول فاصدق** دونوں منصوب ہیں پھر اکن مجزوم کیوں؟

جواب:۔ **فیقول** منصوب ہے اس لئے کہ یہ **انفقوا** کے جواب میں واقع ہے اور **فاصدق** اس لئے منصوب ہے کہ وہ **لولا** کے جواب میں واقع ہے اور **اکن** مجزوم ان حرف شرطیہ مع شرط محذوف کی جزاء کی وجہ سے کہ دراصل عبارت یوں تھی ان اخرتنی اکن الخ (حقانی تفسیر ص 131/8)

ولعل وهی للترجی مثل لعل السلطان یکرمنی والفرق بین التمنی والترجی ان الاول یستعمل فی الممکنات کما مرو الممتنعات

شرح:۔ قوله ولعل اس میں کئی لغتیں آئی ہیں (۱) عل بحذف اللام الاولی۔ (۲) لعن دوسری لام کو نون سے تبدیل کرنا۔ (۳) عن بحذف اللام الاولی۔ (۴) ان لام اول کو حذف کرکے عین کو ہمزہ سے تبدیل کرنا۔ (۵) رغن لام اول کو را سے اور عین کو غین سے تبدیل کرنا اور لام ثانی کو نون سے تبدیل کرنا۔ (۶) لغن عین کو غین سے اور لام ثانی کو نون سے تبدیل کرنا۔ (۷)۔ لان عین کو ھمزہ سے اور لام ثانی کو نون سے تبدیل کرنا۔ (۸) رعن لام اول کو را سے اور لام ثانی کو نون سے تبدیل کرنا۔ (۹) لعا لام ثانی کو مد سے تبدیل کرنا۔ (۱۰) آخر میں تاء ساکنہ داخل کرنا العلت۔ (۱۱) لعل لام ثانی کو بالکسر پڑھنا۔ (۱۲) عل بکسر اللام الثانیہ اور لام اولی کو حذف کرنا۔ (۱۳)۔ عن لام اول کو حذف کرنا لام ثانی کو نون مکسورہ سے تبدیل کرنا۔

قوله مثل لعل اور اس کے اسم کو مجرور پڑھنا شاذ ہے۔ جیسے لعل ابی الجوار منك قریب ابی الجوار کو مجرور پڑھا گیا ہے۔

قوله والفرق تمنی اور ترجی ایک اعم و اخص ہیں تمنی ترجی سے اس وجہ سے اعم ہے کہ تمنی ممکنات و ممتنعات دونوں میں مستعمل ہوتا ہے بخلاف ترجی کے کہ یہ فقط ممکنات میں مستعمل ہوتا ہے ممتنعات میں نہیں پس لعل الشباب یعود نہیں کہا جا سکتا اور ترجی تمنی سے اس وجہ سے اعم ہے کہ ترجی محبوب و مکروہ دونوں میں مستعمل ہوتا ہے۔ اور تمنی محبوب کیلئے مخصوص ہے۔ مکروہ میں مستعمل نہیں ہوگا۔

نوٹ:۔ ولعل کی ترکیب ان ان کے ساتھ عطف معطوف میں ہو چکی ہے۔

ترکیب:۔(و) حرف عطف مبنی بر فتح (ھی) ضمیر مرفوع منفصل مبتداء مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے لعل (ل) حرف جار مبنی بر کسر اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتداء ثابتۃ اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر (ھی) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا (مثل) مضاف (لعل السلطان یکرمنی) مضاف الیہ اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔(مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے (لعل) مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (لعل) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح (السلطان) اسم (یکرم) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم لعل۔(ن) وقایہ مبنی بر کسرہ (ی) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلاً مبنی بر سکون یکرم فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ لعل اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا (و) حرف استیناف مبنی بر فتح (الفرق) مصدر (بین) مضاف (التمنی) معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (الترجی) معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ (بین) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ۔(الفرق) مصدر اپنے مفعول فیہ سے ملکر مبتدا (ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی مبنی بر فتح (الاول) معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (الترجی) معطوف الاول معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر اسم (یستعمل) فعل مضارع مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم ان (فی) حرف جار مبنی بر سکون (ال) حرف تعریف (ممکنات) اسم فاعل صیغہ جمع مونث اسمیں (ھن) پوشیدہ جس میں (ھا) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے موصوف مقدر (الامور) نون مشدد علامت جمع مونث مبنی بر فتح ممکنات اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر معطوف علیہ (ک) حرف جار مبنی بر فتح (ما) اسم موصول مبنی بر سکون (مر) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب مبنی بر فتح اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم موصول مر فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔(ثابت) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع

محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدائے مقدر هذا۔ (ها) حرف تنبیہ مبنی بر سکون (ذا) اسم اشارہ مبتدا مرفوع محلا مبنی بر سکون ۔مبتدائے مقدر اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ معترضہ ہوا۔ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ال) حرف تعریف مبنی بر سکون (ممتنعات) اسم فاعل صیغہ جمع مونث اس میں (هن) پوشیدہ جس میں (ها) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے موصوف مقدر نون مشدد علامت جمع مونث مبنی بر فتح ممتنعات اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر معطوف الممكنات معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر صفت۔ موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (يستعمل) فعل اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (مخصوص) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے الترجی (با) حرف جار مبنی بر کسر (ال) حرف تعریف مبنی بر سکون (ممكنات) اسم فاعل صیغہ جمع مونث اس میں (هن) پوشیدہ جس میں (ها) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے موصوف مقدر الامور ممکنات اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو مخصوص اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر خبر۔ ان کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر صلہ ان موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر خبر الفرق مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

الحمد لله رب العلمين

(القرآن پارہ نمبر 1 سورۃ الفاتحہ آیت نمبر 1)

سوال:۔ رب العلمين الله کی صفت نہیں ہوسکتی اس لئے کہ قاعدہ ہے کہ صیغہ صفت بعد از اضافت بھی نکرہ رہتا ہے اور الله علم معرفہ ہے اور صفت نکرہ مطابقت صحیح نہیں۔ اگر بدل بنائیں تب بھی جائز نہیں؟

جواب: جو صیغہ صفت ہیشگی کا معنی دے یعنی وہ صفت جو اپنے موصوف سے ممتنع الانفکاک ہو وہ معرفہ کا حکم رکھتی ہے۔ اسی لحاظ سے اب اسے صفت بنانا جائز ہوا۔

مثل ليت الشباب يعود، والترجي مخصوص بالممكنات فلا يقال لعل الشباب يعود، و تدخل ما الكافة على جميعها فتكفها عن العمل كقوله تعالى انما الهكم اله واحد، و انما زيد منطلق

شرح:۔ **وتدخل ما کافه** کواس لیئے **کافه** کہتے ہیں کہ **کف** بمعنی روکنا چونکہ یہ جس پر داخل ہوتا ہے اس کوعمل کرنے سے روک لیتا ہے۔

ترکیب:۔ **مثل لیت الخ** (**مثل**) مضاف (**لیت الشباب یعود**) مضاف الیہ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔(**مثال**) مضاف (**ہ**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے استعمال تمنی در ممتنعات مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادۂ معنی۔(**لیت**) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح (**الشباب**) اسم (**یعود**) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً بر فتح راجع بسوئے (**الشباب یعود**) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر خبر **لیت** اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

(**فا**) حرف عطف برائے تعقیب مبنی بر فتح یا فصیحہ کہ شرط محذوف ہے۔یعنی **اذا کان الامر کذلك** یا نتیجہ جس کا مدخول کلام سابق سے پیدا ہوتا ہے (**لا یقال**) فعل مضارع مجہول صیغہ واحد مذکر غائب لفظ (**لعل الشباب یعود**) نائب فاعل مرفوع محلاً (**لا یقال**) فعل اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ یا جملہ فعلیہ جزا شرط محذوف کی (**اذا**) ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم منصوب محلاً مبنی بر سکون (**کان**) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب مبنی بر فتح فعل ناقص (**الامر**) اسم (**ك**) حرف جار مبنی بر فتح (**ذا**) اسم اشارہ مجرور محلاً مبنی بر سکون

(ل) حرف جمعیہ (ك) حرف خطاب جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثـابت) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (هـو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم کان ثابتا اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ کان اپنے اسم اور خبر اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط۔ شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔

نوٹ:۔ قـولـه لعل الشباب يعود به چونکہ یہ استعمال جائز نہیں نظر براں اس قول کے معنی مراد نہیں ہوسکتے تو اس کے اجزاء پر اعراب بھی جاری نہ ہوگا اسی واسطے ہم نے ترکیب کو ترک کردیا۔

(و) حرف عطف یا حرف استیناف مبنی بر فتح (تدخل) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنثہ غائبہ (ها) موصوف مبنی بر سکون (ال) حرف تعریف مبنی بر سکون (کـافـة) اسم فاعل صیغہ واحد مؤنثہ اسمیں (هـی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف۔ کـافـة اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر فاعل (علی) حرف جار مبنی بر سکون (جمیع) مضاف (ها) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے الحروف المشبہ بالفعل۔ جمیع مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو تدخل فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ یا مستانفہ ہوا (فا) حرف عطف برائے تفریع مبنی بر فتح (تکف) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنثہ غائب اس میں (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مـا۔ (هـا) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے الحروف المشبہ بالفعل (عن) حرف جار مبنی بر سکون مقدر کسرہ موجودہ حرکت تخلص من السکونین (العمل) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو تکف فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔ (ك) حرف جار مبنی بر فتح (قول) مصدر مضاف (ه) ضمیر مجرور متصل مبنی بر کسر مجرور محلا ذوالحال راجع بسوئے اسم جلالت (تـعـالـی) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب۔ اسمیں (هـو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے ذوالحال تعالی فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر مضاف الیہ (ان) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح مکفوف عن العمل (مـا) کافہ مبنی بر سکون (الـه) مضاف (ك) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم (م) علامت جمع۔ الہ مضاف

اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا(الہ) موصوف(واحد)صفت الہ موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مراد اللفظ ہوکر مقولہ۔قول مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مقولے سے ملکر معطوف علیہ (و)حرف عطف مبنی برفتح (انما زید منطلق) معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور۔جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثابت)اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو)ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے مبتدا مقدر۔ ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مثالہ مقدر کی (مثال) مضاف(ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی برضم راجع بسوئے مائے کافتہ کا عمل سے روک دینا۔مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔بر تقدیر ارادۂ معنی(ان)حرف مشبہ بالفعل مبنی برفتح مکفوف عن العمل (ما) کافہ مبنی برسکون (زید)مبتدا(منطلق) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو)ضمیر مرفوع متصل پوشید فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے مبتدا(منطلق)اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

یوم یات لاتکلم نفس الا باذنه

(القرآن سورۃ ھود پارہ نمبر12 آیت نمبر105)

سوال:۔اعتراض کی تقریر یہ ہے کہ یات فعل مضارع پر نہ عامل ناصب ہے نہ جازم لیکن پھر بھی اس کی یاء محذوف ہے کہ یاتی ہونا چاہئے تھا؟

جواب:۔کبھی مضارع تخفیفا بھی مجزوم ہوجاتا ہے جیسے دوسرے مقام پر ہے **واللیل اذا یسر** یہ اصل میں **یسری** تھا۔

النوع الثالث

ماولا المشبهتان بليس فی النفی والدخول علی المبتدا والخبر ترفعان الاسم و تنصبان الخبروتدخل ما علی المعرفة والنکرة مثل ما زید قائما ولاتدخل لا الا علی النکرة نحو لارجل ظریفا

شرح:۔ **قولہ النوع الثالث** قسم ثالث میں فقط یہ دو حروف ہیں۔اوران کے مدخول مبتدااور خبر میں مبتدا کو مرفوع اور خبر کو منصوب پڑھا جائے گا اوران کے اسم وخبر کو **ماولا مشبھتان بلیس** کہتے ہیں۔اوران کو حروف **مشبہ بلیس** اور حروف النواسخ حروف الدواخل اور حروف المعانی بھی کہتے ہیں۔

قولہ المشتبھتان الخ ان کی مشابہت **بلیس** اس وجہ سے ہے کہ جس طرح **لیس** مبتداوخبر پرداخل ہوتا ہے۔یہ بھی مبتداوخبر پرداخل ہوتے ہیں اور جس طرح یہ نفی حال کی کرتا ہے۔اسی طرح **ما** بھی نفی حال کی کرتا ہے۔

فائدہ:۔ **ماولا** کا عمل کرنا حجازیوں کا مذہب ہے اور بنوتمیم ان کو عمل بالکل نہیں دیتے حجازیوں کی لغت پر قرآن پاک نازل ہوا ہے **ماھذا بشرا** ،اور **ما ھن امھاتھم**۔(القرآن)

قولہ و تدخل ما یہاں سے **ما** اور **لا** کے درمیان فرق بتا رہے ہیں۔یہ پہلا فرق ہے کہ حرف **ما** معرفہ اور نکرہ دونوں پرداخل ہوتا ہے بخلاف لا ئے نکرہ کے کہ وہ فقط نکرہ پرداخل ہوتا ہے۔

فائدہ:۔ ان نافیہ اکثر نحویوں کے نزدیک کوئی عمل نہیں کرتا اور بعض کہتے ہیں کہ لیس جیسا عمل کرتا ہے۔

قولہ ابن جنی اس کا دخول معرفہ پر بھی جائز سمجھتے ہیں اور بعض اشعار کو اپنا مستند بناتے ہیں۔اور باقی لوگ اس کی تاویل کرتے ہیں۔اور تسہیل میں یہ تصریح کرتے ہوئے کہ معرفہ پر **لا** کا دخول نادر اور قلیل ہے مستند ابن جنی کو جائز شمار کیا جاتا ہے۔

ترکیب:۔ النوع الثالث الخ (النوع) موصوف (الثالث) صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتداء (مـــا) معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (لا) معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر موصوف (ال) حرف تعریف مبنی بر سکون (مشبھتان) اسم مفعول صیغہ تثنیہ مؤنث اسمیں (ھـمـا) پوشیدہ جس میں (ھا) ضمیر مرفوع متصل نائب فاعل مرفوع محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے موصوف (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون (بـــا) حرف جار مبنی بر کسر (لیس) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو اول (فی) حرف جار مبنی بر سکون (الـنفی) معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (الدخول) مصدر (علی) حرف جار مبنی بر سکون (المبتداء) معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (الخبر) معطوف المبتداء معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو الدخول مصدر اپنے ظرف لغو سے ملکر معطوف النفی معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو دوم (مشبھتـــان) اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور دونوں ظروف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (ترفعان) فعل مضارع معروف صیغہ تثنیہ مؤنثہ غائبہ (الف) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلاً مبنی بر سکون راجع بسوئے ماولا (الاسم) مفعول بہ۔ ترفعان فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (تـنـصـبـان) فعل مضارع معروف صیغہ تثنیہ مؤنث غائب (الف) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلاً مبنی بر سکون راجع بسوئے ماولا (الخبر) مفعول بہ۔ تنصبان فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (تـدخل) فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مؤنثہ غائبہ (ما) فاعل (عـلـی) حرف جار مبنی بر سکون (الـمـعـرفۃ) معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (الـنـکـرۃ) معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو۔ تدخل فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

(مثل) مضاف (ما زید قائما) مضاف الیہ مجرور تقدیراً مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثـال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے مـا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (ما) مشابہ بلیس مبنی بر سکون (زید) اسم (قائما) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم ما۔ قائما اسم

فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر **ما مشابہ بلیس** اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ **(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(لا تدخل)** نفی فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مؤنثہ غائبہ **(لا)** فاعل **(الا)** حرف استثنائی مبنی بر سکون **(علی)** حرف جار مبنی بر سکون **(النکرۃ)** مجرور جار مجرور مل کر مستثنیٰ مفرغ ہو کر ظرف لغو ہوا۔ **لا تدخل** فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا **(نحو)** مضاف **(لا رجل ظریفا)** مضاف الیہ مجرور تقدیراً نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مثالہ مقدر کی۔ **(مثال)** مضاف **(ہ)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے **لا** مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی **(لا)** مشابہ بلیس مبنی بر سکون **(رجل)** اسم **(ظریفا)** صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں **(ھو)** ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے رجل اسم **لا** صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ **لا** مشابہ بلیس اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

کتاب اللہ علیکم

(القرآن پارہ نمبر 22 سورۃ فاطر آیت نمبر 29)

سوال: اسمائے افعال کے معمولات یعنی مفاعیل مقدم نہیں ہوا کرتے اور یہاں پر **علیکم** اسم فعل بمعنی **الزموا** ہے۔ اور اس کا مفعول **کتاب اللہ** مقدم ہے؟

جواب: **علیکم** اسم فعل نہیں بلکہ جار مجرور ہے اور **کتاب اللہ** کا عامل محذوف ہے یعنی **کتب اللہ**۔ اب یہ جار مجرور اس فعل کے متعلق ہوگا یا اس کے نائب **کتاب اللہ** کے۔

النوع الرابع

حروف تنصب الا سم فقط وهی سبعة احرف الواو وهی بمعنی مع نحو استوی الماء والخشبة

شرح:۔ **قوله النوع الرابع** اس نوع میں ان حروف کا ذکر ہوگا جو اسم کو نصب دیں گے۔ جن کا نام حروف نواصب وحروف المعانی ہے ان کے عمل میں نحویوں کا اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ یہی حروف النواصب ہیں بعض کا خیال ہے کہ ناصب یہی نہیں بلکہ وہ افعال ہیں جو ان سے پہلے گذر چکے ہیں۔ مثلا **استوی الماء والخشبة** کا ناصب واؤ نہیں بلکہ **استوی** ہے۔ جو اس سے پہلے ہے۔ پھر عمل کی نسبت ان کی طرف کرنا محض واسطہ کی وجہ سے ہے۔

فائدہ:۔ جمہور کے نزدیک یہ نہ اسم ہیں نہ افعال بلکہ حروف ہیں بعض کے نزدیک یہ اسماء ہیں۔

قوله فقط اسمیں اشارہ ہے کہ یہ فقط ایک اسم کو نصب دیتے ہیں بخلاف ان کے ماقبل عوامل کے کہ وہ اسموں پر داخل ہوتے تھے۔

قوله الواو اس کو واو مصاحبت بھی کہتے ہیں۔ اس کے معمول کا نام مفعول معہ ہے یہ دراصل واو عاطفہ ہے جو محض بطور اختصار مع کے بجائے لائی گئی۔

ترکیب:۔ (**النوع**) موصوف (**الرابع**) صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدا (**حروف**) موصوف (**تنصب**) فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ اسمیں (**هی**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف (**الا سم**) مفعول بہ بسبب فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت حروف موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (**فا**) فصیحہ جو شرط مقدر کی جزا پر داخل ہوتی ہے مبنی بر فتح (**قط**) اسم فعل بمعنی **انته** مبنی بر سکون اسمیں (**انت**) پوشیدہ جسمیں (**ان**) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (**ت**) علامت خطاب مبنی بر فتح۔ **قط** اسم فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جزا شرط

مقدر(اذ انصبت بها الاسم) کی(اذا) ظرف زمان متضمن بمعنی شرط مفعول فیہ مقدم منصوب محلاً مبنی بر سکون (نصبت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر مبنی بر سکون (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح (با) حرف جار مبنی بر کسر (ھا) ضمیر مجرور متصل مبنی بر سکون مجرور محلاً راجع بسوئے حروف موصوف جار مجرور ملکر ظرف لغو (الاسم) مفعول بہ نصبت فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو اور مفعول بہ اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا (و) حرف عطف / حرف استیناف مبنی بر فتح (ھی) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے حروف موصوف (سبعة) ممیز مضاف (احرف) تمیز مضاف الیہ۔ ضمیر مضاف اپنی تمیز مضاف الیہ سے ملکر مبدل منہ یا خبر دوسری ترکیب پر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (الواو) خبر مبتدا محذوف (احدھا) کی (احد) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مجرور محلاً بسبب اضافت مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف کیساتھ ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (و) حرف عطف یا حرف استیناف مبنی بر فتح (ھی) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے الواو (با) حرف جار مبنی بر کسر (معنی) مضاف (مع) مضاف الیہ معنی مضاف الیہ اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتة مقدر کا۔ (ثابتة) اسم فاعل صیغہ واحدہ مؤنثہ اسمیں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا ثابتة اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ یا استفہامیہ ہوا (نحو) مضاف (استوی الماء والخشبة) مضاف الیہ مجرور تقدیراً نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے الواو مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (استوی) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب مبنی بر فتح مقدر (الماء) فاعل (و) بمعنی (مع) مبنی بر فتح (الخشبة) مفعول معہ۔ استوی فعل اپنے فاعل اور مفعول معہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

والا وھی للاستثناء نحو جاء نی القوم الا زیدا ویا وھی لنداء القریب والبعید وایا وھیا لنداء البعید، وای والھمزۃ المفتوحۃ وھما لنداء القریب

شرح:۔ **قولہ والا استثناء** کی مستقل بحث علم نحو میں بیان ہوتی ہے۔شارح قدس سرہ صرف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ **الا** عامل ناصب استثنا کیلئے آتا ہے۔اواستثناء کو مستثنی اور مستثنی منہ کی ضرورت ہوتی ہے۔**الا** وغیرہ کے ماقبل کا نام مستثنی منہ اور مابعد کا نام مستثنی ہے یہ **الا** ہر جگہ نصب نہیں دیتا بلکہ بعض ایسے مقامات ہیں جہاں ناصب ہے ورنہ بعض ایسے مقامات ہیں کہ کہیں یہ رفع اور کہیں نصب جواز دیتا ہے۔

قولہ استثناء بمعنی خارج کرنا اور نحویین کی اصطلاح میں خارج کرنا کسی شے کو ماقبل کے حکم سے **کلمہ الا** کے ساتھ یا اس چیز کے ساتھ جو **الا** کے معنی میں ہے۔اور مستثنی کی دو قسمیں ہیں۔ متصل اور منقطع۔متصل وہ ہے کہ شئی ذی عدد سے بذریعہ **الا** اور **اخوت الا** کے خارج کیا گیا ہو اور منقطع وہ ہے کہ **شی ذی** سے **الا** وغیرہ کے ساتھ خارج نہ ہو پس وہ تعریف جو صاحب منتخب نے کی ہے مستثنی کی کسی قسم پر صادق نہیں آتی۔

قولہ ویا یہاں سے **ندا** کی بحث شروع فرماتے ہیں حروف **ندائیہ** میں اصل حرف **یا** ہے اور باقی اس کے فروع ہیں **یا** کا اصل ہونا چند وجہ سے ہے۔(۱) حرف **یا** کثیر الاستعمال ہے بخلاف دوسروں کے۔ (۲) **اللہ تعالی** کے اسم گرامی پر بھی **یا** داخل ہوتا ہے۔ (۳) حرف **یا** منادی اور مندوب دونوں پر داخل ہوتا ہے۔نہ دوسرے وہ فقط منادی پر۔(۴) **یا** منادی سے پہلے مقدر ہو سکتا ہے نہ دوسرے (۵) **یا** قریب بعید اور متوسط ہر قسم کی ندا کیلئے موضوع ہے۔

قولہ وای اے کے متعلق تین مذہب ہیں (۱) بعید کیلئے (۲) متوسط کیلئے (۳) قریب کیلئے اس تیسرے مذہب میں ہمزہ بھی شامل ہیں۔

ترکیب:۔ **والا وھی الخ (و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(الا)** خبر مبتدا محذوف **ثانیھا (ثانی)** مضاف **(ھا)** ضمیر مجرور متصل مجرور محلا سبب اضافت مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ

خبریہ ہوا۔(و) حرف عطف/حرف استیناف مبنی بر فتح (هی) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے الا (ل) حرف جار مبنی بر کسر (الا ستثناء) مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتة مقدر کا۔(ثابتة) صیغہ واحدہ مونثہ اسم فاعل اسمیں (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا ثابتة اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔(نحو) مضاف (جاء نی القوم الا زیدا) مضاف الیہ مجرور تقدیراً نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے الامثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (جاء) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب مبنی بر فتح (نون) وقایہ کا مبنی بر کسر (ی) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلا مبنی بر سکون (القوم) مستثنی منہ (الا) حرف استثنا مبنی بر سکون (زیدا) مستثنی۔ مستثنی منہ اپنے مستثنی سے ملکر فاعل جاء فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (یا) خبر مبتدا محذوف ثالثها (ثالث) مضاف (ها) ضمیر مجرور متصل مجرور متصل مجرور محلا بسبب اضافت مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔(و) حرف عطف/حرف استیناف مبنی بر فتح (هی) ضمیر مرفوع منفصل مبتداء مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے یاء (ل) حرف جار مبنی بر کسر (نداء) مضاف (القریب) صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اسمیں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر (الشئی) صفت مشبہ اپنے فاعل سے ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (البعید) صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اسمیں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر صفت مشبہ اپنے فاعل سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر صفت موصوف مقدر الشئی کی موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ نداء مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتة مقدر کا۔(ثابتة) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اسمیں (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا ثابتة اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ یا استینافیہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ایا) خبر مبتدا محذوف رابعها (رابع) مضاف (ها) ضمیر مجرور متصل مجرور محلا بسبب اضافت مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ

خبریہ ہوا۔(و)حرف عطف مبنی بر فتح (هيا) خبر مبتدا محذوف خامسها (خامس) مضاف (ها) ضمیر مجرور متصل مجرور محلا بسبب اضافت مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔(و) حرف عطف یا حرف استیناف مبنی بر فتح (هما) میں (ها) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے ایاو هیا(م) حرف عماد مبنی بر فتح۔ (الف) علامت تثنیہ مبنی بر سکون (ل) حرف جار مبنی بر کسر (نداء) مضاف (البعيد) صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اسمیں (هــو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر الشئی ۔صفت مشبہ اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ۔نداء مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتتان مقدر کا۔(ثابتتان) اسم فاعل صیغہ تثنیہ مؤنث اسمیں (هما) پوشیدہ جسمیں (ها) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے مبتدا (م) حرف عماد مبنی بر فتح۔ (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون ثابتتان اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ یا مستانفہ ہوا۔ (و)حرف عطف مبنی بر فتح (ای) خبر مبتدا محذوف سادسها (سادس) مضاف (هــا) ضمیر مجرور متصل مجرور محلا بسبب اضافت مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔(و) حرف عطف مبنی بر فتح (الهمزة) موصوف (المفتوحة) صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر مبتدا محذوف سابعها کی (سابع) مضاف (ها) ضمیر مجرور متصل مجرور محلا بسبب اضافت مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (و) حرف عطف / استیناف مبنی بر فتح (هما) میں (ها) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے ای والھمزۃ المفتوحہ۔(م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون (ل) حرف جار مبنی بر کسر (نداء) مضاف (القريب) صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اسمیں (هــو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر الشئی القریب صفت مشبہ اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ نداء مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتان مقدر کا۔(ثابتتان) اسم فاعل صیغہ تثنیہ مؤنث اسمیں (هما) پوشیدہ جسمیں (ها) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفع محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے مبتدا (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون ثابتتان اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وهذه الحروف الخمسة تنصب الا سم اذا كان مضافا الى اسم اخر نحو يا عبدالله و ايا غلام زيد و هيا شريف القوم وای افضل القوم وا عبدالله و ترفع الا سم ان لم يكن ذلك الاسم مضافا مثل يا زيد و يا رجل

شرح:۔ **قوله وهذا الحروف** یہی حروف فعل کے قائم مقام ہو کر ناصب ہوتے ہیں پس **یا عبدالله** اصل میں **ادعو عبدالله** تھا یہ مذہب عبدالقاہر کا ہے۔ امام سیبویہ صاحب کہتے ہیں۔ کہ عامل وہ فعل محذوف ہے کہ جس کے قائم مقام یہی حروف ہیں اور ابوعلی فارسی کہتے ہیں کہ یہی حروف اسم فعل بمعنی ادعو ہیں جیسے **ها** اسم فعل بمعنی خذ ہے۔ پس یہ حرف اس اسم کو نصب لفظا دیں گے جو اسم مضاف یا شبہ مضاف ہو جیسے **یا عبدالله** اور **یا طالعا جبلا** اور **یا رجلا خذ بیدی** میں **رجلا** اس وقت منصوب ہو گا جب اس کا متکلم نابینا ہو گا۔

قوله و ترفع یعنی حروف ندا منادی مفرد معرفہ (خواہ معرفہ پہلے یا حرف ندا کے بعد معرفہ ہو) کو مبنی **علی الضم** کریں گے۔

ترکیب:۔ **وهذ ه الحروف الخ (و)** حرف عطف / حرف استیناف مبنی بر فتح **(ها)** حرف تنبیہ مبنی بر سکون **(ذه)** اسم اشارہ برائے مونثہ غائبہ مبنی بر سکون مبتدا مرفوع محلا موصوف **(الحروف)** صفت اول **(الخمسه)** صفت دوم تا برائے تذکیر اور یہ الحروف کی صفت نہیں کہ صفت کی صفت نہیں آتی۔ موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدا۔ یا **(ذه)** اسم اشارہ مبدل منہ اور **(الحروف)** موصوف **(الخمسه)** صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر بدل مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر مبتدا اور یہ بھی جائز ہے کہ **(ذه)** اسم اشارہ کو معطوف علیہ قرار دیں اور الحروف اپنی صفت سے ملکر عطف بیان ہو پھر معطوف علیہ اپنے عطف بیان سے ملکر مبتدا **(تنصب)** فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ اسکیں

(ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلامبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (الاسم) مفعول بہ (اذا) ظرف زمان مضاف مبنی بر سکون۔ (کان) فعل ماضی معلوم صیغہ واحد مذکر غائب مبنی بر فتح فعل ناقص اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم مرفوع محلامبنی بر فتح راجع بسوئے الاسم (مضافا) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلامبنی بر فتح راجع بسوئے اسم فعل ناقص۔ (الی) حرف جار مبنی بر سکون (اسم) موصوف (آخر) اسم تفضیل بمعنی غیر صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلامبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف آخر اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت اسم تفضیل کے استعمال بوجہ ثلثہ معلوم کیلئے شرط ہے۔ کہ معنی تفضیل پر باقی چونکہ لفظ آخر بمعنی غیر ہے معنی تفضیل پر باقی نہ رہا اسی لیے بوجہ ثلثہ معلومہ میں سے کسی ایک کے ساتھ نہیں۔ اسم موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو ہوا مضافا کا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (یا) حرف نداء برائے قریب یا بعید مبنی بر سکون قائم مقام ادعو (ادعو) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلامبنی بر سکون (زید) منادی مبنی بر ضم قائم مقام مفعول بہ منصوب محلا ادعو فعل اپنے فاعل اور منادی قائم مقام مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ (یا) حرف نداء برائے قریب یا بعید مبنی بر سکون قائم مقام ادعو (ادعو) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلامبنی بر سکون (رجل) منادی مبنی بر ضم قائم مقام مفعول بہ منصوب محلا ادعو فعل اپنے فاعل اور منادی قائم مقام مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ (ای) حرف نداء برائے قریب مبنی بر سکون قائم مقام ادعو (ادعو) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلامبنی بر سکون (افضل) اسم تفضیل مضاف واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلامبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر رجل (القوم) مضاف الیہ اسم تفضیل مضاف اپنے فاعل اور مضاف الیہ سے ملکر صفت۔ موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر منادی قائم مقام مفعول بہ۔ ادعو فعل اپنے فاعل اور منادی قائم مقام مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ھوا۔ (أ) حرف نداء برائے قریب مبنی بر سکون قائم مقام ادعو (ادعو) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلامبنی بر سکون (عبد) مضاف (اللہ) اسم جلالت مضاف الیہ عبد مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر منادی قائم مقام مفعول

بہ ادعو فعل اپنے فاعل اور منادی قائم مقام مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ مضافا اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ کان فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مضاف الیہ مجرور محلاً اذا ظرف زمان مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ منصوب محلاً نصب فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ صغریٰ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ **کبری ذات وجهین** ہوا۔

(نحو) مضاف **(یا عبد الله)** مجرور تقدیراً معطوف علیہ **(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(ایا غلام زید)** معطوف مجرور تقدیراً **(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(هیا شریف القوم)** معطوف مجرور تقدیراً **(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(ای افضل القوم)** معطوف مجرور تقدیراً **(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(اعبدالله)** معطوف مجرور تقدیراً معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے ملکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالھا مقدر کی **(مثال)** مضاف **(ها)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر سکون راجع بسوئے الحروف الخمسۃ۔ مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی **(یا)** حرف ندا مبنی بر سکون برائے ندائے قریب یا بعید قائم مقام **(ادعو)** **(ادعو)** فعل مضارع معروف واحد متکلم اسمیں **(انا)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر سکون **(عبد)** مضاف **(الله)** اسم جلالت مضاف الیہ عبد مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر منادی قائم مقام مفعول بہ **ادعو** فعل اپنے فاعل اور منادی قائم مقام مفعول بہ ادعو فعل اپنے فاعل اور منادی قائم مقام مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ **(ایا)** حرف ندا برائے بعید مبنی بر سکون قائم مقام **ادعو** **(ادعو)** فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں **(انا)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر سکون **(غلام)** مضاف **(زید)** مضاف الیہ غلام مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر منادی قائم مقام مفعول بہ۔ **ادعو** فعل اپنے فاعل اور منادی قائم مقام مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ **(هیا)** حرف نداء برائے بعید مبنی بر سکون قائم مقام **ادعو** **(ادعو)** فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں **(انا)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر سکون **(شریف)** مضاف صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اسمیں **(هو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر رجل **(القوم)** مضاف الیہ **شریف** صفت مشبہ مضاف اپنے فاعل اور مضاف الیہ سے ملکر صفت موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر منادی قائم مقام

مفعول بہادو فعل اپنے فاعل اور منادی قائم مقام مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

(و) حرف عطف مبنی بر فتح **(ترفع)** فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مؤنثہ غائبہ اسمیں **(ھی)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے الحروف الخمسۃ **(الاسم)** مفعول بہ۔ ترفع فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزائے مقدم **(ان)** حرف شرط مبنی بر سکون **(لم یکن)** صیغہ واحد مذکر غائب بحث نفی **حجد بلم** اور فعل مستقبل معروف فعل ناقص **(ذا)** اسم اشارہ مبنی بر سکون مرفوع محلا موصوف **(ل)** حرف جعید مبنی بر سکون **(ک)** حرف خطاب مبنی بر فتح **(الاسم)** صفت ذا موصوف اپنی صفت سے ملکر اسم فعل ناقص **(مضافا)** اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اسمیں **(ھو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم فعل ناقص مضافا اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر **لم یکن** فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے ملکر شرط مؤخر شرط مؤخر اپنی جزائے مقدم سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ **(مثل)** مضاف **(یا زید)** مجرور تقدیرا معطوف علیہ **(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(یا رجل)** معطوف مجرور تقدیرا معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ **(مثال)** مضاف **(ہ)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے اسم کو رفع دینا بر تقدیر مضاف نہ ہونیکے مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

انقید انقاد

تشریح:۔ قید فعل مجہول جیسے **بیع**۔ **انقاد** ماضی معلوم از **انقیادا**۔

ترکیب: **ان** شرطیہ **قید** فعل ماضی مجہول شرط **انقاد:** فعل ماضی معلوم از **انقیاد** اجزا۔

ترجمہ: اگر باندھا جائے تو سر جھکا دے یہ حدیث شریف کا ایک جملہ ہے اصل حدیث یوں ہے۔

المومن كالجمل ان قيد انقاد وان استنيخ على صخرة استناخ

ترجمہ:۔ مومن اونٹ کی طرح ہے اگر اسے باندھا جائے تو سر تسلیم خم کرے اور اگر پتھر پر بٹھایا جائے تو بیٹھ جائے۔

(تفسیر روح البیان صفحہ نمبر 240/6 سورۃ فرقان پارہ نمبر 19 ماتحت آیت نمبر 63)

النوع الخامس

حروف تنصب الفعل المضارع وھی اربعۃ احرف ان ولن وکی واذن

شرح:۔قولہ النوع الخامس مصنف جب اسماء کے عوامل سے فارغ ہوئے تو اب افعال کے عوامل کو شروع فرمارہے ہیں چونکہ عمل کرنے میں حروف اصل ہیں اسی لیے ان کو مقدم کیا گیا۔ یہ حروف مضارع کے آخر کو لفظا یا تقدیرا فتح دیتے ہیں جبکہ فعل مضارع کے آخر میں ضمیر تثنیہ وضمیر جمع مذکر اور ضمیر واحد مونث حاضر نہ ہوا اور ان ضمائر کے اتصال کے وقت نون اعرابی کو ساقط کرتے ہیں اور نون ضمیر جمع مونث کے ساتھ مبنی بر سکون ہوتا ہے اس لیئے کہ نون اپنے ماقبل سکون چاہتا ہے۔پس ماقبل نون مفتوح ہونا ممکن نہ رہا اور نون کا حذف بھی ممکن نہیں اس لیئے کہ ضمیر ہے او جو نون ضمیر تثنیہ یا ضمیر جمع مذکر یا ضمیر واحد مونث حاضر کے ساتھ ملا ہوا ہو تو وہ حالت نصبی وجزمی میں ساقط ہو جاتا ہے۔ان حروف کے فعل مضارع پر داخل ہونے کے وقت۔قولہ وھی اربعۃ الخ کوفیوں کے نزدیک انکے سوا چھ اور ہیں (۱) حتی (۲)لام کی (۳)لام جحود (۴)فاء (۵) واو بمعنی الی ان (۶) واو بمعنی الا ان۔

ترکیب:۔ النوع الخ(النوع)موصوف (الخامس) صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا (حروف) موصوف (تنصب) فعل مضارع معلوم صیغہ واحد مونث غائب (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف (الفعل) موصوف (ال) حرف تعریف مبنی بر سکون (مضارع) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف مضارع اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت الفعل موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ منصب فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صفت حروف موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ خبریہ مستانفہ ہوا۔(و) حرف عطف/حرف استیناف مبنی بر

فتح (ھــــی) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے حروف موصوف (اربــــعۃ) ممیز مضاف (احــرف) مضاف الیہ اربعۃ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبدل منہ (ان) معطوف علیہ مرفوع تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (لن) معطوف مرفوع تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (کی) معطوف مرفوع تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (اذن) معطوف مرفوع تقدیرا (ان) معطوف علیہ اپنے تینوں معطوفات سے مل کر بدل الکل مبدل منہ اپنے بدل الکل سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ/مستانفہ ہوا۔

من کان یؤمن باللہ والیوم الاخر فعلیہ الجمعۃ یوم الجمعۃ الامریض

(الحدیث مشکوۃ شریف 122/1 بحوالہ دار قطنی بروایت جابر رضی اللہ عنہ)

سوال:۔ مریض مستثنیٰ ہے اور کلام موجب میں واقع ہے تب بھی منصوب نہیں ہوا؟

جواب:۔ یہ ہے کہ مریض منصوب لیکن اس سے الف لام حذف کر دیا گیا۔ یہ محدثین کی عام عادت ہے۔ جیسے کہتے ہیں **سمعت انس ب انس** میں الف علامت نصب نہیں لکھی اسی طرح **ازی مالك خازن النار** میں **المالك** سے الف لام حذف کر دیا گیا۔

اکلا وذما

تشریح:۔ دونوں مفعول مطلق ہیں اور دونوں کے فعل محذوف ہیں مثلاً **یاکل اکلا ویذم ذما** کھانا اور پھر مذمت بھی کرنا یہ اس وقت جب کسی سے نفع اٹھایا جائے اور پھر اس کی مذمت بھی کی جائے حالانکہ وہ ذم کا مستحق بھی نہیں ہے۔ قال سیدی احمد رضا قدس سرہ رحمۃ اللہ علیہ فی ذم النجدیۃ المارای تہوراجم علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

تیرا کھائیں اور تیرے غلاموں سے الجھیں   ہیں عجب کھانے غرانے والے!

فان للاستقبال و ان دخلت على الماضي نحو اسلمت ان ادخل الجنة و ان دخلت الجنة وتسمى هذه مصدرية ولن لتاكيد نفي المستقبل مثل لن تراني

شرح:۔ ان مصدریہ کا عمل مشابہت کی وجہ سے ہے جو کہ اس کو ان مشددہ کیساتھ حاصل ہے۔اس بات میں کہ یہ دونوں جملہ پر داخل ہو کر جملہ کو مفرد کی تاویل میں کر دیتے ہیں چنانچہ کہتے ہیں کہ **احب ان تقوم** کے معنی **احب قیامك** کے ہیں اور باقی تین حروف جمہور کے نزدیک عمل کرتے ہیں۔ان کی مشابہت کیوجہ سے اس بات میں ہر ایک استقبال کیلئے اور خلیل کے نزدیک تین حروف باقی خود نہیں عمل کرتے بلکہ ان کے بعد ان مضمر ہوتا ہے۔

ان دو قسم ہے۔(۱) اسمی چون ضمیر متکلم (۲) حرفی یہ چار قسم ہے۔(۱) زائدہ **ولما ان جات رسلنا**۔ (۲) مخففہ من المثقلہ **علم ان سیکون** (۳) حرف تفسیر **وناديناه ان يا ابراهيم** ۔(۴) مصدریہ **اسلمت ان ادخل الجنة** ۔یہی مصدریہ معرض بحث ہے اور عمل کرنے میں ان تینوں سے مصدریہ اصل ہے وجہ یہ کہ اس **ان** کو **ان** حرف مشبہ بالفعل سے صوری مشابہت ہے اور عمل میں بھی کہ وہ اسم کا ناصب ہے یہ فعل کا۔

فائدہ: **ان** مصدریہ کے عامل ہونے میں سب نحویوں کا اتفاق ہے۔اور باقی تینوں میں اختلاف کرتے ہیں۔بعض کہتے ہیں کہ وہ خود عامل ہوتے ہیں۔اور بعض کے نزدیک عامل ان دیگر مقدر ہے۔یہ اس کے مظہر ہیں مثلا **لن يضرب** میں مذہب اول کے نزدیک عامل یہی **لن** ہے۔اور مذہب ثانی کے نزدیک عامل ان ہے جو **لن يضرب** سے پہلے مقدر ہے اصل میں یہ عبارت **ان لن يضرب** تھا۔

قوله لن لتاكيد مغنی میں ہے کہ **لن** فعل مستقبل کیلئے آتا ہے۔اس میں معنی نفی کا ہے۔بغیر تاکید و تائید مگر زمخشری

کہتا ہے کہ نفی میں اصل **لا** ہے جب تاکید ومبالغہ مقصود ہوتا ہے تو لفظ **لن** لاتے ہیں۔ یہ مختار مذہب ہے چنانچہ مصنف نے بھی اس کو پسند فرمایا۔

ترکیب:۔ **فان للاستقبال الخ (ف)** برائے تفصیل مبنی بر فتح **(ان)** مبتدا مرفوع تقدیرا **(ل)** حرف جار مبنی برکسر **(الاستقبال)** مجرور جار مجرور مل کر کر ظرف مستقر **ثابتة** مقدر کا۔ **(ثابتة)** اسم فاعل صیغہ واحدہ مونث **(هي)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مرفوع محلا راجع بسوئے مبتدا ذوالحال **(و)** حالیہ مبنی بر فتح **(ان)** وصلیہ مبنی برسکون **(دخلت)** فعل ماضی معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ اسمیں **(هي)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے ان **(على)** حرف جار مبنی برسکون **(ال)** حرف تعریف **(ماضي)** اسم فاعل صیغہ واحد مذکر **(هي)** ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف ماضی اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت **(الفعل)** موصوف مقدر کی موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ظرف لغو **دخلت** فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل **(ثابتة)** اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **(نحو)** مضاف **(اسلمت ان ادخل الجنة)** معطوف علیہ مجرور تقدیرا **(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(ان دخلت الجنة)** بتقدیر **(اسلمت)** معطوف مجرور تقدیرا معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر **مثاله** کی۔ **(مثال)** مضاف **(ه)** ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء معہ خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ برارادہ تقدیر معنی۔ **(اسلمت)** فعل ماضی معروف مبنی برسکون صیغہ واحد متکلم **(ت)** ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم **(ان)** ناصبہ موصول حرفی مبنی برسکون **(ادخل)** فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں **(انا)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برسکون **(الجنة)** مفعول فیہ **(ادخل)** فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہو کر مجرور **(ل)** حرف جار مقدر کا حرف جار مقدر اپنے مجرور سے ملکر ظرف لغو یا موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر منصوب تبرع خافض مفعول بہ **(اسلمت)** فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا **(ان)** ناصبہ موصول حرفی مبنی برسکون **(دخلت)** فعل ماضی معروف مبنی برسکون صیغہ واحد متکلم **(ت)** ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل مرفوع محلا

مبنی برضم (الجنۃ) مفعول فیہ (دخلت) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ (ان) موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر مجرور (لام) حرف جار مقدر کا (لام) حرف جار مقدر اپنے مجرور سے ملکر ظرف مستقر اسلمت مقدر کا۔ یا موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر منصوب بنزع خافض مفعول بہ اسلمت مقدر کا (اسلمت) فعل ماضی معروف مبنی برسکون صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل مرفوع محلا مبنی برضم (اسلمت) فعل اپنے فاعل سے ملکر اور ظرف مستقر یا مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (و) حرف عطف یا استیناف مبنی برفتح (تسمی) فعل مضارع مجہول صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (ھا) حرف تنبیہ مبنی برسکون (ذہ) اسم اشارہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی علی السکون (مصدریۃ) اسم منسوب صیغہ واحدہ مونثہ اسمیں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے (ھذہ) (مصدریۃ) اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے ملکر مفعول بہ (تسمی) فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا (و) حرف استیناف مبنی برفتح (لن) مرفوع تقدیرا (ل) حرف جار مبنی برکسر (تاکید) مضاف (نفی) مضاف الیہ (ال) حرف تعریف مبنی برسکون (مستقبل) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے موصوف مقدر الفعل۔ مستقبل اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت مقدر موصوف الفعل کی۔ موصوف اپنی صفت سے ملکر کر مضاف الیہ تاکید کا۔ تاکید مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتۃ مقدر کا۔ (ثابتۃ) صیغہ اسم فاعل واحدہ مونثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے مبتداء (ثابتۃ) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا (مثل) مضاف (لن ترانی) مضاف الیہ مجرور تقدیرا مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مضاف الیہ مجرور محلا مبنی برضم راجع بسوئے (لن) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (بر تقدیر ارادہ معنی) (لن ترا) صیغہ واحد مذکر حاضر بحث نفی تاکید بلن در فعل مستقبل معروف اس میں (انــت) ضمیر پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی برسکون (ت) علامت خطاب مبنی برفتح (نی) ن وقایہ کا مبنی برکسرہ (ی) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلا مبنی برسکون (لن ترا) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واصلها لا ان عند الخليل فحذفت الهمزة تخفيفا فصارت لان ثم حذفت الالف لالتقآء الساكنين فبقيت لن وكي للسببيه اى يكون ما قبلها سببا لما بعدها

شرح:۔ **قوله واصلها لاان** اس لفظ میں تین مذہب ہیں(۱) سیبویہ کہتا ہے کہ یہ اسی طرح پر ان ناصبہ ہے اپنے اصل پر ہے۔ (۲) فراء کہتا ہے کہ اس کا اصل **لا** ہے جیسے **لم** کا اصل **لا** ہے پس الف کو نون سے تبدیل کیا گیا ہے۔ (۳) خلیل کا جس کو مصنف **رحمه الله تعالى** نے متن میں ذکر فرمایا۔

قوله كَيْ اس میں تین مذہب ہیں(۱) **اخفش** یہ فرماتے ہیں کہ **كَيْ** ہمیشہ حرف جارہ ہے اس کا مابعد منصوب ہوتا ہے بتقدیر ان کے نحو **اسلمت كَيْ ادخل الجنة اى كَيْ ان ادخل الخ**(۲) مذہب **بصريين** یہ ہے کہ **كَيْ** مشترک ہے درمیان حروف جارہ وحروف ناصبہ الفعل کے پس **كَيْ ان تكرمني** میں حرف جار ہے۔اور **لِكَيْ لا تاسوا** میں حرف ناصب ہے۔ (۳) مذہب کوفیین جس کو مصنف نے متن میں اختیار فرمایا ہے کہ **كَيْ** بمعنی ان خود ناصب ہے۔ اور فراء **اصل لن** کی **لا** کہہ کر الف کو نون کیساتھ بدل دینے کا قائل ہوا ہے۔اور سیبویہ نے **لن** کو **حروف براسه** کہا ہے۔

ترکیب:۔ **واصلها الخ(و)** حرف عطف/حرف استیناف مبنی بر فتح **(اصل)** مضاف **(ها)** ضمیر مضاف الیہ مجرور متصل مجرور محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے **(لن)** **(اصل)** مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء **(لا ان)** خبر مرفوع تقدیرا **(عند)** مضاف **(الخليل)** مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول **فيه** ہوا نسبت کا جو مبتدا اور خبر کے درمیان ہے۔مبتداء اپنی خبر اور نسبتی مفعول **فيه** سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ معطوفہ ہوا۔**(ف)** برائے تفصیل مبنی بر فتح **(حذفت)** فعل ماضی مجہول مبنی بر فتح صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ **(الهمزة)** نائب فاعل **(تخفيفا)** مفعول لہ **(حذفت)** فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول لہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مفصلہ ہوا۔

(ف) حرف عطف برائے تفریع مبنی بر فتح (صارت) فعل ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحدہ مونث غائب اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے لاان (لاان) خبر منصوب تقدیرا (صارت) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔ (ثم) حرف عطف مبنی بر فتح (حذفت) فعل ماضی مجہول مبنی بر فتح صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (الالف) نائب فاعل (ل) حرف جار (التقاء) مضاف (الساکنین) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (حذفت) فعل اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ خبریہ معطوفہ ہوا (ف) حرف عطف برائے تفریع مبنی بر فتح (بقیت) فعل ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (لن) فاعل (بقیت) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ (و) حرف عطف مبنی بر فتحہ (کی) مبتداء مرفوع تقدیرا (ل) حرف جار مبنی بر کسر (السببیۃ) مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر ثابتۃ مقدر کا۔ (ثابتۃ) صیغہ واحدہ مونثہ اسم فاعل کا جس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے کَیْ۔ (ثابتۃ) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا (ای) حرف تفسیر مبنی بر سکون (یکون) فعل مضارع صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص (ما) اسم موصول مبنی بر سکون (قبل) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مبنی بر سکون راجع بسوئے (کی) (قبل) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہوا (ثبت) فعل مقدر کا (ثبت) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم موصول (ثبت) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر اسم فعل ناقص (سببا) موصوف (ل) حرف جار مبنی بر کسرہ (ما) اسم موصول مبنی بر سکون مجرور محلا (بعد) مضاف (ھا) مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے (کی) (بعد) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ثبت فعل مقدر کا۔ (ثبت) فعل ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم موصول ثبت فعل اپنے فاعل مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔ (ثابتا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف ثابتا اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت (سببا) موصوف مع صفت خبر یکون فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا۔

مثل اسلمت کی ادخل الجنة فان الا سلام سبب لدخول الجنة و اذن للجواب والجزاء وهو لا يتحقق الا فی الزمان المستقبل فهی لاتدخل فهی لا تدخل الا علی الفعل المستقبل مثل اذن تدخل الجنة فی جواب من قال اسلمت

شرح:۔ **قوله اذن** عندالجمہور یہ حرف ہے اور بعض کے نزدیک یہ ظرف ہے **اذن اکرمك** دراصل **اذا جئتنی اکرمك** تھا۔ بس **جئتنی** محذوف ہوا اس کے عوض تنوین دی گئی۔ جس کو نون سے پڑھا اور لکھا گیا ہے۔ اور ذال پر زبر ہی کیونکہ یہ ظرف ہے اور ظرف منصوب ہوتا ہے اسکے بعد ان مقدر ہے اور اگر اسے حرف سمجھا جائے تو پھر یہ بسیط ہے ورنہ مرکب اور ناصب بھی خود بنفسہ ہے۔ نہ یہ کہ اس کے بعد ان مقدر ہے۔

قوله للجواب یعنی دوسرے کلام کیلئے جواب ہو خواہ وہ کلام ملحوظ ہو یا مقدر۔

قوله وهو لا يتحقق اذن تین شرطوں کا محتاج ہے اگر موجود ہوں گی تو **ان** عامل بنے گا ورنہ نہیں۔
(۱) اس سے پہلے جملہ ہو۔ (۲) درمیان **اذن** اور اس کے مدخول کے غیر کا فاصلہ نہ ہو۔ (۳) اس کا مدخول مستقبل ہو جس کو شارح نے بیان فرمایا ہے۔

ترکیب:۔ **(مثل)** مضاف **(اسلمت کی ادخل الجنة)** مضاف الیہ مجرور تقدیراً مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مقدر مبتداء **مثاله** کی۔ **(مثال)** مضاف **(ہ)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور تقدیراً مبنی برضم راجع بسوئے **کی** مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی **(اسلمت)** فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم **(ت)** ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل مرفوع محلاً مبنی بر

ضم (اسلمت) فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (کی) حرف ناصب مبنی بر سکون (ادخل) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم (انا) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (الجنة) مفعول فیہ (ادخل) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ معللہ ہوا۔ (ف) حرف تعلیل مبنی بر فتح (ان) حرف ناصل مبنی بر فتح (الاسلام) اسم (سبب) موصوف (ل) حرف جار (دخول) مضاف (الجنة) مضاف الیہ (دخول) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثابت) صیغہ اسم فاعل واحد مذکر (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت سبب موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر (ان) حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ (و) حرف عطف/ استیناف مبنی بر فتح (اذن) مبتداء مرفوع تقدیرا (ل) حرف جار مبنی بر کسر (الجواب) معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (الجزاء) معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتة مقدر کا۔ (ثابتة) صیغہ اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اسمیں (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتداء ثابتة اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ خبریہ معطوفہ یا مستانفہ ہوا۔ (و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر فتح (هــو) ضمیر مرفوع منفصل مرفوع محلا مبتداء راجع بسوئے (اذن کا جواب و جزا ہونا) (لا یتحقق) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتداء (الا) حرف استثنا مبنی الاصل مبنی بر سکون (فی) حرف جار مبنی الاصل مبنی بر سکون (الزمان) موصوف (ال) حرف تعریف (المستقبل) صیغہ اسم فاعل واحد مذکر (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف (مستقبل) اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت (الزمان) موصوف و صفت مل کر مجرور جار مجرور ملکر مستثنیٰ مفرغ ہوکر ظرف لغو ہوا۔ (لا یتحقق) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ صغریٰ ہوکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ کبریٰ ذات و جهین ہوا۔ (ف) حرف عطف برائے تفریع مبنی بر فتح (هــی) ضمیر مرفوع منفصل مبتداء مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اذن (لا تدخل) فعل نفی مضارع معروف واحدہ مونثہ غائبہ (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل محلا مبنی

برفتح راجع بسوئے مبتداء (الا) حرف استثناء مبنی بر سکون علی حرف جار مبنی بر سکون (الفعل) موصوف (ال) حرف تعریف (مستقبل) صفت صیغہ اسم فاعل از باب استفعال اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف (مستقبل) اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف مع صفت مجرور جار مجرور مستثنیٰ مفرغ ہوکر ظرف لغو (لا تدخل) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ صغری ہوکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ کبری ہوا (مثل) مضاف (اذن تدخل الجنة) ذوالحال مجرور تقدیرا (فی) حرف جار مبنی الاصل مبنی بر سکون (جواب) مضاف (من) اسم موصول مبنی بر سکون (قال) فعل ماضی معلوم مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم موصول (اسلمت) فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی بر ضم اسلمت فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مراد اللفظ ہوکر مقولہ ہوا۔ (قال) فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے ملکر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مضاف الیہ جواب مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔ (ثابتا) صیغہ اسم فاعل واحد مذکر (ھو) ضمیر پوشیدہ مرفوع متصل مرفوع محلا فاعل مبنی بر فتح راجع بسوئے ذوالحال اپنے حال سے ملکر مضاف الیہ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مقدر مبتداء مثاله کی۔ (مثال) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرو محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے اذن مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(اذن) حرف ناصب مبنی بر سکون (تدخل) فعل مضارع صیغہ واحد مذکر حاضر ضمیر (ان) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ جس میں (ت) علامت خطاب (الجنة) مفعول فیہ (تدخل) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

کی تجنحون الی سلم وما ثئرت

تشریح:۔ یہ ایک شعر کا حصہ ہے جس کا آخر یوں ہے۔ قتلا کم ولظی الھیجاء تضطرم۔

سوال:۔ کی عامل ناصب ہے لیکن تجنحون پر عمل نہیں کیا؟

جواب:۔ یہ کہ کی کیف کا مخفف ہے اور کیف عامل نہیں۔

النوع السادس

حروف تجزم الفعل المضارع وهی خمسة احرف لم ولما ولام الامر ولا النهی وان للشرط والجزاء

شرح:۔ النوع السادس اس نوع میں حروف جازمہ کا ذکر ہے ان میں عمل کے لحاظ سے اصل ان اور باقی اس کے فرع ان کے نام حروف المعانی، حروف الجوازم اور حروف الحقل ہیں ان کو حروف الحقل اس لیے کہتے ہیں کہ یہ ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہوتے رہتے ہیں۔

جبکہ فعل مضارع کا آخری حرف صحیح ہو تو یہ حروف جازمہ اس پر داخل ہونے کے بعد آخر فعل مضارع کو جزم دیں گے۔ اور ضمیر تثنیہ وضمیر جمع مذکر ضمیر واحدہ مؤنثہ حاضرہ کے اتصال کے وقت نون اعرابی کو ساقط کرتے ہیں اور جبکہ اس کے آخر کے ساتھ نون ضمیر جمع مونث متصل ہو جائے تو فعل مضارع مبنی رہےگا۔ اور جبکہ فعل مضارع ناقص الاخر یعنی آخری میں حروف علت و، ا، یاء آئے تو یہ حروف علت و، ا، یا، ہو تو یہ حرف آخر سے گر جاتے ہیں۔

اور یہ حروف مشابہت ان کیجبسے عمل جزم کرتے ہیں لہذا مناسب یہ تھا کہ ان جازمہ کی مثال کو مقدم لائے باقی جوازم پر۔

قوله ان یہ چار قسم ہیں۔ (۱) مخففه من الثقله ۔ قال تعالی ان وجدنا اکثرهم لفاسقین ای انه وجدنا اس کی علامت یہ ہے کہ اس کے بعد لام تاکید آئیگی۔ (۲) نافیه قال تعالی ان الکفرون الا فی غرور۔ اس کی علامت یہ ہے کہ اس کے بعد حرف استثناء آئیگا۔ (۳) زائدہ قال الشاعر ما ان طبنا حین الخ ترجمہ ہماری عادت بزدلی کی نہیں ہے۔ (۴) شرطیہ جس کا ذکر متن میں ہے جو دو جملے فعل مضارع ہوں تو دونوں لفظاً مجزوم ہوں گے۔ ان تنتهوا یغفرلکم یا شرط مضارع ہو تو بھی جزم پڑھنا لازم ہے۔ قال تعالی ان تنتهوا فهو خیر لکم اگر مضارع جزا واقع ہو تو مضارع کو مجزوم و مرفوع ہر دونوں پڑھنا جائز ہے۔ نحو ان ضربت اضرب حروف شرطیہ تین ہیں (۱) لو (۲) اما (۳) ان جس کا ذکر ابھی ہوا باقی

ابحاث احقر کی شرح کافیه اور نعم الحامی شرح شرح جامی میں دیکھیں۔

ترکیب:۔النوع الخ (النوع) موصوف (السادس) صفت موصوف صفت مل کر مبتداء (حروف) موصوف (تجزم) فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ اس میں (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف (الفعل) موصوف (ال) حرف تعریف مبنی بر سکون (مضارع) صیغہ اسم فاعل واحد مذکر اسمیں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مضارع اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت الفعل موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ (تجزم) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صفت حروف موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا (و) حرف استینافہ مبنی الاصل مبنی بر فتح (هی) ضمیر مرفوع منفصل مبنی الاصل مبنی بر فتح مرفوع محلا مبتداء راجع بسوئے حروف موصوفہ (خمسه) ممیز مضاف (احرف) تمیز مضاف الیہ سے ملکر مبدل منہ (لم) معطوف علیہ مرفوع تقدیرا (و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر فتح (لما) معطوف مرفوع تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (لام) مضاف (الامر) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف (و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر فتح (لا) مضاف مرفوع تقدیرا (النهی) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف (و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر فتح (ان) مرفوع تقدیرا ذوالحال (ل) حرف جار مبنی الاصل مبنی بر کسر (الشرط) معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (الجزاء) معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتة مقدر کا۔ (ثابتة) صیغہ اسم فاعل واحدہ مونثہ (هی) ضمیر پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے ذوالحال (ثابتة) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال (ان) ذوالحال اپنے حال سے ملکر معطوف (لم) معطوف علیہ اپنے معطوفات سے ملکر بدل الکل مبدل منہ اپنے بدل الکل سے ملکر خبر (هی) مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ترکیب ثانی۔(لم) الخ کو احدها محذوف کی خبر بنا کر یوں ترکیب کر سکتے ہیں کہ لم حرف جازم حرف مبنی الاصل مبنی بر سکون مرفوع تقدیرا خبر (احدها) مبتداء محذوف کی مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (اسی طرح باقی تمام حروف عوامل کی ترکیب ہوگی۔)

فلم تجعل المضارع ماضیا منفیامثل لم یضرب بمعنی ما ضرب ولما مثل لم لکنها مختصة بالاستغراق

شرح:۔ **قوله لم** اس میں دو مذہب ہیں (۱) بعض نحوی جن میں جزولی شامل ہے۔ فرماتے ہیں۔ کہ لم مضارع کے معنی اور لفظ کو بھی ماضی کے ساتھ تبدیل کرتا ہے۔ مگر اس کی مثال کلام عرب میں نہیں ملتی۔ (۲) جمہور نحات کا مذہب ہے کہ لم مضارع کے فقط معنی کو ماضی کی طرف تبدیل کرتا ہے **لم یضرب** بمعنی **ما ضرب** کبھی اسکے مابعد کو جزم نہیں بھی دیتے مگر بوقت ضرورت شعری کما قال الشاعر **الم یاتیك والا نبیاء تنمی الخ** اگر لم جزم دیتا تو **یاتیك** میں یا گر جاتی اور مغنی میں ہے کہ لحیان کا گمان ہے کہ لم ناصبہ ہے قال بعض العرب **الم نشرح لك بفتح الحاء**۔

قوله ولما یہ لم کی طرح ہے مگر چند وجوہ سے ان میں فرق ہے۔ (۱) لم پر حرف شرط نہیں آسکتا پس **ان لما یقم** نہیں کہہ سکتے ہیں۔ اور قرآن میں بھی ہے۔ **وان لم تفعلوا** (۲) **لما** کی نفی تا وقوع فعل ہمیشہ رہتی ہے۔ اور لم کی نفی میں استمرار محتمل ہے۔ (۳) **لما** متوقع الثبوت ہوتا ہے۔ (۴) **لما** کے مدخول کو حذف کر سکتے ہیں بخلاف لم کے مدخول کے کہ اسے حذف نہیں کر سکتے۔

فائدہ:۔ **لما** استثناء کا معنی دیتا ہے۔ **ان کل لما علیها حافظ** (القرآن)۔

قوله لما لم کی طرح ہے اس بات میں کہ مضارع کو ماضی بنا دیتا ہے۔ زمانہ کے اعتبار سے اور یہ جمہور کا مذہب ہے اور جزولی کا قول دونوں کے بارہ میں یہ ہے کہ دونوں لفظ مستقبل کو ماضی کر دیتے ہیں۔ ساتھ اس کے معنی کے اول صحیح ہے اس لیے کہ اس کیلئے نظیر ہے بخلاف ثانی کہ اس کیلئے نظیر نہیں ہے۔ اور جبکہ **لما وهی لم** ہے اور اس کے اوپر لفظ **ما** زائد کر دیا گیا ہے۔ مانند **اینما وا ما** شرطیہ کے تو اس زیادتی کی وجہ سے چند اشیاء کے ساتھ خاص ہو گیا ہے۔ ایک ان میں یہ ہے کہ یہ امر متوقع کی نفی کیلئے آتا ہے۔ جیسا کہ **قد** ماضی مثبت میں ثبوت امر متوقع پر **دال** ہے مثلاً اس شخص کو جو کہ امیر کے سوار ہونے کا متوقع تھا کہا جاتا ہے کہ **لما یرکب الامیر** دوسرا یہ کہ **لما ادوات** شرط پر نہیں آتا پس **ان لما یضرب** صحیح نہیں ہے۔ بخلاف **ان لم یضرب** کے تیسری یہ کہ فعل مجزوم کا حذف اس کے اندر

جائز ہے بخلاف لم کے جیسا شارفت المدینة و لما ای ادخلها (الوافی والرضی)

ترکیب:۔ فلم یَجعل الخ (ف) برائے تفصیل مبنی الاصل مبنی بر فتح (لم) مبتداء مرفوع تقدیر (یَجعل) فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (هــي) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتداء (ال) حرف تعریف مبنی بر سکون (مضارع) اسم فاعل از باب مفاعلہ صیغہ واحد مذکر (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر مضارع۔ اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف مقدر الفعل کی۔ موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ اول (ماضیا) موصوف (منفیا) صیغہ واحد مذکر اسم مفعول (هــو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف منفیا اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت (ماضیا) موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ دوم (تجعل) فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ صغری ہو کر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مفصلہ کبری ذات وجہین ہوا۔

(مثل) مضاف (لم یضرب) مجرور تقدیرا ذوالحال (ب) حرف جار (معنی) مضاف (ماضرب) مضاف الیہ مجرور تقدیرا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔ (ثابتا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر (هو) ضمیر پوشیدہ مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی بر فتح فاعل راجع بسوئے ذوالحال، ذوالحال اپنے حال سے ملکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے لم (مثال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (و) حرف عطف/حرف استیناف مبنی الاصل مبنی بر فتح (لـمـا) مبتداء مرفوع تقدیرا (مثل) مضاف (لم) مضاف الیہ مجرور تقدیرا (مثل) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ یا مستانفہ ہوا (لکن) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح (ها) ضمیر منصوب متصل اسم منصوب محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے (لما) (مختصة) اسم مفعول صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (هي) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم لکن (با) حرف جار مبنی الاصل مبنی بر کسر (الاستغراق) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو مختصة اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر لکن اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مثل لما یضرب زید ای ماضرب زید فی شئی من الازمنة الماضیه ولام الامر وھی لطلب الفعل اما عن الفاعل الغائب مثل لیضرب او عن الفاعل المتکلم

شرح:۔ **قوله و لام الامر** اس لام کو کبھی حذف بھی کر دیتے ہیں **کما قال تعالیٰ قل لعبادی الذین آمنوا یقیموا الصلوة ای لیقیموا الصلوة۔**

ترکیب:۔ **مثل لما یضرب الخ(مثل)** مضاف **(لما یضرب زید)** مضاف الیہ مجرور تقدیراً محل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ **(مثال)** مضاف **(ہ)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے مضاف مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء۔ مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی **(لما یضرب)** نفی فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب **(زید)** فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ **(ای)** حرف تفسیر مبنی الاصل مبنی بر سکون **(ما ضرب)** فعل ماضی منفی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب **(زید)** فاعل **(فی)** حرف جار مبنی بر سکون **(شئی)** موصوف **(من)** حرف جار مبنی بر سکون مقدر فتحہ موجودہ حرکت تخلص من السکونین **(الازمنة)** موصوف **(الف لام)** بمعنی **(التی)** اسم موصول مبنی بر سکون **(ماضية)** اسم فاعل صیغہ واحدہ مونث اسمیں **(ھی)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم موصول **(ماضية)** اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر صفت **الازمنة** موصوف مع صفت مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ **(ثابت)** صیغہ اسم فاعل واحد مذکر اس میں **(ھو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت **شئی** کی **شئی** موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر ظرف لغو **ما ضرب** فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا۔ **(و)** حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر فتح **(لام)** مضاف **الامر** مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدائے اول **(و)** زائدہ مبنی بر فتح **(ھی)** ضمیر مرفوع منفصل مبنی الاصل مبنی بر فتح مبتداء ثانی مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدائے اول **(ل)** حرف جار مبنی بر کسر **(طلب)** مضاف **(الفعل)** مضاف الیہ **(اما)** حرف تردید مبنی الاصل

مبنی بر سکون (عن) حرف جار مبنی الاصل مبنی بر سکون موجودہ حرکت تخلص من السکونین (الفاعل) موصوف (ال) حرف تعریف مبنی اصل مبنی بر سکون (غائب) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مبنی الاصل مبنی بر فتح مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف غائب اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر معطوف علیہ (او) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر سکون (عن الفاعل) (عن) حرف جار مبنی الا صل مبنی بر سکون موجودہ حرکت تخلص من السکونین (الفاعل) (ال) حرف تعریف مبنی الاصل مبنی بر سکون (فاعل) موصوف صیغہ اسم فاعل (المتکلم) الف لام تعریف (متکلم) صیغہ اسم فاعل واحد مذکر (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف (متکلم) اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہر کر صفت الفاعل موصوف اپنی صفت سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت الفاعل اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر معطوف (او) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر سکون (عن) حرف جار مبنی الاصل مبنی بر سکون موجودہ حرکت تخلص من السکونین (المفعول) موصوف (الغائب) (ال) حرف تعریف (غائب) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر معطوف (او) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر سکون (عن المفعول) (عن) حرف جار مبنی الاصل مبنی بر سکون موجودہ حرکت تخلص من السکونین (المفعول) موصوف (المخاطب) (ال) حرف تعریف (مخاطب) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مخاطب اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف صفت سے ملکر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر معطوف (او) حرف عطف مبنی بر سکون (عن) حرف جار مبنی بر سکون مقدر کسر موجودہ حرکت تخلص من السکونین (المفعول) موصوف (ال) حرف تعریف مبنی بر سکون (متکلم) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف متکلم اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت المفعول موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے ملکر ظرف لغو طلب مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے مل کر مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر ثابتۃ مقدر کا۔ (ثابتۃ) صیغہ اسم فاعل واحد مذکر (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مرفوع محلا مبنی بر فتح فاعل راجع بسوئے مبتداء ثابتۃ اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبریہ صغری ہوکر خبر (ھی) مبتدائے دوم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ صغری ہوکر خبر مبتدائے اول کی مبتدائے اول اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ کبری ذات وجہ ہوا۔

مثل لا ضرب ولنضرب اوعن المفعول الغائب مثل ليضرب اوعن المفعول المخاطب مثل لتضرب او عن المفعول المتكلم مثل لا ضرب ولنضرب ولا النهي وهي ضد لام الامراى لطلب ترك الفعل اما عن الفاعل الغائب او المخاطب او المتكلم

ترکیب: مثل لا ضرب الخ (مثل) مضاف (لا ضرب) مراد اللفظ مضاف الیہ مجرو تقدیراً مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مقدر مبتداء۔ مثالہ کی مثالہ میں (مثـــال) مضاف اپنے (ہ) ضمیر مضاف الیہ مجرور محلاً سے ملکر مبتداء۔ مبتداء معہ خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ مراد المعنی ترکیب۔ (لا ضرب) صیغہ واحد متکلم فعل امر غائب معلوم (انا) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلاً پوشیدہ فعال مبنی بر سکون لا ضـــــرب فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ (لنضرب) صیغہ جمع متکلم بحث امر معلوم (نحن) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلاً مبنی بر ضم لنضرب فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

نوٹ:۔ لا ضرب لنضرب کی ترکیب بھی اسی طرح قدرے فرق سے ہوگی۔

(و) حرف عطف/حرف استیناف مبنی الاصل مبنی بر فتح (لا) مضاف مبنی بر سکون مرفوع تقدیراً (النـــهی) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدائے اول (و) زائدہ مبنی بر فتح (هی) ضمیر مرفوع منفصل مبتدائے دوم مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدائے اول (ضد) مضاف (لام) مضاف الیہ مضاف (الامر) مضاف الیہ۔ لام مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا ضد مضاف کا۔ (ضـــد) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر

مبتدائے دوم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ صغری ہوکر خبر مبتدائے اول اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ رمستانفہ کبری ذات وجہین ہوا۔ (ای) حرف تفسیری مبنی برسکون (ل) حرف جارمبنی برکسر (طلب) مضاف (ترك) مضاف الیہ مضاف (الفعل) مضاف الیہ ترک مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا طلب مضاف کا۔ (اما) حرف تردیدمبنی برسکون حرف جارمبنی برسکون موجودہ حرکت تخلص من السکونین (الفاعل) موصوف (ال) تعریف مبنی برسکون (غائب) صیغہ اسم فاعل واحد مذکر اسمیں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف غائب اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی برفتح (ال) تعریف مبنی برسکون (مخاطب) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر جس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے موصوف مخاطب اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر معطوف (و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر فتح (ال) حرف تعریف مبنی برسکون (متکلم) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف (متکلم) اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر معطوف۔

نوٹ:۔ چونکہ متکلم، مخاطب اور غائب بمعنی ثبوت ہیں اس وجہ سے ان پر ال اسمی نہیں بالاتفاق حرف تعریف ہوتا ہے۔ اسی طرح ہر اسم فاعل اور مفعول پر معطوف علیہ اپنے معطوفین سے ملکر صفت الفاعل موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو طلب مضاف اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے ملکر مجرور جار مجرور ظرف مستقر ثابتۃ مقدر کا۔ (ثابتة) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے مبتداء محذوف هی۔ (ثابتة) اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتداء محذوف کی۔ مبتداء محذوف اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مفسرہ ہوا۔

دراك زيدا

تشریح:۔ دراك اسم فعل بمعنی ادراك ہے (ف) فعال کا وزن اسم فعل میں بمعنی امر قیاس ہے۔ جیسے ضراب زيدا ای اضرب زيدا اگر اس کے خلاف آئے تو وہ قلیل الاستعمال ہوگا۔

مثل لا يضرب ولا تضرب ولا اضرب ولا نضرب و ان وهی تدخل علی الجملتین والجملة الاولی تکون فعلیة والثانیة قد تکون فعلیة و قد تکون اسمیة

شرح:۔ ان ہمیشہ استقبال کیلئے ہوتا ہے۔ مگر جبکہ کان اور اس کے مشتقات پر آ جائے تو ماضی و مستقبل دونوں کی صلاحیت رکھتا ہے۔ جیسے مثل آیۂ کریمہ **ان کنت قلته فقد علمته، و ان کنتم جنبا فاطهروا** کے۔ امام مبرد کا مذہب یہ ہے کہ ان شرطیہ **کان** کو مستقبل کی طرف ہرگز منقلب نہیں کرتا اس لیے کہ **کان** تجرید کی وجہ سے ماضی پر **قوی الدلالة** ہے اور امام رضی نے بھی اسی مذہب کو اختیار کیا ہے۔ اور علامہ **تفتازانی** نے بھی حاشیہ تفسیر کشاف میں اور دیگر کتب میں اسی مذہب پر اعتماد دکھلایا ہے شرح دوانی۔ اور شرط و جزا کا حذف بوقت قرینہ شعر کے ساتھ خاص ہے اور نثر کے اندر محض شرط کا حذف کیا جاتا ہے۔ جبکہ **منفی بلا** ہو اور لا بھی باقی ہو اور ایسا ہی اما شرطیہ کے بعد شرط محذوف ہوتی ہے اور لا باقی رہتا ہے جبکہ وہ چیز معنے کے اعتبار سے جواب ہے۔ مقدم ہو مثل **افعل هذا اما ای اما لا تفعل ذالك فافعل هذا**۔ (کذا فی الرضی)

ترکیب:۔ **مثل لا یضرب الخ (مثل)** مضاف **(لا یضرب)** معطوف علیہ مجرور تقدیرا **(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(لا تضرب)** معطوف مجرور تقدیرا **(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(لا تضرب)** معطوف مجرور تقدیرا **(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(لا اضرب)** معطوف مجرور تقدیرا **(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(لا نضرب)** معطوف مجرور تقدیرا معطوف علیہ اپنے معطوفات سے ملکر مضاف الیہ مثالہ مقدر کی۔ مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر **(مثال)** مضاف **(ہ)** مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے فاعل/ متکلم/ مخاطب غائب سے ترک فعل کی طلب کیو اسطے لائے نہی کا ہونا۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء۔ مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی۔ **لا یضرب** فعل نہی معروف صیغہ واحد مذکر اسمیں **(ھو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے معہود غائب فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ **لا تضرب** فعل نہی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اسمیں **(انت)** ضمیر پوشیدہ اس میں ان ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون **(ت)** علامت خطاب فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ **لا اضرب** فعل نہی معروف صیغہ واحد متکلم **(انا)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل

مرفوع محلا مبنی بر سکون فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ **لا نضرب** فعل نہی معروف صیغہ جمع متکلم اسمیں (**نحن**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ (**و**) حرف عطف/استیناف (**ان**) مبتداء اول مرفوع تقدیرا (**و**) حرف زائد مبنی بر فتح (**هی**) ضمیر مرفوع منفصل مبنی الاصل مبنی بر فتح مرفوع محلا مبتدائے ثانی راجع بسوئے مبتدائے اول (**تدخل**) فعل مضارع صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ اس میں (**هی**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا راجع بسوئے مبتدائے دوم (**علی**) حرف جار مبنی بر سکون (**ال**) حرف تعریف (**جملتین**) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (**تدخل**) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر خبر مبتدائے دوم کی مبتدائے دوم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ باعتبار مابعد کبری اور باعتبار ماقبل صغری ہو کر خبر مبتدائے اول کی مبتدائے اول اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ کبری ذات وجہین ہو کر معطوف/مستانفہ ہوا (**ف**) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر فتح (**الجملة**) موصوف (**الاولی**) صفت صیغہ اسم تفضیل اسمیں (**هی**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف الاولی اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتداء (**تکون**) ناقص فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (**هی**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتداء (**فعلية**) اسم منسوب صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (**هی**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم تکون۔ (**فعلية**) اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر **تکون** فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ صغری ہو کر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ذات وجہین ہوا۔ (**و**) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر فتح (**الثانية**) صفت موصوف مقدر (**الجملة**) کی صفت موصوف صفت مبتداء (**قد**) حرف تقلیل مبنی بر سکون (**تکون**) فعل مضارع معروف فعل ناقص صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (**هی**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء (**فعلية**) اسم منسوب صیغہ واحدہ مونثہ (**هی**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مرفوع محلا نائب فاعل اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہر کر خبر فعل ناقص **تکون** فعل ناقص اپنی اسم وخبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ صغری ہو کر معطوف علیہ (**و**) حرف عطف مبنی بر فتح (**قد**) حرف تقلیل مبنی بر سکون (**تکون**) فعل مضارع معروف ناقص صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ جس میں (**هی**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتداء (**اسمية**) اسم منسوب صیغہ واحدہ مونثہ (**هی**) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی بر فتح پوشیدہ اس کا نائب فاعل راجع بسوئے اسم فعل ناقص اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر (**تکون**) فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ فعلیہ صغری ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ذات وجہین ہوا۔

وتسمی الاولی شرطا والثانیة جزاء فان کان الشرط والجزاء او الشرط وحده فعلا مضارعا فتجزمه ان علی سبیل الوجوب مثل ان تضرب اضرب وان تضرب ضربت وان تضرب فزید ضارب وان کان الجزاء وحده فعلا مضارعا فتجزمه علی سبیل الجواز نحو ان ضربت اضرب

شرح:۔ **قوله تسمی الاولی** شرط و جزا کے عامل میں نحویوں کا اختلاف ہے سیرانی فرماتے ہیں کہ شرط و جزا میں ہر دونوں کا ایک عامل ہے۔ جیسا کہ مبتداء مبتداء اور خبر دونوں کا عامل ہے۔ خلیل اور مبرد فرماتے ہیں۔ کہ شرط میں حرف شرط عامل ہے پھر حرف شرط اور شرط دونوں خبر کے عامل ہیں۔ **اخفش** فرماتے ہیں کہ شرط کے عامل حروف شرط پھر شرط جزاء کا عامل ہے۔ جیسا کہ مبتداء ابتداء کا عامل ہے۔ اور مبتدا خبر کا۔ اور کوفیہ کے نزدیک شرط کے عامل حروف میں اور جزاء کا عمل بوجہ قرب و جوار کے بھی وہی ہیں۔ جیسا کہ بعض **قراۃ** میں **ارجلکم** کو مجرور بوجہ قرب **برؤسکم** کے پڑھا گیا ہے۔ اور مازنی فرماتے ہیں کہ شرط و جزا ہر دو یعنی **علی السکون** ہیں۔

ترکیب:۔ **وتسمی الخ** (و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر فتح (**تسمی**) فعل مضارع مجہول صیغہ واحد مونث غائبہ از باب تفعیل (**الاولی**) اسم تفضیل صیغہ واحد مونث جس میں (**هی**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر الجملۃ اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر صفت ہوئی موصوف مقدر **الجملة** کی۔ موصوف صفت معطوف علیہ (و) حرف عطف (**الثانیه**) صفت موصوف مقدر (**الجملة**) کی موصوف مع صفت معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر نائب فاعل تسمی فعل کا۔ (**شرطا**) معطوف علیہ (و) حرف عطف (**جزاء**) معطوف

معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مفعول بہ ہوا فعل اپنے نائب فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

(ف) برائے تفصیل مبنی بر فتح (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (کــان) فعل ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص (الشرط) معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (الجزاء) معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر معطوف علیہ (او) حرف عطف مبنی بر سکون (الشرط) ذوالحال (وحـد) مضاف (ہ) مضاف الیہ مجرور متصل ضمیر مجرور محلا راجع بسوئے ذوالحال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر اسم کان (فعلا) موصوف (مـضارعا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر (ھو) ضمیر پوشیدہ مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مضارعا اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر کان فعل ناقص اپنی اسم وخبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط (ف) جزائیہ مبنی بر فتح (تـجـزم) فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (ھـــا) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے فعلا مضارعا (ان) فاعل مرفوع تقدیرا (علی) حرف جار مبنی الاصل مبنی سکون (سبیل) مضاف (الوجوب) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ وظرف لغو سے ملکر جزا ہوئی شرط وجزا ملکر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔ (مثال) مضاف (ان تضرب اضرب) معطوف علیہ مجرور تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ان تضرب ضربت) معطوف مجرور تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ان تـضرب فزید ضارب) معطوف مجرور تقدیرا معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے ملکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی (مثـال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور محلا مبنی بر ضم مضاف الیہ راجع بسوئے شرط وجزا اور فعل مضارع کا فقط جزاء ہونا مضاف مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (ان) حرف شرط مبنی الاصل مبنی بر سکون (تـضـرب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ جسمیں ان ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح تضرب فعل مرفوع متصل مرفوع محلا فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط (اضـرب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم (انـا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون فعل اپنے فاعل سے ملکر جزا ہوئی شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔ (ان) حرف شرط مبنی الاصل مبنی بر سکون (تضـرب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر (انت) ضمیر پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (ت) علامت خطاب تضرب فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط (ضـربـت) فعل ماضی

معروف صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر فاعل مرفوع متصل مرفوع محلا فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزا محلا مجزوم شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔ (ان) حرف شرط مبنی الاصل بر سکون (تضرب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر (انت) ضمیر پوشیدہ مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط (ف) جزائیہ مبنی الاصل مبنی بر فتح (زید) مبتداء (ضارب) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسکیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتداء اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔ (و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر فتح (ان) حرف شرط مبنی الاصل مبنی بر سکون (کان) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص مبنی الاصل مبنی بر فتح (الجزاء) ذوالحال (وحد) مضاف (ہ) مضاف الیہ ضمیر مجرور متصل مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے الجزاء مضاف مضاف الیہ سے ملکر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر اسم فعل ناقص (فعلا) موصوف (مضارعا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف مضارعا اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوئی فعلا موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر کان اپنی اسم وخبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط (ف) جزائیہ مبنی الاصل مبنی بر فتح (تجزم) فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مرفوع محلا فاعل مبنی بر فتح راجع بسوئے ان (ھا) ضمیر مرفوع منصوب مفعول بہ منصوب محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے فعلا مضارعا (علی) حرف جار مبنی الاصل مبنی بر سکون (سبیل) مضاف (الجواز) مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو تجزم فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ (نحو) مضاف (ان ضربت) مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مضاف الیہ مجرور متصل محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے صرف جزاء کا فعل مضارع ہونا۔ اوران کا اسے جزم دینا مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (ان) حرف شرط مبنی الاصل مبنی بر سکون (ضربت) فعل ماضی معلوم صیغہ واحد مذکر حاضر (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز مرفوع محلا فاعل مبنی بر فتح ضربت فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط (اضرب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون اضرب فعل اپنے فاعل سے ملکر جزا شرط اپنی جزا کے ساتھ ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔

النوع السابع

اسماء تجزم الفعل المضارع حال کونها مشتملة علی معنی ان

شرح:۔ یہ اسماء جبکہ بمعنی ان ہوتے ہیں تو جزم کا عمل کرتے ہیں۔لہذا انکا ذکر اس کے بعد مناسب ہے۔

فائدہ:۔لفظ **ما** میں اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ حرف ہے بعض کہتے ہیں اسم ہے۔مصنف کے نزدیک یہی مختار ہے۔

ترکیب:۔**النوع الخ** (**النوع**) موصوف (**السابع**) صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتداء (**اسماء**) موصوف (**تجزم**) فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مؤنثہ غائبہ اس میں (**هی**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتحہ راجع بسوئے موصوف (**الفعل**) موصوف (**ال**) حرف تعریف مبنی الاصل مبنی برسکون (**مضارع**) صیغہ اسم فاعل واحد مذکر اس میں (**هو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے موصوف مضارع اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ (**حال**) مضاف (**کون**) مصدر مضاف الیہ مضاف (**ها**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا معنی مرفوع اسم کون راجع بسوئے اسماء موصوف (**مشتملة**) اسم فاعل صیغہ واحدہ مؤنثہ (**هی**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے اسم کون (**علی**) حرف جار مبنی الاصل مبنی برسکون (**معنی**) مضاف (**ان**) مضاف الیہ مجرو تقدیرا معنی مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (**مشتملة**) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر (**کون**) مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ (**اسم**) اور خبر سے ملکر مضاف الیہ حال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ **تجزم** فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ سے ملکر صفت اسماء موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وتدخل على الفعلين ويكون الفعل الاول سببا للفعل الثاني ويسمى الاول شرطا والثاني جزاء فان كان الفعلان مضارعين اوكان الاول مضارعا دون الثاني فالجزم واجب في المضارع

شرح:۔ جان لوکہ شرط وجزا کے عامل کے اندر اختلاف ہے سیرانی نے کہا ہے کہ عامل دونوں کے اندر کلمہ شرط ہے اس لیے کہ کلمہ شرط دو فعل چاہتا ہے۔ اور ایک کو دوسرے کے ساتھ ربط دیتا ہے۔ جیسا کہ ابتداء اور افعال قلوب اور حرف مشبہ بالفعل کہ ہر ایک مبتداء وخبر کے اندر عامل ہیں اور خلیل اس طرف گئے ہیں۔ کہ شرط کے اندر کلمہ شرط عمل کرتا ہے۔ اور یہ دونوں جزا کے اندر عمل کرتے ہیں۔ اس لیئے کہ حرف شرط ضعیف ہے دو عمل پر قدرت نہیں رکھتا اور یہ صحیح نہیں ہے۔ اس لیئے جبکہ حرف دو چیزوں کو چاہتا ہے جیسا کہ **ان، ما** اور **لا** تو دو عمل پر بھی قدرت رکھے گا۔ اور اخفش نے کہا ہے کہ شرط تو ادات کے ساتھ مجزوم ہے اور جزا شرط کے ساتھ فقط اور یہ بھی صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ فعل عمل جزم نہیں کرتا۔ اور کوفیہ کہتے ہیں کہ کے شرط ادات کے ساتھ مجزوم ہے اور جزاء مجزوم بالجوار کیوجہ سے مثلا جر بالجوار اور یہ بھی مخدوش ہے اس لیے کہ جر بجوار ضرورت کیلیے ہوتا ہے۔ اور مازنی نے کہا ہے کہ شرط اور جزاء دونوں مبنی ہیں اسی سبب سے کہ اسم کیلیے نہیں آتے اور یہ مذہب مختار کے قریب ہے (کذافی الرضی)۔ اس لیے کہ یہ اسا عمل کرنیوالے ہیں مضارع معرب میں انکے اندر ظاہر ہوتا ہے۔ بخلاف فعل ماضی کے ماضی مبنی ہے عامل کے عمل کو قبول نہیں کرتا۔

قولہ فان کان الخ اس کی چار صورتیں ہیں مصنف نے فقط دو بیان فرمائی ہیں ان سب کی صورتیں نقشہ ذیل ہیں۔ نقشہ کا ذکر بے وجو نہیں تھا۔ (مصحح)۔

ترکیب:۔ **وتدخل الخ (و)** حرف عطف/ استناف مبنی بر فتح **(تدخل)** فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ

مونث غائب (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا راجع بسوئے اسماء موصوف (علی) حرف جار مبنی الاصل مبنی بر سکون (الفعلین) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو تدخل فعل اپنے فاعل و ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف / مستانفہ ہوا (و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر فتح (یکون) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص (الفعل) موصوف (الاول) اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر اسم فعل ناقص (سببا) موصوف (ل) حرف جار مبنی بر کسر (فعل) موصوف (الثانی) صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔ (ثابتا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف ثابتا اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت سببا موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر یکون فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (یسمی) فعل مضارع مجہول صیغہ واحد مذکر غائب (الاول) اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر (الفعل) اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (الثانی) صفت موصوف مقدر الفعل کی موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر نائب فاعل یسمی فعل مجہول کا (شرطا) معطوف علیہ (و) حرف عطف (جزاء) معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مفعول بہ یسمی فعل مجہول اپنے نائب فاعل و مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ (ف) حرف تفصیل مبنی بر فتح (ان) حرف شرط مبنی الاصل مبنی بر سکون (کان) ناقص فعل ماضی معلوم صیغہ واحد مذکر غائب (الفعلان) اسم (مضارعین) اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اسمیں (ھما) ضمیر پوشیدہ جس میں (ھا) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے اسم کان (م) حرف عماد (ا) علامت تثنیہ مضارعین اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر کان فعل ناقص اپنے اسم و خبر کے ساتھ ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر سکون (کان) فعل ناقص فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (الاول) اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر (ھو) ضمیر پوشیدہ مرفوع متصل مرفوع محلا فاعل راجع بسوئے موصوف مقدر الفعل الاول اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر

کر صفت الفعل موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر اسم (مضارعا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر فعلا۔ مضارعا اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف مقدر کی موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر (دون) مضاف (الثانی) مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ کان فعل ناقص اپنے اسم وخبر اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر شرط اپنے معطوف سے مل کر شرط (ف) جزائیہ مبنی الاصل مبنی بر فتح (الجزم) مبتدا (واجب) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (فی) حرف جار (ال) حرف تعریف مبنی بر سکون (مضارع) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر مضارع اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف مقدر الفعل کی۔ موصوف صفت مل کر مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو (واجب) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر الجزم مبتدا اپنی خبر سے ملکر جزاء شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

زر غبا تزدد حبا

تشریح:۔ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ کو فرمایا۔ **زر امر از زار یزور زیارۃ** اور **غبا** اس کا مفعول فیہ بمعنی ناغہ کر کے۔ **تزدد** مضارع ہے اصل میں **تزتاد** تھا۔ تاء ثانی دال سے تبدیل ہوئی۔ الف امر کے جواب کی وجہ سے گر گیا اور حبا اس کا مفعول بہ ہے۔

نوٹ:۔ یہ حدیث شریف مندرجہ ذیل روات سے مروی ہے ا۔ حضرت ابو ہریرہ ۲۔ عبد اللہ ابن عمرو ۳۔ حضرت عائشہ ۴۔ علی بن عبیدہ ریحانی ۵۔ حبیب بن مسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم بحوالہ تاریخ بغداد صفحہ نمبر 55/6، مستدرک 347/3، مستدرک 330/4، مجمع الزوائد 75/8، معجم الکبیر 26/4، کشف الخفا 528/1 العلل المتناھیہ 253/2، صغیر 107/1، الدرر المنتثرہ 19، تاریخ بغداد 180/10، تاریخ بغداد 300/9، مسند الشھاب 632,631,630,623، فتح الباری 498/10، تاریخ بغداد 19/12، طبرانی حدیث نمبر 3535 بل لہ اسانید حسان عند الطبرانی وغیرہ (طبرانی 21/4 وھو حدیث صحیح)۔

وهي تسعة اسمآء من وماواي ومتى واينما وانى ومهما وحيثما واذ ما فمن وهو لا يستعمل الا في ذوي العقول نحو من يكرمني اكرمه

شرح:۔ **قوله مهما** کے اندر اختلاف ہے بعض کے نزدیک کلمہ غیر مرکب ہے **فعلٰی** کے وزن پر اس صورت میں اس کی کتابت **یاء** کے ساتھ چاہیے اور بعض نے کہا ہے کہ اگر **فعلٰی** کہا جائے تو غیر منصرف ہوگا الف زائد ہونے کی وجہ سے۔ اور اگر **الف** تانیث کیلئے کہا جائے تو بھی غیر منصرف ہوگا اور خلیل کے نزدیک یہ ٹھیک ہے۔ کہ جس کے آخر میں لفظ **ما** لاحق ہو گیا ہے جیسا کہ باقی کلمات شرط کے اندر ما نشئت **متی ما** وغیرہ کے پھر چونکہ جمع ہونا دو مثل کا مکروہ تھا۔ اس لیئے **ماء اولی** کے الف کو **ها** کے ساتھ بدل دیا بسبب ان دونوں کے مجانس ہونے کے حلقی ہونے میں اور خلیل کا قول قریب القیاس ہے بہ نسبت دوسرے اقوال کے اور زجاج نے کہا کہ یہ مرکب ہے مہ بمعنی کف اور ما شرطیہ سے اور یہ قول حق سے بعید ہے اس لیے کہ **کف** بمعنی شرط کے ساتھ بے معنی ہوتا ہے اور **مهما** استفہام کے اندر ما استفہامیہ کے معنی میں آیا ہے اور **مهما** اسم ہے بوجہ راجع ہونے ضمیر کے اس کی طرف آیت کریمہ **مهما تاتنا** (القرآن) میں اور کبھی **ما** اور **مهما** ظرف زمان ہوتے ہیں چنانچہ کہتے ہیں کہ **ما تجلس اجلس ومهما تجلس اجلس** ای **ما تجلس فيه من الزمان اجلس فيه من الزمان**۔ کذا فی الرضی۔

قوله من کئی معنوں میں مستعمل ہوا ہے۔ (۱) شرطیہ نحو **من يعمل سوء يجز به** جس کا ذکر متن میں ہے۔ (۲) استفہامیہ قال تعالیٰ **فمن ربكما يا موسى**۔ (۳) موصولہ قال تعالیٰ **اتجعل فيها من يفسد فيها**۔ (۴) موصوفہ بالجملہ قال تعالیٰ **من يعمل صالحا**۔ (۵) نکرہ موصوفہ بالمفرد قال الحسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کفی بنا فضلا علی من غیرنا   حب النبی محمد ﷺ ایانا

(۶)۔ زائدہ قال الشاعر۔

آل الزبیر سنام المجد قد علمت   ذاک القبائل والاثرون من عددا

قوله وھو لا یستعمل کبھی غیر ذوی العقول میں بھی مستعمل ہوا ہے **قال تعالیٰ منھم من یمشی علی بطنه۔ وقال تعالیٰ ومنھم من یمشی علی اربع۔** (القرآن)

ترکیب:۔ **وھی تسعۃ اسماء الخ۔** (و) حرف عطف/استیناف مبنی بر فتح (ھی) ضمیر مرفوع منفصل مبتداء مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسماء موصوف (تسعة) تمیز مضاف (اسماء) تمیز مضاف الیہ ممیز مضاف تمیز مضاف الیہ سے ملکر مبدل منہ (من) معطوف علیہ مرفوع تقدیرا (و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر فتح (ما) معطوف مرفوع تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ای) معطوف مرفوع لفظا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (متی) معطوف مرفوع تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (اینما) معطوف مرفوع تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (انی) معطوف مرفوع تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (مھما) معطوف مرفوع تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (حیثما) معطوف مرفوع تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (اذما) معطوف مرفوع تقدیرا معطوف علیہ اپنے معطوفات سے ملکر بدل الکل مبدل منہ بدل سے ملکر خبر (ھی) مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ یا مستانفہ ر معطوفہ ہوا۔

(نوٹ): سابق کی طرح یہاں بھی یہ ترکیب کرنا درست ہوگا۔ کہ (من) کو **احدھا** مبتداء مقدر کی خبر قرار دیں (ما) کو **ثانیھا** کی اور (ای) کو **ثالثھا** کی (متی) کو **رابعھا** کی (اینما) کو **خامسھا** کی (انی) کو **سادسھا** کی (مھما) کو **سابعھا** کی (حیثما) کو **ثامنھا** کی اور (اذما) کو **تاسعھا** کی۔

(ف) حرف تفصیل مبنی بر فتح (من) مبتداء اول مرفوع تقدیرا (و) زائدہ مبنی بر فتح (ھو) ضمیر مرفوع منفصل مبتداء ثانی مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدائے اول (لا یستعمل) نفی فعل مضارع مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا جس کا مرجع مبتداء دوم (الا) حرف استثناء مبنی بر سکون (فی) حرف جار مبنی الاصل مبنی بر سکون (ذوی) مضاف (العقول) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور مستثنی مفرغ ہوکر ظرف لغو **یستعمل** مجہول اپنے نائب فاعل سے اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ صغری ہو کر خبر مبتدائے دوم کی مبتداء دوم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ باعتبار مابعد کبری ذات وجہین ہوا۔ اور باعتبار ماقبل جملہ اسمیہ صغری ہوکر خبر مبتداء اول اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ کبری ذات وجہ منفصلہ ہوا۔ (نحو) مضاف (من یکرمنی اکرمه) مراد اللفظ مضاف الیہ مجرور تقدیرا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مبتداء مقدر مثالہ کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا راجع بسوئے من۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ای ان یکرمنی زید اکرمہ و ان یکرمنی عمرو اکرمہ وما وھو لا یستعمل الا فی غیر ذوی العقول غالبا نحو ما تشتر اشترا ی ان تشتر الفرس اشتر الفرس وان تشتر الثوب اشتر الثوب

شرح:۔ **قولہ ما** یہ **ما** اسمیہ کئی معنوں میں استعمال ہوا ہے(۱) موصولہ قال تعالی **ما عند کم ینفد**
(۲) موصوفہ بجملہ قال الشاعر۔ ربما تکرہ النفوس من الامر ۔۔۔۔۔۔ لہ فرجۃ کحل العقال ۔
(۳) موصوفہ بمفرد نحو **مررت بما معجب لك ای بشئی معجب لك** (۴) تامہ قال تعالی **فنعماھی** (۵) صفتیہ **نحو اضربہ ضربا ما ای ضرب کان** (۶) استفہامیہ قال تعالی **و ما تلك بیمینك یا موسی** (۷) زمانیہ قال الشاعر **فما تیك یا ابن یا ابن عبداللہ فینا** (۸) شرطیہ جس کا ذکر متن میں ہے اسکا الف چند مقامات پر حذف کیا جاتا ہے۔ (۱) فی کے بعد قال تعالی **فیم انت من ذکر ھا** (۲) **الی** کے بعد (۳) **باء** کے بعد قال تعالی **فناظرۃ بم یرجع المرسلون** (۴)۔ **لام** کے بعد قال تعالی **لم تقولون** (۵) **عن** کے بعد قال تعالی **عم یتسآءلون** (۶) حتی کے بعد قال الشاعر۔
فتلك ولدۃ السوء قد طالہ مکثھم۔ حتام حتام الفناء المطول (۷) علی کے بعد (۸) **من** کے بعد۔

قولہ ھو لا یستعمل یعنی ما غیر ذوی العقول میں مستعمل ہوتا ہے غالبا کی قید اشارہ ہے کبھی ذوی العقول کیلئے بھی آیا ہے۔ کما **قال اللہ تعالی و نفس وما سواھا۔ اذا بعثر ما فی القبور.**

ترکیب:۔ **من یکرمنی الخ (من)** شرطیہ مبتداء مرفوع محلا مبنی بر سکون **(یکرم)** فعل مضارع معروف صیغہ

واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتداء (ن) وقایہ کا مبنی بر کسر (ی) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلا مبنی بر سکون (یکرم) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر شرط (اکرم) فعل مضارع معلوم صیغہ متکلم اسمیں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (ہ) ضمیر منصوب متصل منصوب محلا راجع بسوئے مبتداء (اکرم) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ صغری ہوکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ کبری ذات وجہین ہوا (ای) حرف تفسیر مبنی بر سکون (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (یکرم) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب (ن) وقایہ مبنی بر کسر (ی) ضمیر منصوب متصل منصوب محلا مفعول بہ (زید) فاعل (یکرم) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط (اکرم) صیغہ واحد متکلم فعل مضارع اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (ھا) ضمیر منصوب متصل منصوب محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے (زید اکرم) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جزا شرط و جزا ملکر جملہ شرطیہ مفسرہ ہوکر مکمل ہوا۔ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (یکرم) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب (ن) وقایہ مبنی بر کسر (ی) ضمیر منصوب متصل منصوب محلا مفعول بہ مبنی بر سکون (عمرو) فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر شرط (اکرم) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم جس میں (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل مبنی بر سکون (ھا) ضمیر منصوب متصل منصوب محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے عمرو اکرم فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزا شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا (و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر فتح (ما) مبتداء اول مرفوع تقدیرا (و) زائدہ مبنی بر فتح (ھو) ضمیر مرفوع منفصل مبتدائے دوم مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدائے اول (لا یستعمل) فعل مضارع مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (ھو) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتداء دوم (الا) حرف استثناء مبنی بر سکون (فی) حرف جار مبنی بر سکون (غیر) مضاف (ذوی) مضاف الیہ مضاف (العقول) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف سے ملکر مضاف الیہ ہوا۔ غیر کا غیر مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر فی کا مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر مستثنی مفرغ ہوکر ظرف لغو (غالبا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل فاعل پوشیدہ مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر استعمالا یا زمانا۔ غالبا اسم فاعل اپنے

فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صفت موصوف مقدر استعمالا / زمانا اپنی صفت سے ملکر مفعول مطلق / فیہ لا یستعمل فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو اور مفعول مطلق / فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ صغری ہو کر خبر ہوئی مبتدائے دوم کی مبتدائے دوم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ کبری ذات وجہین ہو کر خبر مبتدائے اول مبتدائے اول اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ کبری ذات وجہ ہوا (نحو) مضاف (ماتشترا اشتر) مراد اللفظ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر کر خبر مقدر مبتدا مثالہ کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (ما) اسم شرطی مبنی بر سکون مفعول بہ مقدم منصوب محلا (تشتر) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں (انت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح (تشتر) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر شرط (اشتر) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون اشتر فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ جزائیہ ہو کر مکمل ہوا۔ (ای) حرف تفسیر مبنی بر سکون (ان) حرف شرطی مبنی بر سکون (تشتر) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر (انت) ضمیر پوشیدہ فاعل جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا (ت) علامت خطاب مبنی الاصل مبنی بر فتح (الفرس) مفعول بہ تشتر فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط (اشتر) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مبنی الاصل مبنی بر سکون مرفوع محلا پوشیدہ فاعل (الفرس) مفعول بہ اشتر فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ مفسرہ ہوا۔ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ان) حرف شرطی مبنی الاصل مبنی بر سکون (تشتر) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر (انت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (ت) علامت خطاب مبنی الاصل مبنی بر فتح (الثوب) مفعول بہ تشتر فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ کے ساتھ مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط (اشتر) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (الثوب) مفعول بہ اشتر فعل اپنے فاعل ور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

وای وھو لا یستعمل الا فی ذوی العقول و تلزمہ الاضافۃ مثل ایھم یضربنی اضربہ ای ان یضربنی زید اضربہ و ان یضربنی عمرو اضربہ

شرح:۔ یہ جاننا چاہیے کہ **ای** بفتح ہمزہ وتشدید یا کلمہ مجازات میں سے ہے لازم الاضافت ہونے کی وجہ سے معرب ہے اور یہ کئی معنوں میں مستعمل ہوا ہے۔ (۱) موصوفہ نحو **یا ایھا الرجل** (۲) موصولہ نحو **اضرب ایھم فی الدار ای الذی فی الدار** (۳) استفہامیہ **قال تعالی فبای حدیث بعدہ یومنون** (۴) **وال** بمعنی کمال اس کی علامت یہ ہے کہ اگر بعد نکرہ کے ہو تو صفت واقع ہوگا نحو **زید رجل ای رجل کامل فی صفات الرجال** اگر بعد معرفہ کے ہو تو حال واقع ہو جیسے **مررت بعبد اللہ ای رجل** (۵) حرف **ندا اور معرفہ باللام منادی** کے مابین وسیلہ بن جائے۔ نحو **یا ایھا المزمل۔ یا ایھا المدثر۔ یا ایھا النبی** (۶) شرطیہ **قال تعالی ایما الاجلین قضیت** الایۃ اس وقت لازم الاضافت ہوگا۔ ہاں جب اسکے بعد لفظ **ما** آجائے تو کبھی اضافت سے مستغنی ہو جاتا ہے۔ **کما قال تعالی ایا ماتدعوا الخ۔**

قولہ وھو لا یستعمل کبھی اس کا استعمال **ذوی العقول** میں بھی ہوا ہے۔ **قال تعالی ایما الاجلین قضیت اور ایا ما تدعوا فلہ الاسماء الحسنی۔**

ترکیب:۔ **وای وھو الخ** (و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر فتح یا حرف استیناف (**ای**) مبتداء اول (و) زائدہ مبنی بر فتح (**ھو**) ضمیر مرفوع منفصل مبتداء دوم مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتداء اول (**لا یستعمل**) فعل مضارع مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدائے دوم (**الا**) حرف استثناء مبنی بر سکون (**فی**) حرف جارہ (**ذوی**) مضاف (**العقول**) مضاف الیہ

مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر مستثنی مفرغ ہوکر ظرف لغو ملکر مستثنی مفرغ فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ صغری ہوکر خبر ہوئی مبتداء دوم کی مبتداء دوم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ باعتبار مابعد کبری ذات وجہین اور باعتبار ما قبل صغری ہوکر خبر مبتداء اول اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ/مستانفہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (تلزمه) فعل مضارع معروف صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (ہ) ضمیر منصوب متصل منصوب محلا راجع بسوئے ای (الاضافة) فاعل تلزم فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ (مثل) مضاف (ایهم یضربنی اضربه) مراد اللفظ مضاف الیہ مجرور تقدیراً مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مقدر مبتداء مثالہ کی۔ (مثال) مضاف (ہ) مجرور متصل مجرور محلا مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر مبتداء۔ مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (ای) مضاف (ہم) میں (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے معہود غائب ذہنی (م) علامت جمع مذکر (ای) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء (یضرب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتداء (ن) وقایه مبنی بر کسر (ی) ضمیر منصوب متصل منصوب محلا مفعول بہ (یضرب) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر شرط (اضربه) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم (انا) ضمیر پوشیدہ مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی الاصل مبنی بر سکون (ہ) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے فاعل یضرب اضرب فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جزا شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ (ای) حرف تفسیر مبنی بر سکون (ان) حرف شرط مبنی الاصل مبنی بر سکون (یضرب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب (ن) وقایه (ی) مفعول بہ ضمیر منصوب متصل منصوب محلا مبنی بر سکون (زید) فاعل یضرب فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط (اضرب) فعل معروف مضارع صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مبنی الاصل مبنی بر سکون فاعل (ھا) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے زید اضرب فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ مفسرہ ہوا۔ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (یضرب) فعل مضارع صیغہ واحد مذکر غائب (ن) وقایہ مبنی بر کسر (ی)

ضمیر منسوب متصل منصوب محلامبنی بر سکون مفعول بہ (عمرو) فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر شرط (اضرب) فعل مضارع صیغہ واحد متکلم اسمیں انا ضمیر پوشیدہ مرفوع متصل مرفوع محلامبنی بر سکون فاعل (ھا) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلامبنی بر ضم راجع بسوئے عمرو فعل اپنے فاعل اومفعول بہ سے ملکر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (یضرب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب (ن) وقایہ کا (یا) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلامبنی بر سکون عمرو فاعل۔ یضرب فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط (اضرب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلامبنی بر سکون (ہ) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلامبنی بر ضم راجع بسوئے عمرو اضرب فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

انك ان يصرع اخوك تصرع

سوال:۔ان شرطیہ کی شرط و جزاء ہر دونوں مضارع ہوں تو شرط و جزاء کا مجزوم ہونا واجب ہے؟

جواب:۔شاذ ہے (شرح مأتہ عامل گھوڑوی کلاں)

قاعدہ ان: ان چار قسم ہے۔(۱) مخففہ من المثقلہ لقوله تعالىٰ وان وجدنا اكثرهم لفاسقين۔ (۲) ان نافیہ کقوله ان الكفرون الافي غرور۔(۳) ان زائدہ كما قال الشاعر

و ما ان طبنا جبن ولكن منايانا و دولته احزينا

(۴) شرطیہ جو دو جملے چاہتا ہے۔ (۱) شرط (۲) اجزاء (فیہ بحث جلیل فی النحو بالتفصیل) تفصیل کیلئے فقیر کی کتاب احسن البیان حصہ دوم اور نعم الحامی شرح شرح الجامی ملاحظہ کریں۔

ومتی وھو للزمان مثل متی تذھب اذھب ای ان تذھب الیوم اذھب الیوم وان تذھب غدا اذھب غدا واینما وھو للمکان مثل اینما تمش امش ای ان تمش الی المسجد امش الی المسجد وان تمش الی السوق امش الی السوق

شرح:۔ **قولہ متنی متی** کئی معنوں میں مستعمل ہوا ہے۔(۱) استفہامیہ **قال تعالی متی نصر اللہ** (۲) شرطیہ جس کی مثال متن میں دی گئی۔ (۳) متی بمعنی **من**۔ قال الشاعر

شربن بماء البحر ثم ترفعت ۔ متی لجج خضر لھن نئیج

ای من ماء البحر و متی بدل ہیں **بما البحر وھھنا متی** بمعنی **من** (۴) بمعنی **فی** (۵) بمعنی وسط۔
قولہ للزمان الخ یعنی **لا ستغراق الزمان خاصۃ** جب اسکے بعد **ما** زائدہ آجائے ابہام واستغراق بڑھ جاتا ہے۔

قولہ و اینما دو معنوں میں مستعمل ہوا ہے (۱) استفہامیہ نحو **اینما کنت** (۲) شرطیہ **قال تعالی اینماتکون آیات بکم اللہ جمیعا**.

قولہ للمکان للمکان ای لا ستغراق المکان اس کے بعد بھی **ما** زائدہ نے ابہام واستغراق کو بڑھادیا۔

ترکیب:۔ **متی وھو الخ (متی)** مبتدا مرفوع تقدیرا **(و)** زائدہ مبنی بر فتح **(ھو)** ضمیر مرفوع منفصل مبتدائے دوم مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدائے اول **(ل)** حرف جار مبنی بر کسر **(الزمان)** مجرور جار مجرور ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ **(ثابت)** صیغہ اسم فاعل واحد مذکر جس میں **(ھو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مرفوع محلا فاعل راجع

بسوئے مبتدائے دوم ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدائے دوم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ صغری ہو کر خبر مبتدائے اول اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ کبری ذات وجہ ہوا۔(مثل) مضاف (متی تذهب اذهب) مراد اللفظ مضاف الیہ مجرور تقدیراً مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتداء مقدر مثالہ کی۔(مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مضاف۔ مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔(متی) اسم شرط مبنی الاصل بر سکون مفعول فیہ مقدم منصوب محلا (تذهب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر مخاطب اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح (تذهب) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر شرط (اذهب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی بر سکون فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ جزائیہ ہو کر مکمل ہوا۔(ای) حرف تفسیر مبنی الاصل مبنی بر سکون (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (تذهب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں (انت) ضمیر پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح فاعل (الیوم) مفعول فیہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شرط (اذهب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم جس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل مبنی الاصل مبنی بر سکون فاعل پوشیدہ مرفوع محلا (الیوم) مفعول فیہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ مفسرہ ہوا۔(و) حرف عطف مبنی بر فتح (ان) شرطیہ مبنی الاصل مبنی بر سکون (تذهب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر (انت) ضمیر جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (ت) علامت خطاب (غدا) مفعول فیہ تذهب فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شرط (اذهب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (غدا) مفعول فیہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔(و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر سکون (اینما) مبتدا اول مرفوع تقدیراً (و) زائدہ مبنی بر فتح (هو) ضمیر مرفوع منفصل مبتدائے ثانی جس کا مرجع مبتداء اول ہے۔(ل) حرف جار مبنی بر کسر (المکان) مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔(ثابت) صیغہ اسم فاعل (هو) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا فاعل راجع بسوئے مبتدائے دوم ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر

سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتداء دوم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ صغری ہوکر خبر مبتدائے اول اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ذات وجہ ہوا۔(مثل) مضاف (اینما تمش امش) مراد اللفظ مضاف الیہ مجرور تقدیراً مضاف مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی پوشیدہ مبتداء مثالہ کی۔(مثال) مضاف (ہ) ضمیر مضاف الیہ مجرور محلاً مضاف مضاف الیہ ملکر مبتداء۔ مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (اینما) اسم شرط مفعول فیہ مقدم منصوب محلاً (تمش) صیغہ واحد مذکر حاضر فعل مضارع معروف (انت) ضمیر پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلاً مبنی برسکون فاعل (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر شرط (امش) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم (انا) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلاً مبنی برسکون پوشیدہ فاعل (امش) اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزا شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔(ای) حرف تفسیر مبنی برسکون (ان) حرف شرط مبنی الاصل مبنی برسکون (تمش) صیغہ واحد مذکر حاضر فعل مضارع معلوم (انت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل مبنی برسکون فاعل (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح (الی) حرف جار مبنی برسکون (المسجد) مجرور جار مجرور ظرف لغو (تمش) ہوا۔ فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شرط (امش) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم (انا) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلاً پوشیدہ (الی) حرف جار مبنی الاصل مبنی برسکون (الی) حرف جار مبنی الاصل مبنی برسکون (المسجد) مجرور جار مجرور ظرف لغو (تمش) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ مفسرہ ہوا۔(و) حرف عطف مبنی بر فتح (ان) شرطیہ مبنی اصل مبنی برسکون (تمش) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر مخاطب (انت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلاً مبنی برسکون پوشیدہ فاعل (ت) علامت خطاب مبنی الاصل مبنی بر فتح (الی) حرف جار مبنی برسکون (السوق) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (تمش) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شرط (امش) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی برسکون (الی) السوق مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (امش) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

وانی وھو ایضا للمکان مثل انی تکن اکن ای ان تکن فی البلدۃ اکن فی البلدۃ وان تکن فی البادیۃ اکن فی البادیۃ ومھما وھو للزمان

شرح:۔ **قولہ انی** تین معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ (۱) محض ظرف بلا تضمن شرط واستفہام ظرف زمان ہو یا مکان **قال تعالی فاتوا حرثکم انی شئتم** (۲) ظرف مکان متضمن معنے استفہام **قال تعالی انی لک ھذا ؟** شیخ رضی فرماتے ہیں کہ **انی** مکانیہ ہے تو اصل **من انی** الخ تھا اور ظرف متضمن بمعنی استفہام کی مثال نحو **انی القتال ای فی ای زمان یکون القتال** (۳) متضمن معنے شرط جس کی مثال متن میں ہے۔

قولہ مھما نحویوں کا اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ یہ غیر مرکب بروزن فعلی ہے اس تقریر کی رو سے **مھمی** لکھنا چاہیے۔ خلیل کہتا ہے کہ اصل میں **ماما** تھا۔ **ما** اولی شرطیہ **ما** ثانیہ زائدہ ہے **ما** اولی کے الف کو ھا سے تبدیل کیا گیا **مھما** ہوا۔ زجاج کہتا ہے کہ مرکب ہے **مہ** اسم فعل بمعنی **کف** بمعنی **باز آ** اور **ما** شرطیہ سے پس **مھما تفعل افعل** گویا کسی قول مقدر کا جواب ہے گویا کوئی کہنے والا کہتا ہے۔ **لا تقدر علی ما افعل** تو اس کے جواب میں کہا گیا۔ **مھما تفعل افعل** یعنی اس قول سے باز آ جو کچھ تو کریگا میں وہی کروں گا پس **مہ** اور **ما** سے ایک کلمہ **مھما** ہو گیا امام سہیلی کا گمان ہے کہ یہ حرف ہے مگر باقی سب نحویوں کا خیال ہے کہ یہ اسم ہے اس کے تین معنی ہیں (۱) اسم غیر منصرف برائے غیر ذوی العقول مثل **ما** شرطیہ **قولہ تعالی مھما تاتنا بہ** القرآن (۲) اسم ظرف زمان متضمن معنی شرط قال الشاعر **وانک مھما تعط نفسک سئولہ**۔ (۳) استفہام۔

ترکیب:۔ **وانی وھوالخ** (و) حرف عطف مبنی بر فتح (انی) اسم شرط مبتدا اول مرفوع تقدیرا (و) زائدہ مبنی بر فتح (ھو) ضمیر مرفوع منفصل مبتدائے دوم مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا اول (ل) حرف جار (مکان)

مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثابت) صیغہ اسم فاعل واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل راجع بسوئے مبتدائے دوم (ثابت) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوئی مبتداء دوم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ کبریٰ ہوکر خبر مبتدا ماول اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ذات وجہ معطوفہ ہوا (ایضا) مفعول مطلق (آض) فعل محذوف کا جس کا تقدیر سماعا واجب ہے (آض) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے علی الکان آض فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ معترضہ ہوا۔ کیونکہ مبتداء اور خبر کے مابین واقع ہے۔ (مثل) مضاف (انی تکن اکن) مراد اللفظ مضاف الیہ مجرور تقدیرا مضاف مضاف الیہ سے ملکر مقدر مبتدا مثالہ کی خبر ہوئی (مثال) مضاف (ہ) مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے (انی) مضاف مضاف الیہ سے ملکر مبتداء۔ مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (انی) اسم شرط مفعول فیہ مقدم منصوب محلا مبنی بر سکون (تکن) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر فعل تام بمعنی ثبت اس میں (انت) پوشیدہ جسمیں (ان) ضمیر مبنی بر سکون فاعل اور (ت) علامت خطاب مبنی بر سکون۔ تکن فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط (اکن) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم فعل تام بمعنی ثبت جسمیں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا تکن ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔ (ای) حرف تفسیر مبنی بر سکون (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (تکن) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں (انت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل مبنی بر سکون مرفوع محلا فاعل (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح (فی) حرف جار مبنی بر سکون (البلدۃ) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (تکن) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط (اکن) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم (انا) ضمیر پوشیدہ مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی بر سکون فاعل (فی) حرف جار مبنی بر سکون (البلدۃ) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ مفسرہ ہوا۔

(و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر سکون (ان) شرطیہ مبنی بر سکون (تکن) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر (انت) ضمیر پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی بر سکون فاعل اور (ت) علامت (خطاب) مبنی

برفتح (فی) حرف جار مبنی بر سکون (البادیۃ) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شرط (اکن) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم (انا) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی بر سکون (ن) حرف جار مبنی بر سکون پوشیدہ فاعل (البادیۃ) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (اکن) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء شرط و جزاء مل کر جملہ شرطیہ مفسرہ ہوا۔ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (مھما) مبتداء اول مرفوع تقدیرا (و) زائد مبنی بر فتح (ھو) ضمیر مرفوع منفصل مبنی بر فتح مرفوع محلا مبتداء دوم (ل) حرف جار مبنی بر کسر (الزمان) مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثابت) صیغہ اسم فاعل واحد مذکر جس میں (ھو) ضمیر مرفوع منفصل مرفوع محلا پوشیدہ فاعل اسم فاعل اپنے فاعل سے جڑ کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوا مبتداء اول کی مبتدائے اول ثانی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مکمل ہوا۔

کی تجنحون الی سلم وما ثئرت

تشریح:۔ یہ ایک شعر کا حصہ ہے جس کا آخر یوں ہے۔ **فتلا کم ولظی الهیجاء تضطرم۔**

سوال:۔ **کی** عامل ناصب ہے لیکن **تجنحون** پر عمل نہیں کیا؟

جواب:۔ یہ کہ **کی کیف** کا مخفف ہے اور **کیف** عامل نہیں۔

ان تقرآن علی اسماء ویحکما من السلام وان لا تشعرا احد

سوال:۔ **ان** ناصبہ ہے لیکن **تقرآن** پر عمل نہیں کیا؟

جواب:۔ کوفیوں نے کہا کہ یہ مخففہ من المثقلہ ہے لیکن یہ غلط ہے کیوں کہ اس کا قاعدہ ہے کہ ان مخففہ کے بعد **سین، سوف، لم جازمه یا قد** یا کوئی اور فاصلہ ضروری ہے جیسے **علم ان سیکون منکم مرضی** اور **علمت ان سوف یوم یقوم زید** اور **علمت ان لم یقم** اور **لیعلم ان قد ابلغوا رسالات ربهم** وغیرہ وغیرہ اسی لئے کوفیوں نے کوئی جواب نہ دیا بلکہ صرف یہ کہہ دیا کہ یہ شاذ ہے۔ صحیح جواب بصریوں کا ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ **ان** مصدریہ محمول بر **ما** مصدریہ ہے جیسے **ما** مصدریہ غیر عامل ہے یہ بھی اس پر محمول ہونے کی وجہ سے عمل نہیں کر رہا۔ (گھوٹوی)

مثل مهمـا تـذهـب اذهـب ای ان تذهـب اليـوم اذهـب اليـوم وان تـذهـب غـدا اذهـب غـدا وحيثـمـا وهـو لـلـمكـان مثل حيثمـا تقعـد اقعـد ای ان تقعـد فـی القرية اقعد فی القرية وان تقعـد فـی البلـد ة اقعد فی البلدة

شرح:۔ **قوله حيثما** حیث ظرف مکان مضاف بسوئے جملہ ہوتا ہے۔ **قال تعالٰی الله اعلم حيث يجعل رسالته۔** اخفش کہتا ہے کہ کبھی ظرف زمان بھی ہوتا ہے۔

حيثما کے اندر **ما** کافہ ہے یعنی اضافت سے منع کرتا ہے اس لیے کہ حیث لازم الاضافت ہے اور جبکہ اس کے آخر میں **ما** آ گیا تو اضافت کی طلب سے روک دیا اور مانند تمام کلمات شرط کے مبہم ہے اور کلمات میں اس لیے ہے کہ تمام کے تمام ان کے معنی کی وجہ سے عمل جزم کرتے ہیں۔ اور **ان** ابہام کیلئے ہے۔ اور اسی وجہ سے یہ **ان** امر متیقن میں مستعمل نہیں ہوتا۔ اور نہیں کہا جاتا **(ان غربت الشمس اطلعت)** پس یہ کلمات ابہام کیلئے ہیں۔ کذا فی الرضی۔

ترکیب:۔ **مثل مهما الخ (مثل)** مضاف **(مهما تذهب اذهب)** مراد اللفظ مضاف الیہ مجرور تقدیرا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی محذوف مبتداء مثالہ کی۔ مثال مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مجرور محلا مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی **(مهما)** اسم شرط مفعول فیہ مقدم منصوب محلا **(تـذهـب)** فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر مخاطب **(انـت)** پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی بر سکون فاعل اور (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح **(تـذهـب)** فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط **(اذهـب)** فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم **(انـا)** ضمیر پوشیدہ مبنی الاصل مبنی

برسکون فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا (ای) حرف تفسیر مبنی برسکون (ان) حرف شرط مبنی اصل مبنی برسکون (تذهب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر (انت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی برسکون (ت) علامت خطاب مبنی برفتح (الیوم) مفعول فیہ (تذهب) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شرط (اذهب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مرفوع محلا مبنی برسکون فاعل (الیوم) مفعول فیہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ مفسرہ ہوا۔ (و) حرف عطف مبنی برفتح (ان) حرف شرط مبنی برسکون (تذهب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اسمیں (انت) ضمیر پوشیدہ (ان) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی برسکون فاعل جس میں (ت) علامت خطاب مبنی برفتح (غدا) مفعول فیہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر شرط (اذهب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم (انا) ضمیر پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مرفوع متصل مبنی برسکون (غدا) مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ (و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی برفتح (حیثما) اسم شرط مبتداء اول مرفوع تقدیرا (و) زائد مبنی برفتح (ھو) ضمیر مرفوع منفصل مبنی برفتح مرفوع محلا راجع بسوئے مبتدائے اول مبتداء اسم شرط (ل) حرف جار مبنی برکسرہ (المکان) مجرور جار مجرور ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثابت) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر (ھو) ضمیر پوشیدہ مرفوع متصل مرفوع محلا فاعل راجع بسوئے مبتداء دوم ہوا اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ فعلیہ ہو کر خبر مبتدائے ثانی اپنی خبر سے ملکر خبر مبتداء اول کی مبتداء اول اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (مثل) مضاف (حیثما تقعد اقعد) مراد اللفظ مضاف الیہ مجرور تقدیرا مضاف۔ مضاف الیہ مل کر خبر مقدر مبتدا مثالہ کی۔ (مثال) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (حیثما) اسم شرط مفعول فیہ مقدم منصوب محلا (تقعد) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں (انت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی برسکون (ت) علامت خطاب مبنی برفتح تقعد فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط (اقعد) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل

مرفوع محلاً مبنی بر سکون۔ اقعد فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا (ای) حر ف تفسیر مبنی بر سکون (ان) حرف شرط مبنی سکون (تقعد) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں (انت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلاً مبنی بر سکون (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح (فـــی) حرف جا مبنی بر سکون (القریۃ) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (تقعد) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط (اقعد) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر سکون (فی) حرف جا مبنی بر سکون (الـقریۃ) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (اقعد) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر جزاء شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ مفسرہ ہوا۔ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (تـقعد) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں (انـــت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلاً مبنی بر سکون (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح (فی) جا مبنی بر سکون (البـلدۃ) مجرور جار مجرور ظرف لغو (تـقعد) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط (اقـعـد) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم (انــا) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلاً مبنی بر سکون (فی) حرف جار (البـلدۃ) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

فتوبوا الی بارئکم فاقتلوا انفسکم

(القرآن پارہ نمبر 1 سورۃ البقرۃ آیت نمبر 54)

سوال:۔ فاء کی حقیقت تعقیب ہے اب تعقیب کا کیا معنی کہ توبہ نفس قتل کا نام ہے؟

جواب:۔ یہ فاء تفسیریہ ہے اور فاء تفسیریہ عرب میں شائع وذائع ہے **نـحـو قـولـه علیـه الصلـوۃ السلام۔ انهم شکـوا سعد افشکوا انه لایحن ان یصلی** (بخاری) قال شارحہ **الفاء هنا تفسیریۃ**۔

واذما وھو یستعمل فی غیر ذوی العقول مثل اذ ماتفعل افعل ای ان تفعل الخیاطة افعل الخیاطة وان تفعل الزراعة افعل الزراعة وان کان الفعل الثانی مضارعادون الاول فالوجھان فی المضارع الجزم والرفع مثل اذ ماکتبت اکتب

شرح:۔ **قولہ اذ ما** سیبویہ کے نزدیک یہ حرف ہے اسم نہیں بعض کہتے ہیں کہ اصل میں **اما** تھا اور **اما** اصل میں **انما** تھا نون میم میں مدغم ہوگیا پھر بخلاف قیاس میم اولی کو ذال سے تبدیل کیا گیا اور مبرد۔ ابن السراج فارسی۔ کے نزدیک ظرف ہے اور یہ مختار ہے کسی شاعر نے ان اسما عاملہ کے خواص اس شعر میں جمع فرمائے ہیں۔

پس بدانی من وما ای راز اسماء شرط	برخلاف باقی از معنی ظرفیت جدا
اے من ہر دو بدانی بہر ذو العقلند خاص	از برائے غیر ذو العقل آمد استعمال ما
حیثما وانما انی بود ظرف المکان	پس بود ظرف الزماں مہما واذ ما

اذما سیبویہ کے نزدیک ان حرف شرط کی طرح ہے شاید وجہ اس کی یہ ہے کہ **اذا** باوجود اس بات کے کہ اس کے اندر معنے شرط کے ہیں موضوع ہے شرط کیلئے لیکن لحوق **ما** کے وقت اگرچہ مضارع پر آجائے جزم نہیں دیتا پس **اذ** جو کہ خالی ہے معنی شرط سے اور موضع ہے ماضی کیلئے کس طرح پر جزم دے گا۔ لہذا اس کے نزدیک **اذما** مرکب نہیں اور سرانی نے کہا ہے کہ میں یقین کے ساتھ نہیں جانتا کہ سوائے سیبویہ کے کسی نے نحات میں سے **اذما** کو ذکر کیا ہو۔ اور مبرد نے کہا ہے کہ **اذما** اپنی اہمیت پر باقی ہے اور اس کے آخر میں **جما** ہے وہ روکنے والا ہے۔ اضافت سے جیسا کہ **حیثما** میں پس **اذما** کے ساتھ بمعنی مستقبل ہے۔ کذا فی الرضی۔

ترکیب:۔ واذا مالخ(و) حرف عطف مبنی بر فتح (اذما) مبتداء اول مرفوع تقدیرا(و) زائدہ مبنی بر فتح (هو) ضمیر مرفوع منفصل مبتداء دوم مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدائے اول (یستعمل) فعل مضارع مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدائے دوم (فی) حرف جار مبنی بر کسرہ (غیر) مضاف (ذوی) مضاف الیہ مضاف (العقول) مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر غیر کا مضاف الیہ ہوا۔ غیر مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ظرف لغو (یستعمل) فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ صغری ہو کر خبر مبتدائے ثانی اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ باعتبار مابعد کبری اور باعتبار ماقبل صغری ہو کر خبر مبتداء اول اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ کبری ذات وجہ معطوف ہوا۔(مثل) مضاف (اذ ما تفعل افعل) مراداللفظ مضاف الیہ مجرور تقدیرا مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مقدر مبتداء مثالہ کی۔(مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے (اذما) مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (اذما) مفعول بہ مقدم۔ عندالمصنف مفعول بہ اور عند التحقیق مفعول بہ نہیں بلکہ مفعول فیہ ہے۔ منصوب محلا مبنی بر سکون (تفعل) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں انت پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ یا مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط (افعل) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (افعل) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر جزاء شرط اپنے جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔(ای) حرف تفسیر مبنی بر سکون (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (تفعل) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں انت پوشیدہ جس میں (ا ن) پوشیدہ فاعل مبنی بر سکون ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح (الخیاطۃ) مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط (افعل) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم (انا) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا فاعل (الخیاطۃ) مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ مفسرہ ہو کر مکمل ہوا۔ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (تفعل) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اسمیں (انت) پوشیدہ جس میں

(ان) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلاً مبنی بر سکون فاعل (ت) علامت خطاب (الـــزراعة) مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر شرط (افـعـل) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم (انـا) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلاً فاعل مبنی برسکون (الــزراعة) مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا (و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر فتح (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (کان) فعل ناقص فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (الفعل) موصوف (الثانی) صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر اسم کان (مضارعا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) ضمیر مرفوع محلاً مرفوع متصل مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم فعل ناقص مضارعا اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر فعل ناقص (دون) مضاف (الاول) اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر، جس میں (هـــو) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر الفعل اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف مقدر الفعل کی موصوف مقدر اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ (دون) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ کان فعل ناقص اپنے اسم اور خبر اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط (ف) جزائیہ (الوجهان) مبتداء (فی) حرف جار مبنی بر سکون (ال) حرف برائے تعریف مبنی بر سکون (مـضـارع) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح جس کا مرجع موصوف مقدر مضارع اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہر کر صفت موصوف مقدر کی موصوف مقدر الفعل کی موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتان قدر کا (ثـابتان) اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اس میں (هما) پوشیدہ جس میں (ها) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے مبتداء (م) حرف عماد (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون اسم فاعل ثـابتـان اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہو کر جزاء شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ (الــجـزم) خبر (احدهما) محذوف مبتداء کی (احد) مضاف (ها) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلاً فاعل راجع بسوئے الوجهان (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون (احد) مضاف اپنے مضاف الیہ هما ضمیر سے ملکر مبتداء۔ مبتداء اپنی خبر سے مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر فتح (الرافع) خبر مبتداء مقدر ثانیهما کی۔ (ثانی) مضاف (ها) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے مضاف

الیہ جس کا مرجع قالوجہان (م) حرف عماد مبنی الاصل مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون (ثانی) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء۔ مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ اس طریقہ سے بھی ترکیب درست ہوگی کہ۔(الوجھان) مبدل منہ (الجزم) معطوف علیہ (الرفع) معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر بدل مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر مبتداء ہو۔(مثل) مضاف (واذا کتبت اکتب) مضاف الیہ مجرور تقدیراً محل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔(مثالہ) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے جواز وجہین مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء۔ مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (اذما) اسم شرط مفعول فیہ یا مفعول بہ مقدم منصوب محلاً (کتبت) فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد مذکر حاضر (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح (کتبت) فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ یا مفعول بہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط (اکتب) فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم (انا) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر سکون اکتب فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔

حی قدیری واعمرہ یا بعد بطن المرہ

ترجمہ: اے اللہ! میری ہانڈی کو تادیر سلامت رکھ اور میں اس پر اپنی عورت کو فدا کرتا ہوں۔

یہ دو دعاؤں کا مجموعہ ہے حی امر ہے بمعنے تادیر رکھ اصل میں اللھم حی تھا اور قدیر قدرت کی تصغیر ہے بمعنے ہانڈی۔ اعمر اعمار سے ہے امر کا صیغہ ہے بمعنے اجعلہ عامرا یعنے اسے محفوظ رکھ اور بچا اور یا بعد یہ تفدیہ کا کلمہ ہے ای جعلت المراۃ فداک المرہ بمعنے الامراۃ ہے۔(الامثال العامیہ)

(مزید تفصیل فقیر کی کتاب الاضاحیک میں دیکھئے۔

النوع الثامن

اسماء تنصب الاسماء النکرات علی التمییز

شرح:۔ قولہ النوع الثامن یہ نوع اسماء العدد سے مشہور ہے اس لیے کہ اس میں اسماء عدد کا ذکر ہے۔ جان لو کہ جو اسماء نصب دینے والے ہیں اسماء نکرات کو وہ مبہمات کے قبیل سے ہیں۔ پھر ان میں سے اسماء عدد تو بوجہ ان کے متضمن ہونے کے معنی حرف کو اور کم استفہامیہ بھی مبنی ہے اس وجہ سے کہ وہ معنی حرف کو متضمن ہے اور کم خبریہ بسبب محمول ہونے کے کم استفہامیہ پر۔

قولہ النکرات بکسر الکاف جمع نکرہ لغت میں غیر معروف شے کو کہتے ہیں۔ اور اصطلاح میں ماوضع لغیر المعین۔

قولہ التمیز۔ بروزن تفعیل دراصل تمییز تھا یا اولی کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے کر حذف کر دیا گیا عربی میں کبھی بدو یا بھی پڑھتے ہیں۔ مگر فارسی میں ہمیشہ یک یا پڑھتے ہیں۔ تمیز لغت میں جدا کرنا۔ اصطلاح میں ما یرفع الابهام عن ذات مذکورۃ۔

ترکیب:۔ النوع الثامن الخ (النوع) موصوف (الثامن) صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتداء (اسماء) موصوف (تنصب) فعل مضارع معلوم صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ اسمیں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے اسماء (الاسماء) موصوف (النکرات) صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ (علی) حرف جار مبنی الاصل مبنی برسکون (التمیيز) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (تنصب) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر صفت اسماء موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وهی اربعة اسمآء الاول لفظ عشر او عشرون او ثلثون او اربعون او خمسون او ستون او سبعون او ثمانون او تسعون اذا رکب مع احداو اثنین او ثلث اواربع او خمس اوست او سبع او ثمان او تسع

شرح:۔ قوله وهی اربعة یہاں سے یہ وہم نہ ہو کہ لفظ بضع بکسر الباء وعند بعض العرب بفتحہا بمعنی ما بین الثلثة الی التسعة جب کہ عشرات سے مرکب ہوتو وہ بھی نکرہ کو منصوب کرتا ہے کما قال بضعة عشر رجلاو بضع عشرة امرأة۔ تو چاہیے کہ پانچ اسماء ہوں۔اس کا جواب خود واضح ہے کہ یہ اسماء عدد کے اسم اول میں داخل ہیں کیونکہ ثلثه سے تسعة تک کے کسی ایک کے قائم مقام ہیں جب یہ ان میں سے کسی کا نائب ہے تو اس کا علیحدہ ذکر کرنا عبث ہے۔

قوله الاول لفظ۔ معلوم رہے کہ اسماء عدد کے اصولی اسم بارہ ہیں باقی ان کے فروع ہیں خواہ تاء تانیث کے داخل ہونے سے ہو جیسے واحد سے واحدة اثنان سے اثنتان خواہ تائے تانیث کو گرانے سے جیسے ثلث ثلثة سے اربع اربعة سے وغیرہ اور اصولی اسماء عدد یہ ہیں۔واحد سے عشرة تک مائة الف۔بہتر یہ تھا کہ اس جگہ فقط لفظ عشر پر اکتفا کیا جاتا اس لیے کہ عشرون اور اس کے اخوات(ثلثون، اربعون تا تسعون) خواہ احد اور اثنان کے ساتھ مرکب ہوں یا مرکب نہ ہوں ہر حال میں اسماء تامہ بنوں جمع میں داخل ہیں چوں کہ عوامل قیاسیہ میں سے ہیں۔احد اور اثنان کے ساتھ مرکب ہونا ان کو اسم تام سے خارج نہیں کرسکتا۔ شرح عبدالرسول۔

جاننا چاہیے کہ اسماء اعداد ابہام کے اندر مانند مقادیر کے ہیں اس لیے ممیز کی ضرورت ہے اور ممیز کبھی مجرور ہوتا ہے

اور کبھی منصوب اور مجرور کی دو قسم ہیں مفرد اور مجموع لیکن منصوب پس وہ **احد عشر** سے لیکر **تسعة و تسعین** تک ہوتا ہے۔ اور اسی سبب سے مصنف نے **عشر** کی ترکیب **احد و اثنان** کے ساتھ **تسعة و ستعین** تک شرط قرار دیا ہے۔

قوله اذا رکب۔ چونکہ مصنف کا منشائے بیان ان عوامل سے ہے جو عوامل نواصب ہیں اور علم نحو میں عوامل عددیہ کی بحث ذرا مشکل ہے اسی لیے احسن اس کے متعلق کچھ لکھنا موزوں سمجھتا ہوں قبل از تفصیل کے اجمالی بحث اس شعر میں بند کرتا ہے **قال الشاعر**

ممیز از عدد بر سه جهت دان　　　زسه تا ده همه مجموع و مکسور

زده صد همه منصوب و مفرد　　　از صد بر تر همه فرداست و مجرور

اس شعر کی تفصیل یہ ہوگی۔ **واحد** اور **اثنان** کی کوئی تمیز نہیں ہوتی جیسے **رجل ورجلان قوله زسه تا ده** یعنی تین سے دس تک تمیز جمع اور مکسور رہے گی۔ **فمن لم یجد فصیام ثلثة ایام** (القرآن) اسی طرح **جاء نی اربعة رجال وخمسة رجال ستة رجال تا عشرة رجال** اور معلوم ہو کہ تمیز اگر مذکر ہو تو اسم عدد مونث ہوگا جیسے امثلہ گذشتہ میں گذرا اگر تمیز مونث ہو تو اسم عدد مذکر ہوگا جیسے **جاء تنی ثلث نسوة۔**

قوله زده تا صد یعنی دس سے لے کر ننانوے تک تمیز مفرد اور منصوب رہے گی جیسے **احد عشر رجلا تا تسعة و تسعون رجلا۔**

فائده : ایک اور دو کا عدد جب کبھی عشرہ کے ساتھ جمع ہو تو تمیز و ممیز کے مابین مطابقت ضروری ہے جیسے **احد عشر رجلا اثنا عشر رجلا واحدی عشرة امراة و اثنتا عشرة امراة** پھر بعد ازاں اگر تمیز مذکر ہو تو جزء اول مونث ہوگا جیسے **ثلثة عشرة رجلا۔** اور اگر تمیز مونث ہو تو جزء اول مذکر ہوگا جیسے **ثلث عشرة امراة**

فائدہ :۔ **احد عشر** سے **تسعة عشر** تک بغیر **اثنا عشر** کے سب مبنی ہیں پھر **عشرین** کے بعد حرف عطف کے ساتھ پڑھتے جایئے یعنی **احد و عشرون۔**

قوله ز صد بر تر۔ یعنی سو سے اوپر یعنی دوسو، تین سو، چار سو، ہزار، دو ہزار وغیرہ وغیرہ کی تمیز مفرد و مجرور رہے گی

بل لبثت مائة عام (القرآن)۔

طلبہ کی سہولت کیلئے نقشہ لکھ دیا۔

نمبر شمار	ممیز	تمیز	مثال
1	احدو اثنا ن	ان کی کوئی تمیز نہیں	رجل و رجلان
۲	از ثلثة تا تسعة	جمع ومجرور	جاء نی ثلثة رجال و ثلث نسوة
۳	از عشرة تا تسع و تسعون	مفرد ومنصوب	جاء نی احد عشر رجلان واحدی عشر امراة وغیرہ
۴	از مائة غیر ما الی نهاية	مفرد ومجرور	عندی مائة رجل و الف رجل وغیرہ

ترکیب:۔ وھی الخ(و) حرف عطف رحرف استیناف مبنی الاصل مبنی برفتح (ھی) ضمیر مرفوع منفصل مبتداء مرفوع محلامبنی برفتح راجع بسوئے اسماء(اربعة) ممیز مضاف (اسماء) تمیز مضاف الیہ ممیز مضاف اپنی تمیز مضاف الیہ سے ملکر خبر۔مبتداء کی مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ یا مستانفہ ہوا۔

(الاول) اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر(ھو) ضمیر پوشیدہ مرفوع متصل فاعل مرفوع محلامبنی برفتح راجع بسوئے موصوف مقدر الاسم الاول اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف مقدر الفعل اپنی صفت ظاہرہ سے ملکر مبتداء (لفظ) مضاف (عشر) معطوف الیہ مجرور لفظا یا مجرور محلا یا مجرور تقدیرا جبکہ اس کو حکایت قرار دیں جیسے کہ بعد میں آنے والے الفاظ حکایت ہیں مگر حکایت ہونے کی تقدیر پر مرفوع پڑھا جائے گا۔بقرینہ مابعد(او) حرف عطف(عشرون) معطوف علیہ مجرور محلا یا مجرور تقدیرا(او) حرف عطف مبنی بر سکون(ثلثون) معطوف مجرور محلا یا تقدیرا(او) عطف مبنی بر سکون(اربعون) معطوف مجرور محلا یا تقدیرا(او) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر سکون(خمسون) معطوف مجرور محلا یا تقدیرا(او) حرف عطف مبنی بر سکون(ستون) معطوف مجرور محلا یا تقدیرا(او) حرف عطف مبنی بر سکون(سبعون) معطوف مجرور محلا یا تقدیرا(او) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر سکون(ثمانون) معطوف مجرور محلا یا تقدیرا(او) حرف عطف مبنی بر سکون

(تسعون) معطوف مجرور محلا یا تقدیرا معطوف الیہ اپنے سارے معطوفوں کے ساتھ ملکر مضاف الیہ۔ لفظا مضاف کا۔ لفظ مضاف اپنے مضاف الیہ کے ساتھ مل کر خبر مبتداء کی۔ مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(اذا) ظرف زمان (رکب) فعل ماضی مجہول مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب اسکی (هو) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا متصل مبنی بر فتح راجع بسوئے لفظ عشر اوعشرون الخ (مع) مضاف (احد) معطوف علیہ مجرور لفظا (او) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر سکون (اثنین) معطوف مجرور لفظا (او) حرف عطف مبنی بر سکون (ثلث) معطوف مجرور لفظا (او) حرف عطف مبنی بر سکون (اربع) معطوف مجرور لفظا (او) حرف عطف مبنی بر سکون (خمس) معطوف مجرور لفظا (او) حرف عطف مبنی بر سکون (ست) معطوف مجرور لفظا (او) حرف عطف مبنی بر سکون (سبع) معطوف مجرور لفظا (او) حرف عطف مبنی بر سکون (ثمان) معطوف مجرور لفظا (او) حرف عطف مبنی بر سکون (تسع) معطوف مجرور لفظا احد معطوف علیہ تمام معطوفات سے مل کر مضاف الیہ ہوا مع مضاف کا۔ مع مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہوا رکب فعل مجہول کا۔ رکب فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر مضاف الیہ اذا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر ثابت مقدر کا مفعول فیہ ہوا (ثابت) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر غائب (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدائے مقدر۔ ثابت اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر اور مفعول فیہ سے ملکر خبر هذا مقدر کی۔ (هذا) میں (ها) برائے تنبیہ مبنی بر سکون (ذا) اسم اشارہ اس کا مشار الیہ نصب لفظ عشر الخ ہے مبتداء مرفوع محلا مبنی بر سکون مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هاك زيدا

تشریح:۔ ہاك بظاہر تو ماضی معلوم بروزن قال معلوم ہوتی ہے حقیقت میں ها بمعنی خذ اسم فعل ہے پھر کاف بڑھایا گیا اور یہ قیاسا بڑھایا جاتا ہے اسی طرح کبھی کاف کے بجائے ہمزہ بڑھایا جاتا ہے۔ هاء هائا هائو اای سے قول باری تعالے کا قول هاؤم اقراء كتابيه (القرآن)

ان کان الممیز مذکرا فطریق الترکیب فی لفظ احد واثنان مع عشران تقول احد عشر رجلا واثنا عشر رجلا بتذکیر الجزأین

شرح:۔ قولہ بتذکیر الجزائین جیسا کہ اس کا قیاس ہے کہ ممیز اور تمیز ہر دونوں میں مطابقت رہے۔

ترکیب:۔ فان کان الخ (ف) تفصیلیہ مبنی بر فتح (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (کان) فعل ناقص ماضی صیغہ واحد مذکر معروف غائب (ال) برائے تعریف مبنی بر سکون (ممیز) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر ممیز اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر موصوف مقدر کی صفت ہوئی اللفظ کی۔ اللفظ موصوف اپنی صفت سے ملکر اسم فعل ناقص (مذکرا) صیغہ اسم مفعول (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر لفظا کی۔ اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر شرط (ف) جزائیہ مبنی بر فتح (طریق) مضاف (الترکیب) مصدر (فی) حرف جار (لفظ) مضاف (احد) معطوف علیہ مجرور لفظا۔ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (اثنان) معطوف مجرور محلا / تقدیرا علی اختلاف القولین کما مر۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ لفظ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور ظرف لغو (مع) مضاف (عشر) مضاف الیہ مجرور لفظا مع مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ الترکیب مصدر اپنے ظرف لغو اور مفعول فیہ سے ملکر مضاف الیہ طریق مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا (ان) ناصبہ مبنی بر سکون موصول حرفی (تقول) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر منصوب بسبب ان ناصبہ (انت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی بر سکون (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح (احد عشر) مرکب بنائی ہر دو جز مبنی بر فتح منصوب محلا ممیز (رجلا) تمیز ممیز تمیز مل کر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (اثنا عشر) مرکب بنائی منصوب محلا جز ثانی مبنی بر فتح جز اول معروف مگر اس جگہ حکایت ہونے کے باعث ایک قول پر مبنی بر رفع ممیز (رجلا) ممیز تمیز مل کر معطوف علیہ اپنے

معطوف سے مل کر ذوالحال (با) حرف جار (تذكير) مصدر مضاف (الجزأين) مضاف الیہ مجرور لفظا مفعول بہ منصوب معنا مضاف مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ظرف مستقر متعلق ثابتین کے ثابتین اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اس میں (هما) پوشیدہ جس میں (ها) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے ذوالحال (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون اسم فاعل اپنے فاعل سے اور ظرف مستقر سے ملکر حال ذوالحال حال مل کر مراد اللفظ مقولہ تقول فعل اپنے فاعل اور مراد اللفظ مقولے سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر (ان) موصول حرفی کا صلہ ہوا (ان) موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہوکر خبر طریق مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ منفصلہ ہوا۔ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (كان) فعل ناقص فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مبنی بر فتح مجزوم محلا (هو) ضمیر پوشیدہ اسم متصل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے المیت (موننا) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی بر فتح پوشیدہ نائب فاعل راجع بسوئے موصوف مقدر اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ہوئی موصوف مقدر لفظا کی۔ (لفظا) موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر خبر ہوئی فعل ناقص کی فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط (فا) جزائیہ مبنی بر فتح (تقول) فعل مضارع صیغہ واحد مذکر حاضر (انت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی بر سکون فاعل تقول (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح (احدى عشرة) مرکب بنائی جزء اول مبنی بر سکون جزء ثانی مبنی بر فتح منصوب محلا ممیز (امراة) تمیز ممیز تمیز ملکر معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (اثنتا عشرة) مرکب بنائی منصوب محلا علی اختلاف القولین ممیز تمیز ملکر معطوف معطوف علیہ معطوف ملکر ذوالحال (با) حرف جار مبنی بر کسر (تانيث) مصدر مضاف (الجزئين) مضاف الیہ مجرور لفظا مفعول بہ منصوب معنا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ظرف لغو متعلق ثابتین۔ (ثابتين) اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اسمیں (هما) پوشیدہ جس میں (ها) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے ذوالحال (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون ثابتین اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر حال ذوالحال حال مل کر مراد اللفظ مقولہ ہوا۔ **تقول** فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

وان کان مؤنثا فتقول احدی عشرۃ امرأۃ واثنتا عشرۃ امرأۃ بتانیث الجزأین وطریق ترکیب غیرھما الی تسع مع عشر ان تقول فی المذکر ثلثۃ عشر رجلا واربعۃ عشر رجلا الی تسعۃ عشر رجلا بتانیث الجزء الاول و تذکیر الجزء الثانی و فی المئونث ثلث عشرۃ امراۃ واربع عشرۃ امراۃ الی تسع عشرۃ امراۃ بتذکیر الجزء الاول و تانیث الجزء الثانی، وا ما طریق الترکیب فی الواحد والاثنین الی تسع مع عشرون و اخواتہ الی تسعین علی سبیل العطف

شرح: **قولہ ثلاثۃ عشر رجلا اور اربعۃ عشر رجلا** کے اندر نحاۃ نے پہلے جزء کو مونث لانے کی چند وجہ بتلائی ہیں مشہور ان میں سے یہ ہے کہ معدود اس جگہ جماعت ہے پس جماعت کا لحاظ کرتے ہوئے تالاحق ہوئی اور چونکہ مذکر بہ نسبت مونث کے **اسبق** ہے اس لیے **تاء** کو علامت بنالیا اور فرق کیلئے حذف **تاء** کو نشان مونث بنالیا اس لیے کہ ترک علامت بھی علامت ہوا کرتی ہے۔ اور انہوں نے اقرار کیا اسم عدد باعتبار اصل معنے عددی کے **تاء** کے

ساتھ موضوع ہے جیسا کہ آپ نے جان لیا پس مذکر کے اندر تا کو باقی رکھا اور مونث کے اندر فرق کیلئے ساقط کر دیا۔

قوله بتانیث الجز الخ یعنی جب تمیز مذکر ہو تو ممیز کے جز اول کو تاء تانیث سے پڑھنا چاہیے اسکی دو وجہیں ہیں (۱) چونکہ معدود معنوی اعتبار سے بمنزل جماعت کے ہے اور جماعت کا حکم مونث کا سا ہوتا ہے۔ اسی لیے جزء اول کو تاء تانیث کے ساتھ لائے (۲) کہ اسم عدد کی اصل وضع تاء تانیث کے ساتھ ہے اور بلا تاء اسکی فرع ہے گویا **ثلثة اربعة الخ** اصل اور **ثلث اربع الخ** اسکی فرع ہیں اور مذکر مونث کا اصل ہے۔ پس اصل کو اصل اور فرع کو فرع **کما هو داب النحاة** یہی دوسری وجہ قوی ہے۔

قوله و تذکیر الجزء الثانی دوسرے جز کو تانیث کے ساتھ اس لیے نہ لائے تا کہ ایک قسم کی دو تانیثیں یکجا جمع نہ ہوں بخلاف **احدی عشر** کے وہ ایک قسم کی نہیں بلکہ دو تانیثیں علیحدہ علیحدہ جنس کی ہیں اور **اثنتا عشرة** میں اگر چہ **دو تا** یکجا جمع ہیں مگر اس کی **تا اثنتان** کی **تاء** پر محمول ہے اور **اثنتان** کی **تاء** عوض یا کی ہے جو کہ **لام کلمہ** کے مقابلہ **ثنی** میں تھی۔

ترکیب:۔ **وان کان مئونثا الخ** (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (کان) فعل ناقص ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب مبنی بر فتح مجزوم محلا اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے الممیز (مونثا) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر۔ **مونثا** اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف مقدر لفظا کی۔ موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر خبر فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط (فا) جزائیہ مبنی بر فتح (تقول) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر مرفوع لفظا اس میں (انت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح (احدی عشرة) مرکب بنائی جزء اول مبنی بر سکون اور جز دوم مبنی بر فتح منصوب محلا ممیز (امراة) تمیز۔ ممیز اپنی تمیز سے ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (اثنتاعشرة) مرکب بنائی منصوب محلا جز اول معرب ہے مگر یہاں پر حکایۃ ہونے کے باعث ایک قول پر مبنی بر علامت رفع جز دوم مبنی بر فتح ممیز (امراة) تمیز۔ ممیز اپنی تمیز سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر ذوالحال (با) حرف جار مبنی

برکسر(تانیث) مصدر مضاف(الجزئین) مضاف الیہ مجرور لفظا مفعول بہ منصوب معنا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتین مقدر کا۔ ثابتین اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اس میں (ھما) پوشیدہ جس میں (ھا) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی برضم راجع بسوئے ذوالحال (م) حرف عماد مبنی برفتح (ا) علامت تثنیہ مبنی برسکون ثابتین اسم فاعل اس فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر مراد اللفظ ہوکر مقولہ تقول فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا (و) حرف عطف مبنی برفتح (طریق) مضاف (ترکیب) مصدر مضاف الیہ مضاف (غیر) مضاف الیہ مضاف مجرور لفظا منصوب معنی بنابر مفعولیت (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی برکسر راجع بسوئے احد و اثنان (م) حرف عماد مبنی برفتح (ا) علامت تثنیہ مبنی برسکون غیر مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر ذوالحال (الی) حرف جار مبنی برسکون (تسع) مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر منتھیا مقدر کا۔ (منتھیا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے ذوالحال۔ منتھیا اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے ملکر مضاف الیہ (مع) مضاف (عشر) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ اور مفعول فیہ سے ملکر مضاف الیہ۔ طریق مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء۔ (ان) ناصبہ موصول حرفی مبنی برسکون (تقول) فعل مضارع معروف منصوب لفظا صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں (انت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح (ت) علامت خطاب مبنی برفتح (فی) حرف جار مبنی برسکون (الف لام) حرف تعریف مبنی برسکون (مذکر) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے موصوف مقدر۔ مذکر اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت اللفظ موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی برفتح (فی) حرف جار مبنی برسکون (ال) حرف تعریف مبنی برسکون (مونث) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے موصوف مقدر۔ مونث اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت۔ اللفظ موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مجرور۔ جار مجرور ملکر

معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر ظرف لغو (ثلاثة عشر) مرکب بنائی ہر دو جز مبنی بر فتح منصوب محلاً ممیز (رجلا) تمیز۔ ممیز اپنی تمیز سے ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (اربعة عشر) مرکب بنائی ہر دو جز مبنی بر فتح منصوب محلاً ممیز (رجلا) تمیز ممیز اپنی تمیز سے ملکر معطوف۔ معطوف الیہ اپنے معطوف سے ملکر ذوالحال (الی) حرف جار مبنی بر سکون (تسعة عشر) مرکب بنائی ہر دو جز مبنی بر فتح مجرور محلاً ممیز (رجلا) ممیز اپنی تمیز سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر منتهيين مقدر کا۔ (منتهيين) اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اس میں (هما) پوشیدہ جس میں (ها) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے ذوالحال (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون۔ منتهيين اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال اول اربعة عشر رجلا کے بعد معطوف مع حرف عطف (وما زاد عليها) مقدر ہے۔ اور یہ زاد کی ضمیر فاعل سے حال ہے کیوں کہ (الی) کا ماقبل محدود ہوتا ہے اور ضمیر مذکور میں امتداد ہے کہ وہ خمسة عشر رجلا سے ثمانية عشر رجلا تک کو شامل ہے اسی طرح آئندہ اربع عشرة امراة کے بعد (وما زاد عليها) مقدر ہے اور (الی تسع عشرة الخ) ضمیر زاد سے حال ہے (با) حرف جار مبنی بر سکون (تانيث) مصدر مضاف (الجزء) موصوف (الاول) اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف الاول۔ اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ مجرور لفظاً منصوب معناً چونکہ تانیث مصدر کا مفعول بہ ہے۔ تانیث مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (تذكير) مصدر مضاف (الجزء) موصوف (الثاني صفت) موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ مجرور تقدیراً منصوب لفظاً بسبب مفعولیت تذکیر مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف تانیث معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتين مقدر کا۔ (ثابتين) اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اس میں (هما) پوشیدہ جس میں (ها) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے ذوالحال (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون ثابتين اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال دوم۔

فائدہ:۔ جب ایک ذوالحال کے دو یا دو سے زیادہ حال ہوں تو حال مترادفہ کہلاتے ہیں لہذا یہ دونوں حال حال مترادفہ

ہوئے اور اگر حال دوم کو حال اول کی ضمیر سے حال قرار دیں تو مترادفہ نہ ہوں گے بلکہ داخلہ ہوں گے۔ ذوالحال اپنے احوال مترادفہ سے ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی الاصل مبنی بر فتح (ثلث عشر) مرکب بنائی ہر دو جز مبنی بر فتح منصوب محلا ممیز (امراۃ) تمیز ممیز اپنی تمیز سے ملکر معطوف علیہ (اربع عشرۃ) مرکب بنائی۔ دونوں جز مبنی بر فتح منصوب محلا ممیز (امراۃ) تمیز ممیز اپنی تمیز سے ملکر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر ذوالحال ہوا۔ (الی) حرف جار مبنی برسکون (تسع عشرۃ) مرکب بنائی مجرور محلا ممیز (امراۃ) تمیز۔ ممیز اپنی تمیز سے ملکر مجرور الی حرف جار کا جار مجرور ملکر ظرف مستقر منتھیین کا۔ (منتھیین) اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر جس میں (ھما) ضمیر پوشیدہ (ھا) ضمیر مبنی الاصل مبنی بر فتح راجع بسوئے ذوالحال (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ منتھیین اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ وہ کر حال اول بتذکیر (ب) حرف جارہ مبنی الاصل مبنی بر کسر (تذکیر) مصدر مضاف (الجزء) موصوف (الاول) اسم تفضیل (ھو) ضمیر اسمیں پوشیدہ مبنی الاصل مبنی بر فتح فاعل راجع بسوئے موصوف اسم تفضیل اپنے فاعل کے ساتھ ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو صفت ہوئی۔ موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ مجرور لفظا اور منصوب معنا (تذکیر) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (تانیث) مصدر مضاف (الجزء) موصوف (الثانی) صفت۔ موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف علیہ ہوا۔ مجرور لفظا اور منصوب معنا مضاف اپنے مضاف علیہ سے ملکر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور ہوا (با) حرف جار اپنے مجرور سے ملکر ظرف مستقر ثابتین کا۔ (ثابتین) صیغہ اسم فاعل تثنیہ مذکر اسمیں (ھما) ضمیر پوشیدہ فاعل (ھا) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی الاصل مبنی بر ضم راجع بسوئے ذوالحال (م) حرف عماد مبنی الاصل مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی الاصل مبنی برسکون ثابتین اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال ثانی ہوا۔ ذوالحال اپنے دونوں حالوں سے ملکر معطوف ہوا۔ معطوف علیہ اپنے معطوف کے ساتھ ملکر مقولہ ہوا۔ تقول فعل کا۔ تقول فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو اور مقولے سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوا۔ ان موصول حرفی کا۔ (ان) موصول حرفی اپنے صلہ کے ساتھ ملکر مفرد کی تاویل میں ہو کر خبر ہوئی مبتداء کی مبتداء اپنی خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (و) حرف استیناف مبنی بر فتح (اما) حرف شرط برائے تفصیل مبنی برسکون اس کی شرط (یوجد ، شئی) محذوف ہے۔ لزوما (طریق) مصدر (فی) حرف جار مبنی برسکون (الواحد)

معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (الاثنین) معطوف وما ذا علیہما مقدر۔ (ما) اسم موصول مبنی بر سکون مجرور محلا (ذاد) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ ذوالحال (الی) حرف جار مبنی بر سکون (تسع) مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر منتھیا کا۔ (منتھیا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے ذوالحال منتھیا اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم موصول (علی) حرف جار مبنی بر سکون (ھا) ضمیر مجرور متصل مجرور محلا مبنی بر کسر راجع بسوئے الواحد والاثنین (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون جار مجرور مل کر ظرف لغو ذاد فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ ہوا ما موصولہ کا۔ موصول صلہ مل کر معطوف الواحد معطوف علیہا اپنے معطوف سے ملکر مجرور جار مجرور ظرف لغو (مع) مضاف (عشرون) معطوف علیہ حکایۃ مجرور ہے (و) حرف عطف مبنی بر فتح (اخوات) مضاف مجرور لفظا (ھا) ضمیر مجرور متصل مبنی بر کسر مجرور محلا مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے ملکر حال (الی) حرف جار (تسعین) مجرور جار مجرور ظرف مستقر منتھیۃ مقدر اسم فاعل کا۔ جس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے ذوالحال فاعل منتھیۃ اپنے فاعل سے ملکر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر معطوف عشرون معطوف علیہا اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ مع مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ الترکیب مصدر اپنے ظرف لغو اور مفعول فیہ سے ملکر مضاف الیہ طریق مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء (علی) حرف جار مبنی الاصل مبنی بر سکون (سبیل) مضاف (العطف) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ظرف مستقر متعلق ثابت کے (ثابت) صیغہ اسم فاعل واحد مذکر جس میں (ھو) پوشیدہ ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء فاعل ہے۔ اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر جزا شرط محذوف اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

فان کان الممیز مذکرا فتقول فی ترکیب الواحد والا ثنین لا فی غیرھما احد وعشرون رجلا واثنان وعشرون رجلا بتذکیر الجزء الاول، وان کان الممیز مؤنثا فتقول احدی وعشرون امراۃ واثنتان وعشرون امراۃ بتانیث الجزء الاول وفی ترکیب غیر الواحد والاثنین الی تسع مع عشرین تقول فی الممیز المذکر ثلثۃ وعشرون رجلا واربعۃ وعشرون رجلا بتانیث الجز الاول وفی الممیز المؤنث تقول ثلث وعشرون امراۃ واربع وعشرون امراۃ بتذکیر الجزء الاول وعلی ھذا القیاس الی تسع وتسعین

ترکیب:۔ **فان کان الخ** (ف) حرف تفسیر یہ مبنی بر فتح (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (کان) فعل ناقص ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (ال) برائے تعریف مبنی بر سکون (ممیز) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر ممیز اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف مقدر اللفظ کی۔ موصوف صفت ملکر اسم فعل ناقص (مذکرا) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مقدر لفظا موصوف صفت ملکر خبر فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے ملکر شرط (ف) جزائیہ مبنی بر فتح (تقول) فعل مضارع معروف مرفوع لفظا صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں (انت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا فاعل (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح (فی) حرف جار مبنی بر سکون (ترکیب) مصدر

مضاف(الواحد) معطوف علیہ(و)حرف عطف مبنی بر فتح(الاثنین) معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ مجرور لفظاً منصوب معناً ترکیب مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر معطوف علیہ (لا) حرف عطف مبنی بر سکون (فـــی) حرف جار مبنی بر سکون (غیـــر) مضاف (ہ) ضمیر متصل مجرور محلاً مبنی بر کسر راجع بسوئے الواحدوالاثنین (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون غیر مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر ظرف لغو (احد عشرون) حکایۃ منصوب محلاً/تقدیراً ممیز (رجلا) تمیز ممیز اپنی تمیز سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر ذوالحال (ب) حرف جار مبنی بر کسر (تذکیر) مصدر مضاف (الـجـزء) موصوف (الاول) صیغہ اسم تفضیل واحد مذکر اسمیں (هـو) ضمیر پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مرفوع متصل مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ مجرور لفظاً منصوب معناً تذکیر مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتین کا۔ (ثابتین) اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اس میں (هـمـا) پوشیدہ جس میں (ها) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے ذوالحال ثابتین اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال ملکر مقولہ تقول فعل اپنے فاعل اور مقولے سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر جزاء شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (کـان) فعل ناقص ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب (ال) حرف تعریف مبنی بر سکون (مـمـیـز) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (هـو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر ممیز اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف مقدر اللفظ کی۔ موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر اسم فعل ناقص۔ (مـونـثـا) اس میں مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (هـو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر۔ (مـونـثـا) اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف مقدر لفظاً کی۔ موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر خبر فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط (ف) جزائیہ مبنی بر فتح تقول فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں (انـــت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلاً مبنی بر سکون (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح (احـد و عـشـرون) حکایۃ منصوب محلاً/تقدیراً ممیز (امـراة) تمیز ممیز اپنی تمیز سے ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (اثـنـتـان و عشرون) حکایۃ منصوب محلاً/تقدیراً ممیز (امراة) تمیز ممیز اپنی تمیز سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر

ذوالحال (ب) حرف جار مبنی بر کسر تا نیث مصدر مضاف (الجزء) موصوف (الاول) اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف (الاول) اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ مجرور لفظا منصوب معنا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتین مقدر کا۔ (ثابتین) اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اس میں (هما) پوشیدہ جس میں (ھا) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے ذوالحال (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون ثابتین اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر مقولہ تقول فعل اپنے فاعل اور مقولے سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا (و) حرف عطف/حرف استیناف مبنی بر فتح (فی) حرف جار مبنی بر سکون (ترکیب) مصدر مضاف (غیر) مضاف الیہ مضاف (الواحد) معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (الاثنین) معطوف معطوف علیہ معطوف سے ملکر مضاف الیہ مضاف۔ مضاف الیہ سے ملکر ذوالحال (الی) حرف جار مبنی بر سکون (تسع) مجرور جار مجرور ظرف مستقر متعلق منتھیا کے۔ (منتھیا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل راجع بسوئے ذوالحال اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ۔ذوالحال اپنے حال ملکر مضاف الیہ (مع) مضاف (عشرین) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ترکیب مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مفعول فیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ظرف لغو مقدم (تقول) فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں انت پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا مبنی بر سکون فاعل (ت) علامت خطاب مبنی بر فتح (فی) حرف جار مبنی الاصل مبنی بر سکون (الممیز) ال برائے تعریف (مذکر) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مذکر اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف صفت ملکر مجرور جار مجرور ملکر معطوف علیہ (و) حرف عاطفہ مبنی بر فتح (فی) جارہ مبنی بر سکون (ال) برائے تعریف (ممیز) موصوف صیغہ اسم مفعول واحد مذکر (ال) برائے تعریف (مؤنث) صیغہ اسم مفعول اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل مرفوع متصل مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف مونث اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف صفت ملکر مجرور جار مجرور ملکر معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر ظرف لغو موخر (ثلثة وعشرون) حکایة منصوب محلا یا تقدیرا ممیز (رجلا) تمیز ممیز اپنی تمیز سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر ذوالحال (ب) حرف جار مبنی بر کسر (ثانیث) مصدر مضاف

(الجزء) موصوف (الاول) اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) پوشیدہ ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف الاول اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف صفت ملکر مضاف الیہ مجرو لفظا منصوب معنا مفعول بہ تانیث مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر متعلق ثابتین کے۔ (ثابتين) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (هما) ضمیر پوشیدہ فاعل (هما) میں (ها) ضمیر پوشیدہ جس کا مرجع ذوالحال (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون ثابتين اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال ذوالحال حال ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف (ثلث و عشرون) حکایۃ منصوب محلا یا تقدیرا ممیز (امراة) تمیز ممیز تمیز ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (اربع وعشرون) حکایۃ منصوب محلا / تقدیرا ممیز (امراة) تمیز ممیز تمیز ملکر معطوف علیہ معطوف ملکر ذوالحال (ب) حرف جارہ مبنی بر کسر (تذکیر) مضاف (الجزء) موصوف (الاول) اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر (هو) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا فاعل اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف صفت ملکر مجرور لفظا منصوب معنا مفعول بہ تذکیر مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر کر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر متعلق ثابتین کے۔ (ثابتين) اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اس میں (هما) پوشیدہ جس میں (ها) ضمیر متصل مرفوع محلا راجع بسوئے ذوالحال فاعل (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون ثابتين اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر حال ذوالحال حال ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مقولہ ہوا تقول فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم اور موخر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔ (و) حرف عطف / استیناف مبنی بر فتح (على) حرف جار مبنی بر سکون (هذا) میں (ها) حرف تنبیہ مبنی بر سکون (ذا) اسم اشارہ مجرور محلا مبنی بر سکون مضاف الیہ (ما ذكر في ثلث و عشرين) جار مجرور ظرف مستقر متعلق ثابت کے ثابت اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل مرفوع متصل مرفوع محلا راجع بسوئے القياس القياس تثنیہ مقدم ہے ثابت اسم فاعل اپنے فاعل ظرف مستقر سے ملکر خبر مقدم ہوئی (القياس) مصدر (الى) حرف جار مبنی بر سکون (تسع) معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (تسعين) معطوف معطوف علیہ معطوف سے ملکر مجرور جار مجرور ظرف لغو متعلق القیاس مصدر کے اپنے ظرف لغو سے ملکر مبتداء موخر مبتداء موخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ معطوف / مستانفہ ہوا۔

والثانی کم معناہ عدد مبھم وھو علی نوعین احد ھما استفھامیة ان کان متضمنا لمعنی الا ستفھام وھو ینصب التمییز مثل کم رجلا ضربته و الثانی خبریة ان لم یکن متضمنا لمعنی الاستفھام

شرح:۔**قولہ کم** صحیح یہ ہے کہ یہ مفرد ہے بعض کہتے ہیں کہ **کاف** تشبیہ اور **ما** استفہام سے مرکب ہے **الف** کو حذف کیا گیا پھر **میم** تخفیفا ساکن ہوا۔ کم استفہامیہ اور خبریہ عدد اور معدود پر دلالت کرتے ہیں لیکن استفہامیہ اس عدد پر دلالت کرتا ہے۔ جو متکلم کے نزدیک **مبہم** ہو اور اس کے ذہن میں مخاطب کے نزدیک معلوم ہے اور کبھی متکلم بھی عالم ہوتا ہے مگر معدود استفہامیہ اور خبریہ دونوں کے اندر مخاطب کے نزدیک مجہول ہوگا۔ اسی وجہ سے تمیز کی طرف جو کہ مبین معدود ہوتا ہے احتیاج پڑتی ہے اور تمیز محذوف نہیں ہوتی الا بدلیل جیسا کہ دینار کا کوئی ذکر ہو رہا ہو اس وقت تم نے کہا **کم عندك ای کم دینار عندك وکم عندی ای کم دینارا عندی** اور لوگوں نے کہا ہے کہ استفہامیہ کے ممیز کا حذف اکثر ہے اس لیے کہ وہ فضلات کی صورت میں واقع ہے۔

قولہ وھواستفھام علی نوعین یہ دونوں پانچ چیزوں میں مشترک ہیں (۱) اسمیت میں (۲) ابہام میں (۳) تمیز کی طرف محتاج ہونے میں (۴) مبنی ہونے میں (۵) صدر کلام میں واقع ہونے میں اور انشائیہ ہونے میں۔

قولہ وھو ینصب علامہ ابن عقیل فرماتے ہیں۔ کہ اس کی تمیز کو مجرور پڑھنا جائز ہے۔ جبکہ اس پر حرف جر داخل ہو مثلا **بکم درھم اشتریت ای بکم من درھم الخ** اور جب اس پر حرف جر نہ ہو۔ تب تو اسکی تمیز کو منصوب پڑھنا لازم ہے اور کبھی اسکی تمیز کو حذف کر دیتے ہیں۔ جبکہ قرینہ پایا جائے مثلا **کم صمت ای کم یوما صمت**۔

قولہ والثانی خبریة اس کے اور استفہامیہ کے درمیان پانچ وجوہ سے فرق بتایا گیا۔ (۱) جو کلام کم استفہامیہ

کے ساتھ شرح ہو اس میں احتمال، صدق وکذب کا نہیں ہوتا۔ بخلاف کلام کم خبریہ کے (۲) استفہامیہ مخاطب سے جواب طلب کرتا ہے بخلاف خبریہ کے۔ (۳) استفہامیہ کا بدل مقرون بہمزہ ہوتا ہے مثلاً **کم درھما عندك اعشرون ام ثلاثون** بخلاف **کم** خبریہ کے کہ اسمیں ہمزہ نہیں ہوتا مثلاً **کم عبید لی خمسون بل ستون** (۴) استفہامیہ کی تمیز فقط منصوب اور مفرد ہوتی ہے اور خبریہ کی تمیز مجرور مفرد اور جمع ہوتی ہے جبکہ درمیان میں کوئی فاصلہ نہ ہو اور تمیز اور کم کے درمیان فاصلہ ہو تو پھر تمیز منصوب ہوتی ہے۔ کما قال المصنف **وھو ینصب التمیز** (۵) کم خبریہ کی تمیز بلا فصل مجرور بمن ہوتی ہے **قال تعالی وکم من قریۃ اھلکنا ھا** اور استفہامیہ کی تمیز بلا فصل مجرور بمن ہوتی ہے۔

ترکیب:۔ **والثانی الخ** (و) حرف عطف/استیناف مبنی بر فتح (**الثانی**) مبتداء (**کم**) مرفوع تقدیراً خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (**معنی**) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے کم مبتدا (**عدد**) موصوف (**مبھم**) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (**ھو**) ضمیر پوشیدہ نائب فاعل مرفوع متصل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے **مبھم** اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف صفت ملکر خبر مبتداء خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

(و) حرف عطف/استیناف مبنی بر فتح (**ھو**) ضمیر مرفوع منفصل مبتداء مرفوع محلاً راجع بسوئے کم (**علی**) حرف جار مبنی بر سکون (**نوعین**) مجرور جار مجرور ظرف مستقر ثابت کے۔ (**ثابت**) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (**ھو**) ضمیر پوشیدہ فاعل مرفوع متصل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتداء **ثابت** مقدر کا۔ (**ثابت**) اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتداء خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ/مستانفہ ہوا (**احد**) مضاف (**ھا**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ راجع بسوئے نوعین (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون مضاف مضاف الیہ ملکر مبتداء (**استفھامیۃ**) اسم منسوب صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (**ھی**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتداء۔

فائدہ:۔ مبتداء کو کسی لفظ مونث کی **تاویل** میں لیں تا کہ ضمیر مونث کا **ارجاع** درست ٹھہرے مثلاً (**الکلمۃ**) استفہامیہ اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتداء خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

(ان) حروف شرط مبنی بر سکون (کان) فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے احدھما۔ (متضمنا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم کان۔ (لام) حرف جار مبنی بر کسر (معنی) مضاف (الاستفھام) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (متضمنا) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط اور جزاء اسکی (فھو استفھامیہ) محذوف۔ شرط اپنی جزائے محذوف سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔ یا جزاء جملہ مقدمہ ہے۔ (و) حرف عطف/ استیناف مبنی بر فتح (ھو) ضمیر مرفوع منفصل مبتداء مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے کم استفھامیہ۔ (ینصب) فعل مضارع معروف مرفوع لفظا صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل مرفوع محلا فاعل راجع بسوئے مبتداء (التمیز) مفعول بہ ینصب فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ صغری ہوکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ یا مستانفہ ذات وجہین ہوا۔ (مثلا) مضاف (کم رجلا ضربت) مضاف الیہ مجرور تقدیرا۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے کم استفھامیہ (مثال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

بر تقدیر ارادہ معنی (کم) استفھامیہ مبنی بر سکون ممیز (رجلا) تمیز ممیز اپنی تمیز سے ملکر مبتداء مرفوع محلا (ضربت) فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد مذکر حاضر (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح (ہ) ضمیر منصوب متصل بارز مفعول بہ منصوب محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے مبتداء۔ (ضربتہ) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ صغری ہوکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ کبری ذات وجہین ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (الثانی) مبتداء (خبرۃ) اسم منسوب صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتداء بتاویل مذکور (خبریۃ) اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (لم یکن) صیغہ واحد مذکر غائب بحث نفی جحد بلم فعل مستقبل معروف فعل ناقص اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے الثانی۔ (متضمنا) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم فعل ناقص۔ (ل)

حرف جار مبنی بر کسر (معنی) مضاف (الاستفهام) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (متضمنا) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط جزا اس کی (فهو خبرية) محذوف شرط اپنی جزائے محذوفہ سے ملکر جملہ شرطیہ ہو یا جملہ حقدمہ جزا ہے (و) حرف عطف یا استیناف مبنی بر فتح (هو) ضمیر مرفوع منفصل مبتداء مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے الثانی۔ (ينصب) فعل مضارع معروف مرفوع لفظا صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتداء (ال) حرف تعریف مبنی بر سکون (مميز) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر ممیز اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف مقدر اللفظ کی موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ ینصب فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ صغری ہوکر خبر مبتداء اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ یا مستانفہ کبری ذات وجہین ہوا۔ (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (كان) فعل ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب فعل تام (بين) مضاف (هما) میں (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے کم خبریہ اور ممیز (م) حرف عماد مبنی بر فتح اعلامت تثنیہ مبنی بر سکون بین مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ (فاصلة) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونث اس میں (هي) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر کاملۃ۔ فاصلة اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر فاعل کان فعل تام اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط جزا اس کی محذوف ینصب الممیز شرط اپنی جزائے محذوف سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔ (مثل) مضاف (كم عندي رجلا) مضاف الیہ مجرور تقدیرا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے کم خبریہ کا اپنے ممیز کو نصب دینا بر تقدیر فاصلہ مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (كم) خبریہ مبنی بر سکون ممیز (رجلا) تمیز ممیز اپنی تمیز سے ملکر مبتدا مرفوع محلا (عند) مضاف (ی) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر سکون مضاف اپنے مضاف الیہ سے مفعول فیہ ثابت مقدر کا۔ (ثابت) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وهو ينصب المميز ان كان بينهما فاصلة مثل كم عندى رجلا وان لم تكن بينهما فاصلة فمميزه مجرور بالاضافة اليه مثل كم رجل ضربت وكم غلمان اشتريت والثالث كاين وهو مركب من كاف التشبيه واى لكن المراد منه عدد مبهم لا المعنى التركيبى مثل كاين رجلا لقيت

شرح:۔ کاف تشبیہ ای پر کہ جس کی اصل معرب ہے آ گیا اور اس سے معنے تشبیہ کے مسلوب ہو گئے تو مجموعہ کاف اور ای سے معنی واحد کثیر العدد ہیں اور یہ مجموعہ مثل اسم مفرد کے ہو گیا کم خبریہ کے معنے میں پس گویا کہ اسم مبنی بر سکون ہے جس کے آخر میں نون لاحق ہے نہ تنوین جیسا کہ من کے اندر اور اسی وجہ سے اس کے آخر میں نون لکھا جاتا ہے۔ اور اس کا مرتبہ بنا کے اندر اپنے اخوات سے کم ہے اور اس کے اندر پانچ لغت آئی ہیں کاین کعین کے وزن پر اور کاء، کاع کے وزن پر اور کیان اور کیعن کے وزن پر اور کھی۔ کعی کے وزن پر اور کاء۔ کع کے وزن پر۔

ترکیب:۔ وان لم تكن الخ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ان) حرف شرط مبنی بر سکون (لم تكن) صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ بحث نفی جحد بلم فعل مستقبل معروف فعل تام (بین) مضاف (هما) میں (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے کم خبریہ اور اس کا ممیز (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ (بین) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ (فاصلة) اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف مقدر کاملۃ۔ موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر فاعل لم تكن فعل تام اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط (فا) جزائیہ مبنی بر فتح (مميز) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع

بسوئے کم خبریہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا (مجرور) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (با) حرف جار مبنی بر کسر (الاضافة) مصدر (الی) حرف جار مبنی بر سکون (ہ) ضمیر مجرور متصل مجرور محلا مبنی بر کسر راجع بسوئے مبتدا جار مجرور ملکر ظرف لغو (الاضافة) مصدر اپنے ظرف لغو سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو مجرور اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہو کر جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ معطوف ہوا۔ (مثل) مضاف (کم رجل ضربت) معطوف علیہ مجرور تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (کم غلمان اشتریت) معطوف مجرور تقدیرا معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے کم خبریہ کے ممیز کا مجرور۔ مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (کم) ممیز مضاف مبنی بر سکون (رجل) مضاف الیہ تمیز ممیز مضاف اپنے مضاف الیہ تمیز سے ملکر مفعول بہ مقدم (ضربت) فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم تا ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم (ضربت) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ کم ممیز مضاف مبنی بر سکون (غلمان) تمیز مضاف الیہ ممیز مضاف اپنی تمیز مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ مقدم (اشتریت) فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم (اشتریت) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ (و) حرف عطف/استیناف مبنی بر فتح (الثالث) مبتدا (کاین) خبر مرفوع تقدیرا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ/مستانفہ ہوا۔ (و) حرف عطف/استیناف مبنی بر فتح (ھو) مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے کاین۔ (مرکب) اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (من) حرف جار مبنی بر سکون (کاف) مضاف (التشبیہ) مضاف الیہ (کاف) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ای) معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو مرکب اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر

واعلم ان تقديم اخبار هذه الافعال على اسمائها جائز بابقاء عملها مثل كان قائما زيد وعلى هذا القياس في البواقي وايضا تقديم اخبارها على نفسها جائز سوى ليس والافعال التي كان في اوائلها ما

شرح:۔ **قوله تقديم اخبار** یعنی ان کے اخبار کا ان کے اسما پر مقدم کرنا جائز ہے کیونکہ یہ اصل میں مبتدا خبر تھے تو جس طرح خبر کا مقدم ہونا جائز تھا۔ اسی طرح ان میں۔ مگر جب مبتدا و خبر معرفہ ہوں اور خبر کا اعراب ظاہر بھی نہ ہو تو مبتدا کا مقدم کرنا ضروری ہوتا ہے۔ بخلاف ان کے کہ یہاں خبر کو منصوب پڑھنے سے فرق خود بخود ظاہر ہوگا۔ ہاں جب اسم و خبر دونوں اعراب تقدیری رکھتے ہوں تو پھر اسم کو مقدم کرنا لازم ہے مثلاً **كانت الحبلى السكرى**۔

قوله تقديم اخبارها یعنی اخبار کا ان افعال کے وجود پر مقدم ہونا جائز ہے یا نا جائز ہے اس کی تین صورتیں ہیں (۱) جائز ان وغیرہ کی جس پر لفظ **ما** داخل نہیں۔ (۲) جس پر لفظ **ما** داخل ہے **مابرح** وغیرہ (۳) مختلف فیہ لیس ہے نقش ذیل وضاحت کے ساتھ طلباء کیلئے حاضر ہے۔

نمبر شمار	فعل ذی مرتبہ	نتیجہ	مثال
۱	كان، صار، اصبح، اضحى، امسى، ظل، بات	جائز	قائما ليس زيد وغيره
۲	ما فتى ما برح، مازال ماانفك	جائز نہیں	لا يقال قائما مابرح زيد وغيره

۳	لیس		مختلف فیہ	قال بعضهم قائما لیس زید و قال بعضهم لا یقال قائما لیس زید

ترکیب:۔ **واعلم ان الخ** (و) حرف استیناف مبنی بر فتح (اعلم) فعل امر حاضر معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد مذکر حاضر آمیں (انت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلاً مبنی بر سکون (ت) مفتوحہ علامت خطاب مذکر (ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی مبنی بر فتح (تقدیم) مصدر مضاف (اخبار) مضاف الیہ مضاف (ھا) حرف تنبیہ مبنی بر سکون (ذہ) اسم اشارہ مبنی بر سکون مجرور محلاً موصوف (الافعال) صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ اخبار مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ مجرور لفظاً منصوب معنیً بناء بر مفعولیت (علی) حرف جار مبنی بر سکون (اسماء) مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر سکون راجع بسوئے ھذہ الافعال۔ اسماء مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف **لغو تقدیم** مضاف اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے ملکر اسم ان (جائز) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر آمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم ان (باء) حرف جار مبنی بر کسر (ابقاء) مصدر مضاف (عمل) مضاف الیہ مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر سکون راجع بسوئے ھذہ الافعال عمل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ مجرور لفظاً منصوب معنیً بنا بر مفعولیت ابقاء مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو جائز اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر (ان) کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ (ان) موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر مفعول بہ منصوب محلاً **اعلم** فعل امر حاضر اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا (مثل) مضاف (**کان قائما زید**) مضاف الیہ مجرور تقدیراً مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے تقدیم خبر مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا بر تقدیر ارادہ معنی (کان) فعل ماضی معروف مبنی بر فتح فعل ناقص صیغہ واحد مذکر (قائما) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر آمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم **کان** مئوخر **قائما** اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم (زید) اسم مئوخر **کان** فعل ناقص اپنے اسم مئوخر اور خبر مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (و) حرف عطف/استیناف مبنی بر فتح (علی) حرف جار مبنی بر سکون (ھا) حرف تنبیہ مبنی بر سکون (ذا) اسم اشارہ مبنی بر سکون مجرور محلاً جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت

مقدر کا۔ (ثابت) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدائے مؤخر **ثابت** اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مقدم (**القیاس**) مصدر (**فی**) حرف جار مبنی بر سکون (**البواقی**) میں (**ال**) بمعنی **اللواتی** اسم موصول (**بواقی**) اسم فاعل صیغہ جمع مؤنث اسمیں (**ھن**) پوشیدہ جس میں (**ھا**) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے اسم موصول (**ن**) مشدد علامت جمع مونث مبنی بر فتح اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو: لقیاس مصدر اپنے ظرف لغو سے ملکر مبتدائے مؤخر مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ یا مستانفہ ہوا (**و**) حرف عطف یا استیناف مبنی بر فتح (**ایضا**) مفعول مطلق فعل مقدر آض کا۔ **آض** فعل ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے حکم تقدیم **آض** فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ/مستانفہ ہوا۔ (**تقدیم**) مصدر مضاف (**اخبار**) مضاف الیہ مضاف (**ھا**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر سکون راجع بسوئے ھذہ الافعال اخبار مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ مجرور لفظاً منصوب معنی بنا بر مفعولیت (**علی**) حرف جار مبنی بر سکون (**نفس**) مضاف (**ھا**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر سکون راجع بسوئے ھذہ الافعال نفس مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو **تقدیم** مضاف اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے ملکر مبتدا (**جائز**) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (**سوی**) اسم مقصور مضاف (**لیس**) معطوف علیہ مجرور تقدیرا (**و**) حرف عطف مبنی بر فتح (**الافعال**) موصوف (**التی**) اسم موصول مبنی بر سکون (**کان**) فعل ماضی معروف مبنی بر فتح **فعل ناقص** صیغہ واحد مذکر غائب (**فی**) حرف جار مبنی بر سکون (**اوائل**) مضاف (**ھا**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر سکون راجع بسوئے اسم موصول اوائل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔ (**ثابتا**) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم **کان ثابتا** اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مقدم (**ھا**) اسم مؤخر مرفوع تقدیرا (**کان**) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر صفت **الافعال** موصوف اپنی صفت سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مفعول فیہ منصوب تقدیرا **جائز** اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وقال بعضهم تقديم الاخبار على هذه الافعال ايضا جائز سوى مادام اما تقديم اسمائها عليها فغير جائز واعلم ان حكم مشتقات هذه الافعال كحكم هذه الافعال في العمل

شرح:۔ **قوله وقال بعضهم** بعض یعنی ابن کیسان کا خیال ہے کہ جن افعال کے اول میں لفظ ما ہے ان پر بھی ان کے اخبار کا مقدم ہونا جائز ہے۔ وجہ یہ ہے کہ یہ افعال بمعنی **کان** کے ہوجاتے ہیں کیونکہ ان میں معنی نفی کا تھا جب ان پر **ما نافیہ** داخل ہوا تو معنی مثبت کا ہوگیا کیونکہ قانون ہے کہ نفی کا نفی پر داخل ہونا مثبت کا معنی پیدا کر دیتا ہے تو اسی اعتبار سے ان میں **کان** کی طرح مثبت کا معنی ہوا اور **کان** کے حکم **(یعنی اخبار کی تقدیم)** میں ہوگئے خلاصہ یہ ہوا کہ جمہور تقدیم ناجائز سمجھتے ہیں۔ ان کے الفاظ منفیہ کی وجہ سے اور ابن کیسان جائز سمجھتا ہے۔ ان کے بمعنی **کان** کے ہوجانے کی وجہ سے۔

قوله فغير جائز یعنی ان سب افعال پر ان کے اسماء کا مقدم ہونا ناجائز ہے اس لیے کہ ان کے اسماء درحقیقت ان کے فاعل ہیں اور فاعل کی تقدیم فعل پر ناجائز ہے۔

قوله واعلم منف یہاں سے ایک فائدہ بتانا چاہتے ہیں کہ وہ یہ کہ ان سب افعال کے تمام مشتقات مضارع امر، نہی، اسم فاعل اسم مفعول مصدر ظرف وغیرہ سب کا یہی عمل ہوگا۔ (یعنی اسم مرفوع اور خبر منصوب) مگر اس حکم میں مصدر کو داخل کرنا اس مذہب پر صحیح ہوگا جو ماضی کو اصل سمجھتے ہوں۔ اور جن کے نزدیک مصدر اصل ہے تو پھر اس حکم میں داخل کرنا مشکل ہوگا۔ ہاں جب اشتقاق سے مراد اصطلاحی معنے نہ ہوں بلکہ لغوی ہوں پس مصدر کا داخل ہونا صحیح ہوجائے گا۔

فائدہ:۔ کبھی **کان** حذف کرتے ہیں اور اس کے عمل کو باقی رکھتے ہیں **كما قال العرب الناس مجزيون ان خيرا فخيراى ان كان خير**۔

ترکیب:۔ **وقال بعضھم الخ** (و)حرف عطف/ استیناف مبنی بر فتح (قال) فعل ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب (بعض) مضاف (ھم) میں (ھا)ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے نحات (م) علامت جمع مذکر مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر فاعل (تقدیم) مصدر مضاف (الاخبار) مضاف الیہ مجرور لفظا منصوب معنی بنا بر مفعولیت (علی) حرف جار مبنی بر سکون (ھا) حرف تنبیہ مبنی بر سکون (ذہ) اسم اشارہ مبنی بر سکون موصوف (الافعال) صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور محلا جار مجرور ملکر ظرف لغو **تقدیم** مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے ملکر مبتدا (جائز) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (سوی) اسم مقصور مضاف (مادام) مضاف الیہ مجرور تقدیرا **سوی** مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مراد اللفظ ہوکر مقولہ اول (ایضا) مفعول مطلق (آض) فعل مقدر کا (آض) فعل ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے حکم تقدیم **آض** فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ مراد اللفظ ہوکر مقولہ دوم **قال** فعل اپنے فاعل اور مقولہ اول اور مقولہ دوم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ/ مستانفہ ہوا (اما) حرف شرط مبنی بر سکون برائے استیناف اسکی شرط محذوف لزوما (تقدیم) مصدر مضاف (اسماء) مضاف الیہ مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے ھذہ الافعال۔ **اسماء** مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ مجرور لفظا منصوب معنی بنا بر مفعولیت (علی) حرف جار مبنی بر سکون (ھا) ضمیر مجرور متصل مجرور محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے **ھذہ الافعال** جار مجرور ملکر ظرف لغو **تقویم** مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے ملکر مبتدا (فا) جزائیہ مبنی بر فتح (غیر) مضاف (جائز) مضاف الیہ **غیر** مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جزا شرط محذوف اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا (و) حرف استیناف مبنی بر فتح (اعلم) فعل امر حاضر معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد مذکر حاضر اسمیں (انت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (ت) مفتوحہ علامت خطاب مذکر (ان) حرف از حروف مشبہ بالفعل موصول حرفی مبنی بر فتح (حکم) مضاف (مشتقات) مضاف الیہ مضاف (ھا) حرف تنبیہ مبنی

برسکون (ذہ) اسم اشارہ مبنی برسکون موصوف (الافعال) صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ مجرور محلا مشتقات مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا۔ حکم مضاف کا حکم مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر اسم (لک) حرف جار مبنی بر فتح (حکم) مضاف (ھا) حرف تنبیہ مبنی برسکون (ذہ) اسم اشارہ مبنی برسکون موصوف (الافعال) صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ مجرور محلا حکم مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ ثابت اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم ان، (فی) حرف جار مبنی برسکون (العمل) مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر (ان) کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر مفعول بہ منصوب محلا اعلم فعل امر حاضر اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

نوٹ:۔ اس جملے میں (فی العمل) کو حکم کے متعلق قرار دینا درست نہیں **کما لا یخفی علی المتامل** اور **انسب** یہ ہے کہ (فی العمل) کو معنی تشبیہ سے متعلق قرار دیا جائے جو حرف تشبیہ سے مفہوم ہوتے ہیں۔

قال نسوة فی المدینة

(القرآن پارہ نمبر 12 سورۃ یوسف آیت نمبر 30)

سوال:۔ نسوۃ مونث ہے اور فعل مذکر حالانکہ قاعدہ ہے کہ فاعل مونث ظاہر بلا فصل ہو تو واجب ہے کہ فعل بھی مونث ہو؟

جواب:۔ قاعدہ ہے کہ جمع مکسر کیلئے کوئی بھی فعل لاؤ مونث یا مذکر۔ اور نسوۃ جمع مکسر ہے نساء کی۔

شرف رجلا زید

تشریح:۔ کبھی وہ افعال کہ بضم العین ہیں خواہ قبل از نقل یا بعد نقل مضموم ان کو افعال مدح وذم کا درجہ دیا جاتا ہے۔ اب بات ظاہر ہے کہ شرف، کی ضمیر مضمر مبہم ممیز ناصب ہے اور رجلا تمیز ہے اور زید مخصوص بالمدح ہے۔

النوع الحادی عشر

افعال المقاربة و انما سمیت بهذا الاسم لانها تدل علی المقاربة و هی اربعة الاول عسی وهو فعل لدخول تاء التانیث الساكنة فیه نحو عست و غیر متصرف اذلا یشتق منه مضارع واسما فاعل ومفعول و امر و نهی مثلا

شرح:۔ **قولہ النوع الحادی** اس کوایک علیحدہ نوع سمجھنا اخفش کا مذہب ہے، سیبویہ کا خیال ہے کہ افعال **ناقصہ** اور یہ نوع ایک ہی چیز ہے کیونکہ ان کا عمل اور مدخول ایک ہی قسم کا ہے ان کا نام افعال **مقاربہ** بمعنی **مقاربت** یعنی کسی شے کو کسی کے قریب کردینے کے آتے ہیں اور ان کا نام افعال **منسخہ** (یعنی زمانہ سے خالی) بھی ہے۔

قولہ وانما سمیت یہاں سے افعال مقاربہ کی وجہ تسمیہ بتاتے ہیں یعنی اس کو افعال مقاربہ اس لیے کہتے ہیں کہ مقاربت پر دلالت کرتے ہیں۔ یہ افعال تین طرح ہیں۔ (۱) بعض ان میں سے انشائے طمع یعنی اسم کیلئے حصول خبر کی امید **نحو عسی النبی صلی الله علیه وسلم ان یشفع لی** (۲) بمعنی کسی کام میں شروع ہوجانا **و طفقا یخصفان** (القرآن) (۳) فاعل کے لیے حصول خبر کا قرب بیان کرنا مثلاً **کاد زید یخرج** یعنی زید کیلئے حصول خروج قریب ہے پس تسمیہ ان افعال کا افعال مقاربہ کے ساتھ تسمیہ مجموع باسم بعض الافراد کے قبیل سے ہے۔

قوله عسی بوزن **رمی** اسکا معنی **(الترجی فی المحبوب والا شفاق فی المکروہ)** ان دونوں معنوں کو قرآن پاک میں یکجا جمع کیا گیا ہے۔ **عسی ان تکرھوا شیئا وھو خیرلکم وعسی**

ان تحبواشیئا وھو شرلکم (القرآن)۔

قولہ وھو فعل اصح مذہب میں یہ فعل ہے مگر ابن السراج اور زجاج اسکو فعل نہیں مانتے ہیں ہاں جب ان پر ضمائر مثلاً عساك و عساکما الخ داخل ہوں۔

قولہ لدخول یہ اس کے فعل ہونے کی دلیل قائم فرمارہے ہیں فقط فاء ساکنہ نام لیا ورنہ اس پر تمام ضمائر مرفوعہ بارزہ داخل ہوتی ہیں نحو عسی عسیا عسوا عست عستا عسین عسیت عسیتما عسیتم و سیت عسیتما عسیتن عسیت عسینا۔

فائدہ:۔ اس کے سین پر جب ضمیر مخاطب و متکلم و جمع مونث غائب کا نون داخل ہو تو کسرہ پڑھنا جائز ہے مثلاً عسیت ت عسیتن عسیت وعسینا وعسین۔

قولہ غیر متصرف چونکہ ان میں انشاء الطمع کا معنی ہوتا ہے اور انشأ ت عموماً حروف میں پایا جاتا ہے۔ اور حروف غیر متصرف ہوتے ہیں۔ ان کو حروف سے مشابہت ہے بدیں وجہ یہ بھی غیر متصرف ہیں۔

قولہ اذلا یہ ایک سوال مقدر کا جواب ہے۔ سوال کی تقریر یوں ہے کہ غیر متصرف تو وہ افعال ہیں جن کا کوئی ماضی و مضارع وغیرہ نہ ہو۔ ان میں اگرچہ مضارع وغیرہ نہیں ماضی کے صیغے و بتمامہا پائے جاتے ہیں تو پھر غیر متصرف کہنا کیسے صحیح ہوا؟ اس کے جواب میں فرمایا اذلا یشتق۔

ترکیب:۔ **النوع الحادی عشر الخ (النوع)** مفرد منصرف صحیح موصوف **(الحادی عشر)** مرکب بنائی ہر دو جز مبنی بر فتح صفت مرفوع محلاً موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدا **(افعال)** جمع مکسر منصرف مضاف **(المقاربۃ)** مفرد منصرف صحیح مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **(و)** حرف استیناف مبنی بر فتح **(انما)** حرف حصر مبنی بر سکون **(سمیت)** فعل ماضی مجہول مبنی بر فتح صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ اس میں **(ھی)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے افعال المقاربۃ **(با)** حرف جار زائد مبنی بر کسر **(ھا)** حرف تنبیہ مبنی بر سکون **(ذا)** اسم اشارہ مبنی بر سکون موصوف **(الاسم)** مفرد منصرف صحیح صفت موصوف اپنی صفت سے

ملکر مجرور محلا منصوب معنی بنا بر مفعولیت (ل) حرف جار مبنی بر کسر (ان) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح موصول حرفی (ھا) ضمیر منصوب متصل اسم منصوب محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے انعال القاربۃ (تدل) مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ مرفوع لفظا بعامل معنوی صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم ان (علی) حرف جار مبنی بر سکون (المقاربۃ) مفرد منصرف صحیح مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو تدل فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر خبر ان کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر صلہ ان موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (سمیت) فعل اپنے نائب فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ھی) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے انعال القاربۃ (اربعۃ) مفرد منصرف صحیح خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا (الاول) غیر منصرف بوجہ وصفیت اور وزن فعل اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر الفعل۔ الاول اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف مقدر اپنے صفت سے ملکر مبتدا (عسی) اسم مقصور خبر مرفوع تقدیرا یہ فعل عسی کا علم ہے (فلا تغفل) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (و) حرف عطف/ استیناف مبنی بر فتح (ھو) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے (عسی) فعل مفرد منصرف صحیح معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (غیر) مفرد منصرف صحیح مضاف (منصرف) مفرد منصرف صحیح مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر خبر (ل) حرف جار مبنی بر کسر (دخول) مفرد منصرف صحیح مصدر مضاف (تاء) مفرد منصرف صحیح مضاف الیہ مضاف (التانیث) مفرد منصرف صحیح مضاف الیہ (تاء) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر موصوف (ال) حرف تعریف مبنی بر سکون (ساکنۃ) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف ساکنۃ اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت (تاء) موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ مجرور لفظا مرفوع معنی بنا بر فاعلیت (فی) حرف جار مبنی بر سکون (ہ) ضمیر مجرور متصل مجرور محلا مبنی بر کسر راجع بسوئے عسی۔ جار مجرور ملکر

ظرف لغو دخول مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق نسبت جو مبتدا اور خبر کے درمیان ہے مبتدا اپنی خبر اور متعلق نسبت سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ/ مستانفہ ہوا۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ (الدخول) جار مجرور کو ثابت مقدر کا ظرف مستقر قرار دے کر ثابت کو مبتدائے مقدر (ذلك) کی خبر قرار دیں۔ (نحو) مفرد منصرف جاری مجرائے صحیح مضاف (عست) مثل اسم مقصور تقدیراً اعراب میں مضاف الیہ مجرور تقدیراً مجرور تقدیراً نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی (مثال) مفرد منصرف صحیح مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے دخول تاء التانیث الساکنۃ مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (اذ) حرف برائے تعلیل مبنی بر سکون (لا یشتق) مضارع مجرد از ضمائر بارزہ مرفوع لفظاً بعامل معنوی صیغہ واحد مذکر غائب (من) حرف جار مبنی بر سکون (ہ) ضمیر مجرور متصل مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے عسی جار مجرور ملکر ظرف لغو (مضارع) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر فعل مضارع اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر معطوف علیہ اول (اسما) تثنیہ مضاف (فاعل) مفرد منصرف صحیح معطوف علیہ دوم (و) حرف عطف مبنی بر فتح (مفعول) مفرد منصرف صحیح معطوف معطوف علیہ دوم اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف سے ملکر معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (امر) مفرد منصرف صحیح معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (نھی) مفرد منصرف جار مجرائے صحیح معطوف علیہ اول اپنے معطوفات سے ملکر نائب فاعل (لا یشتق) فعل مضارع مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ معللہ ہوا (مثلا) مفرد منصرف صحیح مفعول مطلق فعل محذوف مثلت کا۔ (مثلت) فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل مرفوع محلاً مبنی بر ضم مثلت فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وعمله علی نوعین الا ول ان یرفع الا سم وھو فاعله وینصب الخبر ویکون خبره فعلا مضارعا مع ان

شرح:۔قوله وعمله اس کا ایسا عمل کرنا اسوقت ہے جب لعل کے قائمقام نہ ہو۔جب اس کے قائم مقام ہوتو اسم اول کومرفوع اوراسم ثانی کومنصوب کرےگا۔

قوله وینصب الخبرخبر پرنصب لفظا یا محلا۔لفظا عسی الغویر ابو سا اور محلا کی مثال متن میں ہے۔

فائدہ:۔ عسی الغویر ابوسا ایک قوم کا مقولہ ہے اصل واقعہ یوں ہے کہ یہ لوگ بارش کے خطرہ سے غار میں گھس گئے اور الغویر غارکی تصغیر ہے پھر غار میں بھی پانی ٹپکنے لگا جب پانی ان کے سر پر آ گیا تو لگے کہنے عسی الغویرا بوسا ۔اور ابو سا باس بمعنی شدت کی جمع ہے۔

قوله مع ان بمعنی عسی کی خبر فعل مضارع مع ان استقبالیہ کے ہوگی اور یہی محاورہ قرآن پاک میں ہر جگہ مستعمل ہوا ہے بغیر ان کے قرآن پاک میں نہیں ہاں شعرائے عرب کے کلام میں بہت ہے۔قال الشاعر۔

عسی الکرب الذی امسیت فیہ یکون وراءہ فرج قریب

کبھی مضارع سین کے ساتھ بھی آیا ہے مثلاعسی زید سیقوم۔

فائدہ:۔ مضارع بغیر ان خبر واقع ہو یہ قلیل ہے اور سین کے ساتھ بہت قلیل ہے اور خبر اسم لفظی واقع نادر ہے۔

ترکیب:۔ وعمله الخ(و)حرف عطف/استیناف مبنی برفتح(عمل) مفرد منصرف صحیح مصدر مضاف(ہ)ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مرفوع معنی بنا بر فاعلیت مبنی برضم راجع بسوئے عسی مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا (علی) حرف جار مبنی برسکون (نوعین) تثنیہ مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ہوا ثابت مقدر کا۔(ثابت) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو)ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے مبتدا ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ/مستانفہ ہوا

(الاول) غیر منصرف بوجہ وصفیت اور وزن فعل۔ اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر (النوع) اسم تفضیل اپنے نائب فاعل سے ملکر صفت موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مبتدا (ان) ناصبہ موصول حرفی مبنی بر سکون (یرفع) فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ منصوب لفظا صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے عسی (الاسم) مفرد منصرف صحیح ذوالحال (و) حالیہ مبنی بر فتح (ھو) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے الاسم (فاعل) مفرد منصرف صحیح مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے عسی مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے ملکر مفعول بہ (یرفع) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ینصب) فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ منصوب لفظا صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے عسی (الخبر) مفرد منصرف صحیح مفعول بہ (ینصب) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ینصب) فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ منصوب لفظا صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے عسی (الخبر) مفرد منصرف صحیح مفعول بہ (ینصب) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر صلہ (ان) موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر خبر مرفوع محلا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مبینہ ہوا (و) حرف عطف / استیناف مبنی بر فتح (یکون) فعل مضارع صحیح مجرد از ضمارہ بارزہ مرفوع لفظا بعامل معنوی فعل ناقص (خبر) مفرد منصرف صحیح مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے عسی۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر اسم (فعلا) مفرد منصرف صحیح موصوف (مضارعا) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف (مضارعا) اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر (مع) ظرف مکان معرب مضاف (ان) مثل اسم مقصور در تقدیر اعراب بہر سہ حالت مضاف الیہ مجرور تقدیرا (مع) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ (یکون) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ / مستانفہ ہوا۔

وحینئذ یکون بمعنی قارب نحو عسی زید ان یخرج فزید مرفوع بانه اسمه وفاعله وان یخرج فی موضع النصب بانه خبره بمعنی قارب زیدٌ الخروج ویجب ان یکون خبره مطابقا لاسمه فی الافراد والتثنیة والجمع والتذکیر والتانیث

شرح:۔ **قوله ویجب** یعنی **عسی** کی خبر اور اسم کی مطابقت لازمی ہے اگر اسم مفرد ہو تو خبر بھی مفرد اگر وہ تثنیہ تو یہ بھی تثنیہ اگر وہ جمع تو یہ بھی جمع اگر وہ مذکر تو یہ بھی مذکر اگر وہ مونث تو یہ بھی مونث جن کی مثالیں متن میں مذکور ہیں۔

ترکیب:۔**وحینئذ الخ** (و) حرف عطف/استیناف مبنی بر فتح (حین) ظرف زمان معرب منصوب لفظا مبدل منہ (اذ) ظرف زمان مبنی بر سکون مضاف (ٌ) تنوین عوض مضاف الیہ محذوف (**اذا کان الامر کذلک**) اذ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر بدل مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر مفعول فیہ مقدم (**یکون**) فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ فعل ناقص صیغہ واحد مذکر اس میں (**هـــو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے عسی۔(**با**) حرف جار مبنی بر کسر (**معنی**) اسم مقصور مضاف (**قارب**) مثل اسم مقصور مضاف الیہ مجرور تقدیرا (**معنی**) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔(**ثابتا**) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (**هو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم یکون ثابتا اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر **یکون** فعل ناقص اپنے اسم اور خبر اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ/مستانفہ ہوا (**نحو**) مفرد منصرف جاری مجرائے صحیح مضاف (**عسی زید ان یخرج**) مثل اسم مقصور در تقدیرا اعراب بہر سہ حالت مضاف الیہ مجرور تقدیرا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی (**مثال**)

مفرد منصرف صحیح مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی برضم راجع بسوئے عسی کا بمعنی **قارب** ہونا۔ مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا بر تقدیر ارادہ معنی عسی کا بمعنی **قارب** فعل ماضی معروف مبنی برفتحہ مقدر فعل (**مقاربہ**) صیغہ واحد مذکر غائب (**زید**) مفرد منصرف صحیح اسم (**ان**) ناصبہ موصول حرفی مبنی برسکون (**یخرج**) فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر منصوب لفظا صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے اسم عسی۔ **یخرج** فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ (**ان**) موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر خبر منصوب محلا **عسی** فعل **مقاربہ** اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو (**فا**) حرف تفصیل مبنی برفتح (**زید**) مفرد منصرف صحیح مبتدا (**مرفوع**) مفرد منصرف صحیح اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اسمیں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے مبتدا (**با**) حرف جار مبنی برکسر (**ان**) حرف مشبہ بالفعل مبنی برفتح موصول حرفی (**ہ**) ضمیر منصوب متصل اسم منصوب محلا مبنی برضم راجع بسوئے زید (**اسم**) مفرد منصرف صحیح مضاف (**ہ**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی برضم راجع بسوئے عسی اسم مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف علیہ (**و**) حرف عطف مبنی برفتح (**فاعل**) مفرد منصرف صحیح مضاف (**ہ**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی برضم راجع بسوئے عسی فاعل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر خبر **ان** کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر صلہ **ان** موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر مجرور محلا جار مجرور ملکر ظرف لغو **مرفوع** اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مفصلہ ہوا (**و**) حرف عطف مبنی برفتح (**ان یخرج**) مثل اسم متصور مبتدا مرفوع تقدیرا (**فی**) حرف جار مبنی برسکون (**موضع**) مفرد منصرف صحیح مضاف (**النصب**) مفرد منصرف صحیح مضاف الیہ موضع مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ **ثابت** اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے مبتدا (**با**) حرف جار مبنی برکسر (**ان**) حرف مشبہ بالفعل مبنی برفتح موصول حرفی (**ہ**) ضمیر منصوب منفصل اسم منصوب محلا مبنی برضم راجع بسوئے ان یخرج (**خبر**) مفرد

منصرف صحیح مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی برضم راجع بسوئے عسی خبر مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ان کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہو کر صلہ موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہو کر مجرور محلاً جار مجرور ملکر ظرف لغو ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا (با) حرف جار مبنی برکسر (معنی) اسم مقصور مضاف (قارب زید الخروج) مثل اسم مقصور مضاف الیہ مجرور تقدیراً معنی مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثابت) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا مقدر ہوئی (ھو) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے عسی زید لن یخرج مبتدا مقدر اپنی خبر مذکورہ سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (و) حرف عطف/استیناف مبنی برفتح (یجب) فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ صیغہ واحد مذکر غائب (ان) ناصبہ موصول حرفی مبنی برسکون (یکون) فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ فعل ناقص صیغہ واحد مذکر غائب (خبر) مفرد منصرف صحیح مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی برضم راجع بسوئے عسی خبر مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر اسم (مطابقا) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی برفتح راجع بسوئے اسم یکون (ل) حرف جار مبنی برکسر (اسم) مفرد منصرف صحیح مضاف (ہ) ضمیر متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی برکسر راجع بسوئے عسی اسم مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو اول (فی) حرف جار مبنی برسکون (الافراد) مفرد منصرف صحیح معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی برفتح (التثنیة) مفرد منصرف صحیح معطوف (و) حرف عطف مبنی برفتح (الجمع) مفرد منصرف صحیح معطوف (و) حرف عطف مبنی برفتح (التذکیر) مفرد منصرف صحیح معطوف (و) حرف عطف مبنی برفتح (التانیث) مفرد منصرف صحیح معطوف الافراد معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو دوم (مطابقا) اسم فاعل اپنے فاعل اور دونوں ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر یکون فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ ان موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہو کر فاعل مرفوع محلا یجب فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ/مستانفہ ہوا۔

نحو عسى زيد ان يقوم وعسى الزيدان ان يقوما وعسى الزيدون ان يقوموا وعست هند ان تقوم وعست الهندان ان تقوما وعست الهندات ان يقمن وهذا اى كون الخبر مطابقا للفاعل اذا كان الفاعل اسما ظاهرا اما اذا كان مضمرا فليست المطابقة بينهما شرطا

شرح:۔ قوله اما اذا كان یعنی جب اسم ظاہر نہ ہو بلکہ اسم ضمیر ہو تو مطابقت ضروری نہیں مثلا الزيدان عسى ان يخرج یہاں الزیدان اور ان يخرج میں مطابقت نہیں ہے۔

ترکیب:۔ نحو عسى الخ (نحو) مفرد منصرف جارے مجرائے صحیح مضاف (عسى زيد ان يقوم) مثل اسم مقصور معطوف علیہ مجرور تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (عسى الزيد ان ان يقوما) اسم مقصور حکما معطوف مجرور تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (عسى الزيدون ان يقوموا) اسم مقصور حکما معطوف مجرور تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (عست هند ان تقوم) اسم مقصور حکما معطوف مجرور تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (عست الهندان ان تقوما) اسم مقصور حکما در تقدیرا اعراب بہرسہ احوال معطوف مجرور تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (عست الهندات ان يقمن) اسم مقصور حکما معطوف مجرور تقدیرا معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے ملکر مضاف الیہ نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے خبر عسی کا مطابق اسم ہونا مذکورہ امور میں۔ مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے

ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا بر تقدیر ارادہ معنی عسی فعل ماضی معروف مبنی بر فتح مقدر فعل مقاربہ صیغہ واحد مذکر غائب (زید) مفرد منصرف صحیح اسم (ان) ناصبہ موصول حرفی مبنی بر سکون (یقوم) فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ منصوب لفظا صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم عسی (یقوم) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ (ان) موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر خبر منصوب محلا عسی اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا (عسی) فعل ماضی معروف مبنی بر فتحہ مقدر فعل مقاربہ صیغہ واحد مذکر غائب (الزیدان) تثنیہ اسم مرفوع بالف (ان) ناصبہ موصول حرفی مبنی بر سکون (یقوما) فعل مضارع صحیح صیغہ تثنیہ مذکر منصوب بحذف نون (ا) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے الزیدان۔ یقوما فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ (ان) موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر خبر منصوب محلا عسی فعل اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا (عسی) فعل مقاربہ ماضی معروف مبنی بر فتحہ مقدر صیغہ واحد مذکر غائب (الزیدون) جمع مذکر سالم اسم مرفوع بواو ماقبل مضموم (ان) ناصبہ موصول حرفی مبنی بر سکون (یقوموا) فعل مضارع صحیح منصوب بحذف نون صیغہ جمع مذکر غائب واو ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے الزیدون (یقوموا) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ (ان) موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر خبر منصوب محلا عسی فعل اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا (عست) فعل مقاربہ ماضی معروف مبنی بر فتح مقدر صیغہ واحدہ مونثہ (ھند) مفرد منصرف صحیح اسم (ان) ناصبہ موصول حرفی مبنی بر سکون (تقوم) فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے ھند تقوم فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ (ان) موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر خبر منصوب محلا (عست) فعل مقاربہ ماضی معروف مبنی بر فتحہ مقدر صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (الھندان) تثنیہ اسم مرفوع بالف (ان) ناصبہ موصول حرفی مبنی بر سکون (تقوما) فعل مضارع صحیح منصوب بحذف نون صیغہ تثنیہ مونث غائب (ا) ضمیر مرفوع متصل بارزہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے الھندان۔ (تقوما) فعل اپنے فاعل

سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ (ان) موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر خبر منصوب محلا (عست) فعل اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا (عست) فعل مقاربۃ ماضی معروف مبنی بر فتح مقدر صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (الهندات) جمع مونث سالم اسم (ان) ناصبہ موصول حرفی مبنی بر سکون (یقمن) فعل مضارع صحیح صیغہ جمع مونث غائب منصوب محلا ن ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے الهندات (یقمن) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر خبر منصوب محلا عست فعل اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا (و) حرف عطف/استیناف مبنی بر فتح (ها) حرف تنبیہ مبنی بر سکون (ذا) اسم اشارہ مبنی بر سکون معطوف علیہ یا مبدل منہ (ای) حرف تفسیر مبنی بر سکون (کون) مفرد منصرف صحیح مصدر مضاف (الخبر) مفرد منصرف صحیح مضاف الیہ مجرور لفظا مرفوع معنی بنا بر اسمیت (مطابقا) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے الخبر (ل) حرف جار مبنی بر کسر (الفاعل) مفرد منصرف صحیح مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو مطابقا اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر یا مبدل منہ اپنے بیان سے ملکر مبتدا مرفوع محلا (اذا) ظرف زمان مضاف مبنی بر سکون (کان) فعل ماضی معروف مبنی بر فتح فعل ناقص صیغہ واحد مذکر غائب (الفاعل) مفرد منصرف صحیح اسم (اسما) مفرد منصرف صحیح موصوف (ظاهرا) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف (ظاهرا) اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر صفت (اسما) موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر کان فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر مضاف الیہ مجرور محلا اذا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہوا ثابت مقدر کا منصوب محلا (ثابت) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (ثابت) اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ/مستانفہ ہوا۔ (اما) حرف شرط مبنی بر سکون شرط محذوف لزوما (اذا) ظرف زمان مبنی بر سکون مضاف (کان) فعل ماضی معروف مبنی بر فتح فعل ناقص صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم مرفوع محلا مبنی بر فتح

راجع بسوئے الفاعل (مضمرا) مفرد منصرف صحیح اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلامبنی برفتح راجع بسوئے اسم کان مضمرا اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکرشبہ جملہ اسمیہ ہوکرخبر کان فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مضاف الیہ مجرور محلا اذا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ مقدم (فا) جزائیہ مبنی برفتح (لیست) فعل ماضی معروف مبنی برفتح فعل ناقص صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (المطابقۃ) مفرد منصرف صحیح مصدر (بین) ظرف مکان معرب مضاف (ھما) میں (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی برضم راجع بسوئے الخبر والفاعل (م) حرف عماد مبنی برفتح (ا) علامت تثنیہ مبنی برسکون (بین) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ منصوب بلفظ المطابقۃ مصدر اپنے مفعول فیہ سے ملکر اسم (شرط) خبر لیست فعل ناقص اپنے اسم وخبر اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزا شرط محذوف اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔

لامرحبا بکم

(القرآن پارہ نمبر 23 سورۃ ص آیت نمبر 60)

تشریح:۔اس میں دو وجہیں ہوسکتی ہیں۔(۱) مفعول بہ ہے اس کا فعل مقدر ہے لا اتیتم مرحبا بکم یا مفعول مطلق ہے۔اصل میں عبارت تھی۔لا رحبتکم دارکم مرحبا بکم ۔زیادہ مناسب پہلی ترکیب ہے۔

اطرق کرا ان النعامۃ فی القری

تشریح:۔کرا اصل میں کروان تھا اس کی ترخیم کی گئی اور حرف ندا گر گیا۔اس کی مزید تحقیق فقیر کی شرح کافیہ وشرح شرح جامی میں ملاحظہ کریں۔

اکذب من یلمع

تشریح:۔اس میں ھو مبتدا محذوف ہے اور یلمع مضارع نہیں بلکہ اسم ہے بمعنی سراب یعنی وہ سراب سے بھی زیادہ جھوٹا ہے۔

النوع الثانی من النوعين المذكورين ان يرفع الاسم وحده وذلك اذا كان اسمه فعلا مضارعا مع ان فيكون الفعل المضارع مع ان فی محل الرفع بانه اسمه ويكون عسی حينئذ بمعنی قرب مثل عسی ان يخرج زيد ای قرب خروجه

شرح:۔ **قوله ان يرفع** یعنی عسی کی دوسری قسم یہ ہے کہ فقط اسم کا مقتضی ہو خبر کی ضرورت نہ ہو پس اس وقت اسے **تامه** کہنا پڑے گا۔

قوله بمعنی **قرب** یعنی جس طرح قرب بغیر فاعل اور کسی چیز کو نہیں طلب کرتا یہ بھی بجز فاعل کے کسی کو طلب نہیں کرتا۔

ترکیب:۔ **النوع الثانی الخ (النوع)** مفرد منصرف صحیح موصوف **(الثانی)** اسم منقوص صفت مرفوع تقدیرا موصوف اپنی صفت سے ملکر ذوالحال **(من)** حرف جار مبنی بر سکون مقدر فتحہ موجودہ حرکت تخلص من التقاء الساکنین **(النوعین)** تثنیہ مجرور بیا ماقبل مفتوح موصوف **(ال)** بمعنی الذین اسم موصول مبنی بر سکون **(مذکورین)** تثنیہ مجرور بیا ماقبل مفتوح اسم مفعول صیغہ تثنیہ مذکر اس میں **(هما)** پوشیدہ جس میں **(ها)** ضمیر مرفوع متصل نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے اسم موصول مذکورین اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر صفت مجرور محلا موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔ **(ثابتا)** مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں **(هو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے ذوالحال **(ثابتا)** اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر مبتدا **(ان)** ناصبہ موصول حرفی مبنی

برسکون (یرفع) فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ منصوب لفظا صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے عسی (الاسم) مفرد منصرف صحیح ذوالحال (وحد) مفرد منصرف صحیح مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی برضم راجع بسوئے ذوالحال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر مفعول بہ یرفع اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ (ان) موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر خبر مرفوع محلا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا (و) حرف عطف مبنی برفتح (ذلک) میں (ذا) اسم اشارہ مبنی برسکون مبتدا مرفوع محلا (ل) حرف تجید مبنی برسکون مقدر کسرہ موجودہ حرکت تخلص من السکونین (ک) حرف خطاب مبنی برفتح (اذا) ظرف زمان مبنی برسکون مضاف (کان) فعل ماضی معروف مبنی برفتح فعل ناقص صیغہ واحد مذکر غائب (اسم) مفرد منصرف صحیح مضاف (ہ) ضمیر متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی برضم راجع بسوئے عسی اسم مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر اسم (فعلا) مفرد منصرف صحیح موصوف (مضارعا) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے موصوف (مضارعا) اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر (مع) ظرف مکان معرب مضاف (ان) اسم مقصور حکما مضاف الیہ مجرور تقدیرا مع مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ منصوب لفظا (کان) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ (اذا) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہوثابت متعلق کا منصوب محلا (ثابت) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے مبتدا ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا فا فصیحہ جو دلالت کرتی ہے شرط محذوف پر مبنی برفتح (یکون) فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ صیغہ واحد مذکر غائب مرفوع لفظا فعل ناقص (الفعل) مفرد منصرف صحیح موصوف (ال) حرف تعریف مبنی برسکون (مضارع) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے موصوف مضارع اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر ذوالحال (مع) ظرف مکان معرب مضاف (ان) اسم مقصور حکما مضاف الیہ مجرور

تقدیراً مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہوا ثابتا مقدر کا منصوب لفظا (ثابتا) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے ذوالحال (ثابتا) اسم فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر اسم (فی) حرف جار مبنی بر سکون (محل) مفرد منصرف صحیح مضاف (الرفع) مفرد منصرف صحیح مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔ (ثابتا) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم یکون (با) حرف جار مبنی بر کسر (ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی مبنی بر فتح (ہ) ضمیر منصوب متصل اسم منصوب محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے اسم یکون (اسم) مفرد منصرف صحیح مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے (عسی) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ان کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر صلہ (ان) موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر مجرور محلا جار مجرور ملکر ظرف لغو ثابتا اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر اور ظرف لغو سے ملکر خبر یکون فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزا شرط محذوف اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (یکون) فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص (عسی) اسم مقصور حکما اسم مرفوع تقدیراً (حین) ظرف زمان معرب مبدل منہ (اذ) ظرف زمان مبنی برسکون مضاف (") تنوین عوض مضاف الیہ (کان الامر کذلك) (اذ) ظرف زمان مضاف عوض مضاف الیہ سے ملکر بدل منصوب محلا (حین) مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر مفعول فیہ منصوب لفظا (با) حرف جار مبنی بر کسر (معنی) اسم مقصور مضاف (قرب) اسم مقصور حکما مضاف الیہ مجرور تقدیراً (معنی) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور تقدیراً جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔ (ثابتا) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم یکون (ثابتا) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر یکون فعل ناقص اپنے اسم اور خبر اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا (مثل) مفرد منصرف صحیح مضاف (عسی ان یخرج زید) اسم مقصور حکما مضاف الیہ مجرور تقدیراً مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مفرد منصرف صحیح مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع

بسوئے عسیٰ کا صرف اسم کو رفع دینا۔ **(مثال)** مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا بر تقدیر اارادۂ معنی **(عسی)** فعل مقاربہ ماضی معروف مبنی بر فتح مقدر **(ان)** ناصبہ موصول حرفی مبنی بر سکون **(یخرج)** فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ منصوب لفظا صیغہ واحد مذکر غائب **(زید)** مفرد منصرف صحیح فاعل **یخرج** فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ **(ان)** موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہو کر اسم مرفوع محلا **(عسی)** فعل مقاربہ اپنے اسم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا **(ای)** حرف تفسیر مبنی بر سکون **(قرب)** فعل ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر **(خروج)** مفرد منصرف صحیح مصدر مضاف **(ھا)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مرفوع معنی بنا بر فاعلیت مبنی بر ضم راجع بسوئے زید خروج مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر فاعل **(قرب)** فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا۔

رایت جعفرا فی جعفر علی جعفر یأکل جعفرا

تشریح:۔ ترکیب تو اتنی مشکل نہیں البتہ لفظ جعفر سے اشکال ہے جعفر کے چار معانی ہیں (۱) نام مرد (۲) نہر (۳) حمار (۴) خربوزہ۔ اب معنی یہ ہوا کہ میں نے جعفر کو نہر میں گدھے پر دیکھا کہ وہ خربوزہ کھا رہا تھا۔

اشھد عن محمدا رسول اللہ

تشریح:۔ ترکیب میں اشکال صرف عن سے ہے کہ یہ کون ہے کہ جس نے محمدا کو منصوب کر دیا۔ یہ اصل میں ان ہے بنو تمیم و بنو قیس کے نزدیک ہمزہ کو عین سے تبدیل کرنا جائز ہے کما قال مولانا عبد الرسول رحمۃ اللہ علیہ۔

ہم دراستعمال خودگاہ بنی قیس و تمیم   میکند با عین مبدل ہمزہ مفتوحہ را

فلا يحتاج في هذا الوجه الى الخبر بخلاف الوجه الاول لانه لا يتم المقصود فيه بدون الخبر فيكون الاول ناقصا والثاني تاما والثاني كاد وهو يرفع الاسم وينصب الخبر وخبره فعل مضارع بغير ان

شرح:۔ فیکون الاول یعنی جو اسم و خبر دونوں کو چاہے تو وہ **ناقصہ** ہے اور جو صرف اسم کا طالب ہو اس کا نام **تامہ** ہے بعض کہتے ہیں کہ پہلا **تامہ** ہے پس **عسی زیدان یخرج** بمنزلہ **قرب زید من ان سیخرج** کے ہے۔ **من** محذوف ہوا اور بعض یہ کہتے ہیں کہ دوسرا **تامہ** بھی اور **ناقصہ** بھی۔

قولہ کاد یہ فعل **ناقص التصریف** ہے اور مسموع نہیں ہوا کہ اس کے سوا ماضی و مضارع کے کوئی اور مشتق آیا ہو اور یہ اشہر لغت میں یائی ہے جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ **کاد یکاد کیدا** مثلا **ھاب یھاب** کے اور **اصمعی** نے حکایت کی ہے کہ اس تقدیر پر مثلا **خاف یخاف خوفا** کے ہوگا۔ اور کبھی اس سے فاعل بھی آتا ہے۔ اور بکسر **کاف** بھی پڑھا جاتا ہے جب اس کے ساتھ ضمائر متصل ہو جائیں مثلا **کدت** اور کبھی بضم **کدت** بھی پڑھا گیا ہے مگر یہ لغت ضعیف ہے۔

ترکیب:۔ فلا یحتاج فی الخ (فا) حرف عطف برائے تفریع مبنی بر فتح **(لا یحتاج)** نفی فعل مضارع معروف صحیح مجرد از ضمائر بارزہ صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں **(ھو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے عسی، **(فی)** حرف جار مبنی بر سکون **(ھا)** حرف تنبیہ مبنی بر فتح **(ذا)** اسم اشارہ مبنی بر سکون موصوف **(الوجہ)** مفرد منصرف صحیح صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر ذوالحال **(الی)** حرف جار مبنی بر سکون **(الخبر)** مفرد منصرف صحیح مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو دوم **(با)** حرف جار مبنی بر کسر **(خلاف)** مفرد منصرف صحیح مصدر مضاف **(الوجہ)** مفرد

منصرف صحیح موصوف (الاول) غیر منصرف اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھــو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے موصوف اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ مجرور لفظا مرفوع معنی بنا بر فاعلیت (ل) حرف جار مبنی برکسر (ان) حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی مبنی برفتح (ہ) ضمیر منصوب متصل اسم منصوب محلا مبنی برضم راجع بسوئے الوجہ الاول (لایتم) نفی فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ صیغہ واحد مذکر غائب (ال) بمعنی (الذی) اسم موصول مبنی برسکون (مقصود) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے اسم موصول مقصور اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر فاعل (فی) حرف جار مبنی برسکون (ہ) ضمیر مجرور متصل مجرور محلا مبنی برکسر راجع بسوئے اسم ان جار مجرور ملکر ظرف لغو اول (با) حرف جار مبنی برکسر (دون) بمعنی غیر مضاف (الخبر) مفرد منصرف صحیح مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو دوم (لا یتم) فعل اپنے فاعل اور دونوں ظروف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ان کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ ان موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر مجرور محلا جار مجرور ملکر ظرف لغو (خلا ف) مصدر اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتا مقدر کا ۔(ثابتا) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے ذوالحال ثابتا اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو اول (لا یحتاج) فعل اپنے فاعل اور دونوں ظروف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا (فا) حرف عطف برائے تفریع مبنی برفتح (یکون) فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ فعل ناقص صیغہ واحد مذکر (الاول) غیر منصرف اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھــو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے موصوف مقدر عسی ۔ الاول اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی برفتح (الثــانــی) اسم منقوص مرفوع تقدیرا صفت موصوف مقدر (عسی) کی موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر اسم (نــاقــصا) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھــو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے اسم

یکون، **ناقصا** اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر معطوف علیہ (**و**) حرف عطف مبنی بر فتح (**تاما**) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (**هو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے الثانی۔
تاما اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر خبر **یکون** فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا (**و**) حرف عطف مبنی بر فتح (**الثانی**) اسم منقوص مرفوع تقدیرا صفت موصوف مقدر الفعل کی موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مبتدا (**کاد**) اسم مقصور حکما خبر مرفوع تقدیرا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا (**و**) حرف عطف/استیناف مبنی بر فتح (**هو**) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے کاد (**یرفع**) فعل مضارع معروف صحیح مجرد از ضمائر بارزہ صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (**هو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (**الاسم**) مفرد منصرف صحیح مفعول بہ (**یرفع**) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ صغری ہوکر معطوف علیہ (**و**) حرف عطف مبنی بر فتح (**ینصب**) فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (**هو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (**الخبر**) مفرد منصرف صحیح مفعول بہ (**ینصب**) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ صغری ہوکر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ/مستانفہ کبری ذات وجہین ہوا (**و**) حرف عطف/استیناف مبنی بر فتح (**خبر**) مفرد منصرف صحیح مضاف (**ہ**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے (**کاد**) خبر مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا (**فعل**) مفرد منصرف صحیح موصوف (**مضارع**) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (**هو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف (**مضارع**) اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت اول (**با**) حرف جار مبنی بر کسر (**غیر**) مفرد منصرف صحیح مضاف (**ان**) اسم مقصور حکما مضاف الیہ مجرور تقدیرا غیر مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ہوا (**ثابت**) مقدر کا (**ثابت**) مفرد منصرف صحیح اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (**هو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف (**ثابت**) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت دوم موصوف اپنی دونوں صفت سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ/مستانفہ ہوا۔

وقد يكون مع ان تشبيها له بعسى مثل كاد زيد يجئى فزيد مرفوع بانه اسم كاد ويجئى فى محل النصب بانه خبره معناه قرب مجى زيد و حكم باقى المشتقات من مصدره كحكم كاد مثل لم يكدزيد يجئى ولا يكاد زيد يجئى

شرح:۔ قوله، وقد يكون یعنی کبھی اسکی خبر پر ان داخل ہوتا ہے۔ اور کبھی اس کی خبر اسم مفرد بھی آتی ہے مثلا ماكدت آئبا۔

قوله تشبيها یعنی کاد کی خبر پر ان داخل کرنا عسى کے ساتھ تشبیہ ہوگی۔ جیسے عسى کو کاد کے ساتھ ان کو نہ داخل کرنے میں تشبيه دی گئی تھی۔

فائدہ:۔ کبھی کاد بمعنی قرب الشی کے آتا ہے۔ مثلا کاد العروس يكون اميرا اى قرب شبيه بالامير۔

قوله وحكم باقى یعنی اس کے باقی مشتقات جو مصدر میں سے مشتق ہوتے ہیں۔ ماضی، مضارع، امر، نفی جحد وغیرہ کا حکم کاد کے حکم میں ہے۔ مثلا لم يكد يجئى۔

ترکیب:۔ وقد يكون مع الخ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (قد) حرف تقلیل مبنی بر سکون (يكون) فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ فعل ناقص صیغہ واحد مذکر غائب (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے خبرہ (مع) ظرف مکان معرب مضاف (ان) اسم منصور حکما مضاف الیہ مجرور تقدیرا مع مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول

تشریح:۔ فصاحت کے قانون میں ہے کہ صفات کو مختلف اعراب کے ساتھ لانا جائز ہے۔ یہ صفات مدح میں سے ہے تفصیل فقیر کی کتاب احسن البیان میں دیکھیے۔

قد متنی زید فی المحراب

تشریح:۔ زید نے میری پیٹھ محراب میں پھاڑ دی۔ قد علیحدہ لفظ ہے متنی میں متن مضاف یاء متکلم مضاف الیہ ہے۔ طالب علم کو غلط فہمی ہوتی ہے کہ یہ تقدیم سے ہے۔ واحدہ مونثہ کا صیغہ ہے حالانکہ یہ صریح غلط ہے کیوں کہ مونث کا صیغہ اور فاعل کہاں؟ اور زید مرفوع کیوں؟

والثانی بئس وهو فعل ذم اصله بئس من باب علم فكسرت الفاء لتبعية العين ثم اسكنت العين تخفيفا فصارت بئس و فاعله ايضا احد الا مور الثلثة المذكورة فی نعم وحكم المخصوص بالذم كحكم المخصوص بالمدح فی جميع الاحكام المذكورة مثل بئس الرجل زيد

شرح:۔**قوله بئس** بکسر الباء سکون الہمزۃ اصل میں از باب علم بئس تھا تخفیفا بئس ہوا باین طور کہ فاء کو کسرہ دے کر عین کو ساکن کیا یا خود عین کی حرکت نقل کرکے ماقبل کو دی گئی۔

ترکیب:۔**والثانی بئس الخ** (و) حرف عطف مبنی بر فتح (الثانی) اسم منقوص مرفوع تقدیرا مبتدا (بئس) اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (هو) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے بئس (فعل) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ذم) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر موصوف (اصل) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے موصوف اصل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا (بئس) اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا ذوالحال (من) حرف جار مبنی بر سکون (باب) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف (علم) اسم مقصور حکما مضاف الیہ مجرور تقدیرا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔(ثابتا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل

مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے ذوالحال اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا (فا) فصیحیہ مبنی بر فتح (کسرت) فعل ماضی مجہول مبنی بر فتح صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (الفاء) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا نائب فاعل (ل) حرف جار مبنی بر کسر (تبعیة) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مصدر جعلی مضاف (العین) مفرد منصرف صحیح مضاف الیہ مجرور لفظا منصوب معنی بنا بر مفعولیت مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو۔ کسرت فعل ماضی مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزا شرط محذوف (اذا کان الامر کذلك) اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا (ثم) حرف عطف مبنی بر فتح (اسکنت) فعل ماضی مجہول مبنی بر فتح صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (العین) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا نائب فاعل (تخفیفا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مفعول لہ اسکنت فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول لہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا (فا) حرف عطف برائے ترتیب بلا مہلت مبنی بر فتح (صارت) فعل ماضی معروف مبنی بر فتح فعل ناقص صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم مرفوع محلا مبنی راجع بسوئے (بئی) اسم مقصور حکما منصوب تقدیرا خبر (صارت) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا (و) حرف عطف/ استیناف مبنی بر فتح (فاعل) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے عکس مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا (احد) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (الامور) جمع مکسر منصرف مجرور لفظا موصوف (الثلثة) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا صفت اول (ال) بمعنی (الذی) اسم موصول مبنی بر سکون (مذکورة) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا اسم مفعول صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم موصول (فی) حرف جار مبنی بر سکون (نعم) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا۔ جار مجرور ملکر ظرف لغو مذکورة اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر صفت دوم موصوف اپنی دونوں صفتوں سے ملکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ/ مستانفہ ہوا (ایضا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مفعول مطلق فعل مقدر آض کا۔ (آض) فعل ماضی معروف

مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے حکم فاعل نعم۔ آض فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا (و) حرف عطف/ استیناف مبنی بر فتح (حکم) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً مضاف (ال) حرف تعریف مبنی بر سکون (مخصوص) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر (با) حرف جار مبنی بر کسر (الذم) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً جار مجرور ملکر ظرف لغو مخصوص اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف مقدر (اللفظ) اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا، (ك) حرف جار مبنی بر فتح (حکم) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً مضاف (ال) حرف تعریف مبنی بر سکون (مخصوص) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف مقدر (با) حرف جار مبنی بر کسر (المدح) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً جار مجرور ملکر ظرف لغو مخصوص اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف مقدر (اللفظ) اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثابت) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (فی) حرف جار مبنی (جمیع) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً مضاف (الاحکام) جمع مکسر منصرف مجرور لفظاً موصوف (ال) بمعنی التی اسم موصول مبنی بر سکون (مذکورة) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً اسم مفعول صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم موصول (مذکورة) اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صلہ اسم موصول اپنے صلے سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو، ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ/ مستانفہ ہوا (مثل) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً مضاف (بئس الرجل زید) اسم مقصور حکماً مجرور تقدیراً معطوف علیہ۔

و بئس صاحب الرجل زید و بئس رجلا زید و بئس الرجلان الزیدان و بئس الرجال الزیدون وبئست المرأۃ ھند وبئست المرأتان الھندان و بئست النسآء الھندات و الثالث ساء وھو مرادف لبئس وموافق لہ فی جمیع وجوہ الاستعمال

شرح:۔ **قولہ موافق لہ** سوال پیدا ہو کہ اگر اس کے جمیع احکام بئس کی طرح ہیں تو اسے علیحدہ ذکر کرنے کی حاجت کیا تھی؟

جواب:۔ تا کہ معلوم ہو جائے کہ بئس بجز انشائے ذم کے مستعمل نہیں ہوتا بخلاف ساء کے کہ یہ اخبار میں بھی آتا ہے۔

ترکیب:۔ **بئس صاحب الرجل الخ** (و) حرف عطف مبنی بر فتح (**بئس صاحب الرجل زید**) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (**بئس رجلا زید**) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (**بئس الرجلان الزیدان**) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (**بئس الرجال الزیدون**) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (**بئست المراۃ ھند**) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (**بئست المراتان الھندان**) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (**بئست النساء الھندات**) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف معطوف علیہا اپنے تمام معطوفات سے ملکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (**مثال**) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے (حکم مخصوص بالذم کا حکم مخصوص بالمدح کے مانند ہونا احکام مذکورہ میں) مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا بر تقدیر ارادہ معنی (**بئس**) ماضی معروف مبنی بر فتح فعل ذم صیغہ واحد مذکر (**الرجل**) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا فاعل فعل ذم اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر مقدم (**زید**) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مخصوص بالذم مبتدائے موخر مبتدائے موخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یا (**بئس الرجل**) فعل فاعل سے ملکر جملہ

فعلیہ انشائیہ اور (زید) خبر اپنے مبتدائے محذوف (ھو) سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یا (بئس) ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر (صاحب) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً مضاف (الرجل) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر فاعل۔ فعل ذم اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر خبر مقدم (زید) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً مخصوص بالذم مبتدائے موخر مبتدائے موخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یا (بئس صاحب الرجل) بترکیب سابق فعل فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ اور (زید) خبر اپنے مبتدائے محذوف (ھو) سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ (بئس) ماضی معروف مبنی بر فتح فعل ذم صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مبنی بر فتح مرفوع محلاً ممیز (رجلا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظاً تمیز ممیز اپنی تمیز سے ملکر فاعل فعل ذم اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر خبر مقدم (زید) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً مخصوص بالذم مبتدائے موخر مبتدائے موخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ یا بئس رجلا ترکیب سابق فعل فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ اور (زید) خبر اپنے مبتدائے محذوف سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ باقی امثلہ ترکیب امثلہ نعم کی طرح ہوگی صرف اتنا فرق ہے کہ ان میں (بئس) وغیرہ کو فعل ذم اور الزیدان وغیرہ کو مخصوص بالذم کہا جائے گا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (الثالث) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً مبتدا (ساء) اسم مقصور حکماً مرفوع تقدیراً خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ھو) ضمیر مرفوع منفصل مبتداء مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے ساء (مرادف) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر سکون راجع بسوئے مبتداء (ل) حرف جار مبنی بر کسر (بئس) اسم مقصور حکماً مجرور تقدیراً جار مجرور ملکر ظرف لغو اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (موافق) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (ل) حرف جار مبنی بر کسر (ہ) ضمیر مجرور متصل مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے (بئس) جار مجرور ملکر ظرف لغو اول (فی) حرف جار مبنی بر سکون (جمیع) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً مضاف (وجوہ) جمع مکسر منصرف مجرور لفظاً مضاف الیہ مضاف (الاستعمال) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً مضاف الیہ (وجوہ) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا جمیع مضاف کا۔ (جمیع) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو دوم، (موافق) اسم فاعل اپنے فاعل اور دونوں ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

والرابع حبذا بفتح الفاء اوضمها اصله حبب بضم العين فاسكنت الباء الا ولى وادغمت فى الثانية على اللغة الاولى اونقلت ضمتها الى الحاء وادغمت الباء فى الباء على اللغة الثانيه وحب لا ينفصل عن ذا فى الا ستعمال ولهذا يقال فى تقرير الا فعال حبذا وهو مرادف لنعم

شرح:۔ **قوله حب** خلاصہ یہ ہے کہ حب (جو کہ افعال مدح میں شمار ہے اور معنا انشاء کی طرف نقل ہو گیا ہے اس میں دو لغت ہیں جس کو متن میں بیان فرمایا ابن صاحب فرماتے ہیں کہ **حب** کو انشائی معنی کی طرف نقل کرنے سے پہلے فتحہ اور ضمہ دونوں جائز تھے لیکن نقل کے بعد فتحہ لازم ہو گیا اور ضمہ نا جائز۔

قوله وحب یعنی جب **ذا** کے بغیر علیحدہ مستعمل نہیں ہو سکتا تو **ذا** بمنزلہ فعل کے اجزاء سے ایک جزء ہوا اسی وجہ سے اسمیں تثنیہ، جمع مونث وغیرہ نہیں ہوتا پس **حب ذان** و **حب هئولاء** نہیں کہہ سکتے گویا یہ **ذا نعم رجلا** کی ضمیر مبہم مستتر کی طرف ہے۔ جس طرح وہ ضمیر ہمیشہ مفرد رہتا ہے یہ بھی ہمیشہ مفرد رہے گا۔

ترکیب:۔ **والرابع حبذا الخ** (و) حرف عطف مبنی بر فتح (**الرابع**) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مبتدا (**حب**) اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا ذوالحال (**با**) حرف جار مبنی بر کسر (**فتح**) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف (**الفاء**) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف علیہ (**او**) حرف عطف مبنی بر سکون (**ضم**) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف (**ها**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے **الفاء** مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتا متعلق کا۔ (**ثابتا**) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (**هو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع

بسوئے ذوالحال (ثابتا) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا (اصـــل) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے حب مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا (حـب) اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا ذوالحال (با) حرف جار مبنی بر کسر (ضم) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف (العین) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔ (ثـابـتـا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (هـــو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے ذوالحال (ثـابـتـا) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مبینہ ہوا (فا) حرف تفصیل مبنی بر فتح (اسـكـنـت) فعل ماضی مجہول مبنی بر فتح صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (الباء) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا موصوف (الاولـى) اسم مقصور مرفوع تقدیرا اسم تفضیل صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (هـى) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر نائب فاعل (اسكنت) فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مفصلہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ادغـمـت) فعل ماضی مجہول مبنی بر فتح صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ اس میں (هـى) مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے الباء الاولی۔ (فی) حرف جار مبنی بر سکون (الثانية) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا صفت موصوف مقدر البـــــاء کی۔ موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو اول (عـلـى) حرف جار مبنی بر سکون (اللغة) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا موصوف (الاولـى) اسم مقصور مجرور تقدیرا اسم تفضیل صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (هـى) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو دوم (ادغـمـت) فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور دونوں ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (او) حرف عطف مبنی بر سکون (نـقـلـت) فعل ماضی مجہول مبنی بر فتح صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (ضـمـة) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ها) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے الباء الاولی مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر نائب فاعل (الی) حرف جار مبنی بر سکون (الحاء) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا جار مجرور ملکر ظرف لغو نقلت فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ

فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ادغمت) فعل ماضی مجہول مبنی بر فتح صیغہ واحد مونث غائب (الباء) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا نائب فاعل (فی) حرف جار مبنی بر سکون (الباء) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا جار مجرور ملکر ظرف لغو اول (علی) حرف جار مبنی بر سکون (اللغة) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا موصوف (الثانیة) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو دوم (ادغمت) فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور دونوں ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا (و) عطف/استیناف مبنی بر فتح (حب) اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا مبتدا (لا ینفصل) نفی فعل مضارع صحیح مجرد از ضمائر بارزہ مرفوع لفظا صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (عن) حرف جار مبنی بر سکون (ذا) اسم اشارہ مبنی بر سکون مجرور محلا جار مجرور ملکر ظرف لغو اول (فی) حرف جار مبنی بر سکون (الاستعمال) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا جار مجرور ملکر ظرف لغو دوم (لا ینفصل) فعل اپنے فاعل اور دونوں ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ صغری ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ کبری ذات وجہین ہو کر معطوفہ/مستانفہ ہوا۔ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ل) حرف جار مبنی بر کسر (ھا) حرف تنبیہ مبنی بر سکون (ذا) اسم اشارہ مبنی بر سکون مجرور محلا جار مجرور ملکر ظرف لغو مقدم (یقال) فعل مضارع مجہول صحیح مجرد از ضمائر بارزہ مرفوع لفظا صیغہ واحد مذکر غائب (فی) حرف جار مبنی بر سکون (تقریب) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مصدر مضاف (الافعال) جمع مکسر منصرف مضاف الیہ مجرور لفظا منصوب معنی بنا بر مفعولیت مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو موخر (حبذا) اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا نائب فاعل (یقال) فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو مقدم اور موخر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا (و) حرف عطف یا استیناف مبنی بر فتح (ھو) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے حبذا (مرادف) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (ل) حرف جار مبنی بر کسر (نعم) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا جار مجرور ملکر ظرف لغو۔ مرادف اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ/مستانفہ ہوا۔

وفاعله ذا والمخصوص بالمدح مذكور بعده واعرابه كاعراب مخصوص نعم فی الوجهین المذکورین لکنه لا یطابق فاعله فی الوجوه المذکورة مثل حبذازید وحبذاالزیدان وحبذاالزیدون وحبذا هند وحبذا الهندان وحبذاالهندات

شرح:۔حب فعل ماضی ذا فاعل الرجل صفت ذا زید مخصوص بالمدح مگر سیبویہ اور ابن سراج فرماتے ہیں کہ حب اور ذا جمع ہوئے تو حب کی فعلیت زائل ہوگی۔پھر حبذا مبتدا اور زید خبر۔بعض کہتے ہیں حبذا میں مرکب ہوتے وقت ذا کی اسمیت زائل ہوگی ہر دونوں کو یکجا فعل کہا جائے گا اور اس کا فاعل مخصوص ہوگا یعنی حبذا فعل زید فاعل۔

قولہ مخصوص مبتدا اور حبذا اس کی خبر ہو یا مخصوص کی خبر محذوف ہے یعنی حبذا زید محبوب اور یہ بھی ممکن ہے کہ ذا سے عطف بیان ہو مگر یہ تیسرا احتمال نعم میں درست نہیں بعض کہتے ہیں کہ ذا زائد ہے جیسا کہ ماذا میں زائد ہے پھر حبذا زید میں فاعل زید ہے۔

ترکیب:۔ وفاعله الخ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (فاعل) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے حبــــذا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا (ذا) اسم اشارہ مبنی بر سکون مرفوع محلا خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ال) حرف تعریف مبنی بر سکون (مخصوص) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ

نائب فاعل مرفوع محلاً مبنی برفتح راجع بسوئے موصوف مقدر (بــا) حرف جار مبنی برکسر (الـمـدح) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً جار مجرور ملکر ظرف لغو **مخصوص** اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف مقدر اللفظ اپنی صفت سے ملکر مبتدا (**مذکور**) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلاً مبنی برفتح راجع بسوئے مبتدا (**بعد**) ظرف زمان معرب منصوب لفظاً مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی برضم راجع بسوئے **حبــذا** مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ (**مذکور**) اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا (**و**) حرف عطف/ استیناف مبنی برفتح (**اعــراب**) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی برضم راجع بسوئے المخصوص بالمدح مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا (**ک**) حرف جار مبنی برفتح (**اعراب**) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً مضاف (**مخصوص**) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً مضاف الیہ (**نـعـم**) اسم مقصور حکماً مضاف الیہ مجرور تقدیراً **مخصوص** مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا **اعراب** مضاف کا اعراب مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (**ثـابـت**) اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی برفتح راجع بسوئے مبتدا (**فـی**) حرف جار مبنی برسکون (**الـوجهیـن**) تثنیہ مجرور بیا ماقبل مفتوح موصوف (**ال**) مبنی (**الذین**) اسم موصول مبنی برسکون (**مذکورین**) تثنیہ مجرور بیا ماقبل مفتوح اسم مفعول صیغہ تثنیہ مذکر اسمیں (**هما**) پوشیدہ جس میں (**ھـا**) ضمیر مرفوع متصل نائب فاعل مرفوع محلاً مبنی برضم راجع بسوئے موصوف (**م**) حرف عماد مبنی برفتح (**ا**) علامت تثنیہ مبنی برسکون اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (**ثابت**) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ/ مستانفہ ہوا (**لـکن**) حرف مشبہ بالفعل مبنی برفتح برائے استدراک (ہ) ضمیر منصوب متصل منصوب محلاً مبنی برضم راجع بسوئے المخصوص بالمدح اسم (**لا یطابق**) نفی فعل مضارع معروف صحیح مجرد از ضمائر بارزہ مرفوع لفظاً صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (**ھـو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فعل

مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم لکن (فاعل) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے حبذا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ (فی) حرف جار مبنی بر سکون (الوجوہ) جمع مکسر منصرف مجرور لفظاً موصوف (ال) بمعنی (التی) اسم موصول مبنی بر سکون (مذکورۃ) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً اسم مفعول صیغہ واحدہ مؤنثہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم موصول (مذکورۃ) اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (لا یطابق) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر (لکن) اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (مثل) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً مضاف (حبذا زید) اسم مقصور حکماً مجرور تقدیراً معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (حبذا الزیدان) اسم مقصور حکماً مجرور تقدیراً معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (حبذا الزیدون) اسم مقصور حکماً مجرور تقدیراً معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (حبذا ھند) اسم مقصور حکماً مجرور تقدیراً معطوف و حرف عطف مبنی بر فتح (حبذا الھندان) اسم مقصور حکماً مجرور تقدیراً معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (حبذا الھندات) اسم مقصور حکماً مجرور تقدیراً معطوف معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے ملکر مضاف الیہ (مثل) مضاف الیہ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے حبذا مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا بر تقدیر ارادہ معنی (حب) فعل ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر فعل مدح (ذا) اسم اشارہ مبنی بر سکون مرفوع محلاً فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر خبر مقدم (زید) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً مخصوص بالمدح مبتدائے مؤخر مبتدائے مؤخر اپنے خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یا (حبذا) فعل فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ اور (زید) خبر اپنے مبتدائے محذوف (ھو) سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (حب) فعل مدح ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر (ذا) اسم اشارہ مبنی بر سکون مرفوع محلاً فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر خبر مقدم (الزیدان) تثنیہ مرفوع بالف ما قبل مفتوح مخصوص بالمدح مبتدائے مؤخر مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یا

(حبذا) فعل فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ اور (الزیدان) خبر اپنے مبتدائے محذوف (هما) سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ (حب) فعل مدح ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر (ذا) اسم اشارہ مبنی بر سکون مرفوع محلا فاعل فعل مدح اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر مقدم الـزیـدون جمع مذکر سالم مرفوع بواو ماقبل مضموم مخصوص بالمدح مبتدائے موخر مبتدائے موخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یا کہ ان دونوں صورتوں میں تثنیہ اور جمع کی ضمیروں کا مرجع لفظا مثنی اور مجموع نہیں اسی طرح آئندہ مثالوں کی تائید میں بھی مطابقت نہیں نظر برآں تحصیل مطابقت کیلئے (ذا) کو حسب مقام (الرجلان) اور (الرجال) اور (المراة) اور (المراتان) اور (النساء) کی تاویل میں لیں گے (حـــب) فعل مدح ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب (ذا) اسم اشارہ مبنی بر سکون مرفوع محلا فاعل فعل مدح اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر مقدم (هـــنـــد) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مخصوص بالمدح مبتدائے موخر مبتدائے موخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یا (حبـذا) فعل فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ اور (هـــنـــد) خبر اپنے مبتدائے محذوف (هـی) سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ (حب) فعل مدح ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر (ذا) اسم اشارہ مبنی بر سکون مرفوع محلا فاعل فعل مدح اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر مقدم (الهـنـدان) تثنیہ مرفوع بالف ماقبل مفتوح مخصوص بالمدح مبتدائے موخر مبتدائے موخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یا (حبذا) فعل فاعل سے ملک جملہ فعلیہ انشائیہ اور (الهندان) خبر اپنے مبتدائے محذوف (هما) سے ملکر جملہ اسمہ خبریہ (حب) فعل مدح ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب (ذا) اسم اشارہ مبنی بر سکون مرفوع محلا فاعل فعل مدح اپنے فاعل سے ملک جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر مقدم (الهندات) جمع مونث سالم مرفوع لفظا مخصوص بالمدح مبتدائے موخر مبتدائے موخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یا (حبذا) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ اور (الهـنـدات) خبر اپنے مبتدائے محذوف (هن) سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یہ بھی یاد رہے کہ (هـما) اور (هن) اور (هم) محذوف میں (ها) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا ہے۔ اور (م) مفتوح حرف عماد (ا) علامت تثنیه اور (ن) علامت جمع مونث اور (م) ساکن علامت جمع مذکر۔

ویجوزان یکون قبلہ او بعدہ اسم موافق لہ منصوبا علی التمیز اوعلی الحال

شرح:۔ قولہ ویجوزان یکون یعنی حبذا کے مخصوص سے پہلے یا بعد میں ایک اسم منصوب علی التمیز یاعلی الحال ہوتا ہے۔ جو مخصوص کے موافق تثنیہ جمع مونث مذکر ہوا کرتا ہے۔ جسکی مثالیں قبلیت بعدیت کے نقشہ ذیل سے ملاحظہ فرمائیں۔

حکم	صیغہ	مثال
1۔ اسم منصوب علی التمیز مخصوص سے پہلے واقع ہو	واحد مذکر	حبذارجلا زید
	تثنیہ مذکر	حبذارجلین زیدان
	جمع مذکر	حبذارجالا زیدون
2۔ اسم منصوب علی التمیز مخصوص سے پہلے واقع ہو۔	واحدہ مونثہ	حبذاامراۃ ھند
	تثنیہ مونثہ	حبذا امراتین ھند ان
	جمع مونثہ	حبذانسوۃ ھندات
3۔ اسم منصوب علی التمیز مخصوص کے بعد واقع ہو	واحد مذکر	حبذازید رجلا
	تثنیہ مذکر	حبذا زیدان رجلین
	جمع مذکر	حبذا زیدون رجالا
	واحدہ مونثہ	حبذا ھند امراۃ
	تثنیہ مونثہ	حبذا ھندان امراتین
	جمع مونثہ	حبذا ھند ات نسوۃ

مثال	صیغہ	حکم
حبذا راکبا زید	واحد مذکر	4۔ اسم حال مخصوص سے پہلے واقع ہو
حبذا راکبین زیدان	تثنیہ مذکر	
حبذا راکبین زیدون	جمع مذکر	
حبذا راکبة هند	واحد مؤنث	
حبذا راکبتین هندان	تثنیہ مؤنث	
حبذا راکبات هندات	جمع مؤنث	
حبذا زید راکبا	واحد مذکر	5۔اسم حال مخصوص کے بعد واقع ہو۔
حبذا زیدان راکبین	تثنیہ مذکر	
حبذا زیدون راکبین	جمع مذکر	
حبذا هند راکبة	واحد مؤنث	
حبذا هندان راکبتین	تثنیہ مؤنث	
حبذا هندات راکبات	جمع مؤنث	

جس **حبذا** پر نفی واقع ہو اس کے مابعد اسم منصوب میں نحویوں کا اختلاف ہے۔ اخفش اور فارسی کہتے ہیں کہ وہ ہر حالت میں حال ہے اور ابو عمرو فرماتے ہیں کہ ہر حالت میں وہ تمیز ہے بعض فرماتے ہیں۔ کہ اگر وہ اسم منصوب نکرہ ہو تو تمیز واقع ہوگا۔ اگر اسم مشتق ہو اور اس سے مقصود مدح ہو تو وہ حال ہے۔ جیسے **ماحبذ المال مبذ ولا بلا اسراف** ورنہ تمیز۔

ترکیب:۔ **ویجوز الخ** (**و**) حرف عطف/استیناف مبنی بر فتح (**یجوز**) فعل مضارع معروف صحیح مجرد از ضمائر بارزہ مرفوع لفظا صیغہ واحد مذکر غائب (**ان**) ناصبہ موصول حرفی مبنی بر سکون (**یکون**) فعل مضارع معروف صحیح مجرد از ضمائر بارزہ منصوب لفظا صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص (**قبل**) ظرف زمان معرب منصوب لفظا مضاف (**ہ**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے مخصوص (**حبذا**) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف علیہ (**او**) حرف عطف مبنی بر سکون (**بعد**) ظرف زمان معرب منصوب لفظا مضاف (**ہ**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا

مبنی برضم راجع بسوئے مخصوص حبذا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مفعول فیہ (اسم) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا موصوف (موافق) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے موصوف (ل) حرف جار مبنی برفتح (ہ) ضمیر مجرور متصل مجرور محلا مبنی برضم راجع بسوئے مخصوص حبذا جار مجرور ملکر ظرف لغو (موافق) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر اسم یکون (منصوبا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے اسم یکون (علی) حرف جار مبنی برسکون (التمیز) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا جار مجرور ملکر معطوف علیہ (او) حرف عطف مبنی برسکون (علی) حرف جار مبنی برسکون (الحال) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا جار مجرور ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر ظرف لغو اس کو ظرف مستقر قرار دینا درست نہیں فتفکر (منصوبا) اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر یکون فعل ناقص اپنے اسم اور خبر اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر فاعل مرفوع محلا یجوز فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ/مستانفہ ہوا۔

تبينك يا عوفه ومويهك البارد

تشریح: ۔اصل میں عبارت یوں ہے **الزمی تبینك ومویهك البارد یا ایتها البقرة**

فائدہ: ۔**تبین تبن** کی تصغیر ہے بمعنے گھاس اور **مویھه مویه** کی بمعنے پانی اور **عوفه** گائے۔(تفصیل فقیر کی کتاب الاضاحیک میں ہے)

مثل حبذا رجلا زید و حبذا راکبازید و حبذا زید رجلا و حبذ ازید راکبا واعلم انه لایجوز التصرف فی هذه الا فعال غیر الحاق التاء فیها، ولهذا سمیت هذه الا فعال غیرمتصرفة

شرح:۔ **قوله غیر** رفع اور نصب دونوں صحیح ہیں اول باعتبار بدل کے اور ثانی باعتبار مستثنی ہونے کے۔

ترکیب:۔ **مثل حبذا لخ** (مثل) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (حبذا رجلا زید) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف علیہ (و) حرف عطف (حبذا راکبا زیدا) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف (و) حرف عطف مبنی برفتح (حبذا زید رجلا) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف (و) حرف عطف مبنی برفتح (حبذا زیدراکبا) اسم مقصور مجرور تقدیرا معطوف معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے ملکر مضاف الیہ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی برضم راجع بسوئے (مخصوص حبذا سے قبل یا بعد اسم مذکور کا واقع ہونا) مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا بر تقدیر ارادہ معنی (حب) فعل مدح مبنی برفتح (ذا) اسم اشارہ مبنی برسکون مرفوع محلا ممیز (رجلا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا تمیز ممیز اپنی تمیز سے ملکر فاعل فعل مدح اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر خبر مقدم زید بترکیب سابق مخصوص بالمدح مبتدائے موخر مبتدائے موخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یا بترکیب سابق بطریقہ معلوم دو جملے فعلیہ انشائیہ اور اسمیہ خبریہ (حب) فعل مدح مبنی برفتح (ذا) اسم اشارہ مبنی برسکون مرفوع محلا ذوالحال (راکبا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے ذوالحال اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل۔ حب فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر خبر مقدم (زید) بترکیب سابق مخصوص بالمدح مبتدائے موخر مبتدائے موخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یا بطریقہ معلوم دو جملے اول فعلیہ انشائیہ دوم اسمیہ خبریہ (حب) فعل مدح مبنی برفتح (ذا) اسم اشارہ مبنی برفتح مرفوع محلا ممیز رجلا بترکیب سابق تمیز ممیز اپنی تمیز سے

ملکر فاعل فعل فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر خبر مقدم (زید) بترکیب سابق مخصوص بالمدح مبتدائے موخر مبتدائے موخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یا بطریقہ معلوم دو جملے اول فعلیہ انشائیہ دوم اسمیہ خبریہ (حب) فعل مدح مبنی بر فتح (ذا) بترکیب سابق ذوالحال (راکبا) بترکیب سبق حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل فعل فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر خبر مقدم زید بترکیب سابق مخصوص بالمدح مبتدائے موخر مبتدائے موخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یا بترکیب سابق دو جملے اول فعلیہ انشائیہ دوم اسمیہ خبریہ (و) حرف استیناف مبنی بر فتح (اعلم) امر حاضر معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں (انت) پوشیدہ جس میں (ان) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (ت) مفتوحہ علامت خطاب مذکر (ان) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح (ہ) ضمیر منصوب متصل اسم منصوب محلا ضمیر شان (لا یجوز) نفی فعل مضارع معروف صحیح مجرد از ضمائر بارزہ صیغہ واحد مذکر غائب مرفوع لفظا (التصرف) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مصدر (فی) حرف جار مبنی بر سکون (ھا) حرف تنبیہ مبنی بر سکون (ذہ) اسم اشارہ مبنی بر سکون مجرور محلا موصوف یا مبدل منہ یا معطوف علیہ (الافعال) جمع مکسر منصرف مجرور لفظا صفت یا بدل یا عطف بیان موصوف اپنی صفت سے یا مبدل منہ اپنے بدل سے یا معطوف علیہ اپنے عطف بیان سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (التصرف) مصدر اپنے ظرف لغو سے ملکر مستثنی منہ (غیر) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مضاف (الحاق) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مصدر مضاف (التاء) مفرد منصرف صحیح مضاف الیہ مجرور لفظا منصوب معنی بنا بر مفعولیت (فی) حرف جار مبنی بر سکون (ھا) ضمیر مجرور متصل مجرور محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے ھذہ الافعال جار مجرور ملکر ظرف لغو (الحاق) مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے ملکر مضاف الیہ غیر مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مستثنی مستثنی منہ اپنے مستثنی سے ملکر فاعل (لا یجوز) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر (ان) کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر مفعول بہ منصوب محلا (اعلم) فعل امر حاضر معروف اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ مستانفہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ل) حرف جار مبنی بر کسر (ھا) حرف تنبیہ مبنی بر سکون (ذا) اسم اشارہ مبنی بر سکون مجرور محلا جار مجرور ملکر ظرف لغو مقدم (سمیت) فعل ماضی مجہول مبنی بر فتح صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (ھا) حرف تنبیہ مبنی بر سکون (ذہ) اسم اشارہ مبنی بر سکون مجرور محلا موصوف یا مبدل منہ یا معطوف علیہ (الافعال) جمع مکسر منصرف مجرور لفظا صفت یا بدل یا عطف بیان موصوف اپنی صفت سے یا مبدل منہ اپنے بدل سے یا معطوف علیہ اپنے عطف بیان سے ملکر نائب فاعل (غیر) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مضاف (متصرفۃ) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف الیہ اسم مفعول غیر عامل بوجہ عدم اعتماد مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ (سمیت) فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

النوع الثالث عشر

افعال القلوب و انما سمیت بها لان صدورها من القلب ولادخل فیه للجوارح و تسمی افعال الشك والیقین ایضا لان بعضها للشك و بعضها للیقین

شرح:۔ **قوله افعال القلوب** چونکہ مطلق فعل کبھی لازم ہوتا ہے اور کبھی متعدی بیک مفعول یا بدو مفعول یا بسہ مفعول اسی لیے اسے عوامل قیاسیہ میں گنا گیا ہے۔ اور افعال قلوب میں سوائے ایک ہی عمل کے اور کوئی چیز نہیں پائی جاتی اسی لیے مطلق فعل سے اس کا ذکر علیحدہ ہوا۔ علاوہ ازیں ان میں کچھ ایسے خصائص پائے جاتے ہیں۔ کہ دوسرے افعال میں نہیں مثلا ایک مفعول پر اکتفانہ کرنا **الغاء التعلیق** کا جائز ہونا اسی لیے فعل مطلق سے علیحدہ مذکور ہوا۔

قوله و دخل ان کو افعال قلوب سے اسی لیے موسوم کیا جاتا ہے کہ انکا صدور **قلوب** سے ہوتا ہے کہ جن کو اعضاء سے کوئی تعلق نہیں بخلاف دیگر افعال کے کہ وہ اگرچہ قلب سے صادر ہوتے ہیں۔ اسی لیے کہ قلب جمیع افعال اختیار کا مصدر (جائے صدور ہے مگر ان کے صدور کے اندر جوارح بھی دخل رکھتے ہیں۔ اور جوارح آدمی کے وہ اعضاء ہیں کہ جن کے ذریعہ سے کام ہوتا ہے۔ مثلا ہاتھ، پاؤں، آنکھ، کان وغیرہ۔

ترکیب:۔ **قوله النوع الخ (النوع)** مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا موصوف۔ **(الثالث عشر)** مرکب بنائی ہر دو جز مبنی بر فتح مرفوع محلا صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدا **(افعال)** جمع مکسر منصرف مرفوع لفظا مضاف **(القلوب)** جمع مکسر مجرور لفظا مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا **(و)** حرف استیناف مبنی بر فتح **(ان)** حرف مشبہ بالفعل مکفوف عن العمل مبنی بر فتح **(ما)** کافہ مبنی بر سکون **(سمیت)** فعل ماضی مجہول مبنی بر فتح صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ اس میں **(هی)** ضمیر مرفوع متصل نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے افعال القلوب باعتبار مصادیق **(با)** حرف جار زائد بر کسر **(ها)** ضمیر مجرور متصل مجرور محلا منصوب معنی مفعول بہ راجع

بسوئے افعال القلوب باعتبار لفظ (ل) حرف جر مبنی بر کسر (ان) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح موصول حرفی (صدور) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مصدر مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مرفوع معنی بنا بر فاعلیت مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر اسم (من) حرف جار مبنی بر سکون فتحہ موجودہ حرکت تخلص من السکونین القلب (القلب) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثابت) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم (ان) ذوالحال (و) حالیہ مبنی بر فتح (لا) برائے نفی جنس مبنی بر سکون (دخل) نکرہ مفرد مبنی بر فتح منصوب محلا مصدر (فی) حرف جار مبنی بر سکون (ہ) ضمیر مجرور متصل مجرور محلا مبنی بر کسر راجع بسوئے ذوالحال جار مجرور ملکر ظرف لغو متعلق مصدر اپنے ظرف لغو سے ملکر اسم (ل) حرف جار مبنی بر کسر (الجوارح) غیر منصرف بوجہ جمع قائم مقام دو سبب مجرور لفظا بکسرہ بسبب دخول لام جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثابت) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا ثابت اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم لا اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر لا اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہو کر حال۔ منصوب محلا ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ ان کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ (ان) موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہو کر مجرور محلا جار مجرور ملکر ظرف لغو (سمیت) فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

تنبیہ: ۔مخفی نہ رہے کہ (ولا دخل) کے واو کو عاطفہ قرار دینا درست نہیں کیونکہ عدم مداخلت جوارح وجہ تسمیہ میں داخل ہے یعنی صدور از قلب اور عدم مداخلت جوارح دونوں کا مجموع وجہ تسمیہ ہے۔ اور واو کو عاطفہ قرار دے کر اس کے ماقبل کو یا تو (انما سمیت) پر عطف کریں گے اس تقدیر پر وجہ تسمیہ کا ناقص ہونا لازم آئے گا۔ یا لائے نفی جنس کے اسم کو ان کے اسم پر اور اس کی خبر کو ان کی خبر پر اس صورت میں معمول واحد پر دو ناصب اور دو رافع کا اجتماع لازم آئے گا۔ اس لیے ان اسم کو نصب اور خبر کو رفع کرتا ہے اور لائے نفی جنس بھی اور یہ اجتماع باطل ہے اسی طرح (فیہ) کو لانفی جنس کی خبر اول اور (للجوارح) کو خبر ثانی قرار دینا درست نہیں کیونکہ خبر کا اسم سے انتفا ہوتا ہے اور یہاں پر اسم (دخل) ہے اور مطلقا دخل سے ثبوت (للجوارح) کی نفی نہیں بلکہ دخل فی الصدر سے ہے۔ یعنی مطلب یہ ہے کہ

ان افعال کے صدر میں، جوارح کو دخل نہیں یہ مطلب نہیں کہ جوارح اصلا کسی چیز میں دخل نہیں کیونکہ یہ بات ظاہر البطلان ہے(**هذا ما عندي والله تعالى اعلم بالصواب**)(**و**) حرف عطف مبنی بر فتح (**تسمى**) فعل مضارع مجہول صحیح مجرد از ضمائر بارزہ مرفوع تقدیرا صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ اسمیں (**هي**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے افعال القلوب باعتبار مصداق (**افعال**) جمع مکسر منصرف منصوب لفظا مضاف (**الشك**) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا معطوف علیہ (**و**) حرف عطف مبنی بر فتح (**اليقين**) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ (**ايضا**) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مفعول مطلق (**آض**) مقدر۔ فعل ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (**هو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے تسمیۃ **آض** فعل ماضی اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا (**ل**) حرف جار مبنی بر کسر (**ان**) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح موصول حرفی (**بعض**) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مضاف (**ها**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے افعال القلوب مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف علیہ (**و**) حرف عطف مبنی بر فتح (**بعض**) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا (**ها**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے افعال القلوب مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر اسم ان (**ل**) حرف جار مبنی بر کسر (**الشك**) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا معطوف علیہ (**و**) حرف عطف مبنی بر فتح (**ل**) حرف جار مبنی بر کسر (**اليقين**) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر ظرف مستقر ثابتان مقدر کا۔ (**ثابتان**) تثنیہ مرفوع بالف ماقبل مفتوح اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اسمیں (**هما**) پوشیدہ جس میں (**ها**) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے اسم ان (**م**) حرف عماد مبنی بر فتح (**ا**) علامت تثنیہ اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ان کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر (**صلہ**) ان موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر مجرور محلا جار مجرور ملکر ظرف لغو (**تسمى**) فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وهي تدخل على المبتدا والخبر و تنصبهما معا بان يكونا مفعولين لها وهي سبعة ثلثة منها للشك و ثلثة منها لليقين وواحد منها مشترك بينهما

شرح:۔ **قوله وهي تدخل** یعنے یہ سات یعنے یہ اصطلاحی مذکورہ نہ ہر وہ سب افعال جو بھی قلب سے صادر ہوں جیسے **اعتقدت و عرفت** وغیرہ بہرحال یہ اصطلاحی افعال مبتدا اور خبر پر داخل ہو کر دونوں کو منصوب کریں گے۔ اور ان دونوں کو مفعول کہا جائے گا۔ اور معلوم رہے کہ یہ افعال کبھی اس جملہ پر آتے ہیں۔ جو ان بالفتح کے ساتھ شروع ہو مثل **علمت ان زیدا قائم** اس ترکیب میں سیبویہ صاحب فرماتے ہیں کہ **ان** اپنے صلہ کے ساتھ ملکر **علمت** کا مفعول ہوا اس کیلئے دوسرا مفعول نہیں اور اخفش کہتے ہیں۔ کہ اس کا مفعول ثانی مقدر ہے گویا یہ عبارت اصل میں **علمت ان زیدا قائم حاصلا** تھی۔ اور بعض کہتے ہیں کہ **ان** اپنے صلہ کے ساتھ دو مفعولوں کے قائمقام ہے۔

ترکیب:۔ **(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(هی)** ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے افعال القلوب **(تدخل)** فعل مضارع معروف صحیح مجرد از ضمائر بارزہ مرفوع لفظا صیغہ واحدہ مؤنثہ غائبہ اس میں **(هی)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا **(علی)** حرف جار مبنی بر سکون **(المبتداء)** مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا معطوف علیہ۔ **(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(الخبر)** مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو **(تدخل)** فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ صغری ہو کر معطوف علیہ **(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(تنصب)** فعل مضارع معروف صحیح مجرد از ضمائر بارزہ مرفوع لفظا صیغہ واحدہ مؤنثہ غائبہ اسمیں **(هی)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا **(هما)** میں **(هو)** ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے المبتدا والخبر **(م)** حرف عماد مبنی بر فتح **(ا)** علامت تثنیہ **(معا)** اسم ظرف معرب منصوب لفظا مفعول فیہ **(با)** حرف جار مبنی بر کسر **(ان)** ناصبہ موصول حرفی مبنی بر سکون **(یکونا)** فعل مضارع

معروف صحیح (الف) ضمیر بارز برائے تثنیہ منصوب بحذف نون تثنیہ فعل ناقص صیغہ تثنیہ مذکر غائب (ا) ضمیر مرفوع متصل اسم مرفوع محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے المبتداء اور الخبر (مفعولین) تثنیہ منصوب بیا ما قبل مفتوح اسم مفعول صیغہ تثنیہ مذکر اس میں (هما) پوشیدہ جس میں (ها) ضمیر مرفوع متصل نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے موصوف مقدر (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون مفعولین اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف مقدر (لفظین) اپنی صفت سے ملکر خبر (ل) حرف جار مبنی بر فتح (ها) ضمیر مجرور متصل مجرور محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے افعال القلوب جار مجرور ملکر ظرف لغو (یکونا) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر اور ظرف سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہو کر مجرور محلا جار مجرور ملکر ظرف لغو (تنصب) فعل اپنے فعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ صغری ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر خبر (هی) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ کبری ذات وجہین ہوا (و) حرف عطف یا استیناف مبنی بر فتح (هی) ضمیر مرفوع متصل مبتدا مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے افعال القلوب (سبعة) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا موصوف (ثلثة) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا موصوف (من) حرف جار مبنی بر سکون راجع بسوئے سبعۃ جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتۃ مقدر کا۔ (ثابتة) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدا (ل) حرف جار مبنی بر کسر (الشك) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتۃ مقدر کا۔ (ثابتة) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف اسم فاعل اپنے فعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدا (ل) حرف جار مبنی بر کسر (الیقین) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتۃ مقدر کا۔ (ثابتة) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا اسم فاعل صیغہ واحدہ مونثہ اس میں (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (واحد) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا موصوف (من) حرف جار مبنی بر سکون (ها) ضمیر مجرور متصل مجرور محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے (سبعة) جار مجرور ملکر ظرف مستقر

ثابت مقدر کا۔ (ثـابـت) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً اسم فعل صیغہ واحد مذکر اس میں (هـو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدا (مشتـــرك) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (هـو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (بيـن) ظرف مکان معرب منصوب لفظاً مضاف (هـمـا) میں (هـا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے (الشك و اليـــقيـــن) (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ (مشترك) اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہا اپنے دونوں معطوف سے ملکر صفت سبب موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر (هـى) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ/مستانفہ ہوا۔

اوط وثيقل

ترجمہ:۔ میرے کا ندھے پر جتنا دل چاہے بوجھ ڈالدے۔ یہ وہ شخص بولتا ہے جسے ہر طرح کے بوجھ اٹھانے کی استعداد ہو

تشریح:۔ اوط بضم الهمزة واسكان الواو ثم طاء ساكنة فى الوقف صيغة امر از وطئى اور ثيقل بكسر الثاء وفتح الثاء واسكان الياء وفتح القاف ثم لام اى ثاقل امراى كن ثقيلا (الامثال العاميہ)

الرجال خشب الين يتقاربون

تشریح:۔ الين اصل میں الى ان ہے اسی لفظ سے اشکال تھا۔ اب ترکیب آسان ہے۔ (الامثال العاميہ)

اما الثلثة الاول فحسبت وظننت و خلت مثل حسبت زيدا فاضلا و ظننت بكرا نائما و خلت خالدا قائما وظننت اذا كان من الظنة بمعنى التهمة لم يقتض المفعول الثاني مثل ظننت زيدا اى اتهمته

شرح:۔ **قوله و اما الثلثه** یعنے ان سات افعال میں سے تین جو شک کیلئے آتے ہیں۔ وہ یہ ہیں۔ اگر کوئی اعتراض کرے کہ افعال شک کو یقین پر کیوں مقدم کیا؟ جواب اول۔ شک کے افعال یقین کے افعال سے غالب ہیں۔ جواب دوم۔ چونکہ از روئے وجود شک یقین سے مقدم ہے اس لیے کہ شک میں اعتقاد و جازم ضروری نہیں بخلاف یقین کے کہ اس میں اعتقاد و جازم ضروری ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہے کہ عدم وجود سے پہلے ہے۔ پھر کوئی اعتراض کرے کہ ان افعال میں صیغہ متکلم کیوں لائے۔ حالانکہ گذشتہ مثال میں صیغہ غائب وغیرہ تھے؟ جواب اس لیے کہ ان افعال کا تعلق دل سے ہے۔ اور دل کے افعال کو جاننے والا متکلم خود آپ ہی ہوا کرتا ہے نہ کوئی دوسرا

فائدہ:۔ **خلت** از علم مصدر **خیلولة** دراصل **خیلت** تھا۔ بقانون معروف **خلت** ہوا۔

قوله من الظنة بکسر الظاء المعجمة بمعنے تہمت اور کسی کو وہم میں ڈالنا اور **تهمه** بضم التاء اور بفتح الہا دراصل وہمہ تھا واو کو تاء سے تبدیل کیا جیسا کہ **تراث** کی تاء واو سے تبدیل ہو کر آئی ہے۔

ترکیب:۔ **اما الثلثة الخ (اما)** حرف شرط برائے تفصیل شرط محذوف لزوما **(الثلثه)** مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا موصوف **(الاول)** جمع مکسر منصرف مرفوع لفظا اسم تفضیل صیغہ جمع مونث اس میں **(هن)** پوشیدہ جس میں **(ها)** ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے موصوف اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدا **(فا)** جزائیہ مبنی بر فتح **(حسبت)** اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا معطوف علیہ **(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(ظننت)** اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا معطوف **(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(خلت)** اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا

معطوف معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہو کر جزا شرط محذوف اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا (مثل) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (حسبت زیدا فاضلا) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ظننت بکرا قائما) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (خلت خالدا قائما) اس مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے ملکر مضاف الیہ (مثل) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے (حسبت اور ظننت) اور (خلت) بتاویل مذکور مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا بر تقدیر ارادہ معنی (حسبت) افعال قلوب سے فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز برائے واحد متکلم فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم (زیدا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مفعول بہ اول (فاضلا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے زیدا اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر مفعول بہ دوم (حسبت) فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (ظننت) افعال قلوب سے فعل ماضی مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم تا ضمیر مرفوع متصل بارز برائے واحد متکلم فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم (بکرا) اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر مفعول بہ اول (قائما) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے بکرا اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول بہ دوم (ظننت) فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ (خلت) افعال قلوب سے فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم تا ضمیر مرفوع متصل بارز برائے واحد متکلم فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم (خالدا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مفعول بہ اول (قائما) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے خالد اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر مفعول بہ دوم خلت فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ (و) حرف استیناف مبنی بر فتح (ظننت) اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا مبتدا (اذا) ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم منصوب محلا مبنی بر سکون (کان) فعل ناقص مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (ھن) حرف جار مبنی بر سکون مقدر فتحہ

موجودہ حرکت حذف من السکونین (الظنۃ) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا ذوالحال (با) حرف جار مبنی بر کسر (معنی) اسم مقصور مجرور تقدیرا مضاف (التھمۃ) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔ (ثابتا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے ذوالحال اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر مشتقا مقدر کا۔ (مشتقا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل، مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم کان اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر کان فعل ناقص اپنے اسم اور خبر اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط (لم یقتض) فعل مضارع معروف حتی یائی ہے، دراز ضمائر بارزہ مجزوم بحذف یا صیغہ واحد مذکر غائب بحث نفی جحد بلم۔ اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل، مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (المفعول) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم مفعول غیر عامل موصوف ہونے کے باعث موصوف (الثانی) اسم منقوص منصوب لفظا صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ۔ (لم یقتض) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (مثل) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ظننت زیدا) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثال مقدر کی۔ (مثال) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے ظننت کا (ظنۃ) بمعنی (تھمۃ) سے مشتق ہونا (مثال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (ظننت) فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز برائے واحد متکلم فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم (زیدا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مفعول بہ فعل اپنے فاعل او رمفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (ای) حرف تفسیر مبنی بر سکون (اتھمت) فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز برائے واحد متکلم فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم (ھا) ضمیر منصوب متصل بارز مفعول بہ منصوب محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے زید فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا۔

و امـا الثـلاثة الثـانية فعلمـت ورأيـت و وجدت مثـل علـمت زيدا امينا ورأيـت عمـروا فاضلا ووجـدت البيـت رهينـا وعلمـت قد يجئـى بـمعـنى عرفت نحـو علمت زيدا اى عرفتـه

شرح:۔ قولہ وعلمت قد یجئی ان افعال قلوب کا معنی جب تبدیل ہونے لگتا ہے تو ایک مفعول پر قناعت کرتے ہیں اس مطلب کی تشریح مولانا عبدالرحمٰن جامی قدس سرہ دوسرے مقام ابیـات مـائة میں فرماتے ہیں۔ اشعار۔

پس زعمت گاہ بہر ظن بود گاہی یقین — ہم بود معنی دگر مر بعض این افعال را

پس ظننت میشود گاہی بمعنی اتہمت — چون علمت گاہ در معنی عرفت ای فتا

ہمچنان مفہوم البصرت شود معنی رایت — ہم وجدت ہست معنی در اصبت ای کدخدا

این معانی را بگیر دنحو از لوح حساب — لیک یک مفعول باشد این زمان پس مقتضا

سوال:۔ مصنف نے فقط ایک معنی پر اکتفا فرمایا حالانکہ ان کے اور معانی بھی ہیں۔ چنانچہ علم بمعنی بالالب شگافتہ شد اور وجدت جدة بمعنی مستغنی شدم اور جدت موجده بمعنی غصہ کردم اور وجدت وجدا بمعنی اندوہگین شدم ان سب کو مصنف نے ترک کردیا۔

جواب:۔ یہاں گفتگو چل رہی ہے ان افعال کی جو قریب بمعنی یقین وظن کے ہوں معانی مسطورہ مذکورہ قریب بہ یقین ذہن نہیں یہ وجہ ہے مصنف نے معنی حسبت و خلت ذاخال و زعمت بمعنی کفت کو بھی چھوڑ دیا۔

ترکیب:۔ و امـا الثلثة الخ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (امـا) حرف شرط مبنی بر سکون فعل شرط محذوف لزوما (الثلثة) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا موصوف (الثانية) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدا (فا) جزائیہ مبنی بر فتح (علمت) اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (رایت) اسم مقصور

حکما مرفوع تقدیرا معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (وجدت) اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا معطوف معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر جزا شرط محذوف اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا (مثل) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (علمت زیدا امینا) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (رایت عمرا فاضلا) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (وجدت البیت رھینا) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے ملکر مضاف الیہ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی برضم راجع بسوئے (علمت) اور (روایت) اور (وجدت) بتاویل مذکور مثال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا بر تقدیر ارادہ معنی (علمت) افعال قلوب سے فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز برائے واحد متکلم فاعل مرفوع محلا مبنی برضم (زیدا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مفعول بہ اول (امینا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے (زیدا) صفت مشبہ اپنے فاعل سے ملکر مفعول بہ دوم علمت فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (رایت) افعال قلوب سے فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز برائے واحد متکلم۔ فاعل مرفوع محلا مبنی برضم (عمرا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مفعول بہ اول (فاضلا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے (عمرا) صفت مشبہ اپنے فاعل سے ملکر مفعول بہ دوم (رایت) فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (وجدت) افعال قلوب سے فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز برائے واحد متکلم فاعل مرفوع محلا مبنی برضم (البیت) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مفعول بہ اول (رھینا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم مفعول بمعنی (مرھون) صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے (البیت رھینا) اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر مفعول بہ دوم (رھین) کا اعمال ابن عصفر کے مذہب پر مبنی ہے وہ یہ کہ جو الفاظ بمعنی اسم مفعول آتے ہیں جیسے ذبیح

بمعنی مذبوح اور قبض بمعنی مقبوض اور جریح بمعنی مجروح ان کا عمل اسم مفعول کی طرح ہوتا ہے جمہور ایسے الفاظ کو عمل نہیں دیتے تو ترکیب مذکور ابن عصفور کے مذہب پر مبنی ہوئی جمہور کے مسلک پر کہیں گے (رهينا) مفعول بہ دوم (وجدت) فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (علمت) اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا مبتدا (قد) حرف تقلیل مبنی بر سکون (يجي) فعل مضارع معروف صحیح مجرد از ضمائر بارزہ مرفوع لفظا صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (با) حرف جار مبنی بر کسر (معنى) اسم مقصور مجرور تقدیرا مضاف (عرفت) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا مضاف الیہ معنی مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (يجي) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ صغری ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ کبری ذولت وجہین ہوا (نحو) مفرد منصرف جاری مجرائے صحیح مرفوع لفظا مضاف (علمت زيدا) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا مضاف الیہ نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ها) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے علمت کا بمعنی عرفت آنا (مثال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا بر تقدیر ارادہ معنی (علمت) فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز برائے واحد متکلم فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم (زيدا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مفعول بہ علمت فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (اى) حرف تفسیر مبنی بر سکون (عرفت) فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم (ه) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے زید عرفت فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا۔

ما انت بخية ولا سية

تشریح:۔ ماشبہ بلیس ہے یعنی نہ تو نجات یافتہ ہے اور نہ مفید۔

ورأیت قد یکون بمعنی ابصرت کقوله تعالی فانظر ماذا تری ووجدت قدیکون بمعنی اصبت مثل وجدت الضالة ای اصبتها فان کل واحد من هذه المعانی لا یقتضی الا متعلقا واحدا

شرح:۔ قوله ورایت یعنی رایت کبھی بمعنی ابصرت یعنی بمعنی آنکھوں سے دیکھنا جیسے رایت الهلال بعض نسخوں میں یہی مثال دی گئی ہے۔ اور کبھی بمعنی تفکرت ماخوذ من الرای والمشاورة جیسے سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹے سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام کو فرمایا یبنی انی اری فی النام انی اذبحك فانظر ماذا تری یہاں تری بمعنی تفکر ہے اے ما مشورتك فی هذا الخطب۔

سوال:۔ متن میں تو اسی آیت کو رأیت بمعنی ابصرت کے تحت تحریر فرمایا اور گذشتہ بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ رأیت بمعنی تفکر ہے۔

جواب:۔ ظاہر یہ ہے کہ متن میں کاتب سے غلطی ہوگئی ہے۔ گویا اصل عبارت یوں تھی ورایت قد یکون بمعنی رؤیۃ البصر مثلا رایت الهلال ای ابصرت بمعنی تفکرت۔ فانظر ماذا تری (القرآن)۔

قوله الضالة بفتح اللام المشدد ۃ بمعنی شتر گم شدہ بے نشان و مالک دور جائے ہلاک باشد و گم شدہ اس میں مذکر و مؤنث برابر ہیں۔

ترکیب:۔ ورأیت قد یکون الخ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (رایت) اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا مبتدا (قد) حرف تقلیل مبنی بر سکون (یکون) فعل مضارع معروف صحیح مجرد از ضمائر بارزہ مرفوع لفظا صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (با) حرف جار مبنی بر کسر (معنی) اسم مقصور مجرور تقدیرا مضاف (ابصرت) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا مضاف الیہ (معنی) مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر مستعملا مقدر کا۔ (مستعملا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم

مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (ھـــو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم یکون اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر (یکون) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خ. یہ صغری ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ کری ذات وجہین ہوا (ك) حرف جار مبنی بر فتح (قول) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مصدر مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مجرور محلا مرفوع معنی بنا بر فاعلیت مبنی بر کسر راجع بسوئے اسم جلالت ذوالحال (تعالی) فعل ماضی معروف مبنی بر فتح مقدر صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے ذوالحال تعالی فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر مضاف الیہ (فا) فصیحیہ مبنی بر فتح (انظر) فعل امر حاضر معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد مذکر حاضر اسمیں (انــت) پوشیدہ جسمیں ان ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (ت) مفتوحہ علامت خطاب مذکر (مـاذا) بمعنی (الـذی) اسم موصول مبنی بر سکون منصوب محلا (تــری) فعل مضارع مجرد از ضمائر بارزہ معتل الفا مرفوع تقدیرا صیغہ واحد مذکر حاضر (انــت) پوشیدہ ان ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون (ت) مفتوحہ علامت خطاب مذکر (ھـا) ضمیر منصوب متصل محذوف مفعول بہ منصوب محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے اسم موصول (تــری) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ محذوف سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ (انظر) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جزاء شرط محذوف (اذا کان الامر کذلك) اپنی جزاء سے ملکر مراد اللفظ ہو کر مقولہ (قـــول) مضاف اپنے مضاف الیہ اور مقولہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثـابت) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا مقدر (مثـالـہ) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثـال) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے رویۃ کا بمعنی الابصار ہونا (مثـال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (وجدت) اسم منصور حکما مرفوع تقدیرا مبتدا (قد) حرف تقلیل مبنی بر سکون (یکون) فعل مضارع معروف صحیح مجرد از ضمائر بارزہ مرفوع لفظا صیغہ واحد مذکر غائب فعل ناقص اس میں (ھـــو) ضمیر مرفوع متصل

پوشیدہ اسم مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (با) حرف جار مبنی بر کسر (معنی) اسم مقصور مجرور تقدیراً مضاف (اصبت) اسم مقصور حکماً مجرور تقدیراً مضاف الیہ معنی مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔ (ثابتا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظاً اسم فاعل صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم یکون اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر خبر (یکون) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ صغری ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ کبری ذات وجہین ہوا۔ (مثل) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً مضاف (وجدت الضالہ) اسم مقصور حکماً مجرور تقدیراً مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے وجدت کا بمعنی اصبت ہونا (مثال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا بر تقدیر ارادہ معنی (وجدت) فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز برائے واحد متکلم فاعل مرفوع محلاً مبنی بر ضم (الضالہ) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظاً مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (ای) حرف تفسیر مبنی بر سکون (اصبت) فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز برائے واحد متکلم فاعل مرفوع محلاً مبنی بر ضم (ھا) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ منصوب محلاً مبنی بر سکون راجع بسوئے الضالہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ ہوا (فا) حرف تعلیل مبنی بر فتح (ان) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح (کل) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظاً (واحد) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً موصوف (من) حرف جار مبنی بر سکون (ھا) حرف تنبیہ مبنی بر سکون (ذہ) اسم اشارہ مبنی بر سکون مجرور محلاً موصوف یا مبدل منہ یا معطوف علیہ (المعانی) اسم منقوص مجرور تقدیراً صفت یا بدل یا عطف بیان موصوف اپنی صفت یا مبدل منہ اپنے بدل یا معطوف علیہ اپنے عطف بیان سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثابت) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت (واحد) موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ کل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر اسم (لا یقتضی) نفی فعل مضارع معروف معتل یائی

مجرور از ضمائر بارزہ مرفوع تقدیراً صیغہ واحد مذکر اس میں (هــو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم ان (الا) حرف استثنائی بر سکون (متعلقا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظاً اسم مفعول غیر عامل موصوف ہونے کے باعث موصوف (واحــدا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظاً صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مستثنیٰ مفرغ ہوکر مفعول بہ لایکتفی فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر خبر ان اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

متی انتفی

تشریح:۔اس کی ترکیب تو آسان ہے کہ متی شرطیہ ہے لیکن یہ ترکیب صرفی صیغہ لگا کر زبانی پوچھی جائے تو قدرے مشکل ہے۔

کان رسولا نبیا

(القرآن پارہ نمبر 16 سورۃ مریم آیت نمبر 51)

سوال:۔نبیــا رســولا کی صفت ہے قاعدہ ہے کہ خاص صفت کے بعد عام صفت نہیں آتی ہے اور ظاہر ہے کہ رسول صفت خاص اور نبی صفت عام ہے؟

جواب: نبیا رسولا سے حال ہے۔(تفسیر الاتقان للسیوطی صفحہ نمبر 70/2)

الحمد لله رب العلمین بنصب رب العالیمن ورفعه

(القرآن پارہ نمبر 1 سورۃ فاتحہ آیت نمبر 1)

تشریح:۔فصاحت کے تقاضا پر صفات پر مختلف اعراب لانا جائز ہے۔ تفصیل فقیر کی کتاب احسن البیان حصہ دوم کا مطالعہ کریں۔

فلا یتعدی الا الی مفعول واحد والواحد المشترك بینهما هو زعمت مثل زعمت الله غفورا فهو للیقین وزعمت الشیطان شکورا فهو للشك وفی هذه الافعال لا یجوز الاقتصار علی المفعولین لانهما کاسم واحد

شرح:۔ **قوله شکورا ای اندك** پذیر یعنے میں نے تو گمان کیا کہ شاید شیطان مجھ سے تھوڑے سے گناہ اور معصیت قلیل سے راضی ہو جائیگا۔نہیں نہیں بلکہ وہ تو بڑے سے بڑے گناہوں کا ارتکاب پر تلا رہتا ہے۔اعاذنا اللہ تعالی وجمیع المسلمین والمسلمات من شرہ فانہ لنا عدو مبین۔

قوله وفی هذه الافعال ان افعال میں جبکہ وہ افعال قلوب سے ہوں تو ان کا ایک مفعول پر قناعت کرنا جائز نہیں۔جاننا چاہیے کہ نحوی حذف مع الدلیل کو اختصار کہتے ہیں۔اور حذف بلا دلیل کو اقتصار پس شارح کی عبارت کے معنی اس طرح ہوں گے۔جب تک کوئی دلیل قائم نہ ہو جائے تو ایک مفعول کا حذف کرنا ممنوع ہوگا۔لیکن زمخشری نے مفصل میں منع کیا ہے اور ابن صاحب نے اس کی پیروی کی ہے اس دلیل کی وجہ سے جو شرح میں اسم واحد سے بیان فرمایا۔ اور تفسیر **کشاف** میں بہت سے مواضع ہیں کہ جن میں مفعول اول کے حذف کا حکم دیا گیا کہ جن میں مفعول اول کے حذف کا حکم دیا گیا ہے۔مثلا **قوله تعالی ولا یحسبن الذین یبخلون بما آتا هم الله من فضله هو خیرا لهم** اس صورت میں یحسبن یائے غیبت سے پڑھا جائے تو اس کا فاعل **الذین یبخلون** ہے اور اس کا مفعول اول **بخلهم** محذوف ہے اور مفعول ثانی **هو خیرالهم** ہے یہاں مفعول کو حذف کر دینا قرینہ کی وجہ سے ہے جو **یبخلون** ہے۔

سوال :۔ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ حذف مفعول اول کا مفعول ثانی کے بغیر ہو؟

جواب :۔ ہاں ہوسکتا ہے۔ کیونکہ قبل ازیں فرمایا ہے کہ مفعول اول مبتدا ہے اور مفعول ثانی خبر ہے اور مبتدہ کا خبر کے بغیر حذف کرنا جائز ہے۔ ہاں دونوں کا یکبارگی حذف کرنا درست نہیں اگر چہ دونوں مفعولوں کو حذف کرنے میں نحاۃ کا اختلاف ہے۔ ابن عصفور نے تو فرمایا کہ دونوں مفعولوں کو حذف کرنا جائز ہے۔ پھر یہ باب **اعطیت** سے ہوجائے گا اسمیں دونوں مفعولوں کو حذف کردینے پر مخالفت کرتے ہیں۔ یعنے دونوں کو حذف کرنا جائز ہے۔ بعض محققین نے یہی مذہب جو متن میں ہے سیبویہ کا کہا اور توجیہ یہ بیان فرماتے ہیں کہ باب **اعطیت** میں دونوں کا حذف کرنا تا جائزوجہ فرق یہ ہے کہ **اعطیت** کے مفعولوں کو حذف کرنے کے بعد کلام مفید رہتا ہے بخلاف ان کے مفعولوں کے خلاف کردینے کے بعد حذف کردینے کے کلام مفید نہیں رہتا ہاں جب ہر دونوں کو حذف کردینا بوقت قیام قرینہ ہو بالاتفاق جائز ہے۔

ترکیب:۔ **فلا يتعدى الخ (فا)** فصیحہ **(لا يتعدى)** نفی فعل مضارع معروف معتل الفا مرفوع تقدیراً صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں **(هو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم ان **(الا)** حرف استثنا مبنی بر سکون **(الى)** حرف جار مبنی بر سکون **(مفعول)** مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً اسم مفعول غیر عامل موصوف **(واحد)** مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر مستثنیٰ مفرغ ہوکر ظرف لغو **لا يتعدى** فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزا شرط محذوف **(اذا كان الامر كذلك)** اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا **(و)** حرف عطف مبنی بر فتح **(الواحد)** مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً موصوف **(ال)** حرف تعریف مبنی بر سکون **(مشترك)** مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظاً اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں **(هو)** ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف **(بين)** ظرف مکان معرب منصوب لفظاً مضاف **(هما)** میں **(ها)** ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع بسوئے الشک والیقین **(م)** حرف عماد مبنی بر فتح **(ا)** علامت تثنیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ **(مشترك)** اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدا **(هو)** ضمیر فصل مبنی بر فتح **(حرف)** لا محل لہ من الاعراب **(زعمت)** اسم مقصور حکماً مرفوع تقدیراً خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا **(مثل)** مفرد منصرف

صحیح مرفوع لفظا مضاف (زعمت الله غفورا) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (زعمت الشیطان شکورا) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے الواحد المشترک مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (زعمت) افعال قلوب سے فعل ماضی معروف مبنی بر سکون واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز برائے واحد متکلم فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم اسم جلالت مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مفعول بہ اول (غفورا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مبالغہ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم جلالت۔ اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر مفعول بہ دوم (زعمت) فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (فا) حرف تفصیل مبنی بر فتح (ھو) ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے زعمت جو کہ مثال مذکور اول میں ہے (ل) حرف جار مبنی بر کسر (الیقین) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثابت) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مفصلہ ہوا (زعمت) افعال قلوب سے فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز برائے واحد متکلم فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم (الشیطان) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مفعول بہ اول (شکورا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم فاعل بمعنی قلیل راضی شوندہ صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے الشیطان اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر مفعول بہ دوم (زعمت) فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (فا) حرف تفصیل مبنی بر فتح (ھو) ضمیر مرفوع متصل مبتدا مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے (زعمت) جو کہ مثال ثانی میں ہے (ل) حرف جار مبنی بر کسر (الشک) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت مقدر کا۔ (ثابت) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح

راجع بسوئے مبتدا اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مفصلہ ہوا (و) حرف عطف یا استیناف مبنی بر فتح (فی) حرف جار مبنی برسکون (ھا) حرف تنبیہ مبنی برسکون (ذہ) اسم اشارہ مبنی برسکون مجرور محلا موصوف یا مبدل منہ یا معطوف علیہ (الافعال) جمع مکسر منصرف مجرور لفظا صفت یا بدل یا عطف بیان موصوف اپنی صفت سے یا مبدل منہ اپنے بدل سے یا معطوف علیہ اپنے عطف بیان سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو مقدم (لا یجوز) نفی فعل مضارع معروف صحیح مجرد از ضمائر بارزہ مرفوع لفظا صیغہ واحد مذکر (الاقتصار) منصرف صحیح مرفوع لفظا مصدر (علی) حرف جار مبنی برسکون (احد) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف (المفعولین) تثنیہ مجرور بیاء ماقبل مفتوح اسم مفعول غیر عامل بوجہ عدم اعتماد کیونکہ الف لام اسم موصول نہیں بلکہ حرف تعریف ہے (احد) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (الاقتصار) مصدر اپنے ظرف لغو سے ملکر فاعل (ل) حرف جار مبنی برکسر (ان) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح موصول حرفی (ھما) میں (ھا) ضمیر منصوب متصل اسم منصوب محلا مبنی برضم راجع بسوئے المفعولین (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی برسکون (لـ) حرف جار مبنی بر فتح (اسم) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا موصوف (واحد) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابتان مقدر کا۔ (ثابتان) تثنیہ مرفوع بالف ماقبل مفتوح اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اس میں (ھما) پوشیدہ جس میں (ھا) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی برضم راجع بسوئے اسم ان (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی برسکون۔

حمالة الحطب

(القرآن پارہ نمبر 30 سورۃ اللھب آیت نمبر 4)

سوال: امراته مرفوع ہے اور یہ اس کی صفت ہے تو پھر منصوب کیوں؟

جواب: فصاحت کے قواعد میں ہے کہ صفات مدح ہو یا ذم مختلف اعراب کے ساتھ لانا جائز ہے۔

لان مضمونهما معا مفعول به في الحقيقة وهو مصدر المفعول الثاني المضاف الى المفعول الاول اذ معنى علمت زيدا فاضلا علمت فضل زيد

شرح:۔ **قوله اذ معنى** یہ دلیل سابق کا بقیہ ہے شارح دلیل بیان فرمارہے تھے کہ افعال قلوب میں ایک مفعول پر اکتفا کرنا درست نہیں وجہ یہ ہے کہ یہ دونوں مفعول ایک کلمہ کے حکم میں ہیں کیونکہ وہ اصل میں ایک ہی مفعول ہے جو مفعول ثانی کا مصدر مفعول اول کی طرف مضاف ہے اس تقریر کے بعد فرمایا کہ **علمت زيدا فاضلا** اصل میں **علمت فضل زيد** دیکھئے یہاں دوسرے مفعول ثانی یعنے **فاضلا** کا مصدر مفعول اول یعنے **زيد** کیطرف مضاف ہے تو جب ہر دو مفعول بمنزلہ ایک کلمہ کے ہیں تو کلمہ میں کسی ایک جز کو حذف کرنا (بجز ترخیم کے جو مختلف بھی ہوتا ہے) جائز نہیں۔

ترکیب:۔ **لان مضمونها الخ** (ل) حرف جار مبنی بر کسر (ان) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح موصول حرفی (**مضمون**) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مضاف (**هما**) میں (**ها**) ضمیر مجرور متصل ذوالحال مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے المفعولین (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون (**معا**) اس مقام پر بمعنی **مجتمعين** منصوب لفظا حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر مضاف الیہ مضمون مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر اسم ان (**مفعول**) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا اسم مفعول صیغہ واحد مذکر (**به**) میں (**با**) حرف جار مبنی بر کسر (ہ) ضمیر مجرور متصل باعتبار محل قریب مجرور مبنی بر کسر راجع بسوئے موصوف مقدر (**شئی**) جار مجرور ملکر ظرف لغو اول اور باعتبار محل بعید مرفوع نائب فاعل (**في**) حرف جار مبنی بر سکون (**الحقيقة**) مفرد منصرف مجرور لفظا جار مجرور ملکر ظرف لغو دوم مفعول اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو اول اور ظرف لغو دوم سے ملکر شبہ جملہ ہو کر صفت (**شئی**) موصوف مقدر اپنی صفت سے ملکر خبر (ان) کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد ہو کر صلہ موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (**ثابت**) اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر (ان) کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر

صلہ (ان) موصوحرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر مجرور محلا جار مجرور ملکر ظرف لغو **لایجوز** فعل اپنے فاعل اور ظرف لغومقدم اور ظرف لغومؤخر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ /مستانفہ ہوا (**و**) حرف عطف مبنی برفتح (**ھو**) ضمیر منفصل مبتدا مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے مضمون (**مصدر**) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (**المفعول**) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا موصوف (**الثانی**) اسم منقوص مجرور تقدیرا صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر موصوف (**ال**) حرف تعریف مبنی برسکون (**مضاف**) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے موصوف (**الی**) حرف جار مبنی برسکون (**المفعول**) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا موصوف (**الاول**) غیر منصرف مجرور لفظا بکسرہ بوجہ دخول الف لام اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اس میں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے موصوف اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو مضاف اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت مصدر موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر (**ھو**) مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا (**اذ**) حرف تعلیل مبنی برسکون (**معنی**) اسم مقصور مرفوع تقدیرا مضاف (**علمت زیدا فاضلا**) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا مضاف الیہ معنی مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا (**علمت**) افعال قلوب سے فعل ماضی معروف مبنی برسکون صیغہ واحد متکلم (**تا**) ضمیر مرفوع متصل بارز برائے واحد متکلم فاعل مرفوع محلا مبنی برضم (**زیدا**) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مفعول بہ اول (**فاضلا**) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (**ھو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی برفتح راجع بسوئے زید اسم فاعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (**علمت**) بمعنی **عرفت** فعل ماضی معروف مبنی برسکون صیغہ واحد متکلم (**تا**) ضمیر مرفوع متصل بارز برائے واحد متکلم فاعل مرفوع محلا مبنی برضم (**فضل**) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مصدر مضاف (**زید**) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف الیہ مرفوع معنی بنابر فاعلیت مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ (**علمت**) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فلوحذف احدهما كان كحذف بعض اجزاء الكلمة الواحدة واذا توسطت هذه الافعال بين مفعوليها او تاخرت عنهما جاز ابطال عملها مثل زيد ظننت قائم وزيدا ظننت قائما وزيد قائم ظننت وزيدا قائما ظننت

شرح:۔ **قوله واذ** یعنی جب یہ افعال اپنے مفعولوں کے درمیان آجائیں یا ان سے مؤخر ہو جائیں تو عمل دینا بھی جائز ہے اور عمل نہ دینا بھی جائز مگر بحالت تاخیر جمہور کے نزدیک عمل نہ دینا درست نہیں بلکہ عمل دینا ہی ضروری ہے۔ کیونکہ فعل عامل قوی ہے اگرچہ اپنے معمول سے مؤخر ہو گیا ہے مگر پھر بھی عمل ضرور کر رہا ہے۔ اور عمل نہ دینے کی وجہ یہ ہے فعل ظنی معنی ظرف ہے گویا **زید قائم** صفعت کا معنی **زید قائم فی ظنی** سے اور دوسری وجہ جو یقین اور شک میں دونوں میں بیان کی جاسکتی ہے وہ یہ کہ کلام کے دونوں اجزاء مستقل ہیں۔ فعل کے محتاج نہیں۔ کیونکہ وہ اصل میں مبتدا خبر ہیں اور فعل چونکہ ان کے بیچ میں ہو گیا یا مؤخر ہو گیا اس میں ضعف آ گیا ضعف کے آتے ہی عمل میں قوت نہ رہی اسی لیئے عمل نہ دینا بھی جائز ہوا۔

ترکیب:۔ **فلوحذف الخ** (**فا**) حرف تفصیل مبنی بر فتح (**لو**) حرف شرط مبنی بر سکون (**حذف**) فعل ماضی مجہول مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب (**احد**) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (**هما**) میں (**ها**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے المفعولین (**م**) حرف عماد مبنی بر فتح (**ا**) علامت تثنیہ مبنی بر سکون مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر نائب فاعل **حذف** فعل اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط (**كان**) فعل ماضی حروف مبنی بر فتح فعل ناقص صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (**هو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اسم مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے

حذف جوکہ (حذف) فعل مجہول مذکور کا مصدر ہے (ک) حرف جار مبنی بر فتح (حذف) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً

مضاف (بعض) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً مضاف الیہ مضاف (اجزاء) جمع مکسر منصرف مجرور لفظاً مضاف الیہ

مضاف (الکلمة) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً موصوف (الواحدة) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظاً صفت موصوف اپنی

صفت سے ملکر مضاف الیہ ہوا اجزا مضاف کا اجزا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا بعض مضاف کا بعض

مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا حذف مضاف کا حذف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر

ظرف مستقر ثابتا مقدر کا۔ (ثابتا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظاً اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اسمیں (ھو) ضمیر مرفوع

متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم کان اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ

اسمیہ ہوکر خبر (کان) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ مفصلہ ہوا

(و) حرف عطف/ استیناف مبنی بر فتح (اذا) ظرف زمان مبنی بر سکون متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم توسطت اور تا

خرت دونوں کا منصوب محلاً (توسطت) فعل ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ (ھا) حرف تنبیہ مبنی

بر سکون (ذہ) اسم اشارہ مبنی بر سکون مرفوع محلاً موصوف یا مبدل منہ یا معطوف علیہ (الافعال) جمع مکسر منصرف

مرفوع لفظاً صفت یا بدل یا عطف بیان موصوف اپنی صفت یا مبدل منہ اپنے بدل سے یا معطوف علیہ اپنے عطف بیان

سے ملکر فاعل (بین) ظرف مکان معرب منصوب لفظاً مضاف (مفعولی) مثنی مجرور بیاما قبل مفتوح مضاف الیہ مضاف

(ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ محلاً مبنی بر سکون راجع بسوئے ھذہ الافعال مفعولی مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر

مضاف الیہ ہوا بین مضاف کا۔ (بین) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ موخر (توسطت) فعل اپنے

فاعل اور مفعول فیہ مقدم اور مفعول فیہ موخر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ (او) حرف عطف مبنی بر سکون (تاخرت)

فعل ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحدہ مونثہ غائبہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح

راجع بسوئے ھذہ الافعال (عن) حرف جار مبنی بر سکون (ھما) میں (ھا) ضمیر مجرور متصل مجرور محلاً مبنی بر ضم راجع

بسوئے مفعولیھا (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ مبنی بر سکون جار مجرور ملکر ظرف لغو (تاخرت) فعل اپنے

فاعل اور ظرف لغو اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف معطوف علیہا اپنے عطف سے ملکر شرط (جاز)

فعل ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب (ابطال) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مصدر مضاف (عمل) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا منصوب معنی بنا بر مفعولیت مضاف الیہ مضاف (ھا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی برسکون راجع بسوئے ھذہ الافعال عمل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا ابطال مضاف کا۔ (ابطال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر فاعل (جاز) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ/مستانفہ ہوا (مثل) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (زید ظننت قائم) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (زیدا ظننت قائما) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (زید قائم ظننت) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (زید قائم ظننت) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے ملکر مضاف الیہ (مثل) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے افعال قلوب کا اپنے دونوں مفعول کے درمیان ہونا اور ان سے متاخر ہونا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا بر تقدیر ارادہ معنی (زید) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مبتدا (قائم) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (ظننت) افعال قلوب سے ملغی عن العمل فعل ماضی معروف مبنی برسکون صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم (ظننت) فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ معترضہ ہوا (زید) بترکیب معلوم مفعول بہ اول مقدم (ظننت) بترکیب معلوم (قائما) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے (زیدا) اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر مفعول بہ دوم (ظننت) فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (زید) بترکیب معلوم مبتدا (قائم) معلوم خبر مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (ظننت) بترکیب معلوم جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فاعملها وابطالها حينئذ متساويان وقال بعضهم ان اعمالها اولى على تقدير التوسط و ابطالها اولى على تقدير التاخر واذا زيدت الهمزة في اول علمت ورأيت صارا متعديين الى ثلاثة مفاعيل نحو اعلمت زيدا عمرا فاضلا وارأيت عمرا خالدا عالما

شرح: ـ**قوله متساويان** یعنی عمل دینا نہ دینا برابر ہے اس میں کسی کو ترجیح نہیں دی جائے گی۔ کیونکہ فعل جب درمیان میں آ گیا یا موخر ہو گیا تو ضعیف ہونے پر عمل نہ دیا گیا کما مر آنفا اور چونکہ فعل عامل قوی ہے لہذا اسے عمل دینا چاہیے کما مر تقریرہ۔

قوله وقال بعضهم یعنی بعض نحویوں کا خیال ہے کہ جب فعل **مفاعيل** کے درمیان میں ہو تو عمل دینا اولی ہے کیوں کہ فعل اگر چہ ایک مفعول سے موخر ہے مگر دوسرے پر تو مقدم ہے۔ پس فعل کی مفعول **ثانی** پر تقدیم کی اعانت سے فعل میں اور قوت بڑھ گئی لہذا عمل دینا اولی ہے اور صورت تاخیر میں عمل نہ دینا اولی ہے۔ وجہ وہی جو کہ گذر چکی ہے یعنی بوجہ ضعف عمل کو ابطال کرنا اولی ٹھہرا۔

قوله واذا یعنی جب **علمت ورايت** پر ہمزہ زائدہ یعنی باب افعال پر پڑھا جائے پھر متعدی بسہ مفعول ہو جائیں گے مگر تفعیل پڑھنے سے وہی دو مفعول کا طالب رہیں گے پس **علمتك زيدا قائما** نہیں کہہ سکتے۔ بلکہ کہا جائے گا۔**علمتك انطلاق زيد**۔

ترکیب: ـ **فاعملها و ابطالها الخ** (**فا**) فصیحہ مبنی بر فتح (**اعمال**) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مصدر مضاف (**هـا**) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا منصوب معنی بنا بر مفعولیت مبنی بر سکون راجع بسوئے هذه الافعال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف علیہ (**و**) حرف عطف مبنی بر فتح (**ابطال**) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا

مصدر مضاف (ھــا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا منصوب معنی بنا بر مفعولیت مبنی بر سکون راجع بسوئے ھذہ الافعال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف (حیــن) ظرف زمان معرب منصوب لفظا مضاف (اذ) ظرف زمان مبنی بر سکون مقدر (ٍ) تنوین عوض مضاف الیہ توسطت وتاخرت اذ مضاف اپنے عوض مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ حین اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ معطوف علیہ اور معطوف اپنے مفعول فیہ سے ملکر مبتدا (**متساویان**) ثنی مرفوع بالف ماقبل مفتوح اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اس میں (ھـمـا) پوشیدہ جس میں (ھـا) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے مبتدا (م) حرف عماد مبنی بر فتح (ا) علامت تثنیہ اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر خبر مبتدا پنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر جزا شرط محذوف (**اذا کان الامر کذلك**) اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا (و) حرف عطف/استیناف مبنی بر فتح (قال) فعل ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب (بعض) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ھـم) میں (ھــا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے **نـحــات** (م) علامت جمع مذکر۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر فاعل (ان) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح (اعــمــال) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مصدر مضاف (ھــا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا منصوب معنی مبنی بر سکون راجع بسوئے ھذہ الافعال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ابـطــال) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مصدر مضاف (ھــا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر سکون راجع بسوئے ھذہ الافعال مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر اسم (اولــی) اسم مقصور مرفوع تقدیرا اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھـو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم ان (عــلــی) حرف جار مبنی بر سکون (تـقـدیر) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف (التـوسـط) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (اولــی) اسم تفضیل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (الــی) اسم مقصور مرفوع تقدیرا اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھـو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے ابطالھا (عــلــی) حرف جار مبنی بر سکون (تـقـدیـر) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف (التـاخـر) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور

جار مجرور ملکر ظرف لغو اولی اسم تفضیل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر خبر (ان) اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مراد اللفظ ہو کر مقولہ منصوب تقدیرا (قال) فعل اپنے فاعل اور مقولے سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ/مستانفہ ہوا (و) حرف عطف/استیناف مبنی برفتح (اذا) ظرف زمان متضمن معنی شرط مبنی برسکون مفعول فیہ مقدم منصوب محلا (زیدت) فعل ماضی مجہول مبنی برفتح (الھمزۃ) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا نائب فاعل (فی) حرف جار مبنی برسکون (اول) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف (علمت) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی برفتح (رایت) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ (اول) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (زیدت) فعل اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط (صارا) فعل ماضی معروف مبنی برفتح صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ناقص ضمیر مرفوع متصل بارز اسم مرفوع محلا مبنی برسکون راجع بسوئے علمت اور رایت (متعديين) مثنی منصوب بیا ما قبل مفتوح اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اس میں (ھما) پوشیدہ جس میں (ھا) ضمیر مرفوع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی برضم راجع بسوئے اسم فعل ناقص (م) حرف عماد مبنی برفتح (ا) علامت تثنیہ (مبنی) برسکون (الی) حرف جار مبنی برسکون (ثلثۃ) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا ممیز مضاف (مفاعیل) غیر منصرف جمع منتہی الجموع مجرور بنصب مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو۔ متعديين اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر خبر (صارا) فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ معطوفہ/مستانفہ ہوا (نحو) مفرد منصرف جاری مجرائے صحیح مرفوع لفظا مضاف (اعلمت زيدا عمرا فاضلا) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی برفتح (اريت عمرا خالدا عالما) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ (نحو) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی برضم راجع بسوئے بر تقدیر زیادت ہمزہ متعدی بسہ مفعول ہونا (مثال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بر تقدیر ارادہ معنی (اعلمت) فعل ماضی معروف مبنی برسکون صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز

برائے واحد متکلم فاعل مرفوع محلاً مبنی بر ضم (زیدا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مفعول بہ اول (عمرا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مفعول بہ ثانی (فاضلا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے (عمرا) اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر مفعول بہ ثالث (اعلمت) فعل اپنے فاعل اور تینوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (اریت) فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز برائے واحد متکلم فاعل مرفوع محلاً مبنی بر ضم (عمرا) ترکیب معلوم مفعول بہ اول (خالدا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مفعول بہ ثانی (عالما) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلاً مبنی بر فتح راجع بسوئے خالد اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر مفعول بہ ثالث۔ اریت فعل اپنے فاعل اور تینوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

بارك الله فى من زار وخفف

سوال:۔ من حرف جارہ پر فی کا داخلہ کیسا؟

جواب:۔ یہ من موصولہ ہے جسے عوام عرب بکسر المیم پڑھتے ہیں۔ (الامثال العامیہ)

بلدك اللى ترزق فيها ما هيب اللى تولد فيها

تشریح:۔ اللی بمعنے الذی۔ یہاں ما ھیب کی وجہ سے اشکال ہے تو یاد رہے کہ ماھیب بمعنے ماھی ہے اب کوئی اشکال نہیں۔ (الامثال العامیہ)

تسرى وحنا فى مصابيحك

تشریح:۔ حنا بکسر الحاء و فتح النون مع تشدید ھا بمعنے نحن اب ترکیب آسان (الامثال العامیہ)

فزيد فيهما بسبب الهمزة مفعول آخر لان الهمزة للتصيير فمعنى المثال الاول حملت زيدا على ان يعلم عمرا فاضلا ومعنى المثال الثاني حملت عمرا على ان يعلم خالدا عالما وذلك مخصوص بهذين الفعلين دون اخواتهم

شرح:۔ **قوله لان الهمزة** یعنی جس طرح فعل لازم حرف جر اور تضعیف کے ساتھ متعدی بن جاتا ہے اور معنی تصییر کا دیتا ہے۔ اسی طرح ہمزہ کے داخل ہونے سے بھی تعدیہ مطلقہ اور تصییر کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں اور تصییر کے معنی ہیں فاعل کو ماخذ والا کر دینا مثلاً **ذھب بزید یا اذھب زیدا** کہا جائے تو معنی یہ ہوئے کہ **جعلت و صيرت زيدا ذاهبا اى ذا ذهاب۔**

ترکیب:۔ **فزيد فيهما الخ** (فا) حرف تفصیل مبنی بر فتح (زید) فعل ماضی مجہول مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب (فی) حرف جار مبنی بر سکون (هما) میں (ها) ضمیر مجرور متصل مجرور محلا مبنی بر کسر راجع بسوئے **اعلمت و اريت** جار مجرور ملکر ظرف لغو اول (با) حرف مبنی بر کسر (سبب) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف (الهمزة) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو دوم (مفعول) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا موصوف (آخر) غیر منصرف مرفوع لفظا اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر آئیں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر نائب فاعل (ل) حرف جار مبنی بر کسر (ان) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح موصول حرفی (الهمزة) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا اسم (ل) حرف جار مبنی بر کسر (التصيير) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا جار مجرور ملکر ظرف مستقر

موصوف مقدر کا۔ (موضوعة) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا اسم مفعول صیغہ واحد مونث اس میں (هی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم ان اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف مستقر سے ملکر خبر ان کا اسم اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر صلہ موصول حرفی اپنی صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر مجرور محلا جار مجرور ملکر ظرف لغو سوم زید فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور تینوں ظروف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مفصلہ ہوا (فا) حرف تفصیل مبنی بر فتح (معنی) اسم مقصور مرفوع تقدیرا مضاف (المثال) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا موصوف (الاول) غیر منصرف مجرور لفظا بکسرہ اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے موصوف اسم تفضیل اپنے فاعل سے ملکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ معنی مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا (حملت زيدا على ان يعلم عمرا فاضلا) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا مضاف الیہ بتقدیر مضاف (معنی) مضاف مقدر اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مفصلہ ہوا بر تقدیر ارادہ معنی (حملت) فعل ماضی معروف مبنی بر سکون صیغہ واحد متکلم (تا) ضمیر مرفوع متصل بارز برائے واحد متکلم فاعل مرفوع محلا مبنی بر ضم (زيدا) بترکیب معلوم مفعول بہ (على) جار مبنی بر سکون ان ناصبہ موصول حرفی مبنی بر سکون (يعلم) فعل مضارع معروف صحیح مجرد از ضمائر بارز منصوب لفظا صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے زید (عمرا) بترکیب معلوم مفعول بہ اول (فاضلا) بترکیب معلوم مفعول بہ دوم يعلم فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر مجرور محلا جار مجرور ملکر ظرف لغو (حملت) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر بتاویل مفرد ہوکر مجرور محلا جار مجرور ملکر ظرف لغو (حملت) فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (و) حرف عطف مبنی بر فتح (معنی) اسم مقصور مرفوع تقدیرا مضاف (مثال) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا موصوف (الثانی) اسم منقوص مجرور تقدیرا صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا (حملت عمرا على ان يعلم خالدا عالما) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا مضاف الیہ بتقدیر مضاف معنی۔ معنی مضاف مقدر اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا بر تقدیرا

رادہ معنی(حملت)معلوم ہترکیب(عمرا) ترکیب معلوم مفعول بہ(علی ان یعلم خالدا عالما) ترکیب معلوم جار مجرور ملکر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا(و) حرف عطف /استیناف مبنی بر فتح (ذا) اسم اشارہ مبنی بر سکون مرفوع محلا مبتدا(ل) حرف جعید مبنی بر کسر (ك) حرف خطاب مبنی بر فتح (مخصوص) مفرد منصرف صحیح مرفوع لفظا اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا(با) حف جار مبنی بر کسر (ھا) حرف تنبیہ مبنی بر سکون (ذین) اسم اشارہ مبنی بر کسر مجرور محلا موصوف وغیرہ(الفعلین) تثنی مجرور بیا ماقبل مفتوح صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو(دون) ظرف برائے استثنا مضاف(اخوات) جمع مونث سالم مجرور لفظا مضاف الیہ مضاف(ھما) میں (ھــا) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر کسر راجع بسوئے ھذین الفعلین(م) حرف عماد(ا) علامت تثنیہ اخوات مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا دون مضاف کا(دون) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ (مخصوص) اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو اور مفعول فیہ سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ/ مستانفہ ہوا۔

ھذا زیدا

سوال:۔ھذا اسم اشارہ کے بعد مرفوع کے بجائے منصوب کیوں؟

جواب:۔یہ ھا اسم فعل بمعنے خذ ہے ھا تنبیہ کا نہیں ذا اسم اشارہ مفعول بہ زیدا اس کا مشار الیہ ہے اسی لئے منصوب ہے۔

وش یا بعوضة

تشریح:۔وش ای شی تھا۔یہ کسی کی تحقیر پر بولتے ہیں۔(الامثال العامیہ)

وهذا مسموع من العرب خلافا للاخفش فانه اجاز زيادة الهمزة في جميع هذه الا فعال قياسا على اعلمت وأريت نحو اظننت واحسبت واخلت واوجدت وازعمت زيدا عمرا فاضلا وانبأ و نبأ واخبر خبر وحدث ايضا تتعدى الى ثلثة مفاعيل

شرح:۔ **قوله وهذا مسموع** یعنی یہ ہمزہ کا داخل کرنا سماعی ہے قیاس نہیں کیا جاسکتا، اخفش صاحب خلاف کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ ہمزہ ہر فعل پر بڑھایا جاسکتا ہے مگر ان پر اعتراض پڑتا ہے۔ کہ اگر ہمزہ کا ہر فعل پر بڑھانا قیاسی ہوتا تو ازوے قیاس ان کے سوا دوسرے افعال پر کسی جگہ ہوتا حالانکہ **اکسو ثلث عمروا جبة** صحیح ہوتا حالانکہ ایسی مثالیں بالاتفاق کہیں نہیں جس سے ثابت ہوا کہ یہ سماع پر موقوف ہے قیاس کو اس کو دخل نہیں۔

قوله انبأ و نبأ یہ پانچ فعل خود متعدی بسہ مفعول نہیں بلکہ ان میں **اعلم** کا معنی پایا جاتا ہے اس لیے الحاقی بن کر متعدی بسہ مفعول ہوتے ہیں ورنہ خود تو متعدی بیک مفعول ہیں اور دوسرے مفعول کی طرف حرف جارہ کے واسطے سے متعدی بدو مفعول ہوا کرتے ہیں۔ **انبئهم باسمائهم** (القرآن)۔

ترکیب:۔ **وهذا مسموع الخ** (و) حرف عطف/استینافیہ مبنی بر فتح (ها) حرف تنبیہ مبنی بر سکون (ذا) اسم اشارہ مبنی بر سکون مرفوع محلا مبتدا (**مسموع**) مفرد منصرف صحیح مرفوع محلا لفظا اسم مفعول صیغہ واحد مذکر اسمیں (هو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ نائب فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (من) حرف جار مبنی بر سکون مقدر فتحہ موجودہ حرکت تخلص من السکونین (**العرب**) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا جار مجرور ملکر ظرف لغو **مسموع** اسم مفعول اپنے

نائب فاعل اور ظرف لغو سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ/مستانفہ ہوا(**خلافا**) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مصدر بمعنی (**مخالفا**) اسم فاعل(**لام**) حرف جار مبنی بر کسر (**الاخفش**) غیر منصرف مجرور لفظا بکسرہ بوجہ دخول الف لام جار مجرور ملکر ظرف لغو (**خلافا**) اپنے ظرف لغو سے ملکر حال (**اقول هذا**) مقدر جس میں (**اقول**) فعل مضارع معروف مرفوع لفظا صیغہ واحد متکلم اس میں (**انا**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ مرفوع محلا مبنی بر سکون ذوالحال ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل (**ها**) حرف تنبیہ مبنی بر سکون (**ذا**) اسم اشارہ مبنی بر سکون منصوب محلا مقولہ اقول فعل اپنے فاعل اور مقولے سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا(**فا**) حرف تعلیل مبنی بر فتح (**ان**) حرف مشبہ بالفعل مبنی بر فتح (**ه**) ضمیر منصوب متصل اسم منصوب محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے (**الاخفش**) (**اجاز**) فعل ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (**هو**) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے اسم ان (**زیادة**) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مصدر (**الهمزة**) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مرفوع معنی بنا بر فاعلیت یا منصوب معنی بنا بر مفعولیت لازم و متعدی (**فی**) حرف جار مبنی بر سکون (**جمیع**) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا مضاف (**ها**) حرف تنبیہ مبنی بر سکون (**ذه**) اسم اشارہ مبنی بر سکون مجرور محلا موصوف (**الافعال**) جمع مکسر منصرف مجرور لفظا صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (**زیادة**) مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے ملکر مفعول بہ (**قیاسا**) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مصدر (**علی**) حرف جار مبنی بر سکون (**اعلمت**) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف علیہ (**و**) حرف عطف مبنی بر فتح (**اریت**) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر ظرف لغو قیاسا مصدر اپنے ظرف لغو سے ملکر مفعول لہ اجاز فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول لہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر خبر ان اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا (**نحو**) مفرد منصرف جاری مجرائے صحیح مرفوع لفظا مضاف (**اخلننت**) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا تقدیر (**زیدا عمرا فاضلا**) معطوف علیہ (**و**) حرف عطف مبنی بر فتح (**احسبت**) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف بتقدیر (**زیدا عمرا فاضلا**) (**و**) حرف عطف مبنی بر فتح (**اخلت**) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا بر تقدیر (**زیدا عمرا فاضلا**) معطوف (**و**) حرف عطف مبنی بر فتح

(اوجدت) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا (زیدا عمرا فاضلا) معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (ازعمت زیدا عمرا فاضلا) اسم مقصور حکما مجرور تقدیرا معطوف معطوف علیہا اپنے تمام معطوفات سے ملکر مضاف الیہ نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مقدر کی۔ (مثال) ترکیب معلوم مضاف (ہ) ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مجرور محلا مبنی بر ضم راجع بسوئے ہمزہ کا زیادہ ہونا ان تمام افعال میں (مثال) مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا بر تقدیر ارادہ معنی ان سب کی ترکیب سابق کی طرح کی جائے (و) حرف عطف مبنی بر فتح (انبأ) اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا معطوف علیہ (و) حرف عطف مبنی بر فتح (نبأ) اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (اخبر) اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا معطوف (و) حرف عطف مبنی بر فتح (خبر) اسم مقصور حکما مرفوع تقدیرا معطوف معطوف علیہا اپنے تمام معطوفات سے ملکر مبتدا (تعدی) فعل مضارع معروف صحیح مجرد از ضمائر بارزہ صیغہ واحدہ موئنثہ غائبہ اس میں (ھی) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے مبتدا (الی) حرف جار مبنی بر سکون (ثلاثۃ) مفرد منصرف صحیح مجرور لفظا ممیز مضاف (مفاعیل) غیر منصرف مجرور بالفتحہ تمیز مضاف الیہ ممیز مضاف اپنی تمیز مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو (تعدی) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ صغری ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ کبری ذات وجہین ہوا (ایضا) مفرد منصرف صحیح منصوب لفظا مفعول مطلق (آض) مقدر فعل ماضی معروف مبنی بر فتح صیغہ واحد مذکر غائب اس میں (ھو) ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل مرفوع محلا مبنی بر فتح راجع بسوئے تعدیہ ہمہ مفعول آض فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

ذھب المدوی واللی ینقل الدوا

تشریح:۔ اللی یعنی الذی اب ترکیب آسان ہے۔ (الامثال العامیہ)

